خلیوں کو بڑا کر دینے والا وائرس ۔

cytoplasm, n. (حیاتیات) مایۂ حیات ؛ خلیہ مایہ ؛ مرکز کے علاوہ خلیہ کا مادّہ حیات یا نُخز مایہ ؛ خلومایہ ۔

cytoplasmic, a. خلیہ مائی ؛ خلو مائی ؛ مایۂ حیات سے متعلّق ۔

cytotaxonomy, n. لونی تدریج ؛ لونیاتی خصوصیات کی بُنیاد پر نباتات و حیوانات کی تقسیم یا درجہ بندی ۔

cytotropic, a. (حیاتیات) خلو رُخ ؛ خلیہ رُخ ؛ خلیوں کی طرف کھنچنے والے (جیسے مختلف وائرس یا سمّی مادّے) ؛ خلیوں کے انفرادی یا گروہی طور پر ایک دوسرے کی طرف کھنچنے یا ایک دوسرے سے دُور ہٹنے کے رجحانات کا یا اُن کے متعلق ۔

cytotropism, n. خلورخیّت ؛ خلیہ رُخی ؛ خلیوں میں حرکت کا میلان ۔

Czar, Tsar, n. زار ؛ شہنشاہ یا بادشاہ ۔ (بڑے C کے ساتھ) روس کا سابق شہنشاہ ۔ (اکثر بڑے C سے) مختارِ مطلق آقا یا رہبر ۔

czarina, czaritza, tsarina, n. زارینہ ؛ زار کی بیوی ؛ روسی ملکہ ۔

czardas, n. دو حرکتی زاری رقص ؛ مُلک ہنگری کا قومی رقص جو آہستہ اور تیز قسم کی دو حرکتوں میں کیا جاتا ہے ۔

czardom, tsardom, n. قُوّتِ زار ؛ زار کی طاقت ، اقتدار یا اختیار ؛ زار کی سلطنت ۔

czarevitch, tsarevitch, n. زار زادہ ؛ زار کا لڑکا ؛ پہلے زمانے میں یہ اصطلاح زارِ روس کے کسی بھی لڑکے کے لیے استعمال ہو سکتی تھی لیکن بعد میں اس سے مراد صرف ''سب سے بڑا لڑکا'' ۔

czarevna, tsarevna, n. زارینہ ؛ زار زادی ؛ زار کی لڑکی ؛ بعد میں یہ اصطلاح روس کے ولیعہد کی بیوی کے لیے استعمال ہونے لگی ۔

czarism, tsarism, n. زاریّت ؛ روس میں زاروں کی حکومت ؛ آمریت ۔

czarist, tsarist, n. زاریّت پسند ؛ زار کی حکومت ، زاریت یا زار کا حامی ۔

Czechoslovakian, Czech, a. چیکوسلوویکیائی ؛ مغربی سلووا کے ملک چیکوسلوویکیا کے باشندوں یا زبانوں کا یا اُن کے متعلق ۔

Czechoslovakian, Czech, n. چیکوسلوویکی ؛ چیکوسلوویکیا کا پیدائیشی ؛ چیک اور سلوواک زبانیں ۔

D

D, d, n. انگریزی حرُوفِ تہجیّ کا چوتھا حرف اور تیسرا حرفِ صحیح ، جو دندانی آواز کی نمائندگی کرتا ہے ؛ ۵۰۰ کے لیے رومن ہندسہ ۔ (موسیقی) فطری سرگم کا دوسرا سُر جو فرانسیسی اور اطالوی re (رے) کے مماثل ہے ؛ وہ درجہ جو کسی طالب علم کی کمزور و ناقص کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے ۔

d معاون فعل مثلاً would , had , did اور Should کی مُرخم صُورت (جیسے : We'd like to go, I'd already gone, Where 'd he go?) ۔

dab, v.t. تھپتھپانا ؛ پُچارا دینا ؛ پھیرنا ؛ تھوپنا ؛ ہاتھ یا کسی ملائم یا نم چیز سے جلدی جلدی ہلکے ہلکے ضرب لگانا ؛ آہستگی سے لگانا ، جیسے جلے زخم پر لیپ ؛ تھوبا لگانا ؛ پُھریری سے لگانا ۔ (اسم) پُچارا ؛ ہاتھ یا کسی ملائم چیز سے ہلکی ضرب ؛ کسی نرم یا نم چیز کا چھوٹا سا گالا/ٹکڑا ؛ تھوبا ؛ پھریری ۔

dab, n. ڈَیب ؛ چپٹی مچھلی کی کئی انواع کے لیے مستعمل نام ، جو خاص طور پر بحر اوقیانوس کے یورپی اور امریکی ساحلوں کے ساتھ ساتھ پائی جانے والی فلاؤنڈر قسم کی چپٹی مچھلی کا عام نام ہے ۔

dabber, n. تھپتھپانے والا شخص یا شے ؛ پُھریری ؛ گدّی کی مانند روئی کے سرے والی شے جو مائع یا لئی لگانے کے لیے استعمال ہو ۔

dabbie, v.t., v.i. پانی میں ہاتھ پاؤں مارنا ؛ گیلا کرنا ؛ چھینٹے ڈالنا ؛ چھڑکنا ؛ بھگونا ؛ نم کرنا ؛ ہاتھوں وغیرہ کے ساتھ پانی سے کھیلنا ؛ کیچڑ یا پانی کے چھینٹے اڑانا ؛ چھپ چھپ کرنا ؛ کوئی کام سطحی طور پر کرنا ؛ کوئی شغل محض دل بہلاوے کے لیے اختیار کرنا ۔

dabbler, n. اتائی ؛ پانی یا کیچڑ میں چھپ چھپ کرنے والا ؛ کسی کام میں سطحی طور پر یا دل بہلاوے کے لیے شرکت کرنے والا (جیسے : a dabbler in politics) ۔

dabchick, n. [dab ڈبکی اور chick چوزہ] ڈبک چُوزہ ؛ ایک قسم کی چھوٹی مرغابی جو پانی پر تیرتی اور ڈبکیاں لگاتی ہے ۔

dacapo, a., adv. [سرے سے] (موسیقی) شروع سے ؛ از سرنو ؛ تکرار یا دُہرانے کے لیے ہدایت ؛ دُہراؤ ۔

dace, n. قدرے موٹا جسم رکھنے والی تازہ پانی کی ایک چھوٹی مچھلی سمکِ ابیض (Leuciscus leuciscus) جو یورپ میں پائی جاتی ہے ؛ امریکا کی ایسی ہی یا اس جیسی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ۔

dachshund, n. بجُو کُتّا ؛ لمبے دھڑ اور چھوٹی ٹانگوں والا جرمن نسل کا شِکاری کُتّا ـ

dacoit, dakoit, n. [اردو] ڈاکو ؛ ڈکیت ؛ برصغیر اور برما میں لٹیروں کی ایک قسم جو گروہوں میں لوٹتے تھے ـ

dacoity, n. ڈکیتی ؛ ڈکیتوں کے جتّھوں کا لُوٹنے کا طریقہ یا واردات ـ

Dacron, n. ڈیکرون ؛ ایک مصنوعی ریشہ ، جو سُکڑنے اور شکنوں سے محفوظ ہوتا ہے ؛ اس ریشے سے بُنا ہوا کپڑا (تجارتی نشان) ـ

dactyl, n. [ایک بڑی اور دو چھوٹی پوروں والی (انگلی)] تین ارکان کا ایک شعری وزن جس میں پہلا رکن لمبا اور دوسرے دو چھوٹے ہوتے ہیں یا جس میں پہلے رکن پر زور دیا جاتا ہے دوسروں پر نہیں ؛ انگلی یا انگوٹھا ـ

dactylic, a. کاملاً یا اغلباً تین رُکنی وزن سے متعلّق /پر مبنی ـ (اسم) تین رُکنی وزن والا شعر/والی نظم ـ

dactylology, n. انگشتی اشاریات ؛ انگشت بلاغی ؛ انگلیوں کی مدد سے اظہار مدّعا کا فن ؛ گونگوں اور بہروں کی اشاروں کی زبان ـ

dad, daddy, n. (بول چال) باپ ؛ ابو ـ

dada, n. (اکثر بڑے D سے) ڈاڈا ؛ فن اور ادب کا ایک اسلُوب جسے جنگ عظیم اول کے بعد مختصر مدت کے لیے فروغ حاصل ہوا ، اس کا بُنیادی نظریہ ، حدود و قیود ، سماجی رسوم و رواج اور منطق کے خلاف احتجاج پر مبنی تھا ـ

dadaism, n. ڈاڈائیت ؛ فرانس میں ادب اور فن کی تحریک ـ

daddy-longlegs, n. (حیوانیات) کلنگ مکھّی ؛ ایک سلامی دار حشرہ ؛ سلامیائی (phalangidea) قبیل سے متعلّق کوئی عنکبہ ؛ فصل اٹھانے والا کوئی شخص ـ (برطانوی) کُلنگ مکھّی (Tipulidae) خاندان سے متعلّق لمبی ٹانگوں والے حشرات میں سے کوئی ، مثلا ٹڈّا ، پن اونٹ وغیرہ ـ

dado, n. گوٹ بندی ؛ پائے یا ستون کا وہ حصّہ جو بُنیاد اور کنگنی کے درمیان واقع ہوتا ہے ؛ دوسری تعمیرات میں اسی قسم کا حصّہ ، جیسے بیرونی دیوار کا نچلا حصّہ ؛ اندرونی دیوار کا وہ نچلا حصّہ جو کپڑے ، دیواری کاغذ یا رنگ و روغن سے مزیّن ہوتا ہے ؛ گوٹ ـ (نجّاری) تختی جڑنے کے لیے (لکڑی میں) بنائی جانے والی مستطیل جھری ؛ کھانچا ـ (فعل متعدی) گوٹ بندی کرنا ؛ جھری بنانا ـ

daedal, a. [قدیم یونانی فن کار ''دیدی لس'' (Daedalus) سے متعلّق] فنکارانہ مہارت کا حامل ؛ ہنر مند ؛ طبّاع ؛ پیچیدہ ؛ چکر دار ـ

daemon, n. دیکھیے : demon ـ

daff, v.i. [اسکاٹ لینڈ ، شمالی انگلستان] دل لگی کرنا ؛ تضیع اوقات کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ کھیل کود کرنا ؛ کھیلنا ـ

daffodil, daffodilly, daffodowndilly, n. آبی نرگس ؛ نرگسِ زرد ؛ جنس نرگسِ ناقص (Narcissus pseudonarcissus) کا ایک پودا جس پر بہار میں کِھلنے والے اکہرے یا دُہرے آویزاں پُھول لگتے ہیں ـ (سابقاً) جنسِ نرگس (Narcissus) کا کوئی پودا ـ

daffy, a. (بول چال) احمق ؛ بے وقوف ؛ ضعیف العقل ؛ بونگا ؛ مخبوطُ الحواس ـ

daft, a. خبطی ؛ باؤلا ؛ سادہ یا احمق ؛ جنونی ؛ پاگل یا سودائی ـ (اسکاٹ لینڈ) خوشی سے پاگل ـ

daftly, adv. سادگی یا حماقت سے ؛ باؤلے پن سے ـ

daftness, n. خبط یا باؤلا پن ؛ سادگی یا حماقت ـ

dag, n. (کینیڈا) بھاری مثلث نُما دو دھارا پھل جسے ریڈ انڈین ہتھیار اور اوزار کے طور پر استعمال کرتے ہیں ـ

dagger, n. خنجر ؛ کٹار ؛ چھوٹی تلوار سے مشابہ تیکھے پھل کا ہتھیار جسے نزدیک سے بھونکا جاتا ہے ـ (طباعت) خنجر سے مشابہ حوالے کی علامت (†) ـ (فعل متعدی) خنجر بھونکنا ـ (طباعت) حوالے کے لیے خنجر (†) کی علامت استعمال کرنا ـ

at daggers drawn, (محاورہ) سخت دشمن ؛ دشمنی میں ؛ حالت جنگ میں ؛ خون کا پیاسا (ایک دوسرے کے) ـ

look or speak dagger, (محاورہ) غیظ و غضب سے دیکھنا یا بولنا ـ

dagoba, n. [سنہالی] بُدھ ممالک خصوصاً سری لنکا میں گنبد نما یاد گار عمارت جس میں مہاتما گوتم بدھ یا کسی بدھستوا کی باقیات رکھی ہوں ؛اسٹوپا ـ

daguerreotype, n. [فرانسیسی موجد داگرے (Daguerre) سے منسوب] داگرے عکاّسی ؛ داگرے ٹائپ ؛ فوٹوگرافی کا ابتدائی طریق عمل ، جس میں چاندی کی سطح والی پلیٹ کو آئیوڈین سے روشنی کے لیے حسّاس بنا کر عکس اتارا جاتا تھا ، جسے بعد ازاں پارے کے بخارات سے اجاگر کیا جاتا تھا ؛ اس عمل سے بنائی ہوئی تصویر ـ (فعل متعدی) داگرے ٹائپ کے عمل سے تصویریں اتارنا ـ

daguerreotyper, daguerreotypist, n. داگرے عکاّسی کرنے والا ؛ داگرے ٹائپ کار ـ

daguerreotypy, n. داگرے عکاّسی ـ

dah, n. تار برقی یا ریڈیو کے کوڈ (مرموز نگاری) میں مستعمل ڈیش یا وہ وقفہ جو دورانیے میں ڈاٹ یا نقطے سے تقریباً تین گنا ہوتا ہے ـ

dahabeah, n. [عربی] ذہبیہ : دریائے نیل میں مسافروں کی آمدورفت کے لیے مستعمل سنہری رنگت والی کشتی ، جو پہلے بادبانی ہوتی تھی لیکن آج کل موٹر سے چلتی ہے ـ

dahlia, n. [سویڈن کے نباتیات دان Dahl سے منسوب] گل کوکب ؛ ڈالیا ؛ رنگا رنگ نمایشی پُھولوں کے لیے بڑے پیمانے پر کاشت کیا جانے والا ستارہ نُما پودا ؛ اسی نام کی جنس سے متعلّق کوئی پودا ، جو اصلاً میکسیکو اور وسطی امریکا میں پایا جاتا ہے ـ

dahoon, n. جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کا ایک سدابہار چھوٹا درخت یا سدا بہار جھاڑی گُل خطمی کسینی (Ilex cassine)

Dail Eireann, n. آئرستانی پارلیمان کا ایوان زیریں دال آیریان ـ

daily, a. روزانہ ؛ یومیہ ؛ ہر آنے والے دن یا بعض اوقات ، ہر آنے والے کام کے دن کا/سے متعلّق /واقع ہونے والا/جاری ہونے والا ـ (اسم) روزنامہ ؛ روزانہ اخبار ؛ ہفتے کے ساتوں دن شائع ہونے والا اخبار ؛ ایسی کوئی بھی چیز جو روزانہ ظاہر ہوتی ہو ـ (متعلّق فعل) روز ؛ ہر روز ؛ روزانہ ؛ روز بروز ؛ یومیہ ـ

dailiness, n. روزانگی ؛ روزبروزگی ـ

daily double, n. (گھڑ دوڑ) ایک مجموعی شرط جس میں شرط لگانے والا ایک دن کے دوران دو مخصوص دوڑوں میں

جیتنے والوں کے انتخاب کی کوشش کرتا ہے۔

daimon, n. جن ؛ بھوت ۔ (اساطیری) بُھوت یا متعلقہ روح ؛ دیو۔

daimyo, daimio, n. (تاریخ) جاپانی جاگیردار۔

dainty, a. نازُک و نفیس ؛ لذیذ ؛ نفاست پسند ؛ نازُک مزاج ؛ نازُک و دِلکش ؛ نازُک اندام ؛ مزیدار (جیسے کھانا) ؛ ذوق کے معاملے میں ضرورت سے زیادہ باریک بیں ؛ حد درجہ خوش ذوق ؛ تاناشاہ ۔ (اسم) لذیذ کھانا۔

daintily, adv. نفاست یا نزاکت سے۔

daintiness, n. نفاست پسندی ؛ نازکی ؛ لذت ۔

dainty, n. ذوق لطیف کی نفاست یا فراست ؛ غذائے نفیس ۔

daiquiri, n. (کیوبا) خمری ملغوبہ ؛ رم ، لیموں کے رس اور شکر کے آمیزے سے تیّار کردہ مشروب ۔

dairy, n. ڈیری ؛ دودھ گھر ؛ شِیر خانہ ؛ وہ جگہ مثلاً کوئی کمرہ یا عمارت ، جہاں دودھ اور بالائی ، مکھّن اور پنیر بنانے کے لیے رکھے جاتے ہیں ؛ وہ دُکان جہاں دُودھ اور مکھّن بیچے جاتے ہیں ؛ دودھ دوہنے ، محفوظ کرنے ، بوتلوں میں بھرنے اور بانٹنے اور مکھّن اور پنیر بنانے کا کاروبار ؛ شِیرگاہ ، ڈیری فارم ۔

dairy farm, n. ڈیری فارم ؛ دُودھ گھر ؛ شِیر خانہ ؛ وہ مزرعہ جو بنیادی طور پر دُودھ کی پیداوار کے لیے وقف ہو۔

dairy farmer, n. شِیر خانہ دار ؛ شِیر ساز ؛ ایسے مزرعہ میں کام کرنے والا ۔

dairy farming, n. شِیر خانہ داری ؛ شِیر سازی ؛ ایسے مزرعہ میں کام(کرنا)۔

dairying, n. شِیر خانہ کا کاروبار۔

dairy cattle, n., گائے یا بھینس جنھیں دودھ کے کاروبار کے لیے پالا جاتا ہے ۔

dairyman, n. شِیر خانے کا مالک ، منتظم یا کارکُن ۔

dairymaid, n. شِیر خانے میں کام کرنے والی کارکُن جو دودھ دوہتی ہے ۔

dais, n. چبوترہ ؛ شہ نشین ؛ ڈائس ؛ بڑے کمرے میں اُونچی جگہ جہاں مقرر کے لیے ڈیسک یا مُمتاز شخصیتوں کے لیے میز رکھتے ہیں ۔

daisy, n. گُل مروارِیدی ؛ بابُونہ ؛ گُلِ داوُدی (Bellis یا Chrysanthemum) کی جنس کا ایک مرکب پودا جس کے پھولوں میں مرکزی ٹکیہ زرد اور کرنیں سُفید یا گُلابی رنگ کی ہوتی ہیں ؛ ڈیزی ۔

daisy-wheel printer, n. ڈیزی وِیل پرنٹر۔

dak, dauk, dawk, n. [اردو] ڈاک ؛ جزائر شرق الہند میں ہرکاروں یا گھوڑوں کی چوکیوں کے ذریعے سیّاحوں یا خطوں کی نقل و حمل ؛ پٹال یا برید ؛ چوکیوں کے ذریعے حمل و نقل یا سفر کا کوئی بندوبست ، اس ذریعے سے بھیجے جانے والے خطوط اور بنڈل وغیرہ ۔

Dakota, n. ڈکوٹا ؛ شمالی امریکا کے میدانوں میں آباد ریڈ انڈینوں کا ایک قبیلہ ؛ اس قبیلے کا کوئی رکن ؛ اس قبیلے کی زبان ، جو سیوکس (نسل) سے قرابت رکھتی ہے ۔

dale, n. وادی ؛ گھاٹی ؛ درّہ ؛ پہاڑیوں کے درمیان نشیبی جگہ ؛ وادیٔ عصفیر ۔

dalesman, n. وادی یا گھاٹی میں رہنے والا ، خاص طور پر شمالی انگلستان میں ۔

dalles, dells, n., pl. دریا کے تنگ حصّے میں چپٹی چٹانی تہ پر تیزی سے بہنے والے پانی کے دھارے ۔

Dallis grass, n. جنوبی امریکا کی چراگاہوں میں اگائی جانے والی سدابہار گھاس ۔

Dall sheep, Dall's sheep, n. مارخور ؛ شمالی امریکا کے شمال مغربی حصّے کے پہاڑوں میں پایا جانے والا مڑے ہوئے سینگوں والا جنگلی مینڈھا ؛ جنگلی بھیڑ۔

dally, v.i. یونہی دیر لگانا ؛ فضول وقت ضائع کرنا ؛ بچگانہ باتیں یا حرکتیں کرنا ؛ بیکار کھیل سے اپنے آپ کو بہلانا ؛ کھیلنا ، خاص طور سے وقت گنوانے کو ؛ دیر کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ دفعُ الوقتی کرنا ؛ اٹھلانا ۔

dalliance, n. وقت گنوانے ، ملتوی کرنے یا دیر لگانے کا عمل ۔

dallier, n. بچگانہ باتیں یا حرکتیں کرنے والا ؛ ٹال مٹول کرنے والا ؛ وقت ضائع کرنے والا ۔

Dalmatian, a., n. ڈلماشی ؛ بحرِ ایڈریاٹک کے ساحل پر واقع علاقے ڈلماشیا یا اس کے باشندوں سے متعلّق ؛ اس علاقے کا کوئی مقامی یا باشندہ ۔

Dalmatian, Dalmatian dog, coach dog, n. گلدار کُتّا ؛ بڑے قد کا چھوٹے بالوں والا ، سفید کُتّا جس کے جسم پر کالے یا بُھورے دھبّے ہوتے ہیں ۔

dalmatic, n. (رومن کیتھولک کلیسا) ایک کلیسائی چوغہ ، جو شماس عشائے ربّانی کی تقریب میں لباس کے اوپر پہنتا ہے ، جب کہ اسقف کئی دیگر مواقع پر پہنتے ہیں ۔ ایک مِلتی جُلتی عبا جو انگریز بادشاہ تاجپوشی کے موقع پر پہنتا ہے ۔

dalsegno, adv. (موسیقی) موسیقار کو اس مقام پر لوٹنے کی ہدایت جہاں سے تکرار کا آغاز ہوتا ہے ۔

daltonism, n. [جان ڈالٹن سے منسوب] (بعض اوقات بڑے D سے) جزوی رنگندھا پن ؛ بصارت کا نقص جس میں سرخ اور سبز میں تمیز نہیں ہو سکتی اور ان کی بجائے خاکستری رنگ نظر آتا ہے ؛ رنگ کوری ۔

dam, n. بند ؛ پُشتہ ؛ کسی مائع کے بہاؤ میں رُکاوٹ ڈالنے والی دیوار ، خاص کر ایسی جو مٹّی یا چنائی سے کسی چشمے کے آر پار بنائی جائے ؛ بند یا پُشتے سے روکا ہوا دریا یا ندی کا پانی ؛ کوئی پُشتے جیسی رُکاوٹ ، جیسے کسی کان سے نکلنے والے پانی یا گیس کو روکنے کے لیے ۔ (فعل متعدی) بند یا پُشتہ باندھنا ؛ بند کے ذریعے روکنا یا محدود کرنا ؛ عام طور پر ، روک دینا یا بند کر دینا ۔

dam, n. [dame کی ایک شکل] چوپائے کی ماں ؛ ماں ؛ اب صرف چوپایوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، تاوقتیکہ حقارت سے استعمال نہ کیا جائے ۔

damage, n. نقصان ؛ ضرر ؛ صدمہ ؛ زیان ؛ برجانہ ؛ برجہ ؛ خسارہ ؛ تاوان ؛ ذات ، ملکیّت ، کردار یا شہرت کو کوئی صدمہ ، ضرر یا نقصان ۔ (قانون) (عام طور پر جمع) برجانہ ؛ اتلاف؛مضرت ؛ شنوائی کے لیے حق بجانب قرار دی گئی مضرت یا نقصان کے مساوی فیصلہ شدہ رقم ۔ (بول چال) صرفہ یا خرچہ ۔ (فعل متعدی) ضرر پہنچانا ؛ نقصان پہنچانا ؛ (کسی کی) صحت (درستی) ، خوبی یا قدر کو گھٹانا ۔ (فعل لازم) صحت (درستی) یا قدر کو ضرر یا نقصان پہنچنا ۔

damageable, a. نُقصان پذیر ؛ خسارہ پذیر ؛ قابلِ زیاں ۔

damageableness, damageability, n. نُقصان پذیری ؛
خسارہ پذیری ۔

damager, n. ضرر رساں ؛ مضرت رساں ؛
نقصان یا زیاں پہنچانے والا ۔

damaging, a. نقصان پہنچانے والا ؛ نقصان دِہ ؛ ضرر رساں ؛ مُضِر ۔

daman, n. دمن ؛ سُستا ؛ دبر ؛ شام و فلسطین
میں پایا جانے والا خرگوش نُما دودھ پلانے والا سُم دار میمل جانور ،
پروکاویا سیریاکا (Procavia syriaca) جو بائبل میں ولایتی خرگوش
(cony) کے نام سے مذکور ہوا ہے ؛ اسی جنس کے متعدد دوسرے
جانوروں میں سے کوئی ۔

Damascene, a. دمشقی ؛ شام میں واقع دمشق کے
شہر کا/سے متعلق ۔ (چھوٹے d سے) مرصّع دھات کے فن یا مُشجّر سے
متعلق ۔ (اسم) دمشق کا باشندہ ۔ (چھوٹے d سے) مرصّع دھات کا کام
یا نمونے ۔

damascene, damaskeen, v.t. مرصّع دھات لگانا ؛ دھات پر سونے یا
دوسری قیمتی دھاتوں کی پچی کاری کے ذریعے یا تیزابی نقش نگاری
سے آرایش کرنا یا نقش و نگار بنانا ؛ دھات پر ایسا لہریا یا رنگا رنگ
نمونہ بنانا جیسا دمشقی تلواروں کے پھل پر ہوتا ہے ۔

damascening, damaskeening, n. دھات پر بیل بُوٹے بنانے
کا عمل یا فن ؛ پچی کاری ؛ مُرصّع کاری ۔

Damascus steel, damascus, n. [شام کے شہر دمشق سے منسوب جو
فلزکاری اور پارچہ جات کے لیے مشہور ہے] دمشقی فولاد ؛ لہریے یا
رنگا رنگ نمونوں سے مزیّن تلواروں کے پھل کے لیے استعمال ہونے والا
ایک قسم کا فولاد ، جو اصلاً مشرقی ممالک ، خاص طور سے شام کے
شہر دمشق میں بنایا جاتا ہے ؛ اسی طرح کی کوئی مصنوع ، جیسے
لوہے اور فولاد کو جوڑنے سے یا عام فولاد پر تیزابی نقش نگاری کے
ذریعے لہریا نمونہ بنانے سے پیدا کی جاتی ہے ۔

damask, a. بیل بوٹے والا ریشمی کپڑا ؛ مُشجّر ؛ لال گلاب ؛
شام کے شہر دمشق کا/سے/کے نام پر، جیسے: دمشق کا ریشمی یا
سوتی کپڑا ، دمشق کا گلاب : دمشقی گلاب جیسا گلابی ۔ (اسم)
دمشقی فولاد یا اس کی سطح پر مخصوص نمونے یا لہریے نقش ؛ بُنے
ہوئے نقش والا (جو اکثر مرصّع ہوتے ہیں) ریشمی ، کتانی ، سُوتی یا
اُونی کپڑا ؛ دمشقی گلاب کا گلابی رنگ ۔ (فعل متعدی) دھات پر جڑاؤ
کام کرنا ؛ صّن نقش و نگار سے بُننا یا سجانا ؛ دمشقی گلاب کے
گلابی رنگ جیسا بنانا ؛ پچی کاری سے بیل بوٹے بنانا ۔

damask rose, n. گہرا گلابی یا گلاب جیسا رنگ ؛ دمشقی گلاب ۔

dame, n. عورت ۔ (قدیم) کوئی مقتدر عورت ، جیسے
خاتون حکمران ، گھریستی کی مالکہ یا درس گاہ کی مُعلّمہ ؛ کوئی
معمّر منتظمہ ۔ (عوامی) زنانی ۔ (برطانوی) (بڑے D سے) کسی نائٹ
(منصبدار) یا بیرونیٹ (موروثی سردار) کی بیوی کے مسیحی یا ذاتی
نام کے ساتھ لگایا جانے والا قانونی خطاب ؛ ایسی خاتون کے نام سے
پہلے لگایا جانے والا امتیازی لقب جسے نائٹ سے مماثل رتبہ عطا کیا گیا
ہو (جیسے : Dame Nellie Melba) ۔

dame's violet, dame's rocket, garden rocket, n. براتی شب بو ؛
سفید یا اودے خوشبودار پھولوں کے خوشوں والا سدابہار بستانی پودا ؛
بنفشۂ شب بو (Hesperis matronalis) ۔

dammar, damar, dammer, a. [ملائی] دمرّ (گوند) ؛ برصغیر
اور جنوب مغربی بحرالکاہل کے جزائر میں پائے جانے والے دمرّہ جنس
(Dammara) کے کئی صنوبری درختوں سے حاصل ہونے والا متحجری
بیروزہ ، جسے عموماً بے رنگ روغن یا وارنش بنانے کے لیے استعمال کیا
جاتا ہے ؛ دوسرے اجناس کے درختوں سے حاصل ہونے والے اس قسم کے
کئی بیروزوں میں سے کوئی ایک ۔

damn, v.t., v.i. پھٹکارنا ؛ لعنت کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ مطعون کرنا ؛
مردود کرنا ؛ بددعا دینا ؛ رد کرنا یا مذمّت کرنا (جیسے کسی کتاب کو) ؛
پر ملامت یا پھٹکار لانا ؛ جہنم واصل کرنا ؛ بُرا بھلا کہتے وقت اس لفظ
کو استعمال کرنا ؛ کوسنا ۔ (اسم) سب سے چھوٹا ، سب سے ناکارہ ٹکڑا ،
جیسے شمہ ؛ نفرین ؛ ہیچ ؛ پوچ ۔ (متعلّق فعل ، صفت) لعنت رسیدہ یا
ملامت زدہ ؛ ملعون ۔ (فجائیہ) غصّہ یا مایُوسی ظاہر کرنے والا کلمۂ بد ۔

damning, a. جو مطعون کرتا ہو یا رد کرتا ہو ؛
مذّمت کا سبب بننے والی شے یا بات ۔

damningly, adv. لعنت بھیجتے ہوئے یا مذمت کرتے ہوئے ۔

damnable, a. قابلِ ملامت ؛ قابل لعنت ؛ لعنتی ؛ ملعُون ؛
قابلِ نفرین ؛ شنیع ؛ کریہہ ؛ مکروہ ؛ شرمناک ۔

damnableness, n. مطعونیت ۔

damnably, adv. لعنتی طور سے ۔

damnation, n. عذاب دائمی ؛ لعنتِ ابدی ؛
پھٹکار ؛ لعنت ؛ جہنم واصل ؛ پھٹکارنے کا عمل یا پھٹکارے جانے کی
کیفیت؛ پھٹکارے جانے کا سبب ۔ (الٰہیات) دائمی عذاب کا سزاوار :
کوئی کلمۂ بد یا بد دعا ۔ (فجائیہ) غُصّے یا مایوسی کے اظہار کے لیے
کلمۂ بد ۔

damnatory, a. موجبِ لعنت ؛ مُوجبِ ملامت ؛ مُوجبِ عذاب ؛
لعنت آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ ملامت ظاہر کرنے والا یا ملامت کا سبب ؛
مطعون کرنے والا ۔

damned, a. سزا رسیدہ ، خاص طور پر دائمی سزا یافتہ ؛
لعنتی ؛ اکثر ملحدانہ طور پر یا تاکیدی لفظِ زائد یا گالی کے طور پر
استعمال ہوتا ہے ؛ ملعون ؛ مکروہ ۔ (متعلّق فعل) (عوامی) نہایت ، حد
درجہ ، جیسے حد درجہ مشکل ۔

damnify, v.t. (قانون) نقصان یا ضرر کا سبب ہونا ۔

damp, a. تھوڑا سا گیلا ؛ سیلا ؛ مرطوب ؛ نم ؛ نمدار ؛
نم آلودہ ؛ بھیگا ۔ (اسم) نم آلود ہوا ؛ زمین سے اٹھنے والی تبخیر ؛ بھاپ ؛
بواڑ ؛ بھپکا ؛ بند کنویں ، کان یا کوئلے کے گڑھے سے اُٹھنے والی تکلیف
دہ گیس جس سے دم گھٹتا ہے اور جس سے انسان اور جانور مر سکتے
ہیں ؛ حبس ، نمی ، تری ؛ رطوبت ۔ (فعل متعدی) گیلا کرنا ؛ نم آلود
کرنا ؛ سیلا کرنا ؛ مرطوب کرنا ؛ تر کرنا ؛ دم گھونٹنا ؛ پژمردہ کرنا ؛ اداس
کرنا ؛ کسی عمل کو روکنا یا کم کرنا ، جیسے کسی مرتعش تار کے ؛
توانائی یا اشتیاق کو گھٹانا ؛ دل بجھانا ؛ ہمت شکنی کرنا ۔ (برق)
متصل اہتزاز یا موجوں کے کسی مجموعے یا سلسلے کے رکن کی
حیثیت سے ان موجوں کے اختتام تک پہنچتے ہوئے حیطے میں کمی کا
سبب بننا ۔ (فعل لازم) (گُلبانی) گلنا ، سڑنا ۔ (برق) حیطے میں
بتدریج گھٹنا ۔

dampen, v.t. گیلا کرنا ؛ تر کرنا ؛ سیلا کرنا ؛ مرطوب کرنا ؛

نم آلود کرنا ؛ پژمردہ کرنا ؛ ہمت شکنی کرنا ۔ (فعل لازم) گیلا ہونا ؛ تر ہونا ؛ سیلا ہونا ؛ مرطوب ہونا ؛ نم آلود ہونا ؛ پژمردہ ہونا ۔

damper, n. ہوا کم و بیش کرنے کا پتر ؛ ہوا روک ؛ وہ شخص یا شے جو تر یا افسردہ کرے ؛ گیلا کرنے والا ؛ نم آلود کرنے والا ؛ ہوا کے جھونکے کو روکنے یا کم/زیادہ کرنے کے لیے بھٹی کی چمنی کے آر پار پھسلنے والی آہنی پلیٹ ؛ حاجز ؛ قاصر ؛ قاسر ؛ ڈمپر ؛ وہ گدّی جو آواز کو مدھّم کرنے کے لیے پیانو پر لگائی جاتی ہے ۔ (برق) معلّق یا آزادانہ حرکت پذیر میکانیے کے اہتزاز کو گھٹانے والی اختراع ؛ کاغذ یا کل کو تر کرنے والی گدّی ؛ تاروں کے ارتعاش کو کم کرنے والا پُرزہ ؛ فطیری روٹی جو بھوبھل میں پکائی جائے ؛ بُجھا دینے والا ؛ پست کرنے والا ۔

damping-off, n. زیادہ نمی کے باعث پیدا ہونے والے متعدّد فُطرات کی بنا پر قلموں اور چھوٹے پودوں کی مسخ شُدہ حالت ، جو ان کے گلنے اور مرجھانے سے ظاہر ہوتی ہے ۔

damsel, damosel, damozel, n. دوشیزہ ؛ باکرہ ؛ کنواری ؛ ناکتخدا ؛ لڑکی ؛ نوجوان عورت ؛ مٹیار ۔ (قدیم) اعلیٰ خاندان کی نوجوان کنواری ۔

damson, n. آلو بُخارا ؛ یورپ میں ایشیائے کوچک سے متعارف کروایا جانے والا گہرے نیلے یا ارغوانی رنگ کا چھوٹا آلوبخارا ، جس کا تعلّق (Prunus insititia) یا جنس آلوچہ (Prunus, domestica insititia) سے ہے ؛ ایسا پھل دینے والا درخت ۔

damson-cheese, n. آلوبخارے کا مربّا جس میں نرم پنیر جیسی دبازت ہوتی ہے ۔

dance, v.i. ناچنا ؛ رقص کرنا ؛ کدکڑے مارنا ؛ حرکت کے کم و بیش باقاعدہ تسلسل میں ، پیروں یا بدن کے ساتھ تواتر سے حرکت کرنا ، خاص کر موسیقی کی لے پر ؛ رقص میں مشغول ہونا یا حصّہ لینا ؛ اچھل کُود کرنا ، مثلاً جوش یا ہیجان میں اچھل کود کرنا ؛ سبک یا تیز حرکات کرنا ؛ اُوپر نیچے حرکت کرنا ۔ (فعل متعدّی) نچانا ؛ نچوانا ؛ رقص کروانا ؛ (رقص میں) کارکردگی دکھانا یا حصّہ لینا ؛ رقص کے ذریعے وجود میں لانا یا اس کا سبب ہونا ۔

dance attendance, n. مستعدی یا چاپلوسی سے حاضر خدمت رہنا ، جیسے کسی شخص کے لیے ۔

dancer, n. رقّاص ؛ رقّاصہ ۔

dance, n. ناچ ؛ رقص ؛ محفلِ رقص ؛ کم و بیش باقاعدگی سے اُٹھائے ہوئے قدموں اور حرکاتِ بدن کا ایک تواتر ، جو عموماً سُر تال کی سنگت میں انجام دیا جاتا ہے ؛ رقص کا ایک دور یا گشت ؛ رقص کی مخصوص صورتیں تشکیل کرنے والے قدموں کے متعدّد باقاعدہ تواتروں میں سے کوئی ؛ بار بار اچھلنے ، کودنے کی (یا ملتی جلتی) حرکت ؛ ناچ گت ؛ رقص کی کسی مخصوص صورت سے ہم آہنگ موسیقی کا ٹُکڑا ؛ رقص کے لیے سماجی اجتماع ؛ ناچ سبھا ؛ محفلِ رقص ۔

dandelion, n. گُل قاصدی ؛ ککروندا ؛ نرائی کی شکل میں کثرت سے پایا جانے والا ایک عام مخلوط پودا ، شیر دندان ادویاتی (Taraxacum officinale) جس کی خصوصیت دندانے دار پتّے اور سنہری زرد پُھول ہیں ۔

dander, n. غُصّہ/خفگی یا مزاج ۔

dandle, v.t. گود میں اُچھالنا ؛ جُھلانا ؛ کھلانا ؛ بہلانا ؛ ہلانا ؛ پیار کرنا ؛ لاڈ کرنا ؛ گُھٹنوں پر بٹھا کر یا بازوؤں میں لے کر ہلانا یا ہچکولے دینا ، جیسے کسی شِیر خوار کو ؛ بچّے کی طرح پچکارنا ، گُدگُدانا یا برتاؤ کرنا ؛ بہت لاڈ پیار کرنا ۔

dandler, n. گھٹنوں پر اُچھالنے والا ؛ بازوؤں یا گود میں اچھالنے والا ؛ جُھلانے والا ؛ پیار کرنے والا ؛ لاڈ کرنے والا ۔

dandruff, dandriff, n. خُشکی ؛ سبوسہ ؛ بفا ؛ کھوپڑی پر جم جانے والی پپڑی جو چھوٹے کھپروں یا ذرّوں کی شکل میں جھڑتی ہے ۔

dandruffy, a. خشکی والا ؛ سبوسہ یا بفا والا ۔

dandy, n. بانکا ؛ چھیلا ؛ چھیل چھبیلا ؛ لباس کی محتاط خوش وضعی اور ظاہری شباہت کے سبب نمایاں شخص ؛ کوئی لاحاصل شخص ۔ (عوامی) بہت نفیس یا اول درجے کی کوئی چیز ؛ خود نمائی کرنے والا ۔ (کاغذ سازی) ڈینڈی رولر ؛ گودے کی تہ جمانے کے لیے استعمال ہونے والا بیلن ۔ (صفت) بیکار/لاحاصل ؛ بناوٹی طور سے صاف ستھرا یا نفیس ۔ (عوامی) نفیس یا اعلیٰ درجے کا ۔

dandyish, dandiacal, a. بانکا ؛ چھبیلا ؛ بناوٹی ؛ نفاست پسند ۔

dandyism, n. بانکپن ؛ چھبیلا پن ؛ مصنوعی نفاست پسندی ۔

dandify, v.t. بانکا/چھبیلا بننا ۔

dandily, dandiacally, adv. بانکپن سے ؛ چھبیلے پن سے ؛ جھوٹی نفاست پسندی کے ساتھ ۔

dandy roller, dandy roll, n. (کاغذ سازی) وہ کمانی دار بیلن جو کاغذ کے گودے کی تہ جمانے اور اس میں نقشاب بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

Dane, Great Dane, n. اہلِ ڈنمارک ؛ ڈنمارکی ؛ ڈنمارک کا باشندہ یا ساکن ؛ ڈنمارکی نسل کا شخص ؛ بھاری بھر کم ، طاقتور اور چھوٹے بالوں والے کُتّوں کی نسل میں سے ایک ، جو درداس سے قدرے مشابہ مگر جُثے میں کم ہوتا ہے ۔

danegeld, danegelt, n. (اکثر بڑے D سے) ازمنۂ قدیم میں حملہ آور ڈنمارکیوں کا مقابلہ کرنے کی خاطر افواج کے قیام یا حملہ سے باز رکھنے کی خاطر ، انہیں ادا کرنے کے لیے انگریز قوم پر عائد کردہ سالانہ محصول ، جو بعد ازاں بھی لگان کی صورت میں جاری رہا ۔

Danelaw, Danelagh, n. ڈنمارکی قانون جو شمالی یا شمال مشرقی انگلستان کے ان اضلاع میں نافذالعمل تھا جو کسی زمانے میں ڈنمارک کے زیر تسلّط رہے ؛ انگلستان کا وہ حصّہ جو اس قانون کے زیرِ نگین رہا ۔

danger, n. خطرہ ؛ خدشہ ؛ جوکھم ؛ کھٹکا ؛ خوف ؛ ڈر ؛ تباہی بربادی ؛ زخم ، نُقصان ، کرب یا کسی قسم کے شر کی زد ۔ (ریلوے اور برق) خطرے کا نشان ۔

dangerous, a. خطرناک ؛ پُرخطر ؛ خوفناک ؛ مہلک ؛ غیر محفوظ ۔

dangerously, adv. خطرناک طور سے/خطرناک حالت میں ۔

dangerousness, n. خطرناکی ؛ خوفناکی ۔

dangle, v.i. جُھولنا ؛ لٹکنا ؛ ہلگنا ؛ ہلتے یا لہراتے ہوئے ڈھیلا لٹکنا : کسی سے لٹکنا یا اس پر آویزاں ہونا (about یا after

کے ساتھ) ۔ (گرامر) جملے میں اس طرح آنا کہ بقیہ جملے سے ضروری نحوی ربط نہ ہو ۔ (فعل متعدی) جُھلانا ؛ لٹکانا ؛ بلگانا ؛ لٹکنے کا سبب ہونا ۔ (اسم) جھونٹا ؛ جُھولا ۔

dangler, n. جھولنے والا ؛ لٹکنے والا ؛ پیچھے پیچھے پھرنے والا ۔

danglingly, adv. جھولتے یا لٹکتے ہوئے ۔

Danish, a. ڈینش ؛ ڈنمارکی ؛ ڈنمارک ؛ اہل ڈنمارک یا ان کی زبان سے متعلق یا بارے میں ۔ (اسم) اہل ڈنمارک کی زبان ۔

Danish pastry, n. ڈینش پیسٹری : ہلکی پیسٹری جو خمیری آٹے سے بنائی جاتی ہے اور جس میں اکثر پھل ، اخروٹ کی گری یا پنیر بھرا ہوتا ہے ۔

dank, a. لت پت ؛ بہت مرطوب ؛ سیلا ، خصوصاً ناخوشگوار سیلا ؛ حبس آمیز ؛ نم ۔

dankish, a. سیلا ؛ نم آلود ۔

dankly, adv. سیلن سے ؛ حبس سے ۔

dankness, n. سیلن ؛ نمی ؛ حبس ؛ اُچھان ۔

danseuse, n. ایک پیشہ ور رقّاصہ ، خصوصاً رہس رقاصہ ؛ بیلے ڈانسر ۔

Dantesque, Dantean, a. دانتائی : عظیم اطالوی شاعر دانتے (۱۲۶۵ـ۱۳۲۱ء) کے انداز میں جو احساس کی گہری سنجیدگی یا غم ناکی کے ساتھ اسلوب کی اثر آفریں رفعت سے مخصوص ہے ۔

daphne, n. غار کا پودا : لارس نوبیلس (Laurus nobilis) یورپ اور ایشیا میں پایا جانے والا جنس ڈیفینی (Daphne) سے متعلق کوئی پودا ، جو چھوٹی چھوٹی بوٹیوں پر مشتمل ہوتا ہے ، جن میں سے کچھ انواع مثلاً پوست ماذریون (D. mezereum) خوشبو دار پھولوں کی وجہ سے اگائی جاتی ہیں ۔

dapper, a. خوش وضع ؛ صاف ؛ ستھرا ؛ پُھرتیلا ؛ خوش لباس ؛ چھوٹا مگر مُستعد ۔

dapperly, adv. خوش وضعی سے ؛ مستعدی سے ؛ پُھرتی سے ؛ چستی کے ساتھ ۔

dapperness, n. خوش وضعی/لباسی ؛ مستعدی ؛ چستی ؛ پُھرتیلا پن ۔

dapple, n. اپنے پس منظر کے رنگ سے مختلف رنگ رکھنے والے نشان یا چھوٹے چھوٹے دھبّے ؛ اس طرح نشان زدہ ہونے کی حالت یا خاصیّت ؛ پچرنگی کھال یا سمور والا جانور ۔ (صفت) دھبّوں والا ؛ چتلا ؛ پچرنگا ؛ چتکبرا ؛ ابلق ۔ (فعل متعدی و لازم) پچرنگا کرنا یا ہونا ؛ دھبّے ڈالنا یا پڑنا ۔

dappled, a. دھبّے دار ؛ ابلق ؛ چتکبرا ؛ پچرنگا ۔

dapple-gray, a. زیادہ گہرے رنگ کے دھبّوں کی وجہ سے پیدا شُدہ خاکستری رنگ ؛ ابلق (گھوڑا) ۔

darb, n. (عوامی) کوئی اعلیٰ ترین ، عمدہ ترین شے ۔

darbies, n., [برطانوی ، عوامی] ہتھکڑی ۔

darby, n. کنّی ؛ کرنڈی ؛ پلستر کی سطح کو ہموار کرنے والا اوزار ۔

Darby and Joan, n. [غالباً اٹھارویں صدی کی ایک نظم سے ماخوذ] قناعت کے ساتھ خاموش اور پرسکون گھریلو زندگی بسر کرنے والے مثالی بوڑھے میاں بیوی ۔

dare, v.i., v.t. جُرأت کرنا ؛ ہمّت کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ خطرہ مول لینا ؛ کسی کام کے لیے ضروری حوصلہ یا دلیری رکھنا ؛ جان جوکھوں میں ڈالنا ؛ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنے کی جرأت کرنا ؛ کسی کے مقابلے میں آنا ؛ دعوت مبارزت دینا ، جیسے کسی شخص کو ؛ پُر خطر کام کے لیے عمل پر ابھارنے کی کوشش کرنا ، جیسے کسی کی کم حوصلگی پر زور دیتے ہوئے ۔ (اسم) جرأت یا سرتابی کا عمل ؛ مقابلہ/مزاحمت/سرتابی ؛ طلب مبارزت ۔

darer, n. خطرہ مول لینے والا شخص ۔

dare devil, n. احمقانہ طور پر نڈر ؛ متہوّر ؛ کسی بات سے نہ ڈرنے والا ؛ غیر محتاط طور سے نڈر شخص ۔ (صفت) بے باک ۔

daredeviltry, daredevilry, n. بے باکی ؛ بے خوفی ؛ احمقانہ بہادُری ۔

dare say, v.t., v.i. کسی چیز یا کام کو ممکن سمجھنا ؛ فرض کرنا ؛ اتفاق کرنا ۔

daring, n. دلیری ؛ جرأت ؛ حوصلہ ؛ جسارت ؛ مردانگی ؛ بے باکی ؛ مہم جویانہ دلاوری ؛ ڈھٹائی ؛ جواں مردی ۔ (صفت) بہادر ؛ نڈر ؛ بے باک ۔

daringly, adv. جُرأت سے ؛ جسارت سے ؛ حوصلے سے ؛ دلیری سے ؛ مردانگی سے ؛ بے باکی سے ۔

daringness, n. جُرأت ؛ جسارت ؛ دلیری ؛ جرأت مندی ۔

Darjeeling, n. دارجیلنگ ؛ شمالی بھارت کا پہاڑی ضلع ؛ اسی نام کا شہر ؛ وہاں پیدا ہونے والی چائے ۔

dark, a. اندھیرا ؛ تاریک ؛ بے نُور ؛ روشنی سے محروم یا روشنی میں ناقص ؛ غیر روشن ؛ کم روشنی دینے یا منعکس کرنے والا ؛ رنگ میں سیاہ کے قریب پہنچتا ہوا ؛ مدھّم ، جیسے گہرا بُھورا/بادامی/سانولا ؛ پُراسرار ؛ مبہم ؛ تیرہ و تار ؛ غیر صبیح ، جیسے گہری رنگت ؛ اخلاقی یا روحانی روشنی سے محروم ؛ مجرمانہ ؛ بُرا ؛ غیر منصفانہ ؛ اداسی سے ممیز یا اُداسی پیدا کرنے والا ؛ افسردہ ؛ ملُول ؛ اُداس ؛ بیزار ؛ چیں بجبیں ؛ فہم کے لیے غیر واضح ؛ توضیح یا وضاحت میں مشکل ؛ پوشیدہ یا خفیہ ؛ خاموش یا کم گو ؛ دیکھ سکنے کے ناقابل ؛ ذہنی یا روحانی طور پر کور چشم ؛ تاریک خیال ؛ عِلم یا ثقافت سے بے بہرہ ۔ (اسم) تاریکی ؛ رات ؛ تاریک مقام ؛ گہرا رنگ ؛ ابہام ؛ اخفا ؛ جہالت ۔

darken, v.i. تاریک یا تاریک تر ہونا ؛ مُبہم ہونا ؛ دھندلا جانا (اداسی یا غُصّے سے) ؛ اندھا ہونا ؛ روشنی ختم ہونا ؛ تاریکی چھا جانا (جیسے غم کی) ۔ (فعل متعدّی) تاریک یا تاریک تر کرنا ؛ مبہم کرنا ؛ اندھا کرنا ؛ روشنی ختم کرنا ؛ روشنی سے محروم کرنا ؛ اداس کر دینا ؛ دھندلا دینا ؛ مدھّم کر دینا ؛ بٹّا لگانا ؛ (کی) روشنی بند کر دینا ؛ ذہنی یا روحانی روشنی سے محروم کر دینا ۔

darkener, n. سیاہ کرنے والا ؛ تاریک کرنے والا ؛ اندھیرا کرنے والا ۔

darkish, a. قدرے سیاہ ؛ قدرے تاریک ۔

darkly, adv. پُراسرار طور سے/مبہم طریقے سے ؛ تاریکی سے ؛ سیاہی کے ساتھ ۔

darkness, n. تاریکی ؛ اندھیرا ؛ سیاہی ؛ پُراسراریّت ؛ جہالت ۔

Dark continent, n. تاریک برِاعظم : ایک اصطلاح جو افریقہ کے لیے

اس وقت استعمال کی جاتی تھی جب اس کے بارے میں معلومات کم تھیں۔

dark adaptation, n. تیرہ خوگری : وہ عمل جس کے ذریعے آنکھ کم روشنی یا اندھیرے سے مطابقت پیدا کرتی ہے۔

dark-adapted, a. تیرہ خُوگر ؛ اندھیرے سے مطابقت یافتہ۔

Dark Ages, n. (جمع) تاریک دور ؛ دورِ جہالت ؛ قُرون وُسطیٰ ؛ یورپی تاریخ کا تقریباً ۴۷۶ء سے دسویں صدی عیسوی تک پھیلا ہوا زمانہ یا زیادہ عمومی الفاظ میں ، نشاۃ ثانیہ تک کا دور ؛ قُرونِ مظلمہ۔

dark-field microscope, n. (طبیعیات) ایک انتہائی جدید خُوردبین۔

dark horse, n. چُھپا رستم ؛ گھڑ دوڑ میں حصّہ لینے والا ایسا گھوڑا جس کی استعداد نامعلوم ہو ؛ ایسا مسابق جس کے بارے میں کوئی یقینی بات معلوم نہ ہو یا جو غیر متوقع طور پر سامنے آ جائے ؛ ایسا شخص جو اچانک نامزد ہو جائے ، جیسے کسی سیاسی اجتماع میں۔

dark lantern, n. چور لالٹین ؛ ایک ایسی دستی لالٹین جس کی روشنی کو اس کے سوراخ کے آگے سرکواں غیرشفاف ڈھکنا کھسکا کر مدھم کیا جا سکے۔

darkle, v.i. غیر واضح طور پر دکھانا ؛ اندھیرا ہو جانا ؛ غصے یا اداسی سے دھندلا جانا۔

darkling, adv. اندھیرے میں ؛ رات کو۔ (صفت) اندھیرے میں ہونے یا کیا جانے والا ؛ تاریک/اندھیری۔

darkling beetle, n. بُھونڈ ؛ ظلمت بھونرے (Tenebrionidae) کے سلسلے سے متعلّق متعدد بُھورے یا کالے ، سخت جسم اور سست رو بھونروں میں کوئی ، جو سڑے ہوئے پودوں ، ذخیرہ شدہ اناج اور فطرات پر پلتے ہیں۔

darkroom, n. (عکاّسی) تاریک کمرہ ؛ روشنی سے اثر پذیر ہونے والے فوٹوگرافی کے سامان/مواد/مسالہ بنانے/سنبھالنے/اجاگر کرنے کا کمرہ ، جس میں سے روشنی کی کیمیا اثر شعاعیں مطرود کر دی گئی ہوں۔

darksome, a. (شاعری) افسردہ ، مغموم یا اُداس ؛ دلگیر ، ملول یا محزون ؛ اندھیرا ، سیاہی یا تیرگی ؛ سنجیدہ یا گھمبیر۔

darksomeness, n. تاریکی ؛ تِیرگی ؛ دھندلاہٹ ؛ غم ناکی ؛ اُداسی ؛ غمگینی۔

darling, n. بہت ہی پیارا ؛ محبوب ؛ دِلدار ؛ دلرُبا ؛ جانی ؛ عزیز ؛ لاڈلا ؛ لاڈلی ؛ لال ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے کو بہت ہی پیارا ہو ؛ وہ شخص جو بہت چہیتا ہو ؛ وہ شخص/شے جو بہت پسندیدہ ہو۔ (صفت) بُہت عزیز ؛ بہت چاہا جانے والا ؛ پسندیدہ ؛ دلکش۔

darlingly, adv. لاڈ پیار سے ؛ دلربائی سے یا محبوبیّت سے۔

darlingness, n. پیارا پن ؛ محبوبیّت ؛ دِلداری ؛ دلربائی ؛ لاڈ پیار۔

darn, v.t., v.i. رفو کرنا ؛ خالی جگہ کو بھرنے کے لیے پہلو بہ پہلو چلنے والی بخیے کی قطاروں سے مرمّت کرنا ، جو بعض اوقات ایک دوسرے کو کاٹتی ہوئی اور باہم جڑی ہوئی بھی ہوتی ہیں ایسے بخیہ سے سینا ، جیسے کشیدہ کاری میں۔ (اسم) رفوگری کا عمل ؛ کپڑے میں رفو شدہ جگہ۔

darner, n. رفو کرنے والا ؛ رفو گر۔

darn, n. لفظ damn کی نرم شکل۔

darnel, n. تلخہ ؛ فصلی گھاس جو غلّے کے کھیتوں میں بوٹی کی شکل میں پائی جاتی ہے ؛ لولیئم جنس سے متعلّق کوئی گھاس ؛ بیبازی۔

darning, n. رفوگری ؛ فعلِ رفو گر ؛ رفوگر کا کام ؛ حاصلِ رفوگری ؛ رفوشُدہ یا رَفو طلب اشیا۔

darning needle, darner, n. رفو سوئی ، جو عام سوئی سے لمبی ہوتی ہے اور جس کا ناکہ لمبا ہوتا ہے ؛ کابلی مکھّی۔

dart, n. چھوٹی برچھی ؛ تیر ؛ بچّوں کے کھیل کی برچھی ؛ بچوں کے کھیل ''برچھیاں'' کا ہدف ؛ ہاتھ یا کسی اور طرح سے پھینکا گیا لمبا ، ستواں اور نوکیلا ہتھیار۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ایک کھیل جس میں ایسا ہتھیار نشانے پر پھینکا جاتا ہے ؛ نوکدار قذیفہ ایسے ہتھیار سے مشابہ کوئی شے ، جیسے کیڑے کا ڈنک ؛ نیش ؛ ایک مخروطی سیون جو لباس کی چست موزونی کا تعیّن کرنے کے لیے بنائی جاتی ہے ؛ ایک اچانک تیز حرکت ؛ لپک ؛ جھپٹ۔ (فعل متعدی) لپکنا ؛ اچانک سرعت سے پھینکنا یا بھونکنا ؛ تیزی سے آنا/جانا/چلانا ؛ نکالنا/چھوڑنا ؛ تیر سے یا تیر کی طرح چھید دینا۔ (فعل لازم) تیر کی طرح سرعت سے نکلنا۔

darter, n. تیر انداز ؛ تیر پھینکنے یا چلانے والا ؛ بسرعت حرکت کرنے والا/تیزی سے جھپٹنے والا شخص یا شے ، بالخصوص امریکا میں پائی جانے والی خارمابی (Perch) خاندان کی میٹھے پانی کی چھوٹی مچھلیوں میں سے کوئی ، جو چھیڑے جانے پر تیزی سے لپکتی ہیں ؛ رقہ (پرندہ)۔

Darwinian, a. ڈارونی : مشہور نیچری سائنسدان چارلس ڈارون یا اس کے نظریات سے متعلّق۔ (اسم) ڈارونیت پسند ؛ ڈارونی نظریات کا حامی۔

Darwinism, n. ڈارونیّت ؛ نظریۂ ڈارون ؛ نظریۂ ارتقا ؛ یہ نظریہ کہ بقائے اصلح کی بُنیاد پر انواع حیوانات میں تبدیلیاں ہوتی ہیں۔

Darwinist, n. ڈارونیت پسند۔

dash, v.t. پھینکنا ؛ دھکّا دینا ؛ امید توڑنا ؛ کسی چیز کو زور سے ٹکرانا ، خصوصاً پاش پاش کرنے یا ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے لیے (جیسے : to dash the glass in anger) ؛ اچانک قُوّت سے پھینکنا یا دھکیلنا ؛ پاش پاش کرنا ؛ زور زور سے چھینٹے اڑانا ؛ ایک چیز کو دوسری میں ڈالنا کہ مرکّب بن جائے ؛ ملاوٹ سے مستند بنانا یا ملاوٹ کرنا ؛ ملیامیٹ کرنا یا ناکام بنانا (جیسے امیدوں یا منصوبوں کو) ؛ بد دل یا افسردہ کرنا ؛ حیران و پریشان کرنا/گڑبڑانا ؛ تیزی سے لکھنا یا خاکہ بنانا ؛ خط کا نشان لگانا ؛ لفظ یا عبارت کے نیچے خط کھینچنا۔ (برطانوی) لعنت بھیجنا (بد دعا میں نرم لفظ کا استعمال)۔ (فعلِ لازم) شدت کے ساتھ ٹکرانا ؛ تیزی/تندی سے حرکت کرنا (جیسے : to dash away from here) ؛ اندھا دھند جانا ؛ توڑ پھوڑ ڈالنا/تہس نہس کر دینا۔

dash, n. جھپٹ/تیز حرکت ؛ لطمۂ امواج ؛ چٹکی بھر/ذرا سا ، زور دار ضرب یا دھکّا۔ (مجازاً) رکاوٹ یا حوصلہ شکنی ؛ کسی مائع کا کسی چیز پر پھینکا جانا یا اس کا چھینٹا ؛ پانی کے ٹکرانے کی آواز ؛ چھوٹا سا دھبّہ یا چھینٹا ، جیسے رنگ کا : کسی

چیز کی تھوڑی سی مقدار کسی اور چیز میں ملانے کا عمل؛ہلکا سا
لمس یا شائبہ ؛ تیز جنبش ، جیسے قلم کی ؛ صریر قلم ؛ ایسی جنبش
سے/کی طرح بنایا ہوا خط/لکیر ؛ مختلف لمبائیوں والا ایک افقی خط ،
جو تحریر یا طباعت میں علامتِ اوقاف کے طور پر جیسے جُملے میں
اچانک انقطاع یا وقفہ ، قوسین واقع ہو جائے یا جُزو جملہ شروع اور ختم
کرنے (حروف/الفاظ یا کسی سلسلے کے درمیانی کلمات حذف کرنے کی
علامت کے طور پر) یا متن کے نمایاں حصّوں کو الگ کرنے والی لکیر
کے طور پر اور دیگر مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے ؛ موسیقی کی
ترسیم میں استعمال ہونے والی مختصر لکیر، جیسے الگ تاثُر ظاہر کرنے
کے لیے نشانِ نغمہ کے اُوپر یا نیچے ایک افقی لکیر ڈالی جاتی ہے ؛ بہ
عجلت حرکت ؛ جھپٹ ؛ اچانک حملہ/دھاوا ؛ چھوٹی بگٹٹ دوڑ یا
مختصر دوڑ (جیسے : a hundred yard dash) ؛ پُر جوش عمل ؛ عمل
یا طرز کی توانائی ؛ پرتصنّع مظاہرہ (جیسے : to cut a dash) ؛ بدذوقی
سے امارت کا اظہار ؛ کیچ روک ۔

dashboard, n. کیچ روک ؛ گل گیر ؛ آلات گیر ؛ آلات نُما ؛
ڈیش بورڈ ؛ ہوائی جہاز یا موٹر گاڑی میں اگلی نشستوں کے سامنے
شیشے کے نیچے کا تختہ جس پر اوزار وغیرہ رکھتے ہیں ؛ گھوڑا گاڑی
کے اگلی طرف کیچڑ، برف اور پانی سے بچاؤ کے لیے تختہ ۔

dasheen, n. ڈاشین ؛ اروی جنس سے متعلّق تارو قسم
کا ایک پھل دار پودا جو جزائر غرب الہند سے جنوبی امریکا میں
متعارف ہوا اور خوردنی گنٹھیوں اور ساقوں کے لیے اگایا جانے لگا
جنھیں آلوؤں کی طرح کھاتے ہیں ؛ اس پودے کی گنٹھیاں یا ساقے۔

dashing, a. بہادُر/جری ؛ نمایش پسند ؛ خوش باش ؛
تُندرو/مستعجل ؛ طبّاع ؛ جوشیلا ؛ سرگرم ؛ نمودیا ؛ شان دکھانے والا ؛
مستعد ؛ چمک دمک والا ۔

dastard, n. بُزدل ؛ ڈرپوک ؛ نامرد ؛ ہیز ؛
خطرے سے کنی کترانے والا ؛ بے حمیّت ؛ چوری چھپے گھٹیا کام کرنے
والا ۔ (صفت) بزدلانہ ؛ پست ۔

dasyure, n. ڈاسیورس جِنس (Dasyurus) سے متعلّق ؛
آسٹریلیا اور تسمانیہ میں پایا جانے والا چھوٹا گوشت خور کیسہ دار
جانور۔

data, n. لفظ datum کی جمع ۔ (دیکھیے: datum) ۔

datamation, n. صنعتِ معلومات بندی ؛ خودکار معلومات بندی ۔

data processing, n. معلومات بندی ؛ معطیات بندی؛ڈیٹا؛
عمل کاریٔ معلومات؛ معلومات پر ایسی حاسبہ مشینوں کمپیوٹر وغیرہ کے
ذریعے عمل کاری جو انھیں ترتیب دیتی ہیں، ان کی جماعت یا درجہ
بندی کرتی ہیں اور اُن کارڈوں اور فیتوں پر حساب کتاب کرتی ہیں جو
ان میں ڈالے جاتے ہیں۔

date, date palm, n. کھجور؛ خُرما ؛ تاڑ کی جنس کا درخت
اور اس پر لگنے والا لمبوترا ، گودے دار ، گُٹھلی والا میٹھا پھل؛
کھجور/خرما کا درخت ۔

date, n. تاریخ ؛ وعدۂ ملاقات ؛ زمانہ/عہد/دَور ؛ وہ دن
جس میں کوئی واقعہ رونما ہوا ، جب کوئی کام سرانجام دیا گیا یا کوئی
کام کیا جانا ہو ؛ کسی تحریر میں وہ اضافہ جو اس کے پیش یا تکمیل
کیے جانے والے سال ، مہینے اور دن کی تخصیص کرتا ہو؛ وقت کا وہ
دورانیہ ، جب یا جس میں کوئی شخص زندہ ہو یا کوئی شے موجود رہی
ہو۔ (بول چال) تعیّن ملاقات ؛ صنفِ مخالف کا وہ فردجس سے سماجی
ارتباط کے لیے کسی نے ملنے کا وقت طے کر رکھا ہو ۔ (فعل متعدی)
کسی پر تاریخ درج کرنا ؛ کسی پر تاریخ ڈالنا ؛ کسی کا وقت لکھنا یا
مقرّر کرنا ؛ کی عمر واضح طور پر بتانا ؛ کسی عہد کے مخصوص خاصہ
سے مُتصّف کرنا ۔ (بول چال) صنفِ مخالف کے کسی فرد سے سماجی
ارتباط کے لیے وعدہ ملاقات کرنا ۔ (فعلِ لازم) وقت کا حساب لگانا ؛
ایک مخصوص تاریخ سے شروع کرنا (جیسے : to date from the 10th
century) ؛ کوئی خاص تاریخ رکھنا ۔

dateless, a. بلا تاریخ ؛ بغیر تاریخ ؛ بے انتہا ؛
ازلی ؛ اتنا قدیم کہ جس کی تاریخ کا تعیُّن نہ ہو سکے ۔

datable, a. قابلِ تعیین تاریخ ۔

dater, n. تاریخ تعیین کرنے والا ؛ تاریخ ڈالنے والا ۔

out of date, متروک ؛ پارینہ ؛ غیر مستعمل ؛
بے وقت کا ؛ فرسودہ ۔

up to date, تا تاریخ ؛ تاامروز ؛ با زمانہ ؛
جدید ؛ تازہ ترین ۔

predate, قبل از وقت ؛ تاریخ قبل ؛ اجرائے تحریر/دستاویز
سے قبل کی تاریخ ڈالنا ۔

postdate, تاریخ ما بعد ، اگلی تاریخ ڈالنا ؛
اجرائے تحریر/دستاویز کے بعد کی تاریخ ڈالنا ۔

date line, n. خطِ تاریخ ؛ تاریخ خط ؛ گرینچ سے ۱۸۰ درجے
نصف النہار سے منطبق فرضی خط جس کے دونوں اطراف کے منطقوں
کی تاریخوں میں ایک دن کا فرق ہوتا ہے ؛ مراسلے یا اخبار کی خبر یا
مقالے وغیرہ میں وہ لکیر جہاں مقام اور تاریخ کا اندراج کیا جاتا ہے ۔

date palm, n. نخل ؛ کھجور کا درخت ؛ جنس تاڑ کا ایک درخت ۔

dative, a. (گرامر) بعض مخصوص تصریفی زبانوں میں مفعول/
مفعول ثانی کا وظیفہ سر انجام دینے والے اسم و ضمیر کی حالت سے
متعلّق ۔ (اسم) مفعول لہ ؛ مفعول لہ میں کوئی صورت یا لفظ ؛
مفعولی حالت/حالتِ نصبی ۔

datum, n. مفروضہ ؛ امرِ معلومہ ؛ مبیّنہ حق ؛
کوئی مفروضہ یا معلومہ حقیقت ، مسئلہ ، مقدار یا صورتِ حال ، خاص
طور پر اس صورت میں جب اسے مزید تحقیق یا استدلال کے لیے
استعمال کیا جانا ہو۔(جمع data) معلومات ؛ اعداد و شمار۔(مساحت،
انجینئری) بلندی ناپنے کے لیے کوئی بُنیادی خط ؛ کسی نظامِ پیمایش
کا نقطۂ آغاز (جمع datums)؛ کوائف؛ معطیات؛ ڈیٹا۔

daub, v.t, v.i. اَسترکاری کرنا ؛ دھبّے ڈالنا ؛
اناڑیوں کی سی تصویریں بنانا یا رنگ آمیزی کرنا ؛ نرم لیسدار مادہ
مثلاً گارا یا کیچ لیپنا ؛ تھوپنا ؛ پلستر کرنا ؛ پوتنا ؛ آلودہ کرنا ؛ گندا کرنا ؛
داغ لگانا ؛ بد ذوقی سے رکھنا/لگانا یا پہننا ؛ کسی چیز
کو لینا ؛ بھدی تصویریں بنانا ۔ (اسم) کہگل ؛ پلستر ؛
روغن ؛ دیواریں لیپنے کے لیے استعمال ہونے والا کچا مواد ؛ لیپنے یا
پوتنے کا عمل ؛ کوئی چیز جسے لیپا یا پوتا گیا ہو ؛ داغ یا دھبہ ؛ بھدی
تصویر۔

dauber, n. اناڑی مصوّر۔

dauby, a. دھبّے دار ؛ داغ دار۔

daughter, n. بیٹی ؛ لڑکی ؛ دُختر ؛ بنت ؛ حقیقی یا

منھ بولے والدین کی نسبت سے کسی بھی عمر کی بچّی ؛ مادہ اولاد ؛ بچّے اور والدین کی جسمانی نسبت سے مشابہ روحانی نسبت رکھنے والا صنف نازک کا کوئی فرد (جیسے : daughter of Pakistan) ؛ کسی جانور یا پودے کی مادہ نسل ۔ (صفت) دختر ؛ بیٹی ؛ اوّل نسل ۔

daughter-in-law, n. بہو ۔

daughterly, a. دُخترانہ ؛ بیٹی کا سا ؛ بیٹی کی طرح ۔

daunt, v.t. ڈانٹنا ؛ ڈرانا ؛ دھمکانا ؛ حوصلہ شکنی کرنا ؛ ہمّت توڑنا ؛ ڈرا کر روکنا ۔

dauntless, a. بے دھڑک ؛ جرّی ؛ بے خوف ؛ نڈر ؛ بے باک ؛ دلیر ؛ دُھن کا پکا ؛ مستقل مزاج ۔

dauntlessly, adv. بے خوفی سے ؛ بے باکی سے ؛ دلیرانہ ؛ نڈر پن سے ۔

dauntlessness, n. بے خوفی ؛ بے باکی ؛ دلیری ؛ نڈر پن ؛ بہادری ۔

dauphin, n. ولی عہد فرانس ؛ دو فین ۔ (اکثر بڑے D سے) ۱۸۳۰ء کے انقلاب فرانس سے پیشتر شاہ فرانس کے بڑے بیٹے کا لقب ۔

dauphine, n. (اکثر بڑے D سے) ۱۸۳۰ء کے انقلاب سے پیشتر شاہ فرانس کے بڑے بیٹے کی بیوی ؛ شاہ فرانس کی بڑی بہو ۔

davenport, n. [دیون پورٹ کے مقامی نام پر] ایک قسم کا بڑا صوفہ یا دیوان جسے عموماً پلنگ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ۔

davit, n. (جہاز رانی) جہاز کے پہلو یا دنبالے پر سے باہر کو نکلا ہوا حمّالے (کرین) کی مانند حصّہ جسے چرخی کے ذریعے سامان ، کشتیاں یا لنگر نیچے اُتارنے یا اُوپر چڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

davy, Davy lamp, n. [انگریز موجد ، کیمیا دان سر ہیمفرے ڈیوی کی مناسبت سے] ڈیوی کا حفاظتی چراغ ؛ کان کَنوں کا حفاظتی لیمپ جس کا شُعلہ تار سے بنی ہوئی جالی کے پردے میں محفوظ ہوتا ہے ۔

Davy Jones, n. (جہاز رانی) سمندر کی رُوح ؛ ملاّح کا بُھوت ۔

Davy Jones's locker, n. سمندر کی تہ ؛ قعرِ سمندر (خاص کر غرق سمندر ہونے والوں کے مدفن کے طور پر) ۔

daw, n. ایک قسم کا بڑا کوّا ؛ زاغ ۔

dawdle, v.i., v.t. تضیع اوقات کرنا ؛ کاہلی کرنا ؛ بیکار پھرنا ؛ فضول باتوں میں وقت ضائع کرنا ۔

dawdler, n. سُست ؛ کاہل ؛ تضیع اوقات کرنے والا ؛ بیکار پھرنے والا ۔

dawdlingly, adv. سُستی کرتے ہوئے ؛ تضیع اوقات/بے کاری کے انداز سے ؛ کاہلی کے طریقے سے ۔

dawn, v.i. پُھوٹنا ؛ سَحر ہونا ؛ فجر ہونا ؛ تڑکا ہونا ؛ طلوع ہونا ؛ روشنی کا نمودار ہونا ؛ آشکارا یا ظاہر ہونے کی ابتدا ہونا ؛ محسوس کیے جانے یا سمجھے جانے کا آغاز ہونا ؛ منکشف ہونا (جیسے : the truth dawns upon me) ۔ (اسم) سویرا ؛ تڑکا ؛ فجر ؛ طلوع صبح ؛ آغاز ؛ شروع ؛ صبح کے وقت کی پہلی روشنی کا ظہور ؛ ابتدا ؛ طلوع ؛ پہلا پہلا ظہور (جیسے : The dawn of civilization) ۔

day, n. دِن ؛ دو مسلسل راتوں کے درمیان سورج کی روشنی کا وقفہ ؛ طلوع و غروب آفتاب کا درمیانی وقفہ ؛ دن کی روشنی ؛ مزدوری کے لیے وقف دن کا کوئی حصہ (جیسے : an eight hour day) ؛ کوئی دن بطور خاص یا وقت کی اکائی یا جب کوئی واقعہ رونما ہوا ہو ؛ کسی خاص مقصد یا تقریب منانے کے لیے مفوّضہ دن (جیسے : Newyear's day) ؛ مقابلے کا دن یا ایسے دن کی مبارزت یا آویزش (جیسے : to win the day) ؛ اقتدار یا اثر و رسوخ کا دور (جیسے : a man who has had his day) ۔ (عموماً جمع) ایک خاص وقت یا دور (جیسے : in days of old) ؛ دن کے وقت میں (جیسے : he prefers working days) ۔ (اکثر جمع) عمر یا سرگرمی کا کوئی زمانہ (جیسے : to end one's day in peace) ۔

solar day, n. (فلکیات) یوم شمسی : وہ مدّت جس میں زمین اپنے محور پر ایک چکّر پورا کر لیتی ہے ؛ وہ مدت جس میں ارضی سمت الراس دو دفعہ سورج کے سامنے آتی ہے ۔

mean solar day, n. (فلکیات) متوسط یوم شمسی : ۲۴ گھنٹے یا شمسی یوم کی اوسط مدت ۔

civil day, n. (فلکیات) یوم قانونی : نصف شب سے دوسری نصف شب تک کی شمار کردہ مُدّت طوالت میں متوسط شمسی یوم کے مساوی ۔

astronomical day, n. (فلکیات) یوم فلکی : دوپہر سے اگلی دوپہر تک کی شمار کردہ مُدّت ، طوالت میں متوسط شمسی یوم کے مساوی ۔

day blindness, n. دن کوری ؛ دنوندھا پن : بصارت کا وہ عیب جس کے باعث رات یا مدھّم روشنی کی نسبت دن یا تیز روشنی میں کم نظر آتا ہے ۔

daybook, n. روزنامچہ ؛ ڈائری ؛ بہی ؛ ایک کتابچہ جس میں ایک دن کے آمد و خرچ کا حساب درج کیا جاتا ہے ۔

daybreak, n. سویرا ؛ تڑکا ؛ فجر ؛ طلوع صبح یا صبح کے وقت روشنی کا پہلا پہلا ظہور ؛ صبح صادق ۔

day coach, n. مسافر ریل گاڑی کا عام قسم کا ڈبّہ ، جو شب خوابی ، طعامی یا خلوتی ڈبّے سے الگ پہچانا جائے ۔

daydream, n. خیالی پلاؤ ؛ شیخ چلی کے خواب ؛ ہوائی قلعے ؛ جاگتے کا خواب ؛ ایسا ناقابل عمل تصوُر ، جس سے جاگتے میں مزا لیا جائے ۔ (فعل لازم) خیالی پلاؤ پکانا ؛ شیخ چلّی کے خواب دیکھنا ؛ ہوائی قلعے تعمیر کرنا ؛ جاگتے کے خواب دیکھنا ۔

daydreamer n. خیالی پلاؤ پکانے والا ؛ ہوائی قلعے تعمیر کرنے والا ؛ شیخ چلّی ۔

dayflower, n. کوئی پودا جس میں زیادہ تر چھوٹے نیلے پُھولوں کے گُچھے (کوبیے) لگتے ہیں ۔

day laborer, (Brit.), **day labourer,** n. دہاڑی دار ؛ دن مزدور ؛ دن کو کام کرنے والا مزدور ؛ یومیہ مزدور ؛ دن کے دن کا مزدور ، جیسے کوئی غیر ہنر مند مزدور ۔

day letter, n. سُست رَو تار ؛ پچاس الفاظ پر محدود دن یا رات میں کسی بھی وقت رعایتی نرخوں پر بھیجا جانے والا تار جو عام ڈاک کی نسبت تاخیر سے ملتا ہے ۔

day light, n. سُورج کی روشنی ؛ دن کی روشنی ۔ (مجازاً) آشکاریت یا تشہیر ؛ دن/دن کا وقت ؛ سویرا/تڑکا/فجر ۔

daylight saving time, n. گھڑیاں آگے کرنا ؛ معیاری وقت سے تقریباً ایک گھنٹہ آگے کا وقت جس کی وجہ سے شام میں ایک گھنٹہ مزید دن کی روشنی کا وقت مل جاتا ہے ۔

daylily, n. سوسنِ یک روزہ ؛ سوسن یک روزہ سے متعلّق کوئی پودا ، جو عام طور پر ایک دن تروتازہ رہنے والے زرد یا نارنجی پھول لاتا ہے ؛ سوسنی نوع نیوبی (Niobe) یا فنکیا (Funkia) سے متعلّق کوئی پودا ، جو سفید یا نیلے پھول لاتا ہے ۔

dayliner, دو شہروں کو ملانے والی تیز رفتار گاڑی یا مضافات اور شہر کے درمیان دن کے وقت چلنے والی گاڑی ۔

day nursery, n. دارالاطفال ؛ ایک ایسا ادارہ جہاں دن میں ان چھوٹے بچّوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے جن کی مائیں کام پر چلی جاتی ہیں ۔

Day of Atonement, Yom Kippur, n. یوم کفارا ؛ یوم کپُور ؛ یہودیوں کے نوروز کے دس دن بعد آنے والی تعطیل ، جب روزے اور دعا کے ذریعے پچھلے سال کے گناہوں کی تطہیر کی جاتی ہے ۔

day school, n. مکتبِ روزینہ ؛ دن کے وقت لگنے والا اسکول ، جو رات کو لگنے والے اسکول سے الگ پہچانا جائے ؛ کام والے دنوں میں لگنے والا اسکول جو چھٹی کے دن لگنے والے اسکول سے جدا ہو ؛ ایسا اسکول جہاں بورڈنگ اسکول کے برعکس طعام و قیام کا انتظام نہیں ہوتا ۔

days of grace, n. رعایتی دن ؛ مہلت ؛ ایامِ مہلت جو عموماً تین ہوتے ہیں اور جو قانوناً یا رسماً تاریخ مقررّہ کے بعد کسی بِل یا بیمے کی قسط وغیرہ کی ادائیگی کے لیے رعایت کے طور پر دیے جاتے ہیں ۔

daystar,n. ستارۂ صبح ؛ یومِ نجمی ؛ کوکبی ۔ (شاعری) سورج ۔

daytime, n. دن ؛ دن کا وقت ؛ طلوع و غروبِ آفتاب کے درمیان کا وقت ۔

daze, v.t. مخبوط الحواس کر دینا ؛ ہکاّ بکاّ کر دینا ؛ اوسان خطا کر دینا ؛ بدحواس کر دینا ؛ گھبرا دینا ؛ چُندھیا دینا ؛ خِیرہ کرنا ؛ حواس باختہ کر دینا ، جیسے مُکّے کی ضرب ، صدمے یا تیز شراب سے ۔ (اسم) مخبوط الحواسی ؛ بدحواسی ؛ حواس باختگی ؛ گھبراہٹ ؛ خِیرگی ؛ حیرانی ۔

dazedly, adv. مخبوط الحواسی سے ؛ بدحواسی سے ؛ گھبراہٹ سے ۔

dazzle, v.t. [لفظ daze کی عمومی شکل] چندھیا دینا ؛ چکا چوند کر دینا ؛ خِیرہ کر دینا ؛ حیران و پریشان کر دینا ؛ حواس باختہ کر دینا ؛ غالب آنا یا مدھّم کرنا ، جیسے تیز روشنی سے بصارت کو ؛ آب و تاب یا کسی قسم کے مظاہرے سے ششدر کر دینا ۔ (فعل لازم) تیز روشنی سے چُندھیا جانا ؛ آنکھوں کا خِیرہ ہو جانا ؛ حواس باختہ ہو جانا ؛ ہکّا بکّا رہ جانا ؛ روشنی سے مغلوب ہو جانا ؛ زور دار حد تک روشن ہونا ۔ (مجازاً) آب و تاب سے ستایش کو تحریک دینا ۔ (اسم) چکّا چوند ؛ حواس باختگی ؛ بدحواسی ؛ خِیرگی ؛ خیرہ کر دینے کا عمل یا حقیقت ؛ خیرہ کُن تابندگی ۔

dazzlement, n. خیرہ کرنے کا عمل یا کیفیّتِ خیرگی ؛ چکا چوند ؛ خیرہ کرنے والی شے ۔

dazzler, n. خیرہ کُن ؛ چکا چوند کرنے والا ۔

dazzlingly, adv. خیرہ کُناں ؛ چکا چوند سے ۔

D-day, n. (عسکری) یومِ مقررّہ ؛ خفیہ یوم؛ خفیہ یومِ حملہ ؛ دُشمن پر حملہ کرنے کا مجوّزہ دن ، جو عموماً اعلان کردہ نہیں ہوتا ۔ (بڑے D سے) ٦ جون ١٩۴۴ء کا دن جب دوسری عالمی جنگ میں اتحادی فوجوں نے مغربی یورپ پر حملہ کیا تھا ۔

deacon, n. چھوٹا پادری ؛ شماس ؛ ڈِیکن ؛ دنیوی معاملات کا نگران چھوٹا پادری ؛ گرجا میں مُہتممِ خیرات و صدقات ؛ کلیسائی عہدے دار یا ماتحت پادری ؛ انگلستانی ، یونانی راسخ العقیدہ یا رومن کیتھولک کلیساؤں میں پادریوں کے سلسلے کا ایک رُکن ، جو مرتبے میں بڑے پادری سے کم ہوتا ہے ۔

deaconess, n. خیراتی کاموں والی پادرن ؛ شماسہ ؛ ڈیکن کے فرائض سرانجام دینے والی خاتون ؛ بعض پروٹسٹنٹ کلیساؤں میں بیماروں اور غریبوں کی خبرگیری کرنے والے زنانہ حلقے کی رُکن ۔

deaconry, n. شماسیت ؛ ڈیکن کا عہدہ ، کل ڈیکن ۔

deactivate, v.t. بے عمل کرنا ؛ بے کار کرنا ؛ بے اثر کرنا ؛ غیر فعّال بنانا (جیسے : to deactivate the bombs) ۔ (عسکری) کسی فوجی دستے کو ملازمت سے سبکدوش یا برخاست کرنا ؛ فوجی دستے کو توڑ دینا ۔

dead, a. مُردہ ؛ بے جان ؛ میّت ؛ بے حس ؛ سُن ؛ زندگی سے محروم یا تہی ؛ جو زندہ نہ ہو ؛ شَل ؛ موت سے مشابہ ؛ گہرا اور بھرپور (جیسے : deadsleep) ؛ جو عقلی یا جذباتی ردِّعمل کا اہل نہ ہو ؛ غیر حسّاس ؛ جو ہمدرد نہ ہو ؛ غیر سوزاں ؛غیر بارور ؛ بنجر ؛ بجھا ہوا (جیسے : dead coals یا a dead desire) ؛ غیر زرخیز (جیسے : dead land)؛جس نے کام کرنا یا پیداوار دینا بند کر دیا ہو ؛جو اب عمل میں نہ ہو (جیسے : a dead battery)؛جو اب متعلقہ ، دلچسپ یا اہم نہ سمجھا جائے (جیسے : a dead issue) ؛ بے کیف ، بے روح ، غیر محرک ؛ عمل یا تفریح سے تہی (جیسے : a dead party) ؛ معمول کی کاروباری یا تجارتی سرگرمی نہ رکھنے والا ؛ جو اچھلاؤ اور لچکدار نہ ہو (جیسے : a dead tennis ball) ؛ غیر تغیّر پذیر یا مسلسل(جیسے : a dead level)؛ تجارتی طور پر غیر پیدا آور ؛ جو استعمال میں نہ ہو (جیسے : dead capital) ؛ بے گونج ، بھاری ، ٹھس (جیسے : dead sound) ؛ بے ذائقہ جو تیز نہ ہو (جیسے : dead beer) ؛ شہری کے حقوق سے محروم (جیسے عُمر بھر کا قیدی) ؛ جو اب کسی قوم میں بولی یا عام استعمال نہ کی جاتی ہو ، جیسے مُردہ زبان ؛ جو اب نافذ نہ ہو ؛ معدوم (جیسے : dead law) ؛ جو چمک ، حدّت یا تاب نہ رکھتا ہو (جیسے : dead white) ؛ روحانی موت کی حالت میں ؛ مکمّل طور پر ساکت یا بے حرکت (جیسے : dead waters)؛جچا تُلا ؛ صحیح (جیسے : dead center) ؛ یقینی یا موت کی طرح بے خطا (جیسے : dead shot) ؛ اچانک ، شدید (جیسے : dead stop)؛کامل ، مطلق (جیسے : dead silence) ۔ (بول چال) تھکن سے چُور ؛ وامانده ؛ تباہ ہونے والا/جسے سزا ملی ہو ۔ (کھیل) جو کھیل میں نہ ہو (جیسے : dead ball) ۔ (برق) جو وولٹائی مخرج سے جڑا ہوا نہ ہو اور یوں برقی رو کا حامل نہ ہو ؛ ان برقایا ۔ (طباعت) جو مسودّے یا مرتب کردہ ٹائپ کے طور پر استعمال نہ کیا جائے یا پہلے ہی استعمال ہو چکا ہو ۔ (متعلق فعل) آخری حد تک ؛ مکمل طور سے (جیسے : dead tired) ؛ یکایک اور پوری

طرح (جیسے : to stop dead) ۔ (اسم) وہ ساعت جب فضا میں غیر معمولی سکوت اور اداسی ہوتی ہے ؛ نقطۂ اوج ، جیسے سرما کا سرد ترین یا شب کا تاریک ترین حِصّہ ۔

the dead, رفتگان ؛ جو گُزر چکے ہوں ؛ متوفین ، مرحومین ۔

deadbeat, a. چل رَوک ؛ سُست گام ؛ بازگشت کے بغیر حرکت گھڑی کی حرکت ؛ ابتزاز سے مبرّا،جیسے برقی میٹر کی سوئی ۔

deadbeat, n. (عوامی) قلّاش مقروض ؛ ایک ایسا شخص جو حاصل شُدہ مراعات یا اشیا کی قیمت یا معاوضہ ادا کرنے سے گریز کرے ؛ مفت خورا/طفیلی ؛ قرض دار ؛ آرام طلب/سست ۔

dead center, dead centre, dead point, n. ایسے متکافی یا دو طرفہ حرکت پذیر انجن میں ، جس میں مِلانے والے ڈنڈے میں گردانہ کو گھمانے کی طاقت نہیں ہوتی : گردانے کی ان دو حالتوں میں سے ایک حالت ، جب کہ ہر ضرب کے خاتمے پر گردانہ اور مِلانے والا ڈنڈا دونوں ایک ہی سیدھ میں ہوں ۔

deaden, v.t. بے حس کرنا ؛ مدھّم کرنا ؛ حیاتیّت ، حِس ، تیزی یا توانائی میں کمزور کرنا ؛ سُن/شل کرنا ؛ فسردہ کرنا ؛ کسی چیز کی رفتار کم کرنا ؛ چمک یا آواز میں کمی کرنا ؛ آواز روک بنانا ؛ زندگی سے محروم کرنا ۔ (فعل لازم) مُردہ ہو جانا ۔

deadener, n. بے حِس کرنے والا ؛ آواز روکنے والا ؛ ضعف پیدا کرنے والا ؛ حرکت روکنے والا ۔

deadening, n. وہ مواد جسے اِستعمال کر کے کمروں کو آواز روک بنایا جاتا ہے ؛ وہ مواد جسے چمک کم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

dead-end, a. بند راستہ ؛ بندگلی ؛ ایک سرے پر بند کیا ہوا جیسے کوئی گلی یا پائپ جہاں سے کوئی راستہ نہ ہو ؛ اندھی گلی ؛ اندھا سِرا ۔ (اسم) آخری سرا،جیسے کوئی پائپ یا گلی کا آخری سرا جس میں کوئی راستہ نہ ہو ؛ کیسۂ حیوانی ؛ بندگلی ۔

dead fall, n. بار اُفتادہ : خصوصاً بڑے شکار کو پھانسنے کے لیے ایسا پھندا جس میں بھاری وزن گر کر جانور کو کچل دیتا ہے ؛ گرے ہوئے درختوں اور زیر گیاہ کا انبار ۔

dead hand, n. (قانون) زمین کا دائمی پٹہ یا اجارہ ، خصوصاً کارپوریشن یا خیراتی ادارے کے پاس ؛ زمین پر غیر متنازعہ حقّ تصرُّف ۔

dead heat, n. برابر دوڑ ؛ ایسی دوڑ جس میں دو یا زیادہ مقابلہ کرنے والے ایک ہی وقت پر نقطۂ اختتام کو پہنچیں اور ان میں کسی کو اوّل قرار نہ دیا جا سکے ۔

dead letter, n. منسوخ قانون ؛ لاوارث خط ؛ ایسا ایکٹ ، قانون یا آرڈیننس جسے اگرچہ منسوخ نہ کیا گیا ہو مگر اس پر عمل درآمد بند ہو گیا ہو ؛ ایک ایسا مکتوب جس پر پتا مکمّل نہ ہونے کی بنا پر ڈاکخانے والے نہ تو کہیں تقسیم کر سکیں اور نہ بھیجنے والے کو لوٹا سکیں ۔

deadline, n. امتناعی خط ؛ حَدِّ آخر ؛ مقررّہ حد ؛ مقررّہ خط جس سے آگے بڑھنے سے منع کر دیا گیا ہو ؛ وقت مقررہ ؛ کسی کام کے کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ ممکن وقت ؛ حتمی وقت ۔

dead load, n. انتہائی وزن ؛ وہ مستقل انتہائی وزن جو کوئی عمارت یا پُل برداشت کر سکنے کے قابل ہو جس میں خود اس ڈھانچے کے اپنے حصّوں اور پُرزوں کا وزن بھی شامل ہوتا ہے ۔

deadlock, n. تعطّل ؛ ایسی صورت حال جس میں تسلیم یا تصفیہ کرنے پر مخالف قُوّتوں کی نارضامندی کے باعث فی الوقت کوئی عمل ناممکن ہو (جیسے : abor management talks were at a deadlock) ۔ (فعل متعدی) تعطل پیدا کرنا (جیسے : One minor point dead-locked the talks) ۔ (فعل لازم) تعطل پیدا ہونا ۔

deadly, a. مُہلک ؛ قاتل ؛ تباہ کُن ؛ خطرناک ؛ مرگ آسا ؛ بہت زیادہ ؛ موت کو وجود میں لانے والا یا موت کا امکانی سبب بننے والا ؛ جان لیوا ؛ ہلاک یا تباہ کرنے کا مقصد رکھنے والا (جیسے : deadly foe) ؛ سنگدل/کٹھور/پکّا ؛ بڑی صحّت یا اثر آفرینی سے (جیسے: deadly aim) ؛ کمزور کرنے والا یا جڑیں کھوکھلی کرنے والا (جیسے : the deadly effects of certain habits) ؛ موت سے مشابہ یا موت کا خیال دلانے والا ؛ فزوں از حد (جیسے : deadly haste) ۔ (بول چال) ناقابل برداشت حد تک اچاٹ (جیسے : deadly conversa-tion) ۔ (متعلّق فعل) اس انداز میں جو موت سے مشابہ ہو یا موت کا خیال دلائے (جیسے : deadly pale) ؛ بے حد یا پورے طور سے (جیسے : deadly silent) ۔ (اسم) مہلک/قاتل/تباہ کُن ۔

deadly sin, n. سات گناہوں یعنی غرور ، نفسانی خواہش ، حسد ، غُصّہ ، حرص ، بسیار خوری اور کاہلی میں سے کوئی ایک جنھیں روحانی موت کا سبب گردانا جاتا ہے ۔

dead march, n. رثائی دُھن ؛ جلوس تدفین ، خصوصاً فوجی تدفین کے موقع پر بجائی جانے والی رثائی دُھنیں ۔

dead pan, n. (عوامی) بے رونق چہرہ ؛ تأثُر سے مکمّل طور پر عاری چہرہ ؛ سپاٹ چہرہ ۔ (صفت) (عوامی) چہرے کے تأثُرات کے بغیر ؛ مصنوعی سنجیدگی یا بے تعلقی کے ساتھ ۔

dead point, n. دیکھیے : dead center ۔

dead reckoning, n. اندازۂ مقامِ جہاز ؛ اٹکل شماری ؛ فلکی مشاہدے کے بغیر ، محض اختیار کردہ راستے ، طے کردہ فاصلے اور معلومہ یا متوقّع دھکیل/انحراف کے مطالعے سے ہوائی/بحری جہاز کے مقام کا اندازہ ؛ اس طرح شمار کردہ مقام ؛ اٹکل پچّو ۔

dead space, n. مقامِ معطّل ؛ وہ مقام یا علاقہ جو مصرف میں نہ لایا جائے ۔ (فعلیات) نظام تنفُّس کا وہ حصّہ جہاں سے گُزر کر ہوا شُعبیات اور حُفیرہ میں پہنچتی ہے ۔

dead weight, n. بھرت بوجھ ؛ مُردہ وزن ؛ کسی جامد شے کا بھاری اور مستقل وزن ؛ بھاری یا ناخوشگوار وزن ؛ ریل گاڑی یا دوسری قسم کی گاڑی کا اپنا وزن جو اس میں لدے ہوئے وزن کے علاوہ ہو ؛ قائم وزن ۔

deadwood, n. شجرِ مُردہ ؛ مردِ فضول ؛ عضو معطّل ؛ درخت کے مردہ اعضا/حصّے ؛ مردہ شاخیں یا درخت ؛ کوئی بیکار شے یا شخص ۔

deaf, a. بہرا ؛ اُونچا سننے والا ؛ بے حِس ؛ بے پروا ؛ پنبہ بگوش ؛ ثقلِ سماعت کا مریض ؛ حِسِّ سماعت سے کُلّی یا جُزوی طور پر محروم ؛ جو توجُّہ کرنے یا سننے پر آمادہ نہ ہو ؛ بے توجُّہ ؛ کان نہ دھرنے والا ؛ سُنی ان سُنی کرنے والا ۔

deafen, v.t. بہرا کر دینا ؛ شور سے کانوں کے پردے پھاڑنا ؛ بہرا بنا دینا ۔ (فن تعمیر) آواز روک بنا دینا ۔ (فعل

لازم) بہرے پن پر مُنتج ہونا یا شور سے کسی کے ہوش اڑا دینا ۔

deafeningly, adv. بہرا کرتے ہوئے ؛ کان پھاڑنے کے انداز سے ۔

deafly, adv. بہرے پن سے ؛ کان بند ہونے کے انداز سے ۔

deaf-mute, n. گونگا بہرا ؛ ایسا شخص جو گونگا بھی ہو اور بہرا بھی ، خصوصاً وہ جس کا گونگا پن پیدایشی یا اوائل عمر سے ہو ۔

deafness, n. بہرا پن ؛ اونچا سننے کا مرض ؛ ثقلِ سماعت ۔

deal, n. معاملہ ؛ بیوپار ؛ مقدار ؛ جُملہ ، حد یا درجہ،جیسے بانٹنے یا تقسیم کرنے کا عمل ؛ کھیل میں استعمال ہونے والے تاش کے پتوں کی کھلاڑیوں میں تقسیم ۔ (بول چال) تجارتی لین دین ؛ باہمی مفاد کے لیے ایسا سودا یا تصفیہ ، جو اکثر خفیہ یا دھوکا دینے والا ہوتا ہے ، جیسے تجارت یا سیاست میں (جیسے : a bad deal) ۔ (فعل متعدّی و لازم) کئی وصول کُنندگان میں بانٹنا،جیسے تاش کے پتّے جو کھیل میں درکار ہوں ؛ تقسیم کرنا ؛ ہر ایک کو اس کا حصّہ دینا ؛ لگانا یا مارنا (جیسے : to deal a blow) ؛ کھیل میں درکار تاش کے پتے بانٹنا ؛ برتاؤ کرنا ؛ تجارت یا کاروبار کرنا (جیسے : to deal in an article, to deal with a firm) ؛ جاندار یا بے جان چیز کا اپنے کو مشغول/محیط رکھنا (اس صورت میں deal کے ساتھ in یا with استعمال ہوگا)؛کسی شے یا شخص کے حوالے سے اقدام کرنا ؛ افراد سے مخصوص طریقے سے پیش آنا (جیسے : We must deal justly with offenders) ۔

deal, n. تختہ،خصوصاً صنوبر یا چیڑ کی لکڑی کا ایسا تختہ جس کی عموماً لمبائی ۶ فٹ، چوڑائی ۷ انچ سے زائد اور موٹائی ۳ انچ سے کم ہو ؛ ایسے تختے مجموعی طور پر ؛ صنوبر یا چیڑ کی لکڑی ، جس سے تختے بنائے جاتے ہیں؛بھٹّہ ۔ (صفت) صنوبر یا چیڑ کے تختے سے متعلق ؛ صنوبری یا چیڑ کا ۔

dealate, dealated, a. (حشریات) بے پر ؛ رگڑ یا کاٹنے سے بے پر ہونے کی صفت ۔ (اسم) بے پر حشرہ یا کیڑا ؛ بے پردار ؛ بے پرا ۔ (جمع) بے پرّاں ۔

dealation, n. بے پرّی ؛ بے پرداری ۔

dealer, n. معاملہ دار ؛ سلوک کرنے والا ؛ بانٹنے والا ؛ تقسیم کرنے والا ؛ بیوپار کرنے والا ؛ کاروبار کرنے والا ؛ فرد/افراد سے مخصوص طریقے سے پیش آنے والا (جیسے : a square dealer) ؛ بیوپاری یا تاجر ، بالخصوص ایسا تاجر جو خرید کردہ اشیا کی حالت تبدیل کیے بغیر بیچتا ہو ؛ تھوک فروش ؛ تاش کا وہ کھلاڑی جو کھیل میں پتّے بانٹتا ہے ۔ (بازار حصص) وہ شخص یا فرم جو تمسکّات کی خریدوفروخت کرے ۔

dealfish, n. فیتہ ماہی ؛ جھام پرّاں جنس(Trachypterus) پر مشتمل گہرے پانی کی مچھلیوں میں سے کوئی ، جن کی خصوصیّت لمبوترا ، بھنچا ہوا مخروط نُما جسم ہوتا ہے ۔

dealing, n. معاملت ؛ کاروبار ؛ لین دین ؛ برتاؤ ؛ بانٹنے یا کاروبار کرنے والے شخص کا عمل ؛ معاملات یا افراد کے حوالے سے اقدام ؛ دوسروں سے طرز عمل ۔ (جمع) باہمی روابط (جیسے دوستانہ یا کاروباری) ؛ تجارت ۔

deaminate, deaminize, v.t. (کیمیا) امونیا رُبائی کرنا ؛ کسی مرکّب سے امونیائی اجزا الگ کرنا ۔

dean, n. ڈین ؛ بشپ کے نیچے دوسرے درجے کا آدمی ؛ عمید ؛ کالج یا جامعہ میں چند سربراہانِ شُعبہ جات کے اُوپر متعین متقدم نگران اُستاد ؛ کالج یا جامعہ میں رئیسِ کُلیہ یا جامعہ کے تحت انتظامی عہدیدار جو نظم و ضبط یا انتخاب مضامین میں طلبہ کی نگرانی پر مامور ہوتا ہے ، یا کسی ڈویژن یا کالج کے شعبہ کا سربراہ ہوتا ہے ؛ کلیاتی یا بڑے کلیسا کے پادریوں کا سربراہ ؛ ایسا پادری جسے بڑے پادری کی طرف سے کسی مذہبی تعلّقے کے ایک ضلع کی نگرانی پر مامور کیا گیا ہو ؛ کسی تنظیم کا متقدم رکن/عہدیدار ؛ کسی پیشے میں مسلّمہ رہنما ۔

deanery, n. عمید/ڈین کا عہدہ یا علاقہ ؛ عمید/ڈین کی سرکاری قیام گاہ ۔

deanship, n. عمید یا ڈین ہونے کا اعزاز یا میعاد ۔

dear, a. پیارا ؛ محبوب ؛ عزیز ؛ چہیتا ؛ مرغوب ؛ لاڈلا ؛ محترم ؛ قیمتی : بیش قیمت ؛ گراں قدر ؛ مہنگا ؛ دلدار یا چاہے جانے والا ؛ بڑی قدر یا اہمیّت والا ؛ بیش بہا ؛ گراں ؛ زیادہ قیمت کا یا گراں بہا ؛ دلی ، قلبی یا سنجیدہ (جیسے : One's dearest desire) ۔ (اسم) پیارا شخص ؛ محبوب شخص ؛ عزیز ہستی ؛ لاڈلا شخص ؛ چہیتا شخص ؛ اکثر براہ راست مخاطبی میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : my dear) ۔ (متعلّق فعل) محبّت سے ؛ پیار سے ؛ لاڈ سے ؛ بھاری قیمت پر ۔ (فجائیہ) حیرت ، خطرہ یا دوسرے جذبے کا اظہاریہ ؛ پیارے ؛ میرے محبوب ؛ میرے عزیز ۔

dearly, adv. محبت سے ؛ پیار سے ؛ شوق سے ۔

dearness, n. محبوبیّت ؛ اشتیاق ؛ گراں قدری ۔

dearth, n. گرانی ؛ کمیابی ؛ مہنگائی ؛ قلّت ؛ قحط ؛ نایابی ؛ کسی شے کی قلت یا ناکافی رسد ؛ ضرورت یا کمی ؛ قلّتِ خوراک ؛ کال ۔

deary, dearie, n. (بول چال) پیارا یا محبوب ۔

death, n. موت ؛ مرگ ؛ اجل ؛ قضا ؛ رحلت ؛ انتقال ؛ وفات ؛ عدم ؛ نیستی ؛ مرنے کا عمل یا حقیقت ؛ حیوان یا پودے کے حیاتی وظائف کا مکمّل خاتمہ ؛ مُردہ یا بے جان ہونے کی حالت ۔ (مجازاً) روحانی زندگی کا اتلاف یا فُقدان ؛ شہری زندگی کا اتلاف یا زیاں ؛ فنا یا ہلاکت ؛ خونریزی یا قتل ؛ موت کا سبب یا محل ؛ کوئی وبا یا متعدی مرض (جیسے : black death) ؛ طاعون ۔ (اکثر بڑے D سے) بالعموم انسانی ڈھانچے کی شکل میں تجسیم شدہ معدومی قُوّت ۔

deathless, a. امر ؛ لایموت ؛ لازوال ؛ لایزال ۔

deathly, a., adv. موت کا سا ؛ مردے کا سا ۔

deathbed, n. بسترِ مرگ ؛ وہ بستر جس پر کوئی شخص مرے یا جس پر مرض الموت کے آخری دنوں میں لیٹا ہو ؛ زندگی کے آخری لمحات جہاں پڑ کر گزارے ہوں ۔

death benefit, n. انتفاعِ مرگ ؛ متوفی کے وارث کو بیمے یا پنشن کے سلسلے میں ادا کی جانے والی رقم ۔

death blow, n. ضربِ کاری ؛ مُہلک ضرب ؛ ایسی ضرب جس سے موت واقع ہو جائے ؛ کوئی بھی ایسی چیز جو اُمیّد کا چراغ بُجھا دے یا کسی کے منصوبوں کو خاک میں ملا دے ۔

death camass, n. متعدد زہریلے پودوں میں سے کوئی پودا ؛ جو چرنے والے مویشیوں کے لیے خطرناک ہوتا ہے ۔

death cup, n. کالی کُھمبی ؛ ایک عام پائی جانے والی بہت ہی زیادہ زہریلی کُھمبی جس کا پیالہ نما کلاہی اس کے تنے کی بُنیاد کو ڈھانپ لیتا ہے ؛ کُھمبی کا پیالہ نُما بڑھا ہوا حصّہ ۔

death duty, n. (برطانیہ) محصول مرگ ؛ وراثت کا ٹیکس ۔

death house, n. کال کوٹھڑی ؛ وہ عمارت یا قید خانے کا حصہ جہاں سزائے موت پانے والے قیدی پھانسی سے قبل رکھے جاتے ہیں ۔

death mask, . نقشِ مرگ ؛ مردے کے چہرے کا پلاسٹر سے بنا ہوا چربہ جو موت کے فوراً بعد تیّار کیا جاتا ہے ۔

death rate, n. شرحِ اموات ؛ کسی خاص مقام اور وقت کے لحاظ سے اموات کی تعداد اور کُل آبادی کا تناسب ۔

death rattle, n. خرخرۂ موت ؛ گھنگرو ؛ گھرّا ؛ گلے کی بلغمی جھلّی میں سے گزرنے والی ہوا کی پیدا کردہ خرخراہٹ، جو مرنے والے کے گلے سے موت سے ذرا پہلے خارج ہوتا ہے ۔

death's-head, n. انسانی کھوپڑی خصوصاً موت کی علامت کے طور پر ۔

death's-head moth, n. باز پروانہ ؛ بڑا یورپی پتنگا ، جس کی پُشت پر کھوپڑی نما نشان ہوتے ہیں ۔

deathtrap, n. موت پھندا ؛ خطرناک جگہ ؛ موت کا گھر ؛ کسی کو پھانس کر مارنے کی جگہ ؛ دامِ مرگ ؛ ایسی جگہ یا صورتِ حال جہاں موت کا خطرہ سر پر کھڑا ہو ۔

death warrant, n. پروانۂ مرگ ؛ حُکمِ موت ؛ سزائے موت پر عمل درآمد کا سرکاری پروانہ ؛ مکمّل بربادی پر منتج ہونے والی بلائے ناگہانی ؛ ایسی شے جو ساری اُمیّدیں خاک میں ملا دے ۔

deathwatch, n. مرگ نگرانی ؛ مرتے ہوئے یا مرے ہوئے شخص پر پہرا یا نگرانی ؛ سزائے موت پانے والے مُجرم پر پھانسی دیے جانے یا سر قلم ہونے سے پہلے نگرانی کے لیے لگائی گئی گارد ؛ ایسے اخبار نویس جو کسی اہم معاملے کے بارے میں کسی متوقّع خبر کے انتظار میں ہوں ۔

deathwatch, deathwatch beetle, n. چھوٹا سا بھونرا ، جس کی گھڑی کی ٹک ٹک سے مشابہ آواز موت کا شگون سمجھی جاتی ہے ۔

debacle, n. اچانک تباہی ؛ قطعی ناکامی ؛ سنگین حادثہ ؛ حادثاتی شکست ؛ بھگدڑ ؛ آفت رساں زوال ، ناکامی یا انہدام ، جیسے کسی ادارے کا ؛ دریا پر منجمد برف کی ٹُوٹ پُھوٹ ۔ (ارضیات) پانی کا اچانک بہاؤ ؛ یخ شکستگی ۔

debar, v.t. ممنوع قرار دینا ؛ خارج کرنا ؛ محروم کرنا ؛ (کسی قاعدے کی رُو سے) روکنا ؛ کسی مقام یا حالت سے خارج کرنا ؛ (سے) باز رکھنا ؛ (میں) رُکاوٹ ڈالنا ؛ (سے) روک دینا ۔

debarment, n. اخراج ؛ محرومی ؛ رُکاوٹ ؛ ممانعت ۔

debark, v.t., v.i. بحری یا ہوائی جہاز سے اُترنا ؛ ساحل پر اُترنا/کی طرف جانا ۔

debarkation, n. بحری یا ہوائی جہاز سے اترنے کا عمل ؛ ساحل پر اُترنے یا ساحل کی طرف جانے کا عمل ۔

debase, v.t. بے قدر کرنا ؛ کھوٹا بنانا ؛ ملاوٹ کرنا ؛ معیار ، منزلت یا حیثیّت میں گھٹانا ؛ درجے میں کم کرنا ؛ پست کرنا ؛ کم قدر کرنا، جیسے سِکّے میں گھٹیا دھات کی مقدار بڑھا کر اسے کم قیمت یا کھوٹا کرنا ۔

debasement, n. قدروقیمت/عزّت و احترام میں کمی کا فعل یا حالت ؛ سُبکی ؛ بے قدری ؛ ملاوٹ ؛ ذلّت ؛ ناقدری ؛ کھوٹا پن ۔

debasingly, adv. قدروقیمت/عزت و احترام کم کرتے ہوئے ؛ کم قدری کرتے ہوئے ؛ کھوٹا بناتے ہوئے ۔

debate, v.i. بحث کرنا خصوصاً قانون ساز یا کسی عوامی اسمبلی میں ۔ (فعل متعدی) حُجّت کرنا ؛ عوامی اسمبلی میں کسی سوال پر بحث یا استدلال کرنا ؛ غوروخوض کرنا یا توجُّہ کرنا ؛ نزاع کرنا ؛ کسی معاملے کو زیر بحث لانا ؛ کسی معاملے پر گفتگو کرنا ؛ استدلال کرنا ؛ کسی بات کو زیر غور لانا ۔ (اسم) مناظرہ ؛ مذاکرہ ؛ بحث ؛ نزاع ؛ استدلال ؛ حجّت بذریعہ دلائل ؛ مباحثہ ؛ اسمبلی میں ایسا مباحثہ جو خاص طور پر کسی عوامی مسئلے سے متعلق ہو ؛ غور و خوض یا توجُّہ ۔

debatable, a. قابلِ بحث ؛ بحث طلب ؛ بحث کیے جانے کے قابل ؛ جس پر دلائل سے بحث کی جا سکتی ہو ؛ جس پر سوال اٹھایا جا سکتا ہو ؛ جس (مسئلے) پر شک ہو ۔

debater, n. باحث ؛ بحث کُنِندہ ۔

debauch, v.t. سیرت و اخلاق بگاڑنا ؛ بے حُرمتی کرنا ؛ آوارہ کرنا ؛ بے اعتدال کرنا ؛ بے راہ رو کرنا ؛ عیّاش بنانا ؛ ورغلانا ؛ اغوا کرنا ؛ ذوق بگاڑنا ؛ پھسلانا ؛ نیکی یا اخلاقیات سے گُمراہ کرنا ؛ ہوس پرستی یا مے نوشی سے خراب کرنا ؛ بالعموم ، بگاڑنا یا بُری راہ لگانا ؛ فسق و فجور سکھانا ۔ (فعل لازم) عیش و عشرت میں گزارنا ؛ عیّاشی کرنا ؛ زنا کاری و شراب خوری کرنا ۔ (اسم) عیاشی ؛ اوباشی ؛ زنا کاری و شراب خوری ؛ نفسانی مسرّتوں ، بالخصوص مے نوشی میں بہت زیادہ کُھل کھیلنے کا دورانیہ ؛ ایسے کُھل کھیلنے کا عمل ؛ بہت زیادہ مے نوشی ۔

debauchee, debaucher, n. عیاش ؛ اوباش ؛ زناکار و شراب خوار ؛ بدکار ؛ نفسانی مسرتوں میں کُھل کھیلنے کا عادی شخص ؛ فاسق و فاجر ۔

debauchment, n. فِسق و فجور ؛ عیّاشی ؛ اوباشی ؛ زناکاری و شراب خوری ۔

debauchery, n. فسق و فجور ؛ عیّاشی ؛ اوباشی ؛ زناکاری ؛ نفسانی مسرتوں میں کُھل کھیلنا ؛ مے نوشی ۔

debenture, n. دستاویزِ قرض ؛ سہم ؛ دینیہ ؛ ڈیبینچر ؛ تصدیق نامۂ مقروضیت ؛ قرض خواہی ؛ دفترِ گمرک سے جاری شدہ تصدیق نامہ برائے واپسی درامدی محصول ؛ ایک دستاویز جس میں کوئی ہیئت جمعیۃ (کارپوریشن) یا شرکہ (کمپنی) اصل زر کی ادائیگی تک سُود کے قابلِ ادا ہونے کے بارے میں کسی رقم کی مقروضیت کا اقرار نامہ کرتی ہے ۔ (برطانوی) کسی ہیئتِ جمعیّۃ (کارپوریشن) کی طرف سے رأس المال کی صورت میں جاری کردہ تمسکِ ضمانت ، جس کی تصدیق ناموں کی بنا پر حامل سالیانے کا حقدار ہو جاتا ہے ۔

debentured, a. سَہمی ؛ ڈیبینچر (تصدیق نامۂ مقروضیت) کے اجرا کے ذریعے محفوظ شُدہ یا اس کا حامل ۔

debilitate, v.t. کمزور کرنا ؛ ضعیف بنانا ؛ ناتواں کرنا ؛ نقاہت طاری کرنا ؛ مضمحل کرنا ؛ لاغر کرنا ۔

debilitation, n. کمزور کرنے یا بنانے کا عمل ؛

لاغری کی کیفیت ؛ ضُعف کاری ۔

debility, n. کمزوری ؛ ضُعف ؛ ناتوانی ؛ نقاہت ؛ اضمحلال ؛ خرابیٔ صحت ؛ ارادے کی کمزوری ؛ عمومی جسمانی کمزوری کی حالت ؛ لاغری ۔

debit, n. دین ؛ خرچ ؛ رقم واجب الادا ؛ دادنی ؛ منہائی ؛ ذمّہ ؛ کسی کھاتے میں اس رقم کا اندراج جو کسی کے ذمّے ہو ؛ نام، دین یا خرچ کی درج شدہ شِق ؛ کھاتے کا وہ حصّہ جس میں کسی شخص کو/کی وجہ سے فراہم کردہ (سامانِ تجارت کی) کوئی شے یا ادا کردہ رقم درج کی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) کسی کے ذمّے نکالنا یا قرض کے طور پر ڈالنا ، جیسے کسی شخص کے ذمّے اشیا یا ان کی قیمت لگانا یا وصول کرنا ؛ کھاتے کے منہائی والے حصّے میں درج کرنا ؛ نام لگانا ۔

debonair, debonaire, debonnaire, a. خُوش مزاج ؛ خُوش خُلق ؛ جو شایستگی ، تواضع اور دلفریبی کی بنا پر ممیّز ہو ؛ مہذب ؛ دلکش ؛ خُوش باش ؛ خُوش اخلاق ؛ خوش نہاد ؛ عالی نسب ؛ بے غم ؛ میل ملاپ والا ؛ بے تکلّف ۔

debonairly, adv. خُوش خُلقی سے ؛ خُوش مزاجی سے ؛ شایستگی سے ۔

debonairness, n. خُوش خُلقی ؛ خوش مزاجی ؛ خوش اخلاقی ؛ عالی نسبی ؛ شایستگی ۔

debouch, v.i. فوجی دستے یا دریا کا تنگ وادی یا مقام سے نکل کر کُھلی جگہ کی طرف سفر کرنا ؛ بالعموم ، نمودار ہونا یا نکلنا ۔ (فعل متعدی) ظاہر یا برآمد کرنا ؛ تنگ جگہ سے نکال کر کُھلے میدان میں لانا ۔

debouche, n. [فرانسیسی] (عسکری) ایسی جگہ یا راستہ جہاں سے فوجی دستے کُھلے علاقے میں داخل ہو سکیں ؛ باہر نکلنے کی کوئی جگہ ؛ نکاس/مخرج ۔

debouchure, n. دہانہ یا باہر نکلنے کا راستہ ، جیسے کسی دریا یا درّے کا ۔

debouchment, n. تنگ یا محدود جگہ سے کھلے علاقے میں داخل ہونے کا عمل یا حقیقت ۔

debridement, n. (جرّاحی) قطعِ ماؤفہ ؛ عفونت/تعدیہ کو پھیلنے سے روکنے کے لیے زخم سے گلا سڑا حصّہ یا خارجی موّاد بذریعہ جرّاحی جُدا کرنے کا عمل ۔

debrief, v.t. کسی سفارت/وفد یا مدّت ملازمت کے اختتام پر کارآمد معلومات حاصل کرنے کے لیے (فوجی یا حکومتی عملے سے) پُوچھ گچھ یا تفتیش کرنا ؛ (فوجی یا حکومتی عملے کو) خُفیہ یا قومی تحفُّظ کے لیے مخفی معلومات افشا نہ کرنے کی ہدایت کرنا ۔

debriefing, n. تفتیش برائے حصولِ معلومات ؛ اخفائے راز کی ہدایت ۔

debris, n. ملبہ ؛ خُردہ ؛ کباڑ ؛ بے کار یا بے مایہ مادّہ ؛ ٹوٹے ہوئے ٹکڑے/حصّے ؛ کھنڈر ۔ (ارضیات) شکستہ اور منفصل مادّے کا کوئی انبار، جیسے چٹانوں کی ریخت اور ٹُوٹ پُھوٹ کا ڈھیر ۔

debt, n. (کسی کے ذمّے) قرضہ/اُدھار ؛ دین ؛ وہ رقم/قرض جو کوئی شخص کسی دوسرے کو/کے لیے ادا کرنے کا پابند ہو ؛ ذمّہ داری/پابندی ؛ کسی کا زیر بار یا رہینِ منّت ہونے کی کیفیت ، جیسے مقروض ہونا ۔ (الٰہیات) خلاف ورزی یا گناہ ۔

debt of honor, قانوناً ناقابلِ وصول قرضہ ؛ کھرا قرضہ ؛ قرض قمار (جوئے کا قرضہ) ؛ قرضِ وقار ؛ قرضِ غیرت ۔

debtor, n. قرض دار ؛ مقروض ؛ دین دار ؛ زیر بار قرضہ ؛ مدیون ؛ مرہونِ احسان ؛ وہ شخص جو دوسرے کا زیر بار ہو ؛ احسان مند یا قرضئی ۔

debug, v.t. ازالہ کرنا ؛ مُشکلات دُور کرنا ؛ پوشیدہ آلات ہٹانا ۔

debunk, v.t. (بول چال) پول کھولنا ؛ قلعی کھول دینا ؛ بے نقاب کرنا ؛ ننگا کر کے رکھ دینا ؛ جُھوٹی یا پادر ہوا آراء ، بیانات یا دعوؤں کی اصلیت بتانا ، جیسے بھانڈا پھوڑنا ؛ جُھٹلانا ؛ غلط قرار دینا ۔

debunker, n. پول/قلعی کھولنے والا ؛ بھانڈا پھوڑ ۔

debut, n. آغازِ کار ؛ ظہور ؛ ورود ؛ پہلی دفعہ مجلس ، معاشرے یا عوام میں ظہور ؛ کسی ذریعۂ معاش یا پیشے کا آغاز ۔

debutant, n. وہ شخص جو پہلی دفعہ مجلس ، معاشرے یا عوام میں بطورِ اداکار یا موسیقار ظہور پذیر ہو ۔

debutante, n. وہ نوجوان خاتون جو پہلی دفعہ مجلس ، معاشرے یا عوام میں ظہور پذیر ہو ۔

decade, n. عشرہ ؛ دَہائی ؛ دہ سال ؛ دہاکا ؛ دس سال کا عرصہ ؛ دس پر مشتمل مجموعہ یا اجتماع ۔

decadence, decadency, n. گراوٹ ؛ اخلاقی پستی ؛ حالتِ فضیلت یا خوشحالی سے نیچے آنے کی حالت ؛ زوال ؛ تنزُّل ؛ ہبوط ؛ انحطاط ؛ ابتری ۔

decadent, a. درجے یا کمال میں نیچے گرنے والا ؛ زوال پذیر ؛ تنزُّل پذیر ؛ انحطاط پذیر ؛ ابتر ؛ ہبوط پذیر ؛ گرتا ہوا یا خستگی آور ؛ زوال یا بوسیدگی کی حالت میں ؛ زوالیوں سے متعلّق/کی طرف اشارہ کُنندہ ۔ (اسم) زوالیہ ؛ زوال آمادہ شخص ۔ (اکثر بڑے D سے) انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں فرانسیسی اور انگریز اہل قلم اور فنکاروں کا گروہ جن کی تخلیقات کی خصوصیّت اسلُوب کی ایسی نفاست اور دقیقہ سنجی تھی جس میں تصنُّع اور غیر فطری پن کا واضح رجحان تھا اور اس طرح اسے عام تنزل کی مثال کے طور پر پیش کیا جاتا تھا ۔

decadently, adv. تنزُّل پذیر طریقے سے ؛ انحطاط پذیر طور پر ۔

decagon, n. (جیومیٹری) دس زاویوں والی شکل ؛ دہ پہلو شکل ؛ معشر شکل ؛ ذو عشرۃ الزوایا ؛ ایسی بند مُسطّح شکل جس کے دس اضلاع اور دس زاویے ہوں ۔

decagonal, a. دہ پہلو/معشر شکل والا ۔

decagram, n. ڈیکا گرام ؛ دس گرام کا پیمانہ ۔

decahedron, n. (جیومیٹری) ٹھوس/مجسّم دہ پہلو شکل ؛ دہ سطحی مجسّم ؛ ذو عشرۃ السطوح ؛ دس سطحی مجسّم ۔

decal, decalcomania, n. باز انتقال چھاپ ؛ وہ عمل جس کے ذریعے خصوصی طور پر تیّار کردہ کاغذ کے اوپر سے ، جو بُنیاد کا کام دیتا ہے، کوئی ڈیزائن یا تصویر لکڑی ، شیشے ، پلاسٹر یا کسی دوسری چیز پر منتقل کرتے ہیں ؛ اس طریقے سے منتقل ہونے یا کیا جانے والا ڈیزائن یا تصویر ۔

decalcify, v.t. کلس رُبائی کرنا ؛ کلس دُور کرنا ؛

کلس ازالہ کرنا ؛ چُونے یا چنیلے مادّے سے محروم کرنا (جیسے ہڈّی کو) ۔

decalcification, n. ازالۂ کلس ؛ کلس رُبائی ؛ ہڈّی سے چُونا الگ کرنے کا عمل ۔

decalcifier, n. کلس رُبا ؛ ہڈّی سے چُونا یا چنیلا موّاد علیحدہ کرنے والا ۔

decalescence, n. ازالہ حَریّت ؛ حَریّت رُبائی ؛ لوہا گرم کرنے کے دوران حرارت کے خاص درجے تک پہنچنے میں ، مشاہدے میں آنے والا اچانک انجذاب حرارت ، جس کے نتیجے کے طور پر لوہے میں خاص ساختی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ۔

decalescent, a. حَریّت رُبا ۔

decaliter, decalitre, n. ڈیکا لیٹر ؛ دس لیٹر کا پیمانہ ۔

Decalogue, decalogue, Decalog, n. شریعت مُوسوی میں دس خدائی احکام ؛ احکام عَشرہ ؛ دس فرمان یا اخلاقی اصول جو اللہ تعالیٰ نے طُور سینا پر حضرت موسیٰ کو ودیعت کیے ۔

decameter, decametre, n. ڈیکا میٹر ؛ دس میٹر کا پیمانہ ۔

decameter, n. دس ارکان پر مشتمل مصرع یا وزنِ شعر ۔

decamp, v.i. روپیہ لے کر بھاگ جانا ؛ رُوپوش ہو جانا ؛ بھاگ جانا ؛ کیمپ یا کیمپ کے علاقے سے چل دینا ؛ خیمہ اُٹھانا ؛ ڈیرہ اُٹھانا ؛ پڑاؤ چھوڑنا ؛ کُوچ کرنا ؛ چُپکے سے کِھسک جانا ؛ بھاگ اُٹھنا ؛ چل دینا ، خاص طور پر اچانک اور پُراسرار انداز میں ۔

decampment, n. کُوچ ؛ فرار ؛ روپوشی ۔

decanal, a. کلیسا کے عہدیدار عمید یا ڈین کا ؛ اس کے عہدے کا/اس سے متعلّق ۔

decane, n. (کیمیا) ڈیکین ؛ میتھین کے سلسلے کے کئی مائع ہائیڈروکاربنوں میں سے کوئی ایک ، جو مساوی التناسب شکلوں میں پائے جاتے ہیں ۔

decanoic acid, n. (کیمیا) کیپرک تیزاب جو ناریل کے تیل یا مکھّن وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے ۔

decant, v.t. شراب کو صُراحی میں انڈیلنا ؛ نتھارنا ؛ تلچھٹ یا گاد کو چھیڑے بغیر آہستگی سے اُنڈیلنا (جیسے شراب کو) ؛ ایک ظرف سے دوسرے میں اُنڈیلنا ۔

decantation, n. نتھار ؛ نتار ؛ نتھارنے کا فعل یا عمل ۔

decanter, n. صُراحی ؛ مینا ؛ سبو ؛ کنٹر ؛ قرابا ؛ نتھارنے یا نتھاری ہوئی شراب ڈالنے کے لیے استعمال ہونے والا ظرف ؛ شراب ، برانڈی یا دیگر مشروبات بہم پہنچانے والا ظرف جو بالعموم زیبایشی بوتل کی شکل میں ہوتا ہے ۔

decapitate, v.t. سَر قلم کرنا ؛ سر تن سے جُدا کرنا ؛ گردن مارنا ؛ سر کاٹنا ؛ قتل کرنا ؛ سر الگ کرنا ؛ سر کاٹ کر ہلاک کرنا ۔

decapitation, n. سربریدگی ؛ قطع الرّاس ؛ سر قلم کرنے کا عمل ؛ گردن مارنے کا عمل ۔

decapitator, n. جلاّد ؛ سَر قلم کرنے والا ؛ گردن مارنے والا ۔

decapod, n. دہ پا ؛ دہ پایہ ؛ دہ پایک ؛ دس پیروں والے قشریوں کے سلسلے دہ پایاں (Decapoda) میں سے کوئی ، جن میں جھینگا مچھلی اور کیکڑے شامل ہیں ؛ دس بازوؤں والے سرپایاں کی صنف ، جس میں قیر ماہی اور طعمہ ماہی شامل ہیں ۔ (صفت) دہ پایاں سے متعلّق ؛ دس پاؤں یا ٹانگیں رکھنے والا ۔

decapodous, a. دہ پایاں سے متعلق ۔

decarbonate, v.t. کاربن رُبائی کرنا ؛ کاربن ڈائی آکسائیڈ یا کاربانک ایسڈ سے محروم کرنا ؛ ازالۂ کاربن کرنا ۔

decarbonation, n. کاربن رُبائی ؛ کاربن ڈائی آکسائیڈ یا کاربانک ایسڈ سے محروم کرنے کا عمل ۔

decarbonize, decarburize, v.t. کاربن رُبائی کرنا ؛ کسی شے یا موٹر سے کاربن ہٹانا ، جیسے کار کے انجن سے ۔

decarbonization, n. کاربن رُبائی/ازالۂ کاربن ۔

decarburize, v.t. دیکھیے : decarbonize ۔

decare, n. ڈیکآر ؛ پیمایش کا اعشاری پیمانہ جس میں مربع کا ایک ضلع ۱۰ آر کا ہوتا ہے جب کہ ایک آر ۱۰ میٹر کے برابر ہوتا ہے ۔

decastere, n. ڈیکاسٹیئر ؛ دس مکعب میٹر کا اعشاری پیمانہ ۔

decastyle, decastylar, a. دہ ستونی اسلوب ؛ سامنے کی طرف دس ستونوں پر قائم کوئی عمارت مثلاً کوئی مُعبد یا غلام گردش ۔

decathlon, n. ڈیکاتھلون ؛ ایک ایسا سرتی مقابلہ جو دس مختلف ورزشوں یا چھوٹے مقابلوں پر مشتمل ہوتا ہے اور جس میں سب سے زیادہ مجموعی نمبر حاصل کرنے والا شخص فاتح قرار پاتا ہے ۔

decay, v.i. گلنا سڑنا ؛ بگڑنا ؛ خراب ہونا ؛ زوال میں آنا ؛ گرنا ؛ برباد ہونا ؛ فضیلت یا خوشحالی کی حالت سے گرنا ؛ بگڑتے جانا ؛ ناقص ہو جانا ؛ گھٹنا ؛ تباہ ہونا ؛ ضائع ہونا یا گِھس جانا ، بالخصوص گل سڑ جانا ؛ گُھن لگنا ۔ (فعل متعدی) تمام مندرجہ بالا کیفیتوں کا سبب ہونا ۔ (اسم) گلنے سڑنے کا عمل یا اس سے پیدا شدہ حالت ؛ کسی کمتر حالت میں بتدریج گراوٹ ؛ بڑھتا ہوا زوال ؛ خلل یا نقص ؛ طاقت ، صحت یا عقل کا زیاں ؛ کوئی گُھلا دینے والی بیماری ؛ بربادی یا تباہی ؛ ضیاع یا گِھساؤ ؛ شکست ریخت ؛ تحلیل یا سڑاؤ ؛ زوال یا ابتری کا سبب؛انحطاط ؛ فرسودگی ؛ بوسیدگی ۔ (طبیعیات) تابکار تکسُّر ۔

decayable, a. قابلِ تنزُّل ؛ لائقِ انحطاط ؛ زوال آمادہ ؛ تنزّل پذیر ۔

decayed, a. زوال زدہ ؛ بوسیدہ ؛ فضیلت یا خوشحالی کی سابقہ حالت سے گِرا ہوا یا زوال میں آیا ہوا ؛ دولت یا خوشحالی میں گھٹا ہوا ؛ مادّی انحطاط سے متاثّر ، جیسے عمارتیں ، دانت یا پَھل ؛ فرسودہ ۔

decayless, a. لازوال ؛ جو انحطاط سے مشروط نہ ہو ۔

decayedness, n. زوال زدگی ؛ بوسیدگی ؛ انحطاط پذیری ۔

decease, n. وفات ؛ موت ؛ انتقال ؛ اِس زندگی سے رخصتی ؛ مرگ ۔(فعل لازم) مر جانا ؛ اس زندگی سے رخصت ہو جانا ؛ وفات پا جانا ؛ فوت ہو جانا ؛ انتقال کرنا ۔

deceased, decedent, a., n. متوفّیٰ ؛ اس زندگی سے رُخصت شدہ ؛ مرا ہوا ؛ فوت شدہ ؛ مرحوم ؛ مُردہ ۔

deceit, n. دھوکا ؛ دغا ؛ مکر ؛ فریب ؛ چال ؛ حیلہ گری ؛ مکّاری ؛ تزویر ؛ گھات ؛ دھوکا دینے کا فعل یا عمل ؛ گمراہ کرنے کی غرض سے سچائی کا اخفا یا غلط استعمال ؛ پاکھنڈ ؛ فراڈ ؛ دغابازی ؛ ایسا عمل یا آلہ جس کا مقصد دھوکا دینا ہو ؛ کوئی جعل یا

داؤں ؛ دھوکا دہی ۔

deceitful, a. دھوکا باز ؛ دغاباز ؛ مکّار ؛ فریبی ؛ حیلہ گر ؛ مکروفریب سے پُر ؛ فریب دِہ ؛ گمراہ کُن ؛ فراڈی ؛ پاکھنڈی ؛پُرفریب ۔

deceitfully, adv. فریب سے ؛ دغا بازی سے ؛ دھوکے سے ؛ حیلہ گری سے ؛ مکّاری سے ۔

deceitfulness, n. دھوکادہی ؛ دغا بازی ؛ حیلہ گری ؛ چال ؛ مکّاری ؛ تزویر ۔

deceive, v.t. دھوکا دینا ؛ دغا کرنا ؛ فریب کرنا ؛ چال بازی کرنا ؛ مکر کرنا ؛ حیلہ سازی کرنا ؛ جُھوٹ پر یقین کرنے یا سچ پر یقین نہ کرنے کا سبب بننا ؛ گمراہ کرنا ؛ بہکانا ؛ امیدوں یا توقعات کے حوالے سے مایُوس کرنا ۔ (فعل لازم) فریب دہی سے کام کرنا ؛ دغابازی سے کام لینا ۔

deceiver, n. دھوکا دینے والا ؛ دغا باز ؛ مکّار ؛ چالباز ؛ فریبی ۔

deceivingly, adv. دھوکا دینے کے انداز سے ؛ فریب کاری/دغابازی سے ۔

deceivable, a. فریب پذیر ؛ دھوکا دیے جانے کے قابل ۔

deceivably, adv. فریب پذیری سے ؛ دھوکا کھانے کے انداز سے ۔

deceivableness, n. فریب پذیری ۔

deceivability, n. فریب پذیری ۔

decelerate, v.t. تخفیف اسراع کرنا ؛ کسی چیز کا اسراع/رفتار کم کرنا یا گھٹانا ۔ (فعل لازم)تخفیف اسراع ہونا ؛ کسی چیز کا اسراع/رفتار کم ہونا ۔

deceleration, n. ابطا ؛ تخفیفِ اسراع ؛ اسراع/رفتار کی کمی ۔

deceleron, n. (طیرانیات) ہوائی جہاز میں پچھلے بازو کا پنکھ جو خصوصاً بعض قسم کے جیٹ جہازوں میں رفتار کم کرنے کے لیے بریک کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

December, n. [ابتدائی رومنوں کا دسواں مہینا ، جن کا سال مارچ سے شروع ہوتا تھا] دسمبر ؛ عیسوی تقویم کے سال کا بارھواں اور آخری مہینـہ ۔

decency, n. شایستگی ؛ سلیقہ ؛ ذوق سلیم ؛ معقولیت ؛ پاس ؛ لحاظ ؛ شرم ؛ حیا ؛ لاج ؛ نفاست ؛ عزّت ؛ آبرو ؛ شایستہ ہونے کی کیفیّت یا خاصیت ؛ ادا/پیش کرنے یا گفتگـو میں منـاسبت ؛ آداب مجلس ؛ انکسـار ؛ کوئی معقـول یا خُوش کُن شے ۔ (جمع) با سلیقہ زنـدگی گزارنے کے آداب ؛ آداب مجلس ؛ آدابِ شایستگی ؛ شایستہ زندگی اور مناسب طرز عمل کے معیار ۔

decennary, decennium, n. دس سال ؛ دہ سالہ مُدّت ؛ عشرہ ؛ دہاکا ؛ دہائی ۔

decennial, a. دہ سالہ ؛ ہر دس سال کے بعد ہونے والا ؛ دس سال تک جاری رہنے والا ؛ دس سال پر محیط ؛ عشری ۔

decennially, adv. دہ سالانہ ؛ ہر دس سال کے بعد ۔

decent, a. شایستہ ؛ مناسب ؛ معقول ؛ ایسے کردار کا حامل جسے عام پسندیدگی حاصل ہو ؛ الفاظ ، طرزِ عمل ، لباس اور رسوم کے حوالے سے موزوں ؛ خُوش سلیقہ ؛ ناشایستگی سے پاک ؛ ٹھیک ٹھاک عزّت دار ؛ مہذّب ؛ آبرومندانہ ؛ خاصا/خاصی/اچھّا خاصا ؛ باحیا ۔

decently, adv. شایستگی /سلیقے/تہذیب/نفاست سے ؛ معقول طور پر ؛ کسی حد تک ۔ (بول چال) اچھّی طرح سے ۔

decentness, n. معقولیت ؛ شایستگی ؛ سلیقہ ؛ تہذیب ؛ نفاست ۔

decentralize, v.t. غیر مرکزی کرنا یا لامرکزی بنانا ؛ مرکزیت ختم کرنا ؛ ان اختیارات کو تقسیم کرنا جو مرکز کے پاس ہوں ؛ مرکزی ہیئتِ مقتدرہ سے براہِ راست تعلّق ختم کرنا ؛ مقامی حکومت عطا کرنا ۔

decentralization, n. غیر مرکوزیّت ؛ لامرکزیت ؛ مقامی حکومت ؛ انتظامی اختیارات یا سرگرمیوں کو وسیع تر علاقے میں بانٹنے کا عمل ، جیسے حکومت یا صنعت کے انتظامی اختیارات یا سرگرمیوں کی تقسیم ؛ شہروں سے آدمیوں اور صنعتوں کا دُور اُفتادہ علاقوں میں پھیلاؤ ؛ مرکزیت ختم کرنے کا عمل ۔

deception, n. دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ؛ مکّاری ؛ چال ؛ دھوکا دینے یا گُمراہ کرنے کا عمل ؛ دھوکا دیے جانے یا گُمراہ کیے جانے کی حالت ؛ دھوکا دینے والی شے ؛ داؤں ۔

deceptive, a. گمراہ کُن ؛ فریب کار ؛ مغالطہ انگیز ؛ دھوکے/مغالطے میں ڈالنے والی(حالت/شکل/شے)؛ فریب دہی کی طرف مائل ؛ گمراہ کرنے پر قادر ؛ دھوکا دینے والا ؛ دغاباز ؛ فریبی ؛ چال باز ؛ مغالطہ آمیز۔

deceptively, adv. مغالطے یا فریب کے طور پر۔

deceptiveness, n. دھوکا دہی ؛ فریب کاری ؛ دغا بازی ؛ چال بازی ؛ مُغالطہ انگیزی ۔

deciare, n. ڈیسی آر ؛ مربّع جس کا ایک ضلع آر کا دسواں حصہ ہو ؛ اعشاری پیمانے میں مُربّع کا ایک ضلع آر کے دسویں حصّے یعنی ایک میٹر کے مساوی ہو (آر دس میٹر کے مساوی ہوتا ہے) ۔

decibel, n. (طبیعیات) ڈیسی بل ؛ دو قوتوں پی ۱ / پی ۲ کی نسبت کی بُنیاد ۱۰ کے لوگارتھم کے دس گنا کے مساوی دو قوّتوں کی نسبت کا بے بُعد پیمانہ (قوت پی ۲ ، کوئی حوالے کی قُوّت مثلاً برق کے لیے ایک ملی واٹ ہو سکتی ہے) ؛ یہ پیمانہ صوتیات/سمعیات میں موجِ صوت کی شِدّت کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، جو ۰۰۰۲ء ڈائن فی مربع سنٹی میٹر کے حوالہ دباؤ کے مقابلے میں موجِ صوت کے پیدا کردہ دباؤ کی نسبت کے عام لوگارتھم کے بیس گنا کے مساوی ہوتا ہے ، اسے منتقلی کے فوائد ، نقصانات اور سطوح کو ظاہر کرنے اور آوازوں کی تقابلی شدّتوں کی پیمایش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ علامت db ۔

decide, v.t., v.i. فیصلہ دینا ؛ طے کرنا ؛ تعیین کرنا ؛ فیصلے پر پہنچانا ؛ چکانا ؛ حتمی یا تحکّمانہ طور سے متعیّن کرنا یا نمٹانا ؛ خاتمے پر پہنچانا ؛ انجام پذیر کرنا ؛ قطعی رائے پر پہنچانا ؛ تہیّہ کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ حتمی رائے قائم کرنا ؛ فیصل ہونا ؛ طے ہونا ؛ تعیّن ہونا ؛ فیصلہ سنانا ۔

decidable, a. قابلِ فیصلہ ہونا ؛ طے کرنے کے قابل ہونا ۔

decided, a. پُرعزم ؛ دُھن کا پکّا ؛ تَذَبذُب یا پس و پیش سے آزاد ؛ مسلّمـہ ؛ طے شدہ ؛ مقـرّر ؛ معیّن ؛ قطعی ؛ اٹـل ؛ مصمّم ؛ مستقل مزاج ؛ غیر مُذبذَب ؛ ناقابلِ اعتراض ۔

decidedly, adv. قطعاً ؛ صریحاً ؛ حتماً ؛ پختہ عزم کے ساتھ ۔

decidedness, n. پختہ عزم ؛ ارادہ ؛ طے شُدگی ؛ فیصل شُدگی ۔

decider, n. فیصل ؛ فیصلہ کُنندہ ؛ طے کرنے والا ؛

جھگڑا/نزاع چُکانے والا ۔

decidua, n. (فعلیات) آنول ؛ ریزینہ ؛ غِشائے ساقط ؛ وہ جھلّی جو بارآور بیضے کے رحم میں درآنے کے بعد رحم کی غِشائے مخاطی (لیسدار جھلّی) کی اُوپری تہ کی تبدیلی سے پیدا ہوتی ہے اور اعلیٰ تر میمل یا حیواناتِ پستانیہ میں زچگی کے بعد نکل کر گر جاتی ہے ۔

decidual, a. آنولی ؛ غِشائے ساقِط کا/سے متعلّق ؛ ریزینی ۔

deciduate, a. آنول والا یا آنولی ؛ جزوی طور پر آنول پر مشتمل ، جیسے آنولی مشیمہ ؛ ریزینہ دار ، پس ریز۔

deciduous, a. برگ ریز ؛ پت/پرجھاڑ ؛ کسی خاص موسم یا نشوونما کے مرحلے میں جھڑنے یا گرنے والا، جیسے پتّے ، سینگ یا دانت ؛ پتوں کو سالانہ جھاڑنے والے ، جیسے درخت اور جھاڑیاں ۔ (مجازاً) ناپایدار ؛ جو مستقل نہ ہو ؛ عبوری ؛ چند روزہ ؛ بے ثبات ۔

deciduously, adv. برگ ریزی سے ؛ بے ثباتی سے ؛ عارضی یا عبوری طور پر ۔

deciduousness, n. پت/پر جھڑ ؛ برگ ریزی ؛ ناپایداری ۔

decigram, decigramme, n. ڈیسی گرام ؛ گرام کے دسویں حصّے کے برابر وزن کا پیمانہ ۔

decile, n. ڈیسائل ؛ تعشیر ؛ تعدّد ارتعاش کی تقسیم میں ایک وقفہ جس سے کل وقوعات کو دس مساوی مجموعوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ؛ ان دس مجموعوں میں سے کوئی ایک ۔

deciliter, decilitre, n. ڈیسی لیٹر ؛ لیٹر کے دسویں حصّے کے برابر مائع اشیا کو ناپنے کا پیمانہ ۔

decillion, n. دس پدم سنکھ ؛ ڈیسلیَن ؛ برطانیہ اور جرمنی میں ایک ملین کی دسویں قوّت کے برابر عدد جس میں ایک کے ہندسے کے بعد ۶۰ صفر لگتے ہیں ۔ امریکا اور فرانس میں ایک ہزار ملین کے برابر عدد جس میں ایک کے ہندسے کے بعد ۳۳ صفر لگتے ہیں ۔

decillionth, a., n. دس پدم سنکھواں ؛ ایک ملین کی منفی ۱۰ کی قُوّت سے حاصل شُدہ عدد ۔

decimal, a. اعشاری ؛ عشری ؛ دسواں حصّہ ؛ دس کی ضرب یا تقسیم سے حاصل شُدہ عدد سے متعلّق ؛ دس دس کے حساب سے متعلق ؛ دس گنا ضرب یا تقسیم سے متعلّق ۔

decimal fraction, decimal, n. کسر اعشاریہ ؛ ایسی کسر جس کا نسب نُما دس یا دس کی قوت سے حاصل ہونے والا کوئی عدد ہو ، جس کو ظاہر کرنے کے لیے شُمار کُنندہ کے بائیں طرف نقطہ ، عربی ، فارسی اور اردو میں ہمزہ (ء) لگایا جاتا ہے مثلاً 7/10 = .7 (۷/۱۰ = ء۷) یا .0003 = 3/1000 (۳/۱۰۰۰ = ء۰۰۰۳)

decimal system, n. اعشاری نظام ؛ اوزان ، پیمایشوں اور سکّوں کا وہ نظام جو دس دس کے حاصل ضرب/تقسیم پر مبنی ہو۔ (کتابداری) کتابوں کی وہ صنف بندی جس میں تمام علوم کو دس اصناف میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر کتاب کا خصوصی مضمون ۰۰۱ء سے ۹۹۹ تک کسی عدد سے ظاہر کیا جاتا ہے ؛ ڈیوی نظام ۔

decimal point, n. نقطۂ اعشاریہ ؛ (ہمزہ اعشاریہ) اعشاری نظام میں نسب نُما کو ظاہر کرنے والا نُقطہ (ہمزہ) ۔

decimalize, v.t. تحویل اعشاریہ کرنا ؛ اعشاری نظام میں ڈھالنا ؛ کسر اعشاریہ میں ظاہر کرنا ۔

decimate, v.t. عُشر لینا ؛ قرعہ اندازی سے مُنتخب کردہ ہر دسویں شخص کو قتل کرنا ؛ لوگوں کی بڑی مگر غیر معیّن تعداد کو ہلاک کرنا ؛ کسی شخص سے یا کسی چیز کا دسواں حصّہ لینا ۔

decimation, n. عشر (قرعہ اندازی) سے ہر دسویں شخص کا قتل ؛ قتل عام ۔

decimator, n. عشر لینے والا ؛ قرعہ اندازی سے ہر دسویں شخص کا قاتل ؛ قتل عام کرنے والا ۔

decimeter, decimetre, n. ڈیسی میٹر ؛ میٹر کے دسویں حصّے کے برابر پیمانہ ؛ یک دہم میٹر ۔

decipher, v.t. رمز کُشائی کرنا ؛ خطِ رمز میں لکّھی ہوئی عبارت پڑھنا ؛ ناقابل فہم/مشکل عبارت پڑھنا ؛ مُعمّے حل کرنا ؛ عبارت مرمُوز کی تعبیر کرنا ؛ حرف یا نشان کا مفہوم سمجھ کر خطِّ مرموز میں لکھی گئی عبارت کی تشریح کرنا ؛ مرمُوز عبارت کو عام خط میں لکھنا ؛ بدخط تحریر کو پڑھنا/سمجھنا ؛ معانی دریافت یا بیان کرنا ، جیسے کسی ناقابل فہم چیز کے ۔

decipherable, a. قابل تعبیر/تشریح مرمُوز عبارت ۔

decipherment, n. مرموز عبارت کی تعبیر/تشریح ؛ رمز کُشائی ۔

decision, n. فیصلہ ؛ قطعی رائے ؛ کسی سوال یا معاملے کا فیصلہ کرنے کا عمل ؛ آخری حُکم یا رائے ؛ تعیین یا نتیجہ مثلاً کسی مقابلے یا کھیل کا ؛ کسی نتیجے کا بیان ؛ انفصال ؛ فتویٰ ؛ ناقابل تبدیلی عزم ؛ عزم راسخ ؛ ثابت قدمی ؛ استواری ؛ مستقل مزاجی ۔

decisive, a. فیصلہ کُن ؛ قطعی ؛ عزمِ مُصمّم سے عبارت ؛ دو ٹوک ؛ حتمی ۔

decisively, adv. فیصلہ کُن انداز سے ؛ قطعی طور پر ، قطعاً ، حتماً ۔

decisiveness, n. فیصلہ کُن ہونے کی حالت ؛ قطعیّت ؛ حتمیّت ۔

decistere, n. ڈیسی سٹیئر : اعشاری نظام میں ایک مکعب میٹر کے دسویں حصّے کے برابر پیمانہ ۔

deck, v.t. آراستہ کرنا ؛ مزیّن کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا ؛ ڈھانکنا ؛ کسی زیبایشی چیز سے ملبُوس کرنا یا کپڑے پہنانا ؛ ترتیب دینا ؛ مُرصّع کرنا ؛ عرشے سے/کی طرح ڈھانپنا/مزیّن کرنا ۔ (اسم) عرشہ ؛ جہاز یا اس کے کسی حصّے کی ایک سِرے سے دوسرے سِرے تک فرش بندی جو اس کے نیچے واقع مکانیت کے لیے پوشش یا چھتر کا کام دیتی ہے ؛ کوئی چبوترہ یا اس کا کوئی حصّہ جو اس سے مشابہ ہو ؛ ہوائی جہاز کا پلیٹ فارم یا فلائٹ ڈیک ؛ تاش کی گڈّی ؛ معلومات بند ٹیپ یا آلہ ۔ (عوامی) منشیات کا بنڈل یا پلندہ ۔

decked, a. عرشہ دار ؛ ایک یا کئی عرشوں والا (جیسے a three-decked ship) ۔

decker, n. عرشہ دار ؛ عرشہ یا عرشے رکھنے والی کوئی شے ؛ عرشیہ ۔

deck chair, n. عرشہ کُرسی : تہ شُدنی کُرسی جو عرشۂ جہاز ، ساحل اور چمن زار میں استعمال ہوتی ہے ؛ ٹُوٹواں کُرسی ؛ لپیٹواں کُرسی ۔

deck hand, n. ملازمِ عرشہ ؛ وہ مَلّاح جو ادنیٰ فرائض (بالخصوص عرشۂ جہاز پر) سرانجام دیتا ہے ۔

deck house, n. (جہاز رانی) خانۂ عرشہ ؛ جہاز کے بالائی عرشے پر بنی ہوئی کوٹھڑی یا احاطہ ؛ عرشہ کوٹھری یا کمرہ ۔

deckle, n. (کاغذ سازی) کاغذ بنانے والی مشین کا وہ پُرزہ جو گودے کو خاص حدود سے آگے پھیلنے سے روکتا ہے اور کاغذ کے تختے کی مخصوص تقطیع تیّار کرتا ہے ؛ اس طرح بنایا ہوا کاغذ کا بے کٹا کُھردرا کنارا ۔

deckle edge, کاغذ کا بے کٹا کُھردرا کنارا ؛ ہاتھ سے تیّار شُدہ کاغذ کا کُھردرا کنارا ۔

deckle-edged, a. بے کٹے کُھردرے کنارے والا ۔

declaim, v.i. خطیبانہ انداز میں اُونچا بولنا ؛ رسمی تقریر یا خطاب کرنا ؛ کسی کے خلاف جوشیلی تقریر کرنا ؛ فنِّ خطابت کی مہارت دکھانے کے لیے برسرعام خُوش خوانی کرنا ؛ خلوص اور استدلال کے بغیر محض فنِّ خطابت کے مظاہرے کے لیے بولنا یا لِکھنا ۔ (فعل متعدی) خطیبانہ انداز سے اونچی آواز میں بولنا ؛ خطابت کی مشق کے طور پر خُوش خوانی کرنا ۔

declaimer, n. خطیب ؛ خطابت کرنے والا ؛ جوشیلا مُقرر ؛ خوش خواں ۔

declamation, n. جوشیلی تقریر ؛ خطیبانہ تقریر کا عمل یا فن ؛ ایسی تقریر یا خُوش خوانی کا موضوع ؛ لفّاظی یا خطابت میں ریاض ؛ جوشیلی یا نری لفّاظی والی خطابت ؛ خطیبانہ تأثّر کے لیے تقریر یا تحریر ۔ (موسیقی) الفاظ کی مناسب ، خطیبانہ انداز میں ادائیگی ، خاص طور پر غنائیے کے مکالماتی حصّوں اور ڈرامائی موسیقی میں ۔

declamatory, a. جوشیلی تقریر سے متعلّق ؛ محض جذباتی ؛ خطیبانہ ۔

declarant, n. اِقراری ؛ مقّر ؛ اقرار کُنندہ ؛ اِقرار نامہ داخل کرنے والا ۔ (قانون) ایک ایسا غیر مُلکی جو ابتدائی کاغذات پر دستخط کر کے ریاستہائے مُتحدّہ امریکا کا شہری بننے کے ارادے کا اظہار کرتا ہے ۔

declaration, n. اِقرار ؛ اِظہار ؛ بیان ؛ اعلان ؛ عرضی دعویٰ ؛ اقرار نامہ ؛ اقراریہ ؛ اعلان کرنے کا عمل ؛ مثبت ، واضح یا رسمی بیان ؛ مشتہری ؛ محضر ؛ اِدّعا ؛ باضابطہ اعلان ، جیسے جنگ کا اعلان ؛ با ضابطہ اعلان کردہ یا وہ دستاویز جو ایسے اعلان کی مظہر ہو ، جیسے خُود مختاری کا اعلان ؛ قابلِ محصول اشیا یا دولت کے بارے میں اقراریہ ۔ (قانون) وہ رسمی بیان جس میں مستغیث مقدّمے کے دوران اپنا دعویٰ پیش کرتا ہے ؛ استغاثہ ؛ محضر نامہ ؛ برج کے کھیل میں چالوں کی تعداد کا اظہار یا اظہار کردہ اور جیتی ہوئی چالوں کا شُمار ؛ تاش کے دوسرے کھیلوں میں حاصل کردہ پوائنٹس کا اعلان ۔

declarative, declaratory, a. اعلانی ؛ توضیحی ؛ استقراری ؛ اعلانیہ ؛ تصریحی ؛ اقرار ، اعلان یا واضح کرنے پر مامُور ؛ اظہار بیان یا رسمیٔ اِدّعا کے مزاج کا یا مظہر ۔

declare, v.t. اِظہار کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ بیان کرنا ؛ حُکم لگانا ؛ اقرار کرنا ؛ مُنکشِف کرنا ؛ فاش کرنا ؛ محصولی مال یا دولت کی تفصیل لکھنا ؛ تاش کے کھیل برج میں بولی لگانا ؛ تاش کے دُوسرے کھیلوں میں حاصل کردہ پوائنٹوں کا اعلان کرنا ؛ بیان کرنا ؛ واضح یا سہل کرنا ؛ باضابطہ اعلان کرنا ؛ سرکاری طور پر مُشتہِر کرنا ؛ پُرزور طریقے سے بیان کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ ظاہر یا آشکار کرنا (جیسے: His membership in the Mason declares his sympathies) ؛ قابل محصول اشیا ، آمدنی یا دولت کا اقراریہ تیّار کرنا ۔ (فعل لازم) اعلان کرنا ؛ اپنا آپ ظاہر کرنا ۔

declarable, a. قابلِ اقرار ؛ قابلِ اعلان ۔

declared, a. واضح یا باضابطہ طور پر اعلان کردہ ؛ اقرار کردہ ؛ بیان کردہ ؛ مشتہر کردہ ؛ اقبال یا اعتراف کیا ہُوا ۔

declaredly, adv. اعلانیہ ؛ صریحاً ؛ تصریحاً ۔

declarer, n. اِقرار کُنندہ ؛ اعلان کُنندہ ؛ مقّر ؛ تاش کے کھیل برج میں بولی لگانے والا ؛ مُعلِن ؛ پوائنٹس کا اعلان کرنے والا ۔

declass, v.t. برادری سے خارج کرنا یا رُتبہ ختم کرنا ؛ حیثیّت گنوانے کا سبب بننا ۔

declasse, a. برادری سے خارج شُدہ ؛ کمتر یا پست سماجی رُتبے سے متعلّق یا مخصوص ۔

declassee, a. برادری سے خارج شُدہ خاتون ۔

declassify, v.t. غیر مخفی کرنا ؛ غیر خُفیہ کرنا ؛ رازداری سے خارج کرنا ؛ خُفیہ معلُومات کو حفاظتی زُمرہ بندی سے نکالنا ۔

declension, n. ڈھال ؛ ڈھلان ؛ جُھکنے ، مُڑنے یا نیچے کی طرف ترچھا ہونے کا عمل یا حقیقت ؛ زوال ، جیسے غروب ہوتے وقت سورج کا ؛ ابتری ؛ جُھکاؤ ؛ میلان ، عام سطح سے نیچی یا گری ہوئی حالت ؛ انحراف ، جیسے معیار سے ۔ (گرامر) تصریف ؛ گردان ؛ انحطاط ؛ اصل مادّوں کے ساتھ لاحقے لگا کر اسم ، ضمیر یا صفت کی گردانیں ؛ اس قسم کے لفظ کی گردانوں کی ترتیب ؛ کسی زبان کے اس قسم کے الفاظ کا زُمرہ ، جن کو گردانی لاحقوں کے ذریعے ترتیب دیا گیا ہو ۔

declensional, a. ڈھلوانی ؛ گردانی ؛ نیچے کی طرف جھکاؤ سے متعلّق ؛ کسی لفظ کی گردان سے متعلّق ۔

declinate, a. (نباتیات ، حیوانیات) زیر خم ؛ نیچے یا پہلو کی طرف مُڑا ہوا یا مڑتا ہوا ۔

declination, n. معیار سے انحراف ؛ تنزُّل ؛ نیچے کی طرف جُھکنے یا خم کھانے یا بڑھنے کا عمل ؛ انکار کرنے کا فعل ؛ انکار ۔ (فلکیات) زاویہ بُعد ؛ خطِ استوائے سماوی سے کسی ستارے/سیّارے کا فاصلہ جس کی پیمایش قطب اور ستارے/سیّارے میں سے گزرنے والے ایک بڑے دائرے پر کی جاتی ہے ۔ (طبیعیات) کسی مقام کے حقیقی خطِّ نصف النہار سے مقناطیسی سوئی کا انحراف ۔

declinatory, a. انحراف سے متعلق ؛ انحراف کی صفت والا/والی ؛ انکار کا اظہار کرتے ہوئے ؛ انحرافی ۔

declinometer, n. مقناطیسی میل پیما ؛ میلان پیما ؛ انحراف پیما ؛ زاویہ بُعد یا میل کو ناپنے والا آلہ ۔

declinature, n. استرداد ؛ مسترد یا انکار کرنے کا عمل ؛ انکار ۔

decline, v.i. انکار کرنا ؛ مُسترد کرنا ؛ جُھکنا ؛ مائل ہونا ؛ نیچے کی طرف جُھکنا ؛ پست سطح تک گرنا ؛ خاتمے کے قریب پہنچنا ؛ نقص پیدا ہونا (جیسے صحت میں)؛ خوش خلقی سے انکار کرنا ؛ گھٹنا ۔ (فعل متعدی) نیچے کی طرف جھکانا ؛ جھکنے کا سبب بننا ؛ انکار کرنا ۔ (گرامر) حالت اِسم اور صیغے کے ذریعے گردان کرنا ۔

decliner, n. مُنکِر ؛ انکاری ؛ انکار کرنے والا ۔

decline, n. زوال ؛ انحطاط ؛ (مرض سے) نحیف ہو جانے کی حالت ؛ ڈھلان ؛ نیچے کی طرف جھکاؤ یا ڈھال یا خم ؛ نیچے کی طرف یا خاتمے کی طرف تنزُّل ؛ بتدریج زیاں ، جیسے قدر میں ؛ ابتری ؛ تخفیف ، خاص طور پر قیمت یا قدر میں بتدریج کمی ؛ جسمانی قُوّتوں کا بتدریج زوال ؛ اختتام یا آخری حصّہ ۔

declinable, a. زوال پذیر ؛ جسے زوال آ سکتا ہو/ انحطاط ہو سکتا ہو۔

declivity, n. ڈھلوان ؛ جُھکاؤ ؛ اُترائی ؛ نیچے کی طرف ڈھلان یا جُھکاؤ ؛ زمین کا ڈھلان یا نشیب ۔

declivitous, declivous, a. ڈھلوانی ؛ اُترائی والا ؛ نیچے کی طرف ڈھلواں ۔

decoct, v.t. جوشاندہ تیّار کرنا ؛ جوش دے کر ست نکالنا ۔

decoction, n. اُبال ؛ جوشاندہ ؛ ست نکالنے کا عمل ؛ اُبال کے ذریعے حاصل کردہ ست ؛ ایسا مائع جس میں کوئی مادّہ (عموماً حیوانی یا نباتی) اُبالا گیا ہو اور جس میں اس مادّے کے حل پذیر اجزا یا جوہر موجود ہوں ۔

decode, v.t. غیر مرمُوز کرنا ؛ مرمُوز عبارت کو پڑھنا ؛ اصل زبان یا ہیئت میں مُنتقل کرنا ، جیسے کسی خفیہ تحریر میں لکّھے پیغام کو؛ رمز افشانی کرنا؛ رمز ربائی کرنا۔

decollate, v.t. سر قلم کرنا ؛ سر کاٹنا ؛ درخت کی چوٹی کاٹنا ؛ سربریدہ کرنا ۔

decollation, n. سربُریدگی ؛ سر قلم کرنے کا عمل ؛ درخت کی چوٹی کاٹنے کا عمل ؛ گردن زنی ۔

decolletage, n. لباس یا پوشاک کا ایسا خطِّ گریبان جس کی تراش نیچی ہو ؛ اس طرح کے خطِّ گریبان والی پوشاک ؛ کُھلے گلے کا لباس ۔

decollete, a. گردن اور شانوں پر کُھلا ہوا ، جیسے نیچے گلے کی پوشاک پہنے ہوئے ؛ ایسی پوشاک سے متعلّق جس کا خط گریباں نیچی تراش کا ہو۔

decoloration, n. بے رنگی ؛ رنگ رُبائی ؛ رنگ کی موقوفی ؛ رنگ کی تجرید یا زیاں۔

decolorization, n. بے رنگی ؛ رنگ رُبائی ؛ رنگ اڑانے /بے رنگ کرنے کا عمل ؛ رنگ دُور کرنے کا عمل ۔

decolorant, a. رنگ کاٹ ؛ رنگ اُڑانے والا(مسالا)؛ رنگ رُبا ؛ ایسی خصوصیات رکھنے والا(مادّہ)جو رنگ کاٹ دے یا اُڑا دے ۔

decompensation, n. (طِبّ) فُقدانِ تلافی ؛ بے عوضی ؛ اپنی کوتاہی کی تلافی کرنے سے کسی روگ والے عضو کی معذوری ، خصوصاً وظیفۂ قلب میں فقدانِ تلافی ۔

decompensate, v.i. فقدانِ / تلافی کا سبب بننا ؛ بغیر تلافی/بے عوض کرنا ۔

decompose, v.t. اجزا علیحدہ کرنا ؛ تحلیل کرنا ؛ اساسی /ترکیبی/اجزا یا ذرّات میں الگ کرنا ؛ سڑانا ؛ گلانا ۔ (فعلِ لازم) اجزا کا علیحدہ ہونا ؛ تحلیل ہونا ؛ ترکیبی عناصر میں الگ ہو جانا ؛ گلنا سڑنا ۔

decomposition, n. اجزا علیحدہ کرنے یا ہونے کا عمل ؛ گلنے سڑنے کا عمل ، سڑاند ؛ انحلال ۔

decompound, v.t. مُرکّب در مُرکّب کرنا ؛ مُرکّب مضاعف بنانا ؛ دوسری بار یا کئی بار مُرکّب بنانا ؛ تحلیل کرنا ۔ (صفت) ایسی چیزوں سے بنا ہونا جو بذات خود مُرکّب ہوں ، جیسے مُرکّب در مُرکّب ورق ۔ (اسم) کوئی ایسی چیز جسے مزید مرکبّ بنایا گیا ہو یا جس کے اجزا بذاتِ خُود مُرکّب ہوں ؛ مُرکّب مضاعف ۔

decompress, v.t. رفع دباؤ کرنا ؛ دباؤ دُور یا ختم کرنا ؛ دباؤ یا پچکاؤ سے رہا کرنا ، جیسے ہوا قفل (ائر لاک) یا داب گھٹاؤ خانے میں ۔ (فعل لازم) دباؤ ختم ہونا ۔

decompression, n. رفع دباؤ ؛ دباؤ دُور کرنے کا عمل ؛ دباؤ ختم کرنے کا عمل ؛ کسی ہوا بند جوف میں سے ہوا کے دباؤ کو ختم کرنے یا کم کرنے کا عمل ؛ زیادہ بُلندی پر پرواز یا گہرے پانی میں غوطے کے بعد کسی شخص کا عام ماحولی دباؤ سے تطابُق ۔ (جرّاحی) کسی عضُو پر دباؤ کم کرنے کے لیے استعمال ہونے والی تکنیک یا عمل ۔

decontaminate, v.t. انسدادِ آلودگی کرنا ؛ رفع لوث کرنا ؛ صاف کرنا ؛ ضرر رساں مادّوں سے پاک کرنا ، جیسے زہریلی گیس کی تابکاری سے ۔

decontrol, v.t. (حکومت کی) نگرانی ختم کرنا ؛ کنٹرول ہٹا دینا ؛ انضباط ختم کرنا ؛ بندش سے رہا کرنا یا بندش ہٹا لینا (جیسے صنعت پر) ۔ (اسم) انضباط ختم کرنے کا عمل ؛ نگرانی ہٹانے کا عمل ؛ غیر منضبط کرنے کی حالت ؛ عدم بندش ؛ عدم انضباط ۔

decor, n. سجاوٹ ؛ زیبایش ؛ طرزِ آرایش ، عموماً درون خانہ آرایش ،جیسے وکٹوریائی طرز آرایش ؛ آراستگی خصوصاً اسٹیج کی آراستگی ؛ منظری آرایش یا تأثُر ؛ تمثیل گاہ (تھیٹر) کے پیچھے کا مُنقّش پردہ ۔

decorate, v.t. آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ مُزیّن کرنا ؛ کسی خُوش کُن یا زیبایشی چیز سے آراستہ یا مزیّن کرنا ؛ گھر ، دفتر یا دیگر اندرونی حصّوں کو کسی خاص طرز میں آراستہ کرنا ،جیسے ابتدائی امریکی طرز میں ؛ تزئین کرنا ؛ نشانِ رُتبہ یا تمغۂ اعزاز کے ذریعے امتیاز عطا کرنا ؛ زیبایش کرنا ؛ آرایش کرنا ؛ تمغہ لگانا/عطا کرنا ؛ زیور پہنانا ۔

decorated, a. آراستہ ؛ مزیّن ؛ سجا ہوا ؛ تمغہ حاصل کیے ہوئے ۔ (فن تعمیر) چودھویں صدی عیسوی کے زیادہ تر حصّے کے دوران انگلستان میں رائج گوتھی طرز تعمیر کا حامل یا اس سے متعلّق ، جس کی خاصیت کم و بیش کامل آراستگی تھی ۔

decoration, n. سجاوٹ ؛ آرایش ؛ آراستگی ؛ آراستہ کرنے کا عمل ؛ تزئین ؛ زینت ؛ وہ چیز جو سجاوٹ کا باعث ہو ؛ زیور یا گہنا ؛اعزاز کے طور پر پہنا جانے والا نشانِ رُتبہ یا تمغہ جو عطا ہوا ہو۔

decorative, a. آرایشی ؛ زیبایشی ؛ زِینت بخش ؛ باعثِ آراستگی یا مائل بہ آراستگی ؛ محض زیبایشی یا صرف باعثِ آراستگی ۔

decoratively, adv. آرایشی انداز سے ؛ زیبایشی طور پر؛ زینت کے لحاظ سے ۔

decorativeness, n. آراستگی ؛ زیبایش ؛ آرایش ؛ سجاوٹ ۔

decorator, n. ماہر آرایش ؛ خانہ آرا ؛ جس کا پیشہ آراستگی ہو ، خاص طور پر وہ شخص جو مکانات یا عمارات کی تزئین

کرتا ہو ، بالخصوص ان کے اندرونی حصّوں کی ؛ آراستہ کار ؛ زیبایش کار ؛ سجاوٹ کرنے والا ؛ تمغہ لگانے والا ۔ (صفت) اس سازوسامان اور معمولات سے متعلّق جنھیں آرایش کار ترجیح دیتے ہیں ، جیسے تزئینی کپڑا ۔

decorous, a. معقول ؛ مُہذّب ؛ شایستہ ؛ وقت ، مقام اور موقع کے لحاظ سے موزوں ؛ پسندیدہ ؛ ٹھیک ؛ مُناسب ؛ موزوں ، جیسے تقریر ، طرزِ عمل یا لباس ؛ خُوش سلیقہ ؛ سُگھڑ ؛ خُوش اسلُوب ۔

decorously, adv. بر محل ہونے کے لحاظ سے ؛ معقولیت سے ؛ خوش اسلوبی سے ۔

decorousness, n. معقولیّت ؛ موزونیّت ؛ شایستگی ۔

decorticate, v.t. پوست اُتارنا ؛ چھال اتارنا ؛ چھیلنا ؛ بُھوسی اُتارنا ؛ چھلکا اتارنا ۔

decortication, n. پوست برآری ؛ تقشیر ۔

decorum, n. سلیقہ ؛ ادب آداب ؛ تہذیب ؛ آدابِ مجلس ؛ تقریر ، وضع ، قطع یا طرزِ عمل کی شایستگی ؛ موزونیت ؛ خوش اسلُوبی ؛ تمیز ؛ شعور ؛ سُگھڑ پن ؛ نفاست ۔

decoy, n. دام ؛ مرغِ دام ؛ وہ مقام جہاں جنگلی پرندے دھوکے سے اُتار کر پکڑے جاتے ہیں ، جیسے کوئی تالاب ؛ بلارا ؛ وہ پرندہ یا مصنوعی پرندہ جو دوسرے پرندوں کو پُھسلا کر دام میں لانے یا نشانے کی زد پر لانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ وہ شے یا شخص جس کا مقصد دام میں پھنسانا ہو ؛ وہ چال جو بھٹکا کر خطرے تک لانے یا خطرے میں پھنسانے کے لیے استعمال کی جائے ؛ وہ شے جو راڈار کی لہروں کو منحرف کرنے اور راڈار کا سراغ لگانے والے آلات کو دھوکے میں ڈالنے کے لیے استعمال ہو ۔ (فعل متعدی) چالبازی کے ذریعے دام میں پھانسنا یا پُھسلا کے دام تک لے جانا ؛ کسی بھی دھوکا دینے والے ذریعے سے پھانسنا ؛ سبز باغ دکھانا ؛ لُبھانا یا پُھسلانا ۔

decrease, v.i. گھٹنا ؛ کم ہونا ؛ تخفیف ہونا ؛ تھوڑا ہو جانا ؛ رفتہ رفتہ قلیل ہو جانا ؛ گھٹ جانا ۔ (فعل متعدی) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ۔ (اسم) کمی ؛ تخفیف ؛ گھاٹا ؛ گھٹنے کا عمل یا اس سے پیدا شُدہ حالت ؛ تدریجی تخفیف ؛ کسی چیز میں کمی یا تخفیف کی مقدار ۔

decreasingly, adv. بتدریج کم ہوتے ہوئے ؛ تدریجاً گھٹتے ہوئے ۔

decree, n. فرمان ؛ فیصلۂ قرقی ؛ ڈگری ؛ شہری یا دیگر کسی ہیئتِ مقتدرہ کی طرف سے جاری کردہ حُکم یا فرمان ؛ حاکمانہ فیصلہ ۔ (قانون) عدالتی فیصلہ ۔ (الہٰیات) اللہ تعالیٰ کے دائمی مقاصد میں سے ایک ، جس کے ذریعے واقعات پہلے سے مقسوم ہوتے ہیں ؛ مشیّتِ الٰہی ؛ فیصلۂ قدر ؛ فرمانِ قضا ۔ (فعل لازم و متعدی) فرمان جاری کرنا ؛ فرمان کے ذریعے حُکم دینا یا صادر کرنا ؛ حاکمانہ فیصلہ سنانا ؛ حُکم نامہ جاری کرنا ؛ مُقدّمے کا فیصلہ کرنا ؛ حُکم دینا یا طے کرنا ۔

decreeable, a. قابلِ اجرائے فرمان ؛ قابلِ اجرائے فیصلہ ۔

decrement, n. تخفیف ؛ تقلیل ؛ تدریجی تخفیف یا گھٹاؤ ؛ تخفیف میں کم شُدہ مقدار ۔ (ریاضی) تقلیلِ متغیّرہ ۔

decrepit, a. فرسُودہ ؛ خستہ حال ؛ طویل استعمال کے باعث ناکارہ ، شکستہ یا کمزور ؛ بڑھاپے کی کمزوری سے خستہ و ماندہ ؛ نحیف ؛ ضعیف ؛ ناتواں ؛ پیرِ فرتوت ۔

decrepitude, n. فرسُودگی ؛ ضعیف و ناتواں ہونے کی حالت ؛ جو کمزور ہو چکا ہو جیسے ضُعفِ عمر سے ؛ خستہ حالی ؛ نحیفی ؛ ضُعف ؛ پیرانہ سالی ۔

decrepitly, adv. فرسُودگی سے ؛ خستہ حالی سے ؛ ضُعف کے ساتھ ؛ ناتوانی کے ساتھ ۔

decrepitness, n. فرسُودگی ؛ خستہ حالی ؛ ضُعف ؛ ناتوانی ؛ عمررسیدگی ۔

decrepitate, v.t. بُھوننا ؛ آگ پر چٹخانا ؛ تیز حرارت میں اس طرح بھوننا یا کلسانا کہ شے متواتر پُھوٹتی یا چٹختی رہے ؛ تڑکانا ۔ (فعل لازم) بُھنتے وقت چٹخنا یا تڑکنا ۔

decrepitation, n. بُھننے کا عمل ؛ چٹخ ؛ تڑک ۔

decrescendo, a. (موسیقی) اواز میں اُتار والا ؛ قُوّت یا بلندی اواز میں تدریجی کم ہونے والا/والی ؛ مدھّم سُر ، اُونچے سُر کے برعکس ۔ (اسم) (موسیقی) اُتار ؛ قُوّت یا بلندیٔ آواز میں تدریجی کمی ؛ ایسے بول جن کی ادائیگی میں اواز بتدریج گھٹائی جائے ۔

decrescent, a. زوال پذیر ؛ گھٹتا چاند مایل بہ تخفیف ؛ بے رونق یا زرد ہوتا ہُوا (جیسے چاند) ۔

decretal, a. ڈگری ، فرمان یا فرامین سے متعلّق / کی طرح کا / پر مشتمل ۔ (اسم) عقیدے یا کلیسائی قانون سے متعلّق کسی نکتے کو فیصلہ کن اور مستند طور پر طے کرنے والا پاپائی فرمان یا حُکمنامہ ۔ (جمع ، بڑے D سے) شریعتی قانون کے جزو کے طور پر ایسے فرامین کا متن یا مجموعہ ۔

decretalist, decretist, n. پاپائی فرامین کا ماہر ۔

decretive, a. فرمان یا ڈگری سے متعلّق یا فرمان یا ڈگری کے استناد کا حامل ۔

decretory, a. کسی حاکمانہ فیصلے/فرمان/ڈگری سے متعلق یا کی طرح کا ؛ قطعی ؛ فیصلہ کُن ؛ حتمی ۔

decry, v.t. مذّمت کرنا ؛ بُرائی کرنا ؛ ناقص ، پست یا فضول سمجھ کر ملامت کرنا ؛ کسی کے خلاف چیخ پکار کرنا ؛ کسی کے خلاف برسرعام ناپسندیدگی ظاہر کرنا ؛ سرکاری طور پر قدر گھٹا دینا (جیسے سِکّے کی) ؛ عیب نکالنا ؛ نقص نکالنا ۔

decrial, n. مذّمت/ملامت/برائی کرنے کا عمل ۔

decrier, n. مُذّمتی ؛ ملامتی ؛ عیب جُو ۔

decumbent, a. لیٹا ہوا ؛ دراز ؛ سرخیز ؛ افتادہ ؛ ٹیک لگائے ہوئے ؛ لیٹواں ۔ (نباتیات) بالانمو منتہا کے ساتھ زمین پر دراز ، جیسے کوئی کونپل یا ٹہنی ۔

decumbence, decumbency, n. سرخیزی ۔

decumbently, adv. لیٹنے کے انداز سے ؛ سرخیزی کے طریقے سے ۔

decuple, a. دس گنا ؛ دس گنا زیادہ پر مشتمل ؛ دہ گنا ؛ دہ چند ۔ (اسم) دس دفعہ دُہرایا ہوا عدد ۔ (فعل متعدی) دس دفعہ بڑھانا ؛ دس گنا کرنا ۔

decurved, a. زیرِ خم ؛ نیچے جُھکا ہوا ؛ نیچے کی طرف خمیدہ جیسے کسی پرندے کی چونچ ؛ زیر خمیدہ ۔

decussate, v.t., v.i. تقاطُع کرنا ؛ اس انداز سے آر پار کاٹنا/بُننا/پرونا کہ حادّہ زاویے بنیں ، جیسے × ؛ چلیپایانہ شکل میں

deduction, n.
منہائی ؛ مجرائی ؛ تفریق ؛ گھٹانے کا عمل ؛
جو گھٹایا جائے ؛ گھٹاؤ ؛ مُقدمات سے اِستنباط کرنے کا طریقہ ؛ دیے ہوئے
مقدمات سے اخذ کردہ نتیجہ ؛ استخراج ؛ استنباط ۔

deductive, a.
استنباط سے متعلّق ؛ مقدّمات سے استنباط کردہ ؛
استخراجیہ ؛ استخراجی ؛ استنباطی ۔

deductively, adv.
استخراجاً ؛ استنباطاً ۔

deed, n.
فعل ؛ عمل ؛ کارنُمایاں ؛ جو کیا جائے
یا عمل میں لایا جائے ؛ کوئی کام ؛ کوئی کارنامہ ؛ حاصل ۔ (قانون)
وثیقہ ؛ دستاویز ؛ کسی معاہدے یا اقرار نامے پر مشتمل تحریر ، خاص
طور پر خریدار یا معطی کوجائیدادمنتقل کرنے والی دستاویز ۔ (فعل
متعدی) بذریعہ وثیقہ/دستاویز منتقل کرنا ۔

deedless, a.
بے عمل ؛ بے واقعہ ؛ خالی از عمل ؛
کارنامے کے بغیر ۔

in deed,
(محاورہ) درحقیقت ؛ دراصل ؛ واقعتاً ؛
اکثر ملا کر لفظ واحد (indeed) لکھا جاتا ہے ۔

deem, v.t., v.i.
سمجھنا ؛ رائے قائم کرنا ؛ یقین یا کوئی رائے رکھنا ؛ باور
کرنا ؛ سوچنا ۔

deep, a.
گہرا ؛ عمیق ؛ ژرف ؛ شوخ ؛ پکّا ؛ نیچا ؛
چوڑا ؛ گمبھیر ؛ غائر ؛ دُوربین ؛ غامض ؛ غیر سطحی ؛ ڈوبا ہوا ؛ سطح
سے بہت نیچے واقع ؛ نیچے ؛ اندر یا پیچھے کی طرف ایک مخصوص
عُمق رکھنے والا ، جیسے آٹھ فٹ گہری ٹنکی ؛ گہرائی کی سمت بڑھتا
ہوا یا گہرائی سے آتا ہوا ، جیسے گہرا غوطہ ؛ گہرا سانس ؛ سمجھنے
میں مشکل ؛ دقیق ؛ زیر سطح ، جیسے گہرے معنیٰ و مفہوم کی
تقریر ؛ جو سطحی نہ ہو ؛ تشویش ناک یا سنجیدہ ؛ دلی/قلبی ، جیسے
شدید غم ؛ غائر ، جیسے . گہرا مطالعہ ؛ پیمانے یا درجے میں بڑا ؛ شدید یا
ازحد ، جیسے . گہری نیند ؛ شوخ رنگ ؛ امتداد میں دھیمی ، جیسے
آواز ؛ ایسے قوائے عقلی کا حامل جو گہری بصیرت یا علمیت سے ممیز
ہوں ؛ زیر یا کائیاں ؛ بہت مبتلا ، جیسے قرض میں ڈوبا ہوا ؛ محو ،
جیسے سوچ میں غرق ۔ (بیس بال) آؤٹ فیلڈ کے دور دراز حصے میں
لمبی ہٹ یا دفاعی پوزیشن کے حوالے سے ۔ (فٹ بال) فارورڈ پاسز کا
دفاع کرنے کی غرض سے کھیل کے مرکز سے کافی پیچھے متعین دفاعی
بیک سے متعلق ۔ (متعلّق فعل) گہرے طور سے ؛ شدت سے ؛ قابل ذکر
یا معینہ گہرائی تک یا پر ؛ زمان میں بہت دور ۔

deeply, adv.
سطح سے بہت نیچے ؛ گہرے طور سے ؛ پورے طور سے ؛
بڑی حد تک ؛ شدید طور سے ؛ سنجیدگی سے ؛ مدھّم یا بھرے لہجے کے
ساتھ ؛ عیّاری سے ، جیسے گہرے طور سے کی گئی سازش ۔

deepness, n.
گہرائی ؛ عمق ۔

deep, n.
ساگر ؛ سمندر یا بحر ؛ بحر یا کسی اور
ذخیرۂ آب کا گہرا حصّہ ؛ زمان یا مکان میں دُوری ؛ شِدّت کا انتہائی
حصّہ ، جیسے سردی کا عروج ؛ کوئی دقیق یا ناقابل فہم چیز ۔ (جہاز
رانی) ہاتھ سے گرائی جانے والی رسّی پر گہرائی کا وہ نقطہ جو رسی پر
لگے نشانوں سے غیر نشان زد ہونے کے سبب مُمیّز ہو ۔

deepen, v.t.
گہرا کرنا ؛ عمیق کرنا ؛ شدید کرنا ؛
زیادہ سنجیدہ کرنا ۔ (فعل لازم)اپنے تمام مفاہیم میں مزید گہرا ہو جانا ۔

deep-rooted, a.
عمیق بُنیاد ؛ جس کی جڑیں گہری ہوں ؛
سختی سے دل میں بیٹھا ہوا یا مسلّمہ ؛ گہری جڑوں والا ؛ گہرائی تک

کاٹنا ؛ لکیروں ، روشنی کی شعاعوں ، پتّوں یا جسم میں-اعصاب کا
ایک دوسرے کے آر پار گزر کر جال سا بنا دینا ۔ (صفت) مُتقاطِع ؛
مقلوب ۔ (نباتیات) متراکب ؛ یکے بعد دیگرے ایک دوسرے کو باقاعدہ
زاویوں پر قطع کرتے ہوئے جوڑوں میں مُرتّب ۔

decussately, adv.
برابر زاویوں سے ایک دوسرے کو
قطع کرتے ہوئے ۔

decussation, n.
تقاطُع یا قائمہ یا حادّہ زاویوں سے قطع کرنے
کا عمل ؛ ایک نُقطے پر ملنے ، بڑھنے اور بچھڑ جانے والے دو خطوط ،
شعاعوں یا اعصاب کا ایک دوسرے کو کاٹنے کا انداز ۔

dedans, n.
(کورٹ ٹینس) دیدان ؛ کورٹ کے اُس سرے پر جہاں
سے سروس کی جاتی ہے ناظرین کے لیے کُھلی گیلری ؛ کورٹ ٹینس
کے مُقابلے میں اس گیلری میں موجود ناظرین ۔

dedicate, v.t.
معنون کرنا ؛ وقف کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛
نذر کرنا ؛ منسُوب کرنا ؛ کسی مقدّس ہستی یا متبرک مقصد کے لیے
مخصوص قرار دے کر علیحدہ کرنا ؛ کسی بھی شخص یا مقصد کے لیے
مخصوص کرنا ؛ (اکثر راجع الیٰ الفاعل) کو مکمّل یا مخلصانہ طور پر
سونپ دینا ؛ .کسی مُربّی ، دوست یا عوامی شخصیت کے نام لکھنا یا
انتساب کرنا ، جیسے کسی کتاب کو ۔ (صفت) نذر کردہ یا وقف کردہ ؛
مخصوص کردہ ۔

dedicator, n.
نذر گزار ؛ منسوب کُنندہ ؛ معنون کُنندہ ۔

dedicatory, dedicative, dedicational, a.
نذر/انتساب
کی ضرورت پوری کرنے والا ؛ نذر/انتساب کے طور پر کام دینے والا ؛
نذر/انتساب کا یا سے متعلّق ؛ انتسابی ؛ منسُوب ؛ معنون ۔

dedication, n.
نذر ؛ وقف ؛ تھدیہ ؛ انتساب ؛
نذر یا معنون کرنے کا عمل ؛ دینی استعمال یا تحریک کے لیے نذر یا
وقف ؛ تخصیص ؛ کتاب کے آغاز میں درج سرنامہ ، جو محبّت یا لحاظ
کی علامت کے طور پر مصنّف کے کسی دوست ، کسی عوامی
شخصیت یا دیگر شخص کے نام ہو ۔

dedifferentiation, n.
(حیاتیات) فقدانِ اِمتیاز ؛ خلیات کی نسبتاً
قدیمی یا عمومی حالت کی طرف مراجعت جو عموماً زیادہ اہم تبدیلیوں
مثلاً کسی عُضو کے دوبارہ پیدا ہونے سے پہلے وقوع پذیر ہوتی ہے ؛
تفریق زُبائی ۔

deduce, v.t.
استخراج کرنا ؛ اِستنباط کرنا ؛
کسی معلوم یا مفروضہ چیز سے حاصل کرنا ، جیسے نتیجہ ؛ نتیجے پر
پہنچنا ؛ کسی ذریعے سے لینا یا پانا ؛ دھارے کا سُراغ لگانا ؛ نتیجہ
نکالنا ؛ کسی خاص زمانے سے یا خاص زمانے تک سلسلۂ واقعات قلمبند
کرنا ۔

deducible, a.
قابل استخراج ؛ قابل استنتاج ؛
جس سے نتیجہ اخذ کیا جا سکے ۔

deduct, v.t.
مِنہا کرنا ؛ منفی کرنا ؛ گنتی ، تخمینے
یا حساب میں مُجرا کرنا یا علیحدہ کرنا ؛ نتیجہ اخذ کرنا ؛ لینا یا کم کرنا ؛
نفی کرنا ؛ تفریق کرنا ؛ نکالنا ؛ گھٹانا ؛ وضع کرنا ؛ کاٹنا ؛ کٹوتی کرنا ۔

deductible, a.
قابلِ منہائی ؛ قابل تفریق ؛
نکالنے کے قابل ؛ وضع کرنے کے لائق ؛ منہا پذیر ۔

deductibility, n.
قابلِ منہا ہونے کی صفت ؛ وضع کرنے کے
لائق ہونے کی صفت ؛ منہا پذیری ۔

گیا ہوا ۔

deep-sea, a. سمندر کے گہرے حِصّوں سے نسبت رکھنے والا ، جیسے گہرے پانیوں کا غوطہ خور یا گہرے پانیوں کی جہاز رانی ۔

deep-seated, a. سطح سے بہت نیچے واقع ؛ گہری جڑوں والا یا گہرائی میں پیوست ؛ پکّی طرح سے دل نشین ، جیسے گہرا احساسِ فرض ؛ دلی ؛ راسخ ۔

deep space, n. فضائے ماورا ؛ نظامِ شمسی کی حدود سے پرے واقع فضا ۔

deer, n. ہرن ؛ آہو ؛ غزال ؛ آہو نُما (Cervidae) خاندان سے متعلّق کوئی بھی جُگالی کرنے والا جانور ، جس کے زیادہ تر نروں کے ٹھوس اور سال بہ سال اُگنے والے سینگ (یا شاخ در شاخ سینگ) ہوتے ہیں ، اس خاندان کی نسبتاً چھوٹی نوع کا کوئی جانور ، جوموس ، سانبھر یا رینڈیئر سے الگ پہچانا جائے ؛ چکارا ؛ مرگ ۔

deer fly, n. ہرن مکھی ؛ خون چوسنے والے پر دار حشرات کی متعدّد اقسام میں سے کوئی ، جس کی مادہ ہرنوں ، مویشیوں اور انسانوں پر حملہ آور ہوتی ہے ۔

deerhound, n. بڑا شکاری کُتّا ؛ اسکاٹ لینڈ کا پشم دار تازی کُتّا ؛ شکاری کُتّا جو پہلے ہرن شکار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ، خاص طور پر اسکاٹستانی نسل کا کُتّا جو تازی کُتّے سے متعلّقہ اور مشابہ ہوتا ہے لیکن اسی کی نسبت بڑا اور جھبرا ہوتا ہے ۔

deer mouse, n. شمالی امریکا کا سفید پاؤں والا چوہا پیرومسکس لیوکوپس (Peromyscus leucopus) جو بہت وسیع النوع ہے ۔

deerskin, n. پوستین ؛ پوست آہو ؛ ہرن کی کھال ؛ چرم آہو ؛ ایسے چمڑے سے بنی ہوئی پوشاک ۔

de-escalate, v.t., v.i. سرگرمی گھٹانا ؛ گنجایش یا حد میں کمی پیدا کرنا ، جیسے دورانِ جنگ فوجی منصوبوں میں تخفیف کرنا ۔

de-escalation, n. دائرۂ عمل میں کمی یا تخفیف ۔

deewan, dewan, n. [اردو] دیوان ؛ مسلم ممالک میں حکومتی عہدہ دار ؛ معتمد ۔

deface, v.t. صورت بگاڑنا ؛ مسخ کرنا ؛ خراب کر دینا ؛ کسی کے سامنے رُخ یا سطح کو ضائع کرنا یا بگاڑنا ؛ شکل بگاڑنا ؛ مٹانا یا محو کرنا ۔

defacement, n. مٹانے یا محو کرنے کا عمل ؛ چہرے یا شکل کا بگاڑ/سطح یا بیرونی حصّے کو ضرر ؛ جو بگاڑے یا مسخ کرے ۔

defacer, n. چہرہ یا شکل بگاڑنے والا ۔

de facto, a., adv. اصلی ؛ حقیقی ؛ درحقیقت جو واقعی موجود ہو ، چاہے قانوناً یا اس کے برعکس ؛ امر واقع میں ۔

defalcate, v.t., v.i. خُرد بُرد کرنا ؛ رقم کھا جانا ؛ تصرّفِ بے جا کرنا ؛ خیانت کرنا ؛ غبن کرنا ۔ (قدیم) کٹوتی کرنا یا ایک حصّہ رکھ لینا ؛ کم کرنا ۔

defalcation, n. وقف میں رکھی ہوئی رقم کا غبن یا غبن کردہ رقم ؛ غبن ؛ خیانت ۔ (قدیم) گھٹاؤ یا کمی ۔

defamation, n. بدنامی ؛ رسوائی ؛ ہتک عزت ؛ دوسرے کی شُہرت کو نقصان پہنچانے کے مقصد سے بہتان آمیز الفاظ ادا یا شائع کرنے کا عمل ؛ اتہام ؛ افترا ؛ بدگوئی ؛ ازالۂ حیثیّت عُرفی ۔

defamatory, a. ہتک آمیز ؛ ہتکِ عزّت پر مبنی ؛ توہین آمیز ؛ بدنام کُن ۔

defame, v.t. بدنام کرنا ؛ بے عزّت کرنا ؛ رُسوا کرنا ؛ بدگوئی کرنا ؛ ازالۂ حیثیت عُرفی کرنا ؛ بہتان باندھنا ؛ افترا پردازی کرنا ہتک عِزّت والی تحریر شائع کرنا ؛ شُہرت خراب کرنا ۔

defamer, n. بدنام کرنے والا ؛ رُسوا کرنے والا ؛ بدگوئی کرنے والا ؛ ازالۂ حیثیتِ عُرفی کرنے والا ۔

default, n. نادہندگی ؛ عدمِ تعمیل ؛ عدم پیروی ؛ غفلت ؛ کوتاہی ؛ عمل کرنے میں ناکامی ؛ لاپروائی ؛ مالی ذمّہ داریاں پوری کرنے میں ناکامی ۔ (قانون) کوئی قانونی فریضہ ادا کرنے میں ناکامی ، خاص کر مفوّضہ وقت پر عدالت میں حاضری یا جواب دعویٰ داخل کرنے میں ناکامی ؛ کمی ، فقدان یا غیرموجودگی ؛ کوتاہی ۔ (کھیل) مقرّرہ مقابلے میں حصّہ لینے یا اسے مکمّل کرنے میں ناکامی ۔

default, v.i. کسی وعدے ، دعوے ، معاہدے یا اقرار نامے کی تکمیل یا تعمیل میں ناکام رہنا ۔ (کھیل) مقرّرہ مقابلے میں حصّہ لینے یا اسے مکمّل کرنے میں ناکام رہنا یا ایسی ناکامی کے سبب مقابلہ ہار دینا ۔ (فعل متعدی) عمل یا ادائیگی میں ناکام ہونا ۔ (کھیل) مقررہ وقت پر کھیلنے میں ناکام رہنا یا ایسی ناکامی کے سبب مقابلے سے نکل جانا ۔ (قانون) حاضر ہونے اور جواب دینے میں ناکامی کے باعث (کسی کے) خلاف فیصلہ ہونا ۔

defaulter, n. نادہند ؛ عہد شکن ؛ کوتاہی کرنے والا ؛ غیر حاضر ؛ قصور وار ؛ باقی دار ۔

defeasance, n. ابطال ؛ بُطلان ؛ منسوخی ؛ کالعدم قرار دینے کا عمل ۔ (قانون) ایسی شرط جس کے پورا ہونے پر وثیقہ یا دستاویز باطل ہو جائے یا کالعدم قرار پائے ؛ کوئی بالواسطہ وثیقہ یا دیگر تحریر جس میں یہ شرط شامل ہو ۔

defeasible, a. قابلِ تنسیخ ؛ جسے منسوخ یا کالعدم قرار دیا جا سکے ۔

defeat, n. ہار ؛ ناکامی ؛ شکست ؛ ہزیمت ؛ (اقتدار سے) معزولی ؛ جنگ میں شکست ؛ دشمن کی فتح سے کسی فوج کا انسداد ، پسپائی یا تباہی ؛ ابطال یا کامیابی کے انسداد سے مایوسی ۔ (فعل متعدی) شکست دینا ؛ ہرانا ؛ باطل کرنا ؛ زک پہنچانا ؛ مایوس کرنا ؛ غلبہ پانا یا نیچا دکھانا ؛ معزول کرنا ؛ مائیوس کرنا ؛ کسی کی کامیابی کو روکنا ؛ ناکام کرنا ؛ کالعدم کر دینا ۔

defeatism, n. شکست آمادگی ؛ شکست خُوردگی ؛ مرعوبیّت ؛ دُشمن سے دبنے کی ذہنیت ؛ شکست کی توقُع یا شکست پر صبر شکر ۔

defeatist, n. شکست آمادہ ؛ شکست خُوردہ ؛ مرعوب ؛ دَبُّو ۔

defecate, v.t. رَسُوب یا آلودگیوں سے صاف کرنا ؛ تصفیہ یا تخلیص کرنا ؛ آنتوں سے خارج کرنا جیسے فُضلہ ؛ نتھارنا ؛ تلچھٹ دُور کرنا ؛ میل کاٹنا ؛ پاک کرنا ؛ خالص کرنا ؛ صاف کرنا ۔ (فعل لازم) آلودگیاں دور کرنے سے صاف یا پاک ہونا ؛ فضلہ خارج ہونا ؛ نتھرنا ؛ تلچھٹ دور ہونا ؛ پاک ہونا ؛ خالص ہونا ۔

defecation, n. پاکی ؛ صفائی ؛ تزکیہ ؛ نتھارنے/نتھرنے کا عمل ؛ تلچھٹ دُور کرنے/ہونے کا عمل ۔

defect, n. نقص ؛ عیب ؛ کوئی خطا ؛ کوئی اُدھورا پن ؛ جو مکمّل کُل بنانے میں کم ہو ؛ داغ/دھبّہ ؛ بدنمائی ؛ کوتاہی ؛ کمی ؛

خامی ؛ کسر ؛ بُرائی ؛ کھوٹ ۔

defection, n. غدّاری ؛ بے وفائی ؛ اس شخص یا مقصد سے دستبردار ہونے کا عمل ، جس سے کوئی حلف یا فرض کے ذریعے بستہ ہو یا جس سے خود کو وابستہ کر رکھا ہو ؛ چھوڑ جانے کا عمل ؛ ترکِ عقائد ؛ برگشتگی ؛ فرار ؛ ارتداد ؛ انحراف ؛ معصیت ۔

defect, v.i. غداری کرنا ؛ بے وفائی کرنا ؛ برگشتہ ہونا ؛ منحرف ہونا ؛ مرتد ہونا ۔

defector, n. غدّار ؛ مفرور ؛ مرتد ؛ بے وفائی کرنے والا ؛ مُنحرِف ؛ برگشتہ ۔

defective, a. ناقص ؛ عیب دار ؛ جو تہی ہو ، خواہ جوہر، کمیت یا کیفیت سے یا کسی اور ضروری شے سے ؛ نکمّا/خراب ؛ قصور وار ؛ تحت طبعی حالت کے باعث نمایاں ، چاہے ذہنی ہو یا جسمانی ۔ (گرامر) گردان یا صیغوں کی کچھ عام اقسام سے محروم ، جیسے کوئی ناقِص اسم یا فعل ؛ خام ؛ ناتمام ؛ داغی ؛ کھوٹا ۔ (اسم) وہ شخص جو جسمانی یا ذہنی لحاظ سے خام ہو۔

defectively, adv. ناقص طور پر ؛ خامی کے ساتھ ۔

defectiveness, n. نقص ؛ عیب ؛ خامی ؛ خرابی ؛ نکماپن ۔

defend, v.t. بچانا ؛ حفاظت کرنا ؛ دفاع کرنا ؛ حملہ روکنا ؛ حمایت کرنا ؛ کسی یُورش یا حملے کے خلاف حفاظت یا حمایت کرنا ؛ مخالفت یا مدافعت کے ذریعے بچانا ؛ اثبات کرنا ، حمایت کرنا یا طاقت یا استدلال کے ذریعے بے گزند حالت میں برقرار رکھنا ، جیسے حقوق اور استحقاق کو ۔ (قانون) بطور مدعا علیہ سامنے آنا ، جیسے کسی اقدام کا بچاؤ کرنے کے لیے؛کسی کے لیے بطوروکیل فرائض انجام دینا ۔ (فعل لازم) مقابل ہونا ؛ دعوے کی مخالفت کرنا ؛ مخالفت یا مدافعت ظاہر کرنا ۔ (قانون) کسی کے خلاف دعوے یا مطالبے میں حجت کرنا اور اسے باطل کرنے کی کوشش کرنا ۔

defender, n. محافظ ؛ حامی ؛ ناصر ؛ مؤید ؛ طرفدار ۔

defendant, n. (قانون) مدعا علیہ ؛ جواب دہی کرنے والا ؛ وہ شخص جس کے خلاف مقدمے میں الزام لگایا جائے ۔

defenestration, n. کھڑکی سے باہر پھینکنے کا عمل ۔

defense, Brit. **defence,** n. دفاع ؛ بچاؤ ؛ محافظت ؛ حملہ روکنے کا عمل؛ جواب دہی ؛ صفائی ؛ حملے کے خلاف مدافعت ؛ تحفظ ؛ بچاؤ کا عمل یا فن،جیسے تیغ بازی ، مُکّہ بازی میں ؛ کوئی چیز جس سے دفاع کیا جائے خصوصاً قلعہ بندی ؛ تقریر یا دلیل سے کسی مقصد یا اس جیسی چیز کا دفاع یا برقراری ؛ کسی معاملے کے حق میں تقریر یا دلیل ۔ (قانون) اپنے خلاف دعوے یا الزام کے جواب میں مدعا علیہ کی تردید یا صفائی ؛ اپنے دفاع کے لیے مدّعا علیہ یا اس کے قانونی نمائندگان کی اختیار کردہ کارروائی ؛ مدّعا علیہ اور اس کے قانونی نمائندے ، اجتماعی طور پر ۔ (کھیل) ہاکی ، فُٹ بال یا تیغ بازی میں حملے کے خلاف اپنا یا گول کا دفاع ؛ وہ ٹیم جو گیند پر قابض ٹیم کا حملہ ناکام بنانے کی کوشش کر رہی ہو۔

defenseless, a. بے کس ؛ نہتا ؛ بے یارومددگار ؛ بے دفاع ؛ غیر محفوظ ؛ بے حفاظت ؛ بے حامی ؛ بے بچاؤ ؛ غیر محفوظ ۔

defenselessly, adv. بے کسی سے ؛ بے یارومددگاری سے ؛ غیر محفوظ طور سے ؛ غیر دفاعی طور سے ؛ نہتے انداز میں ۔

defenselessness, (Brit.), **defencelessness,** n. بیکسی ؛ بے دفاعی ؛ نہتا پن ؛ دفاع سے محرومی ؛ عدمِ حفاظت ۔

defense mechanism, n. (فعلیات) دفاعی میکانیت ؛ کسی عضویے کا حملہ آور خورد عضویوں کے خلاف اختیار کردہ ردّ عمل ۔ (نفسیات) ذہن سے ناقابل قبول یا تکلیف دہ خیالات کو نکالنے کا لاشعوری عمل ۔

defensible, a. قابلِ حفاظت ؛ قابلِ دفاع ؛ حملے یا ضرر کے خلاف بچاؤ کیے جا سکنے کے قابل ؛ استدلال میں دفاع کیے جانے کے قابل ؛ قابلِ جواز۔

defensibility, defensibleness, n. حفاظت پذیری ؛ قابلِ دفاع ہونے کی صفت ؛ قابل جواز ہونے کی صفت ۔

defensibly, adv. قابلِ دفاع/قابلِ حفاظت ہونے کے لحاظ سے ۔

defensive, a. دفاعی ؛ مدافعانہ ؛ دفاع کے لیے کام آنے والا ؛ دفاع کے لیے مناسب یا موزوں ؛ حملے یا جارحیت کی مدافعت میں کیا گیا ؛ دفاع کے بارے میں یا متعلق ۔ (اسم) جارحیت یا حملے کے خلاف مدافعت یا مزاحمت کا رویّہ یا حالت ، جیسے مدافعت پر کمربستہ ۔

defensively, adv. مدافعتی انداز سے ؛ مدافعت پر کمر بستہ ؛ دفاع میں ؛ حفاظتی لحاظ سے ؛ مزاحمتی طور پر۔

defer, v.t. ملتوی کرنا ؛ موقوف رکھنا ؛ دیر لگانا ؛ التوا میں ڈالنا ؛ تاخیر کرنا ؛ مُؤخّر کرنا ۔ (عسکری) سرکاری طور پر مسلّح افواج میں بھرتی کو مُؤخّر کرنا ۔ (فعل لازم)دیر کرنا ؛ ڈھیل کرنا ؛ ملتوی ہونا ؛ مُؤخّر ہونا ؛ موقوف ہونا ؛ تاخیر ہونا ۔

deferment, n. التوا ؛ تاخیر ؛ لیت و لعل ؛ ٹال مٹول ؛ توقف ؛ موخر کرنے یا ہونے کا عمل ۔ (عسکری) سرکاری طور پر مسلّح افواج میں ملازمت کا التوا ۔

deferrer, n. مُلتوی کرنے والا ؛ مُؤخّر کرنے والا ؛ التوا کُنندہ ۔

deferred, a. مُلتوی ؛ مُؤخّر ؛ فوج میں بھرتی کے لیے مُؤخّر کردہ/شُدہ ۔

deferrable, n. قابلِ التوا ؛ قابلِ تاخیر۔

defer, v.i. کسی کی بات رکھ لینا ؛ پاس یا لحاظ کرنا ؛ دوسرے شخص کی رائے تسلیم کرنا ؛ اخلاقاً یا احتراماً کسی کے آگے سرِ تسلیم خم کرنا ؛ جیسے کسی دوست کی رائے کا پاس کرنا ۔ (فعل متعدی) فیصلے کے لیے پیش کرنا ؛ کسی کی رائے کے لیے پیش کرنا ؛ مان لینا ۔

deference, n. پاس ؛ لحاظ ؛ ادب ؛ دوسرے کی رائے یا فراست کو مان لینے کا عمل ؛ احترام ؛ خلیقانہ مُرَوت ؛ سرتسلیمِ خَم ؛ تعظیم ؛ قدر۔

deferential, a. تعظیمی ؛ مُؤدّبانہ ؛ تسلیم ظاہر کرنے والا ؛ پاس/لحاظ کا عادی ۔

deferentially, adv. پاس سے ؛ لحاظ کے ساتھ ؛ ادب سے ؛ احترام کے طور پر ؛ تعظیماً ۔

deferrer, n. رائے کے حوالے سے پاس/لحاظ کرنے والا ؛ مُؤدّب ؛ احترام کرنے والا ۔

deferent, a. مؤدّب ؛ لحاظ دار ؛ پاس کرنے والا ۔ (تشریح الاعضا) برندہ ؛ خارج کی طرف حِسّی پیغام لے جانے والے اعصاب یا خون لے جانے والی شریانیں ، جیسے کوئی برندہ قنات ۔

defervescence, n. (طِبّ) رفع بخار ؛ بخار کا اتار ؛

بخار میں کمی کا عمل ۔

defiance, n. اعلانیہ نافرمانی ؛ حکم عدولی ؛ مُقابلہ کرنے یا مُقابلے میں آنے کا عمل ؛ مبارزت طلبی ؛ اقتدار یا کسی مخالف قوّت کی جُرأت مندانہ یا دلیرانہ مدافعت ؛ کُھلی بے لحاظی ، جیسے تنقید کو ٹُھکراتے ہوئے ؛ عدمِ تعمیل ؛ سرکشی ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ دعوت مقابلہ ؛ دعوت مبارزت ؛ گُستاخی ۔

defiant, a. نافرمان ؛ گستاخ ؛ حکم عدول ؛ سرکش ؛ متمرد ؛ اعلانیہ نافرمانی کی خصوصیت والا یا ظاہر کرنے والا ؛ گُستاخانہ ۔

defiantly, adv. گستاخی سے ؛ سرکشی سے ؛ نافرمانی سے ؛ بے /بدلحاظی سے ۔

defibrillate v.t. ازالۂ بے آہنگی کرنا (قلب میں) ۔

deficiency, n. خامی؛ خام یا اَدُھورا ہونے کی کیفیت ؛ کوئی کمزوری ؛ قِلّت ؛ کمی ، خواہ مکمّل ہو یا جزوی ؛ کوئی نقص ؛ کوئی خسارہ ؛ کوتاہی ؛ فُقدان ؛ عدم ؛ عیب ۔

deficiency disease, n. (امراضیات) قِلّتی مرض : غذا مثلاً حیاتین ، معدنیات یا دیگر ضروری عناصر کی کمی سے پیدا شدہ بیماری ۔

deficient, a. ناقِص ؛ نامکمّل ؛ کسی ایسے عُنصر یا خصوصیت سے تہی جو تکمیل کے لیے ضروری ہو یا ایسے عُنصر یا خصوصیت کی ناکافی مقدار رکھے ؛ جو کسی معیار پر پورا نہ ہو ؛ ناقص ؛ ناکافی یا خام ؛ ناتمام ؛ قلیل ؛ کسی ایسی چیز کی کمی کا شکار جو مکمّل ہونے کے لیے ضروری ہو ؛ معیار سے کوتاہی ۔

deficiently, adv. ناقص طور پر ؛ نامکمّل طور پر ؛ کمی سے ؛ قِلّت سے ۔

deficit, n. خسارہ ؛ گھاٹا ؛ کمی ؛ کسر ؛ ٹوٹا ؛ کوئی کمی ؛ وہ رقم جو کسی میزان میں مطلوبہ رقم سے کم ہو ۔ (مالیات) ایسی حالت جب ایک مخصوص وقت پر تجارت یا مالیات عامہ میں ذمّہ داریاں یا اخراجات ، اثاثہ جات یا آمدنی سے متجاوز ہو جائیں ؛ وہ رقم جس کی اخراجات سے نمٹنے کے لیے آمدنی میں کمی ہو ؛ کاروبار میں گھاٹا ؛ کوئی خسارہ ؛ اثاثہ جات یا آمدنی کے مقابلے میں ذمہ داریوں یا اخراجات کی زیادتی ۔

deficit financing, n. (مالیات) خسارے کی سرمایہ کاری ؛ خسارے کی تمویل ؛ تمویلِ خسارہ ؛ حکومت یا کسی عوامی ادارے کی طرف سے آمدنی کے مقابلے میں اخراجات کی زیادتی کو پورا کرنے کے لیے رقوم کا حصول ۔

deficit spending, n. خسارے کے اخراجات ؛ حکومت کی طرف سے آمدنی سے زیادہ اخراجات کرنے کا عمل ۔

defier, n. سرکشی کرنے والا /حکم عدولی کرنے والا ؛ دعوتِ مبارزت دینے والا ۔

defilade, v.t. (قلعہ بندی) گولہ باری سے محفوظ کرنا ؛ قلعے کو اس رُخ سے تعمیر کرنا کہ اس کے مورچے جانبی یا قریبی بُلندیوں سے ہونے والی گولہ باری سے اور داخلی حصہ معکوس گولہ باری سے محفوظ رہیں ۔ (اسم) ، (قلعہ بندی) گولہ باری سے حفاظت ؛ قلعے کو گولہ باری سے بچانے کے لیے درکار قُدرتی یا مصنوعی رُکاوٹوں (کے مورچوں) کی سمتوں اور بلندیوں کا تعیّن ۔

defile, v.t. میلا کرنا ؛ گندا کرنا ؛ غلیظ کرنا ؛ عصمت خراب کرنا ؛ دھبّا ڈالنا یا داغ لگانا ، بٹّہ لگانا،جیسے شُہرت کو ؛ رسمی طور پر ناپاک کرنا ؛ کسی کی پاکیزگی خراب کرنا ؛ بے حُرمتی کرنا ۔

defilement, n. میلا کرنے کا عمل یا میلا کیے جانے کی حالت ؛ بے حرمتی ؛ خراب کرنے کا عمل ۔

defiler, n. وہ شخص یا شے جو میلا کرتی ہو ؛ خراب کرنے والا ؛ بے حرمتی کرنے والا ؛ عصمت خراب کرنے والا ۔

defile, v.t.v.i. ایک قطار میں چلنا یا صف بہ صف چلنا ۔ (اسم) ایسا تنگ راستہ جہاں سے فوجی دستے صرف ایک قطار میں یا تنگ پیش رو کے ساتھ گزر سکیں ؛ کوئی طویل گزرگاہ ، جیسے پہاڑوں کے درمیان تنگ درّہ ؛ تنگ گھاٹی ؛ تنگنائے ۔

define, v.t. تعریف کرنا ؛ حد بندی کرنا ؛ محدود کرنا ؛ معیّن کرنا ؛ واضح کرنا ؛ ممیّز کرنا ؛ معانی یا اہمیت بیان کرنا یا معیّن کرنا ، جیسے کسی لفظ یا فقرے کے ؛ کسی کی ماہیّت یا اساسی خصوصیات کی تشریح کرنا ؛ کسی کی سرحدوں یا حد کا تعیّن کرنا یا مقرّر کرنا ؛ کسی خاکے یا شکل کو واضح کرنا ؛ قطعی طور پر مقرر کرنا یا وضع کرنا ؛ واضح طور پر صراحت کرنا ؛ کسی کی نمایاں خصوصیت ہونا ؛ امتیازی وصف بیان کرنا ۔

definement, n. تعریف کرنے کا فعل ؛ تعریف ؛ تشریح ؛ حد بندی ۔

definer, n. تعریف کُنندہ ۔

definable, a. جس کی تعریف بیان کی جا سکے ؛ قابل تشریح ؛ قابلِ تمیز ؛ تعیین پذیر ۔

definability, a. قابلِ تعریف ہونے کی صفت ؛ تعیین پذیری ۔

definably, adv. قابلِ تعریف ہونے کے لحاظ سے ؛ قابلِ تمیز ہونے کے لحاظ سے ؛ قابل تعیین ہونے کے لحاظ سے ۔

definiendum, n. تعریف طلب ؛ وہ اصطلاح جس کی تعریف مقصود ہو ، جیسے کسی لغت کے اندراج میں ۔ (منطق) وہ جملہ جس کی توضیح کسی پہلے جملے کی نسبت سے کی جاتی ہو ۔

definiens, n. تعریف ؛ وہ الفاظ یا بیان جس کی مدد سے کسی چیز کی تعریف کی جائے ؛ بیان کا وہ حِصّہ جس سے کسی چیز کی تعریف ہوتی ہو ۔

definite, a. معیّن ؛ مقرّر ؛ واضح ؛ قطعی ؛ صاف ؛ ممیّز ؛ واضح طور پر ممیّز یا معیّن ؛ غیر مبہم یا غیر عمومی ؛ مقررّہ ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ بالکل صحیح ؛ معیّنہ حدود والا ؛ فکروبیان میں واضح یا قطعی لوگوں کے بارے میں ۔ (گرامر) قطعی طور پر یا تحدید کے ساتھ صراحت کرنے والا ، جیسے حرفِ تعریف یا تنکیر ۔ (نباتیات) معیّن ؛ ایک مستقل تعداد (جو بیس سے زیادہ نہ ہو) رکھنے والے زر ریشوں سے متعلّق ؛ کسی نظامِ گُل کے بارے میں ؛ محدود ۔

definitely, adv. قطعی طور پر ؛ معیّن طور پر ؛ واضح طور پر ۔

definiteness, n. قطعیّت ؛ تعیُّن ؛ وضاحت ۔

definite integral, n. (ریاضی) معین تکملہ ؛ دو نامزد قدروں پر غیرمنحصر متغیرّہ کے غیر معیّن تکملے کی قیمتوں کے مابین فرق کے مساوی عدد ۔

definition, n. تعریف ؛ توضیح ؛ تعیین ؛ تصریح ؛ حد بندی ؛ تحدید ؛ معیّن معنی بیان کرنے کا عمل ؛ خواص کے ذریعے کسی چیز کا مختصر اور بالکل ٹھیک بیان ؛ کسی لفظ یا شے کی اہمیت یا معنی کی وضاحت ؛ کسی چیز کو نمایاں اور واضح کرنے کی

خاصیت یا طاقت (جیسے : the definition of a telescope) ؛ کسی عکس کا تیکھا پن ، تعیین اور آب و تاب ، جیسے کوئی فوٹو گراف ؛ صفائی ، بالخصوص ریڈیو یا ٹی وی سیٹ پر اعادۂ آواز کی ؛ صاف سماعت ۔

definitional, a. تعریفی ؛ تصریحی ؛ کشّاف ۔

definitive, a. معین ؛ معتبر ، حقیقی ؛ مکمّل ؛ قابلِ اعتماد اور ظاہری طور پر جامع ؛ فیصلہ کرنے یا طے کرنے کا تفاعل ؛ تعیینی ؛ فیصلہ کُن ؛ حتمی ؛ فیصلہ کُن یا حتمی طور پر طے شُدہ ؛ مقرّر کرنے یا قطعی طور پر صراحت کرنے میں کام آنے والا ؛ ٹھیک ٹھیک طور پر بیان کردہ ؛ کوئی حل یا حتمی جواب فراہم کرنے والا ؛ معیّنہ ؛ قطعی ۔ (حیاتیات) حتمی یا مکمّل شکل رکھنے والا (جیسے : a definitive organ) ۔

definitively, adv. فیصلہ کُن طور پر ؛ قطعاً ؛ حتمی طور پر ۔

definitiveness, n. قطعیّت ؛ حتمیّت ؛ فیصلہ کُن حیثیت ۔

definitive host, n. (حیاتیات) معیّن میزبان ؛ کسی طفیلی کیڑے سے متاثّرہ عضو جس میں طفیلی کیڑا جنسی بلوغت حاصل کرنے کے بعد اپنی باز افزائش کرنے لگے ۔

definitize, v.t. قطعیّت سے پایہ تکمیل کو پہنچانا ؛ قطعی بنانا ؛ صحت و صفائی کے ساتھ بیان کرنا ۔

definitude, n. قطعیّت ؛ حتمیّت ؛ تکمیل ؛ حتمی ہونے کی خاصیت ۔

deflagrate, v.t. نذرِ آتش کرنا ؛ جلا دینا ؛ پھونک دینا ؛ آگ لگانا ؛ تیزی سے جلانا ؛ بھسم کرنا ۔ (فعل لازم) تیزی سے جلنا یا شدید احتراق کے ساتھ جلنا ۔

deflagration, n. شدید احتراق ؛ اشتعال ؛ بھڑک ۔

deflagrable, a. قابلِ سوزی ؛ قابلِ اشتعال ۔

deflate, v.t. ہوا نکالنا ؛ پچکانا ؛ کسی شے میں بھری ہوئی ہوا یا گیس نکالنا ؛ کسی کے تکبّر اور نخوت کے غُبارے سے ہوا نکالنا ۔ (مالیات) افراطِ زر ختم کرنا ؛ بڑھی ہوئی سطح سے نیچے لانا ، جیسے زرِّ مروّجہ یا قیمتوں کو ۔ (فعل لازم) گیس یا ہوا نکلنے سے کھو دینا ۔

deflation, n. ہوا نکلنے کا عمل ۔ (مالیات) ادا طلب زرمروّجہ کی مقدار میں تخفیف ؛ قوّتِ خرید کے حجم میں کمی ؛ افراطِ زَر کی کمی ؛ قلتِ زر ؛ تفریطِ زر ۔

deflationary, a. تفریطی ؛ قِلّت کا رجحان یا اِفراط زر میں کمی کا رجحان لیے ہوئے ؛ قوت خرید میں کم ۔

deflect, v.i. مُڑنا ؛ منعکس ہونا ؛ ٹکرا کر واپس ہونا ؛ رُخ بدلنا ؛ منحرف ہونا ؛ پرے یا ایک طرف کو پلٹنا ؛ حقیقی راستے یا درست طریق سے ہٹنا/تجاوز کرنا ؛ جھوک کھانا ۔ (فعل متعدی) موڑنا ؛ منعکس کرنا ؛ ٹکرا کر واپس کرنا ؛ منحرف کرنا ؛ ایک طرف کو پلٹانا ؛ کسی سیدھے خط سے پلٹانا یا ٹیڑھا کرنا ۔

deflective, a. مُنحرف ؛ منعکس ؛ جھوک والا ۔

deflector, n. مُنحرِف کرنے/ہونے والا ؛ ایک آلہ جو قطب نُما میں برقی رو اور گردوپیش کی دھاتوں سے پیدا شدہ منحرفات کو ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

deflection, deflexion, n. موڑ ؛ جُھکاؤ ؛ خمیدگی ؛ تجاوز ؛ مڑنے کا عمل یا حالت ؛ حقیقی راستے یا درست طریق سے تجاوز ؛ ٹیڑھ ، خاص کر نیچے کی سمت میں ؛ جھوک ؛ جھوک کی حد یا مقدار ؛ انحراف ۔ (بصریات) روشنی کی شعاعوں کے مُڑنے یا پیمایش کے آلے کی سوئی کا صفر کے نُقطے سے ہلنے کا عمل ۔

deflower, v.t. کنوار پن سے محروم کرنا ؛ عصمت دری کرنا ؛ پردۂ بکارت چاک کرنا ؛ پُھول توڑنا ؛ حسن و تازگی لوٹ لینا ۔

defloration, n. عصمت دری ؛ ازالۂ بکارت ؛ محرومئ دوشیزگی ؛ کنوار پن سے محروم کرنے کا عمل ۔

defoliant, n. پت جھڑا ؛ برگ ریز ؛ پودوں سے پتّے جھاڑنے والا محلول ۔

defoliate, v.t. قبل از وقت پتّے جھاڑ دینا یا پتّوں سے محروم کر دینا ۔ (فعل لازم) پتّے جھڑ جانا یا پتّوں سے محروم ہو جانا ۔

defoliation, n. پت جھڑ ؛ بے برگی ؛ برگ ریزی ۔

defoliator, n. پت جھاڑ ؛ پتّے جھاڑنے والا ۔

deforce, v.t. (قانون) جائز مالک سے بالجبر یا بالقُوّت روکے رکھنا ؛ زبردستی یا غلط طور پر جائیداد سے محروم کرنا ۔

deforcement, n. بالجبر محرومی ؛ بالقُوّت مخالفت ؛ قبضۂ بیجا ۔

deforciant, n. بالجبر محروم کرنے والا ؛ بالقُوّت مانع ؛ قبضۂ بیجا کرنے والا ؛ قابض بالجبر ۔

deforest, v.t. جنگل کاٹنا ؛ جنگل یا درختوں سے محروم کر دینا ۔

deforestation, n. جنگل کٹائی ؛ جنگل صفائی ۔

deforester, n. جنگل کاٹنے والا ؛ جنگل صفائی کرنے والا ۔

deform, v.t. بدہیئت کرنا ؛ بدصورت کرنا ؛ بدنُما کرنا ؛ بدشکل کرنا ؛ ہیئت بگاڑنا یا نُقصان پہنچانا ؛ شکل بگاڑنا ؛ بدنما یا ناخُوشگوار کر دینا ؛ اخلاقی حُسن کو مسخ کر دینا ؛ ہیئت بدلنا یا قلبِ ماہیّت کرنا ۔ (فعل لازم) بدہیئت ہونا ؛ بدصورت ہونا ؛ بدنما ہونا ؛ بدشکل ہونا ؛ ہیئت یا صورت بگڑ جانا ؛ مسخ ہونا ۔

deformation, n. بدنُمائی ؛ بدصُورتی ؛ ہیئت یا حلیہ بگاڑنے کا عمل ؛ بدشکلی یا بدہیئتی ؛ ہیئت کی تبدیلی ، خصوصاً بد سے بدتر کرنے والی ؛ ہیئت یا صورت میں کوئی الٹاؤ یا اس سے گُزرنے کی حالت ۔

deformed, a. بدہیئت ؛ بدنُما ؛ بدشکل ؛ مسخ شُدہ ؛ بدوضع ؛ بدصُورت ۔

deformedly, adv. بدہیئتی سے ؛ بدصُورتی سے ؛ بدنمائی کے ساتھ ؛ بدشکلی سے ۔

deformedness, n. بدہیئتی ؛ بد صورتی ؛ بدنُمائی ؛ بدشکلی ۔

deformity, n. بدہیئتی ؛ بدنُمائی ؛ بدشکلی ؛ بدہیئت ہونے کی کیفیّت ؛ جسم کا کوئی بدہیئت یا بدوضع حصّہ ؛ کجی ؛ خدوخال یا وضع کی بے قاعدگی ؛ بدصُورتی ؛ حُسن ، وقار یا شایستگی کو تباہ کرنے والی کوئی چیز ۔

defraud, v.t. ٹھگنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ دھوکے کے ذریعے حق یا جائیداد سے محروم کرنا ؛ بے ایمانی کرنا ؛ نوسربازی کر کے لوٹنا ۔

defraudation, n. دھوکا دہی ؛ فریب دہی ؛ ٹھگی ؛ نوسربازی ۔

defrauder, a. دھوکا دہندہ ؛ فریب دہندہ ۔

defray, v.t. رقم چُکانا ؛ ادا کرنا یا ادائی کا بندوبست کرنا ؛ حساب چُکانا ۔

defrayal, defrayment, n. ادائی ؛ ادائی خرچ ؛ خرچ چکائی ۔

defrayer, n. خرچ چکانے والا ؛ ادا کُنندہ ؛ ادائی کرنے والا ۔

defrayable, a. قابلِ ادائی ۔

defrock, v.t. (کلیسیات) پادری یا دیگر عہدے دار کو اپنے فرائضِ منصبی ادا کرنے کے حقّ سے محروم کرنا ۔

defrost, v.t. غیر منجمد کرنا ؛ کسی چیز سے برف یا پالا ہٹانا ؛ برف رُبائی کرنا پگھلانا ۔ (فعل لازم) پگھلنا ؛ برف سے مبّرا ہونا ۔

defroster, n. پگھلانے والا ؛ غیر مُنجمد کُن ؛ برف رُبا ۔

deft, a. منجھا ہُوا ؛ ماہر ؛ مشاق ؛ ہوشیار ؛ سبک دست ؛ چالاک ؛ تیز فہم ۔

deftly, adv. مہارت سے ؛ چالاکی سے ؛ ہوشیاری کے ساتھ ؛ سبک دستی سے ۔

deftness, n. مہارت ؛ مشّاقی ؛ چالاکی ؛ ہوشیاری ؛ سبک دستی ؛ تیز فہمی ۔

defunct, a. مُردہ ؛ متوفّی ؛ ازکار رفتہ ؛ آنجہانی ؛ مَرحُوم ؛ ناپید ؛ جو اَب مزید استعمال میں نہ ہو یا غیر مؤثر ہو،جیسے کوئی معطل قانون ؛ ساقط ؛ معدوم ؛ بے رُوح ؛ کالعدم ۔

the defunct, n. کوئی گزرا ہوا شخص ، بالخصوص حال میں فوت ہونے والا ؛ مرحوم ۔

defunctness, n. معدومی ؛ وفات ۔

defy, v.t. مُقابلہ کرنا ؛ پروا نہ کرنا ؛ للکارنا ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ دوسرے کی جُرأت کو للکارتے ہوئے مبارزت یا مقابلے پر اُکسانا ؛ جُرأت کرنا ؛ دعوتِ مبارزت دینا یا دلیری سے مزاحمت کرنا ؛ مقابلے پر اُتر آنا ۔ (اسم) دعوتِ مبارزت ۔

degas, v.t. گیس دُور کرنا ۔

degasser, n گیس دُور کرنے والا ۔

degauss, v.t. ازالۂ مقناطیسیت کرنا ؛ غیر مقناطیسی بنانا ، جیسے بحری جہاز کے مقناطیسی میدان کو کالعدم کرنے والے برقی لچّھوں کے ذریعے ؛ مقناطیسی ٹیپ صاف کرنا ۔

degenerate, v.i. بگڑنا ؛ خراب ہونا ؛ عام کیفیت یا حالت سے گر جانا ؛ جسمانی ، ذہنی یا اخلاقی خصوصیات میں انحطاط ہونا ؛ بد سے بدتر ہو جانا ؛ روبہ تنزُّل ہونا ، خستہ حال ہونا ۔ (اسم) ناخلف ؛ کپوت ؛ وہ شخص جو عام مثال یا معیار سے تنزُّل کی طرف گیا ہو ، جیسے اخلاق یا کردار میں ؛ بعض غیر فطری جسمانی اور ذہنی خصوصیات اور رُجحانات ظاہر کرنے والا شخص ، بالخصوص پیدایش سے ؛ جنسی کج روی کا عادی شخص ؛ ذلیل ؛ خستہ حال ؛ خوار . اسفل ۔

degenerately, adv. پست خالی سے ؛ حالت خراب ہونے کے لحاظ سے ؛ اخلاق بگڑنے کے طور پر ؛ سِفلہ پن سے ۔

degenerateness, n. پست خالی ؛ حالت کی خرابی ؛ سِفلہ پن ؛ فساد ؛ بگاڑ ؛ ناخلفی ؛ ذلّت و خواری ۔

degeneracy, n. پستی ؛ حالت کی خرابی ؛ سفلگی ؛ فساد ؛ بگاڑ ؛ ناخلفی ؛ ذلت و خواری ؛ انحطاط ؛ ابتذال ۔

degenerate, a. رُوبہ تنزُّل ؛ انحطاط پذیر ؛ سفلہ ؛ بگڑا ہوا ؛ ایک ارفع جسمانی یا اخلاقی حالت سے گرا ہوا ؛ اپنی نسل ، قسم یا سابقہ وجود کے عام معیار سے جسمانی یا اخلاقی طور پر فروتر ؛ ابتذال سے ممیّز یا منسلک ؛ گھٹیا یا نیچ ، جیسے پست فنون یا دَور ؛ ناخلف ؛ کپوت ؛ خستہ ؛ ذلیل و خوار ؛ خراب اخلاق ۔ (حیوانیات) وہ حیوان جس کے خصائص ختم ہوگئے ہوں ۔

degeneration, n. تنزُّل ؛ انحطاط ؛ بگاڑ ؛ پستی میں گرنے کا عمل ؛ یا پست ہونے کی کیفیّت ؛ گراوٹ ؛ ابتذال ۔ (حیاتیات) بڑھتا ہوا بگاڑ ؛ تسہیل ؛ ایسی نوع کی طرف مراجعت جو بہت زیادہ منظّم نہ ہو یا سادہ ہو ۔ (امراضیات) وہ عمل جس سے عام نسیج ، کمتر درجے کی نسیج میں/سے بدل جاتی ہے ، (جیسے : شحمی انحطاط fatty degeneration) ؛ اس عمل کی پیدا کردہ غیر فطری حالت ۔

degenerative, a. انحطاطی ؛ تنزُّل پذیر ؛ انحطاط پذیر ؛ مبتذل کرنے پر مائل ؛ ابتذالی ۔

deglutition, n. نگلنا ؛ اقلاع ؛ نگلنے کا عمل ؛ وہ طریقہ جس کے ذریعے جانور نگلتے ہیں ۔

degradation, n. تنزُّلِ رُتبہ ؛ انحطاط ؛ پستی ؛ عُہدہ گھٹانے کا عمل ؛ عُہدہ گھٹنے کی حالت ۔ (ارضیات) بوسیدگی ؛ آب بُردگی کا پیدا کردہ گِھساؤ ۔

degrade, v.t. درجہ کم کرنا ؛ عُہدہ گھٹانا ؛ بگاڑنا ؛ حقیر کرنا ؛ اعلیٰ حیثیت یا درجے سے کمتر حیثیت یا درجے میں لانا ؛ عُہدے ، حیثیت ، درجے یا خطاب سے محروم کرنا ، خاص کر بطور سزا ؛ وقار یا پاس میں گھٹانا ؛ تذلیل کرنا ؛ خوبی یا چال چلن میں گھٹانا ؛ بے قدر کرنا ؛ خراب کرنا ؛ مالیّت یا بازار پذیری میں نیچے لانا ؛ مقدار ، طاقت یا شِدّت میں گھٹانا ۔ (حیاتیات) جماعت بندی میں برتر پیمانے سے کم تر پیمانے پر لانا ۔(کیمیا) کسی چیز کی ترکیب میں پیچیدگی کم کرنا، جیسے کسی مُرکّب کی ۔ (ارضیات) کٹاؤ کی وجہ سے زمین کا گِھسنا/گھسانا ۔ (فعل لازم) درجہ کم ہونا ؛ عہدہ گھٹنا ؛ حقیر ہونا ؛ ذلیل و خوار ہونا ؛ معیار ، مثال یا کردار میں پست ہو جانا ؛ بد سے بدتر ہونا ؛ پستی میں گر جانا ؛ تنزُّل ہونا ؛ قدروقیمت گھٹنا ؛ قُوّت یا تیزی کا ختم ہونا ۔

degraded, a. تنزل شُدہ ؛ انحطاط زدہ ؛ حقیر ؛ ذلیل و خوار ؛ بگڑا ہوا ؛ حیثیت ، پاس ، کردار یا خُوبی میں فروتر یا گھٹا ہوا ؛ سوقیانہ پن سے ماؤف ؛ گرایا ہوا ؛ پست ؛ مبتذل ۔

degrading, a. رسوا کُن ؛ گھٹیا ؛ ذِلّت آمیز ؛ پست ؛ سوقیانہ ۔

degradingly, adv. گھٹیا پن سے ؛ ذِلّت کے ساتھ ؛ پستی سے ؛ سوقیانہ پن سے ۔

degree, n. درجہ (زاویے یا حرارت کا)؛سند ؛ درجہ (حد) ڈگری ؛ قدم ؛ خاص مقدار ؛ درجہ (حیثیت) ؛ درجۂ تفضیل ؛ طریق عمل ، لائحۂ عمل ، پیمانے یا جماعت بندی کی ترتیب میں ایک مرحلہ یا مقام ؛ کسی مُعاشرے یا مجلس میں اضافی رُتبہ یا مرتبہ ؛ شِدّت یا مقدار کے پیمانے میں ایک مرحلہ ؛ اضافی حد ، پیمایش یا وُسعت وغیرہ ؛ دائرے کے محیط کا ۳۶۰ واں حصّہ جسے عموماً ° کی علامت سے ظاہر کرتے ہیں،جیسے ۶۰° ؛ کسی پیمایشی آلے کے پیمانے مثلاً حرارت پیما پر نشان زدہ پیمایش کی ایک تقسیم یا واحدہ ۔ (جُغرافیہ) سطح زمین پر کوئی خط یا نُقطہ جس کی نشان زدگی معیاری سمت الراس سے مشرق یا مغرب میں۔

تا ۱۸۰° کے یا خط استوا سے شمال یا جنوب میں ۰° تا ۹۰° کے زاویائی فاصلے سے کی جاتی ہے ؛ جُرم کی شِدّت ناپنے کا قانونی پیمانہ ، جیسے پہلے درجے کا قتل ۔ (تعلیم) سند یعنی عِلمی خطاب جو تعلیمی ادارے مخصوص نصاب تدریس کی تکمیل پر یا فضیلت کے اعزازی اعتراف کے طور پر عطا کرتے ہیں ۔ (گرامر) صفت یا متعلق فعل کے تقابل کی تین شکلوں ، مثبت ، تفضیل اور تفضیلِ کل میں سے کوئی ۔ (ریاضی) الجبری اصطلاح میں نامعلوم مقداروں یا متغیّرات کے قوّت نماؤں کا حاصل جمع ، جیسے ا^3 اور ا^2 ب ہر دو تیسرے درجے کی مقداریں ہیں ؛ مساوات یا کثیر الارقام میں سب سے بڑی مقدار کا قُوّت نُما ۔ (جینیات) نسلی توارث کے شجرے میں کوئی مرحلہ یا فاصلہ جس سے رشتہ داری کی قُربت کا پتا چلتا ہے ۔ (موسیقی) نغموں کی ترقیم کے لیے پانچ متوازی خطوط ☰ میں سے کوئی خط یا خطوط کے درمیان کی جگہ ؛ سرگم کا کوئی سُر ، کوئی مرحلہ یا دُھن ۔

by degrees, درجہ بدرجہ ؛ مرحلہ بہ مرحلہ ؛ آسان مرحلوں میں ؛ بتدریج ؛ قدم بہ قدم ؛ منزل بہ منزل ۔

to a degree, بڑی حد تک ؛ معمولی حد تک ؛ کسی حد تک ؛ ایک حد تک ؛ کافی حد تک ۔

degree-day, n. یومِ درجہ ؛ ایک واحدہ (اکائی) جس کے ذریعے اس امر کا اظہار کیا جاتا ہے کہ کس مخصوص دن کس جگہ کا اوسط بیرونی درجۂ حرارت ، مخصوص معیاری درجۂ حرارت مثلاً ۶۵° ف سے ایک درجہ زیادہ یا کم ہے، جیسے ایک ایسا دن جس کا درجہ حرارت ۶۰° ہو ، ۵ ''ایام درجہ'' کا حامل ہو گا ۔

degree of freedom, n. درجۂ آزادی ؛ کسی شمارے کے تخمینے میں شامل ہونے والے ایسے غیر پابند واحدوں کی تعداد ، جو جزافی طریقے سے نمونہ بند کیے گئے ہوں ۔

degression, n. انحطاط ؛ زوال ؛ تنزُّل ؛ تنزُّلی؛محصول کاری میں ایک خاص حد سے نیچے کی رقوم پر شرحِ محصول کی کمی ۔

degressive, a. انحطاطی ؛ تنزُّل پذیر ؛ انحطاطی محصول کاری ؛ محصول کاری کے اس نظام سے متعلق یا (کا) مذکور جس میں ایک خاص حد تک یا اس سے اوپر کی رقوم کی شرح محصول مقرّر ہوتی ہے، لیکن اس سے نیچے کی رقوم پر شرح محصول بتدریج کم ہوتی جاتی ہے ۔

degum, v.t. گوند اتارنا ؛ گوند ربائی کرنا ؛ گوند یا اِس جیسے مادوں سے پاک کرنا ، چپچپاہٹ ختم کرنا ۔

degust, v.t. مزا یا ذائقہ چکھنا ۔

degustation, n. چکھنے کا عمل ؛ چکھنا ؛ مزا ؛ ذائقہ ؛ ذوق ۔

dehisce, v.i. (نباتیات) شگفتہ/کُشادہ ہونا ؛ کُھلنا ، جیسے پودوں کے ڈوڈوں یا تخم قناتوں کا ؛ کِھلنا ؛ پُھوٹنا ؛ پھٹنا ۔

dehiscence, n. (نباتیات) کُشادگی ؛ شگفتگی ؛ کسی عضو کا اپنی بناوٹ کی مطابقت سے پھٹنا ، جیسے ڈوڈے کے حصّوں یا زردانے کے خلیوں کا ۔

dehiscent, a. (نباتیات) کُشادہ ؛ شگفتہ ؛ کِھلنے والا ؛ کُشادہ ہونے والا ۔

dehorn, v.t. سینگ اُتارنا ؛ سینگوں سے محروم کرنا ، جیسے مویشیوں کو ؛ سینگوں کی افزایش روک دینا ۔

dehorner, n. سینگوں سے محروم کرنے والا ؛ سینگ اتارنے والا ۔

dehumanize, v.t. سَلبِ انسانیت کرنا ؛ انسانی خصائل سے محروم کرنا ؛ انفرادیت چھین لینا ؛ احساس مُروّت ، تَرَحُّم و شفقت ختم کرنا ۔

dehumidifier, n. خُشکانندہ ؛ نمی کش ؛ کسی چیز سے نمی ختم کرنے والا آلہ؛ نمی رُبا ۔

dehumidify, v.t. خُشکانندہ کرنا ؛ نمی کشی کرنا ؛ نمی دُور کرناجیسے کسی احاطہ بند جگہ کی ہوا سے ۔

dehumidification, n. خُشکاندگی ؛ نمی کشی ؛نمی رُبائی ؛ ہوا سے نمی ختم کرنے کے عمل ۔

dehydrate, v.t. نابید کرنا ؛ مادّے یا آمیزے سے پانی اُڑا دینا ؛ کسی چیز سے پانی خُشک کرنا ؛ کیمیائی عمل کے ذریعے خوراک سے پانی خشک کرنا تا کہ یہ خراب ہونے سے محفوظ رہ سکے ۔ (فعل لازم) پانی یا نمی گنوانا ۔

dehydration, n. نابیدگی ؛ آب رُبائی ؛ پانی کا زیاں یا اخراج ۔

dehydrator, n. نابید کار ؛ آب رُبا ؛ پانی اُڑا دینے والا ۔

dehydrogenate, v.t. (کیمیا) ہائیڈروجن رُبائی یا کسی مادّے سے ہائیڈروجن گیس ختم کرنا ۔

dehypnotize, v.t. ازالۂ تنویم کرنا ؛ تنویم کو ختم کرنا ؛ تنویمی کیفیّت سے باہر لانا ۔

deice, v.t. برف رُبائی کرنا ؛ یخ بستگی ختم کرنا ؛ برف سے ہٹانا یا برف سے پاک رکھنا ۔

deicer, n. برف رُبا ؛ یخ بستگی ختم کرنے والا ؛ ایسی اختراع یا کیمیائی مادہ جو ہوائی جہاز کی سطح ، گلیوں یا موٹر کے حصّوں پر برف جمع نہیں ہونے دیتا ۔

deicide, n. دیوتا کا قاتل ، قاتل معبود ؛ وہ شخص جس نے دیوتا کو قتل کیا ہو ؛ قتل معبود ؛ دیوتا کا قتل ۔

deicidal, a. دیوتا کے قتل سے متعلّق ۔

deictic, a. مستقیم ؛ براہِ راست اثبات کرنے والا یا ثابت کرنے والا ؛ براہ راست استدلال سے متعلّق ۔

deify, v.t. دیوی/دیوتا بنانا ؛ معبود ٹھہرانا ؛ کسی کو دیوتا کا درجہ دینا ؛ دیوی یا دیوتا کے مرتبے پر فائز کرنا ؛ انتہائی احترام کی شے کے طور پر سلوک کرنا ؛ دیوتا سماں بنانا ؛ روحانی طور پر بلند کرنا ۔

deification, n. معبود سازی ؛ تالُیہ ؛ صنم گری ؛ کسی انسان یا چیز کو خدا ماننے/سمجھنے کا عمل ۔

deiform, a. دیوتا جیسی صورت شکل کا ؛ دیو آسا ۔

deign, v.i. کسی بات کو مناسب یا اپنے وقار کے مطابق سمجھنا ؛ فروتنی کرنا ؛ عنایت کرنا ؛ از راہ نوازش کُچھ کرنا ۔ (فعل متعدی) دینے یا عطا کرنے کے لیے جُھکنا ۔

de-industrialization, n. صنعتی انہدام کاری ، عموماً جنگ میں ہارے ہوئے ، کسی مُلک کی صنعتی استعداد کو گھٹانے یا تباہ کرنے کے لیے کیا جانے والا اقدام ۔

deism, n. توحید ؛ خدا پرستی ؛ الٰہیت ؛ خُدا کے وجود کا عقیدہ ؛ خُدا کے وجود مگر وحی کے انکار اور مذہب فطرت کا عقیدہ ؛ اس عقیدے میں خُدا کو خالق کائنات تو مانا جاتا ہے مگر ہادی نہیں ؛ موحد کا عقیدہ یا مسلک ۔

deist, n. موحد ؛ خُدا پرست ؛ خدا یا ہستیٔ برتر کے وجود کے اقرار کے ساتھ ، الہامی مذہب سے انکار کرتے ہوئے فطرت و استدلال کی بصیرت پر اپنے عقیدے کی بُنیاد رکھنے والا جو خالقِ کائنات تو ہے مگر کاروبارِ کائنات میں حصّہ نہیں لیتا ۔

deistic, deistical, a. الٰہیتی ؛ عقیدہ وجودِ خُدا سے متعلّق ۔

deistically, adv. الٰہیتی لحاظ سے ۔

deity, n. خُدا ؛ الوہیت ؛ خدائی ؛ دیوتا ؛ الٰہ ؛ کسی دیوتا کا رُتبہ یا مِلکیّت ؛ خدائی سیرت و ماہیت ؛ دیوتائی یا دیوتا پن ، خصوصاً ہستیٔ مُطلق کی سیرت و ماہیت ؛ دیوتا یا دیوی ؛ وہ شخص یا شے جِسے معبود ٹھہرا دیا گیا ہو ۔

the Deity, n. ہستیِ برتر ؛ خُدا ؛ اللہ ۔

deja vu, n. [پہلے سے دیکھا ہوا] دزاوا ؛ التباس ؛ فلم یا کہانی کا گھسا پِٹّا خاکہ (پلاٹ) ۔ (نفسیات) پہچانی دھوکا ؛ کسی نئے تجربے کے بارے میں یہ احساس کہ یہ پہلے بھی ہو چکا ہے ۔

deject, v.t. اُداس یا رنجیدہ کرنا ؛ افسُردہ یا بددِل کرنا ؛ دلگیر یا غمگین کرنا ؛ خوش دلی کو کم کرنا ؛ مایوس کرنا ؛ حوصلہ شکنی کرنا ؛ دل توڑنا ۔

dejected, a. اُداس ؛ بد دل ؛ قنُوطی ؛ شِکستہ دِل ؛ رنجیدہ خاطر ؛ افسُردہ ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ مایوس ۔

dejectedly, adv. اداسی/مایوسی سے ؛ بد دل ہو کر ؛ شکستہ دلی کے ساتھ ۔

dejectedness, n. افسُردگی ؛ اداسی ؛ دلگیری ؛ قنُوطیّت ؛ بددلی ؛ شِکستہ دِلی ۔

dejecta, n. (جمع) بول و براز ؛ ابرازات ؛ فُضلہ ؛ لید ؛ گوبر ۔

dejection, n. افسُردگی ؛ اُداسی ؛ دِل شِکستگی ؛ دلگیری ؛ رنجیدگی ؛ قنُوطیّت ؛ مغموم ہونے کی کیفیت ؛ ذہنی اضمحلال ؛ ولولے کی پستی ۔ (فعلیات) ابراز ؛ پاخانہ ؛ اجابت ۔

de jure, آئینی ؛ ازروئے قانُون ؛ ازروئے حق ؛ حسبِ ضابطہ ؛ از روئے شرع ؛ جائز ؛ قانوناً ؛ بعض اوقات صفت کے طور پر استعمال ہونے والا جزوِ جُملہ ۔ متضاد کے لیے دیکھیے : de facto ۔

delaminate, v.i. باریک تہ یا ورق اُترنا ؛ پھٹ کر باریک تہیں یا ورق اترنا ۔

delamination, n. انشقاقُ الورقہ ؛ تہ ربائی ؛ پرت ربائی ؛ باریک تہوں یا ورق اُترنے کا عمل ؛ پھٹ کر تہوں میں الگ ہونے کا عمل ۔ (جنین) ابتدائی جرثومۂ اَدَمہ کا خلیات کی دو تہوں میں اِنشقاق ۔

Delaware, n. ایک الگونکی زبان ، جو ڈی لاویئری امریکی انڈین بولتے ہیں ۔ (گُلبانی) تیّاریٔ شراب میں استعمال ہونے والا شیریں انگور ؛ اس قسم کے انگور دینے والی بیل ۔

delay, v.t., v.i. تاخیر کرنا ؛ دیر کرنا ؛ ملتوی کرنا ؛ کام لٹکائے رکھنا ؛ دیر لگانا ؛ملتوی رکھنا ؛ دیر کر دینا ؛ روکے رکھنا ؛ پُورا کرنے یا سرانجام دینے کے وقت کو طُول دینا ؛ التوا میں ڈالنا ؛ موقوف کرنا ؛ کم کرنا ؛ وقتی طور پر روکنا ؛ دیر کرانا یا باز رکھنا ؛ کاہلی/سُستی کرنا ؛ توقُف کرنا ؛ ٹھہرے رہنا ؛ کچھ وقت کے لیے رُک جانا ؛ ڈھیل کرنا ؛ تاخیر ہونا ؛ مُوخّر ہونا ؛ دیر ہونا ؛ ملتوی ہونا ؛ لٹکنا ؛ دیر لگنا ؛ کاہلی یا سُستی ہونا ؛ توقُف ہونا ۔ (اسم) ٹھہراؤ ؛ التوا یا موقوفی ؛ ڈھیل ؛ دیر ؛ تاخیر ؛ توقُف ؛ رُکاوٹ ۔

delayer, n. دیر کرنے/لگانے والا ؛ تاخیر کُنندہ ؛ باعثِ تاخیر ۔

dele, n. (طباعت) ''حذف کیجیے'' ؛ علامت حذف : طباعتی مسوّدے میں دورانِ تصحیح دی جانے والی ہدایت جسے انگریزی میں d کی علامت سے (اور اردو میں حذ کی علامت سے) ظاہر کیا جاتا ہے ، جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ نشان زدہ عبارت کو حذف کیا جائے ۔ (فعل متعدی) حذف کرنے کی ہدایت دینا ؛ 'حذف کیجیے' ، نکال دیجیے ، چھوڑ دیجیے ، لکھنا ۔

delectable, a. خُوش آئند ؛ فرحت بخش ؛ مرغوب ؛ مسرّت بخش ؛ بہت خوش کُن ؛ بہت شادمانی یا خوشی دینے والا ؛ خوشگوار ؛ دلچسپ ۔

delectableness, delectability, n. فرحت ؛ مسرّت ؛ لذت ؛ خوشی ؛ حظ ؛ لُطف ؛ مزا ۔

delectably, adv. فرحت سے ؛ مسرّت کے ساتھ ؛ خوشی سے ؛ مزے کے ساتھ ، دلچسپی کے ساتھ ۔

delectation, n. فرحت ؛ مسرت ؛ خوشی ؛ لذت ؛ حظ ؛ لُطف ؛ مزا ؛ دلچسپی ۔

delegacy, n. نیابت ؛ نمائندگی ؛ نمائندے کی حیثیّت یا پروانگی ؛ نمائندے کا بھیجنا یا اس کا تقرُّر ؛ گروہِ نمائندگان ۔

delegate, v.t. نائب یا نمائندہ یا وفد کا رُکن بنا کر بھیجنا ؛ سونپنا ؛ نمائندگی کے لیے بطور نائب بھیجنا یا مقرر کرنا ؛ کسی دُوسرے کو اختیارات یا فرائض تفویض کرنا ؛ حوالے کرنا ۔ (اسم) رُکنِ وفد ؛ نمائندہ ؛ کسی دوسرے کے فرائض کی انجام دہی یا نمائندگی کے لیے بطور نمائندہ بھیجا جانے والا شخص ؛ کوئی نمائندہ ، جیسے کسی موتمر یا دوسرے اجتماع میں ؛ ریاستہائے متحدّہ امریکا کے ایوانِ نمائندگان میں کسی علاقے کا نمائندہ ؛ میری لینڈ ، ورجینیا اور ویسٹ ورجینیا کی مجالسِ قانون ساز میں ایوانِ زیریں کا رُکن ۔

delegable, a. قابلِ تفویض ؛ وہ اختیارات یا فرائض جو تفویض کیے جانے کے قابل ہوں ۔

delegation, n. تفویضِ اختیارات ؛ جماعت نمائندگان ؛ اختیارات سونپنے کا عمل یا حقیقت ؛ کسی موتمر یا اجتماع میں دوسروں کی نمائندگی کرنے والے مفوّض افراد کی جماعت ۔

delete, v.t. حذف کرنا ؛ محذوف کرنا ؛ چھوڑنا ؛ قلم زد کرنا ؛ مٹانا ؛ محو کرنا ؛ کاٹ دینا یا نشان ڈالنا ، جیسے قلم یا پینسل سے ۔

deletion, n. اخراج ؛ تَرک ؛ حذف ؛ قلمزدگی ؛ محو کردہ حرف کا نشان ؛ ترک کردہ عبارت ۔

deleterious, a. مُضر ؛ ضرر رساں ؛ مُہلک ؛ نقصان دہ ؛ مضرت رساں ؛ صحت یا بہبود کے لیے مُخرّب ۔

delft, delf, delftware, n. کُوزہ ؛ ڈیلفٹ/ڈیلف ؛ ہالینڈ کے مقام ڈیلفٹ میں مٹّی سے بنا ہوا ایک قسم کا برتن ، جس کی سفید چمکدار سطح کو رنگوں ، خصوصاً نیلگوں رنگ سے مزیّن کیا گیا ہو ؛ اس سے ملتے جُلتے کوئی بھی مٹّی کے ظروف ۔

deliberate, v.t., v.i. غور کرنا ؛ سوچ بچار کرنا ؛ صلاح مشورہ کرنا ؛ (بات کو) ذہن میں تولنا ؛ غور و خوض کرنا ؛ احتیاط یا توجہ سے سوچنا ؛ کیے جانے والے فیصلے یا انتخاب کے بارے

delicious, a. خُوشگوار ؛ مزے دار ؛لذیذ ؛ پُرلُطف ؛ مرغوب ؛ حسّ ذائقہ یا شامہ کے لیے از حد خوش کُن ؛ فرحت بخش ۔

deliciously, adv. لذّت سے ؛ مزے سے ؛ خُوشگوار طور پر ؛ لطافت سے ۔

deliciousness, n. حظ ؛ لذت ؛ مزا ؛ لُطف ؛ خُوشگواری ؛ مرغُوبیّت ؛ لَطافت ۔

delict, n. (قانون) تجاوُز ؛ خلاف ورزیٔ قانون ؛ جُرم ؛ تقصیر/جُرم خفیف ۔

delight, v.t. خُوش کرنا ؛ مُسرّت دینا ؛ مسرُور کرنا ؛ محظُوظ کرنا ؛ بہت زیادہ خوشی مہیّا کرنا ؛ بہت زیادہ اچھا لگنا ۔ (فعل لازم) خُوش ہونا ؛ مسرور ہونا ؛ شاد ہونا ؛ محظوظ ہونا ؛ حظ اُٹھانا یا لطف اندوز ہونا (اس صورت میں فعل کے بعد in آتا ہے) ۔ (اسم) مسرّت ؛ خوشی ؛ حظ ؛ لُطف ؛ راحت ؛ ذہنی مسرّت یا تسکین کی اعلیٰ حد ؛ وجد ؛ بہت زیادہ مسرّت دینے والی شے ۔

delighted, a. خُوش ؛ شاد ؛ مسرُور ؛ محظُوظ ؛ مسرّت کا تجربہ کرنے والا ۔

delightedly, adv. خوشی سے ؛ شاد کامی سے ؛ مسرّت کے ساتھ ۔

delightful, a. راحت بخش ؛ مسرّت بخش ؛ بہت زیادہ خُوش کُن ؛ دلکَش ؛ سُرُور بخش ؛ فرحت بخش ۔

delightfully, adv. دِلکَشی کے ساتھ ؛ فرحت بخش طور پر ۔

delightfulness, n. راحت ؛ فرحت ؛ سُرُور ؛ خوشی ۔

delightsome, a. خوش آئند ؛ دِلکَش ؛ راحت بخش ؛ دِل خوش کُن ؛ لذّت آمیز ؛ فرحت بخش ۔

delightsomely, adv. خُوش آئند طور پر ؛ دِلکَشی کے ساتھ ۔

delightsomeness, n. خُوش آئندگی ؛ دِلکَشی ۔

delimit, delimitate, v.t. تحدید کرنا ؛ حدود متعیّن کرنا ؛ سرحد کی نشاندہی کرنا ؛ حد باندھنا ؛ تعیُّن کرنا ۔

delimitation, n. تحدید ؛ حد بندی ؛ تعیینِ حدود ؛ سرحد کی نشاندہی ۔

delimitative, a. متعلّق بہ حد بندی ؛ تحدیدی ۔

delineate, v.t. خاکہ بنانا ؛ نقشہ کھینچنا ؛ لفظی خاکہ کَشی کرنا ؛ شکل بنانے والے خطوط کھینچنا ؛ خاکہ یا نمونہ بنانا ؛ صحت کے ساتھ لفظوں میں تصویر بنانا ؛ زبانی تصویر کھینچنا یا بیان کرنا ۔

delineation, n. تعیینِ حدود کا عمل ؛ کردار نگاری ؛ نمونہ سازی یا تصویر کَشی ، خواہ مصوری یا لفظوں میں ؛ خاکہ ؛ بیان ۔

delineator, n. کردار نگار ؛ مُصوّر ؛ خاکہ کَش ؛ مساحت کار ؛ نقشہ کَش ۔

delinquent, a., n. غفلت کار ؛ خطا کار ؛ گنہگار ؛ خاطی ؛ عاصی ؛ غافل دماغ ؛ نادہند ؛ قاصر ؛ کسی فرض/ذمّہ داری کی ادائیگی میں ناکام/سے غافل ؛ کسی خباثت یا غلط روی کا مجرم ؛ ایسی مالی ذمہ داریوں کے بارے میں جن کی ادائیگی زائد المیعاد یا بیش میعاد ہو چکی ہو ۔

delinquently, adv. غفلت کاری/خطا کاری سے ؛ مجرمانہ طور سے ۔

delinquency, n. غفلت ؛ خطا ؛ جُرم ؛ قصُور ؛ جُرمِ پیشگی ۔

میں غوروفکر کرنا ؛ رسماً صلاح لینا یا مشورہ کرنا ؛ رسمی مباحثہ منعقد کرنا ، جیسے مجوّزہ اقدامات کے حوالے سے ۔

deliberator, n. غور و خوض کرنے والا ۔

deliberate, a. سوچا سمجھا ؛ ارادی ؛ دیدہ و دانستہ ؛ احتیاط سے سوچا یا غور کیا ہُوا ؛ جانچا/تولا ہوا ؛ بالارادہ ؛ غوروخوض سے ممیّز ؛ فیصلہ کرنے میں سُست اور محتاط ؛ حرکت و عمل میں آہستہ رو ؛ دھیما ؛ جس میں جلد بازی نہ کی گئی ہو ۔

deliberately, adv. سوچ سمجھ کر ؛ اراداتاً ؛ عملاً ؛ دیدہ و دانستہ ؛ قصداً ۔

deliberation, deliberateness, n. تامّل ؛ احتیاط ؛ اطمینان ؛ سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے کا عمل ؛ فیصلے سے پہلے محتاط غوروفکر ؛ رسمی صلاح مشورہ یا مباحثہ ، جیسے کسی قانون ساز مجلس میں ؛ سوچا سمجھا کہال ؛ حرکت یا عمل کی آہستہ روی ؛ دھیما پن ۔

deliberative, a. غوروفکر کرنے کے لائق/کرنے والا ۔

deliberatively, adv. غور کے ساتھ ؛ احتیاط سے ؛ عمداً ؛ سوچ سمجھ کر ؛ قصداً ۔

deliberativeness, n. غوروفکر کرنے کی اہلیت ؛ سوچا سمجھا انداز ۔

delicacy, n. بناوٹ کی نفاست یا نزاکت ؛ مہارت ؛ ذکاوت ؛ خاصے کا کھانا ؛ طعامِ لذیذ ؛ نفیس غذا ؛ عُمدہ و خوشنما خوبی یا خاصیت ، جیسے مرصّع ساز کے کام کی نزاکت ؛ کوئی لذّت بخش یا خوش کُن شے ، بالخصوص ذائقے کے لیے ؛ ساخت یا نوعیت کی عُمدگی ؛ ملائمت ؛ لطیف خُوبی ؛ ادراک یا احساس کی باریکی ؛ حساسیّت ؛ بہت زیادہ احتیاط یا موقع شناسی کی مقتقضی/سے مملو خاصیت ، جیسے بہت نازُک مذاکرات ؛ اقدام یا عمل کاری کی صحت ؛ بالتفصیل درُستی ؛ کسی بات کے مناسب ، موزوں یا درست ہونے کے حوالے سے احساس کی شدت ؛ دوسروں کے جذبات کا پاس ؛ کمزوری زاری ، جیسے صحت کی ؛ جسمانی ضُعف ؛ بیماری کا امکان ۔

delicate, a. نازُک ؛ ذکی الحس ، خوبصورت اور کمزور ؛ ساخت ، نوعیت اور تعمیر میں عُمدہ ؛ بیماری یا جسمانی گزند سے اثر پذیر ؛ نقیہہ ؛ آسانی سے نُقصان زدہ ہونے والا یا جلدی ٹُوٹ جانے والا ؛ نرم یا مدھّم،جیسے اتنی دھیمی یا معمولی روشنی یا رنگ جو بمشکل قابل ادراک ہو ؛ لطیف ؛ ادراک یا احساس میں نفیس یا شایستہ ؛ لطیف تفاوُت کو نمایاں کرنے والا ؛ عمل یا کارگزاری میں خوب یا سریع الحس ، جیسے کوئی آلہ ؛ بڑی احتیاط یا موقع شناسی کا متقاضی ، جیسے کوئی نازُک سفارت ؛ کسی چیز کے موزوں اور مناسب ہونے کا خیال رکھنے والا ؛ نفیس یا چیدہ ، جیسے خوراک ؛ بہت نفاست پسند ؛ نازک مزاج/تاناشاہ ۔

delicately, adv. نزاکت سے ؛ نفاست کے ساتھ ؛ احتیاط کے ساتھ ۔

delicateness, n. نزاکت ؛ نفاست ؛ لطافت ؛ نرمی ؛ باریکی ، ضُعف ، کمزوری ۔

delicatessen, n. ڈیلی کیٹسن ؛ تیّار کھانوں کی دُکان ؛ امریکا میں ایسی دُکان یا دُکان کا شُعبہ جہاں پکے ہوئے گوشت ، خشک کردہ مچھلی ، ساسیج ، پنیر ، سلاد اور اچار جیسی تیّار چیزوں کے علاوہ ایسی ڈبّا بند غذائیں فروخت کی جاتی ہیں جو یا تو استعمال کے لیے تیار ہوتی ہیں یا معمولی تیاری طلب ہوتی ہیں ۔ (عموماً جمع کے معانی لیے جاتے ہیں) وہ تیّار کھانے جو ایسی جگہ فروخت کیے جاتے ہیں (جیسے delicatessen are served at the lodge) ۔

deliquesce, v.i. پسیجنا ، بتدریج پگھل کر اور ہوا سے نمی حاصل کر کے مائع بننا ، جیسے بعض نمکیات ، تیزاب (ترشے) اور القلی ۔ (نباتیات) مکرر کئی شاخوں میں تقسیم ہونا ۔

deliquescence, n. انفعال ؛ پسیجنا(عمل) ؛ نم گیری ؛ مائع بننے کا عمل ، پگھل کر بننے والا مائع ۔

deliquescent, a. مُنفَعِل ؛ پسیجنے والا ؛ نم گیر ؛ پگھل کر اور ہوا سے نمی لے کر مائع بننے والا ۔

delirious, a. (امراضیات) ہذیانی ، مبتلائے ہذیان ؛ دیوانہ ؛ ہذیان کی حالت میں ؛ ہذیان سے مخصوص/کے بارے میں ۔ (مجازاً) اندھا دُھند ، سرگرم یا پُرجوش ؛ بدحواس ؛ انتہائی جوش یا غصے کی حالت میں ۔

deliriously, adv. ہذیانی طور پر ؛ دیوانہ وار ؛ بد حواسی سے ، مضطربانہ ۔

delirium, n. (امراضیات) ہذیان ؛ سراسیمگی ؛ وجد ؛ ذہنی حسوں کی کم و بیش عارضی بدنظمی ، جس کی خاصیت بے آرامی ، ہیجان ، وسوسے اور واہمے ہیں ، جیسے بُخار اور نشے کے عالم میں ۔ (مجازاً) شدید ہیجان یا جذبے کی کیفیت ؛ جوش ، جنون ؛ دیوانگی ؛ اضطراب ؛ مجنونانہ مسرّت یا ولولہ ۔

delirium tremens, (امراضیات) ہذیان خُمری ؛ نشے کا ہذیان ؛ رعشی بے ہوشی ؛ الکوحلی مشروبات کے حد سے زیادہ استعمال کے باعث پیدا ہونے والا شدید ہذیان ۔

delitescent, a. پوشیدہ ؛ مُضمر ؛ مخفی ، چُھپا ہُوا ۔

delitescence, delitescency, n. اخفا ؛ پوشیدگی ؛ ستر ۔

deliver, v.t. حوالے کرنا ؛ جنوانا ؛ آزاد کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ سونپنا ؛ پیدا کروانا ؛ نجات دینا ؛ چیزیں لے جانا اور مجوزہ وصول کُنندوں کے حوالے کرنا ، جیسے خطوط اور اشیا ؛ کسی دوسرے کے قبضے یا نگہداشت میں دینا ؛ ظاہر کرنا یا پھیلانا ؛ الفاظ میں ظاہر کرنا ، زبان سے نکالنا یا سُنانا ، جیسے ایک سلسلۂ خطبات ؛ کوئی فیصلے سُنانا ؛ بجا لانا ، افتتاح کرنا یا ہدایت دینا ؛ ڈالنا ، پھینکنا یا گرانا ؛ رہائی دینا یا آزاد کرنا ؛ رہا کرنا یا بچانا ، جیسے شر یا مصیبت سے ؛ کسی کے جننے کے عمل میں مدد کرنا ، جیسے بچّے پیدا ہونے کے عمل میں مدد کرنا ؛ اپنی ذات کے بارے میں ، سوچوں اور خیالوں کا بوجھ اُتارنا ۔ (فعل لازم) بچّہ جننا ؛ وضعِ حمل ہونا ؛ رائے یا فیصلہ سُنانا ۔

deliverable, a. قابل حوالگی ؛ قابل سپُردگی ؛ قابل تقسیم ؛ قابل پیدائش ۔

deliverer, n. نجات دَہندہ ؛ آزاد کرنے یا چھڑوانے والا ؛ تقسیم کُنندہ ؛ سپُرد کُنندہ ؛ حوالہ کُنِندہ ۔

deliverance, n. آزادی ؛ رہائی ؛ نجات ؛ چُھٹکارا ؛ رہا کرنے کا عمل یا رہا کیے جانے کی شرط جیسے قید ، جبر یا خطرے سے ؛ کوئی رائے یا فیصلہ ، بالخصوص سرعام سُنایا جانے والا ۔ (قدیم) کوئی اظہار ۔

delivery, n. سپُردگی ؛ طرزِ تقریر ؛ آزادگی ؛ ولادت ؛ تحویل ؛ حوالگی ؛ رہائی ؛ خلاصی ؛ ڈاک یا اشیا حوالے کرنے کا عمل ؛ حوالگی ؛ جیسے قیدیوں کی ؛ الفاظ کی ادائیگی ؛ خطیبانہ طرز ؛ دینے یا پھینکنے کا عمل یا طریقہ ، جیسے گیند کو ؛ مشکل یا ناخوشگواری سے رہائی یا آزادی ؛ وضعِ حمل یا بچّہ جننے کی کیفیت ؛ زائدگی ؛ سپُرد کی گئی شے ؛ فروخت کُنندہ سے خریدار کو منتقل ہونے والی اشیا ۔ (قانون) قانونی طریق کار سے کسی دوسرے کے قبضے میں دینے کا عمل ۔

dell, n. سرسبز وادی ؛ ایک گہری قدرتی وادی ، جس کے نشیب اکثر جنگلوں سے ڈھکے ہوتے ہیں ؛ کوئی چھوٹی وادی ؛ گھاٹی ۔

delocalize, v.t. غیر مقامی بنانا ؛ مقامیّت سے آزاد کرنا ؛ قید مقام سے آزاد کرنا ؛ مناسب یا معمول کے مقام سے ہٹانا ؛ مقامی محدودیت یا صوبائیت سے آزاد کرنا ۔

delocalization, n. غیر مقامیّت کاری ۔

delouse, v.t. جوئیں مارنا ؛ جوؤں سے نجات دلانا ۔

Delphic, Delphian, a. ڈیلفیائی : قدیم یونان کے شہر ڈیلفی اور اس جگہ واقع اپالو کی یا دگار سے متعلّق ؛ غیبی/الہامی ؛ مبہم ۔

delphinine, n. (کیمیا) ایک تلخ ، زہریلا قلمی القلائیڈ جو لارکسپر کی کئی انواع سے حاصل ہوتا ہے ۔

delphinium, n. جنس جرجیر ؛ کف نُما پتّے اور بھڑک دار پُھولوں کے خوشے رکھنے والے دیرپا پودوں کی ایک بڑی نوع ، جو شمالی معتدل منطقے میں کثرت سے ہوتی ہے ، بالخصوص اس نوع کی کاشت کی جانے والی قسم ؛ گُل میمون/جرجیر ۔

Delphinus, n. (فلکیات) دلفین ؛ بنتُ البحر ؛ شمالی آسمان میں نظر آنے والا ایک چھوٹا مجمع النجوم یا تارا منڈل ۔

Delsartian, a. دیلسارتی ؛ جمالیاتی ورزش کے ایک نظام سے متعلّق جسے فرانکوئے دیلسارتے (۱۸۱۱ء تا ۱۸۷۱ء) نے وضع کیا ۔

delta, n. ڈیلٹا ؛ سنگھاڑا ؛ مثلثی دہانہ ؛ دوشاخہ ؛ یونانی حروف تہجّی کا چوتھا حرف ؛ کسی سلسلے خصوصاً سائنسی جماعت بندی کا چوتھا رُکن ۔ (بڑے D سے) پیغام رسانی میں ابلاغی لفظ جس سے حرف D ظاہر کیا جاتا ہے ؛ کوئی مثلثی شے جو بڑے یونانی حرف △ (ڈیلٹا) سے مشابہ ہو ؛ دریا کے دہانے کے قریب اس کی مختلف سمتوں میں پھوٹنے والی شاخوں کے درمیان ایک تکونی سیلابی قطعۂ زمین ، جسے اکثر دوسری شاخیں کاٹتی ہوئی گزرتی ہیں ، جیسے دریائے سندھ کا ڈیلٹا ۔

deltaic, deltic, a. دریائی ڈیلٹا کا/سے متعلّق/ڈیلٹا کا حامل ؛ ڈیلٹائی ؛ دہانہ نُما ؛ مثلث نُما ۔

delta ray, n. ڈیلٹا شعاع ؛ مادّے میں سے کسی سریع الحرکت ذرّے ، مثلاً الفا ذرّے کے گزرنے سے ، باز جستی کے ذریعے خارج ہونے والا برقیہ ، بعض اوقات صرف برقیے ہی نہیں ، ایسے ثانوی رواں انگیز ذرّات پر اطلاق کیا جاتا ہے ، جو کسی ابتدائی رواں انگیز ذرّے کے مادّے میں سے گزرنے سے باز جستی کے ذریعے خارج ہوں ۔

delta wave, n. ڈیلٹا لہر ؛ گہری نیند میں موج دماغ ۔

deltoid, n. تکونیا ؛ سہ گوشیا ؛ مثلث نُما ؛ ڈیلٹا سا ؛ شانے کا مثلث نُما عُضلۂ دالیہ جو شانے کے جوڑ کو ڈھانپے ہوئے ہے اور جس کی مدد سے بازو کو ترچھا اٹھانا ممکن ہوتا ہے ۔ (صفت) مثلثی ؛ یونانی حرفِ تہجّی △ (ڈیلٹا) کی شکل کا ۔

deltoidal, a. عضلۂ دالیہ سے متعلّق ۔

delude, v.t. بہکانا ؛ سبز باغ دکھانا ؛ فریب دینا ؛

دھوکا دینا ؛ دغا دینا ؛ سچائی سے دُور کر دینا یا غلطی میں ڈال دینا ؛ غلط راہ پر لگانا ؛ دھوکے سے کام کرانا ۔

deluder, n. دھوکا باز ؛ دغا باز ؛ فریب کار ۔

delusive, delusory, a. پُرفریب ؛ دھوکے میں ڈالنے والا ؛ ذہن کو غلط راہ پر ڈالنے پر مائل ؛ مُغالطہ خیز ؛ فریبندہ ؛ مُغالطہ آمیز ؛ وہمی ۔

delusively, adv. فریب کارانہ ؛ مُغالطہ آمیزی سے ۔

delusiveness, n. مُغالطہ خیزی ؛ فریب دہی ۔

deluge, n. طغیانی ؛ طُوفان ؛ سَیل ؛ سَیلاب ؛ طغیانی سے مشابہ کوئی چیز، کوئی زیر کر لینے والی چیز ؛ جیسے کوئی بڑی تباہی ؛ شدید بارش ؛ الفاظ کی بھرمار ؛ لفّاظی ۔ (فعل متعدی) ڈوب جانا ، جیسے پانی سے ؛ زیر آب کرنا ؛ غرق کرنا ؛ گھیر لینا ۔

the Deluge, n. طوفانِ نُوح ؛ حضرت نُوح کے زمانے میں زمین کو ڈھانپ لینے والا سَیلِ عظیم ۔

delusion, n. دھوکا ؛ فریب ؛مغالطہ ؛ دغا ؛ غلط خیال یا عقیدہ ؛ توہُم ؛ وسوسہ ؛ سبز باغ دکھانے کا عمل ؛ دھوکا دیے جانے/غلط راہ پر ڈالے جانے کی کیفیت ؛ نادرست تأثر یا یقین ۔ (طبِ نفسی) اختباط ؛ ایسا غیر معمولی وقوعہ جس سے کسی عقیدے پر، اس کے برخلاف ثبوت کی موجودگی میں بھی یقین موجود رہے ؛ فریبِ خیال ۔

delusional, a. اختباطی ۔

delux, de luxe, a. نفیس ؛ عُمدہ ؛ معیاری ؛ اعلیٰ صفات کا حامل ۔ (متعلّق فعل) عُمدہ طریقے سے ؛ اعلیٰ صفات کے ساتھ ؛ تمکنت سے ؛ نفاست سے ؛ خُوش اسلُوبی سے ۔

delve, v.i. چھان بین کرنا ؛ معلومات کے لیے گہری اور محنت طلب تحقیق کرنا ۔ (قدیم) کھودنا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) کھودنا/کھدائی کرنا ۔ (اسم) (قدیم) گڑھا ؛ نشیب ؛ غار ۔

delver, n. محقِّق ؛ گہرائی میں جانے والا ؛ معلومات کے لیے دِقّت طلب تحقیق کرنے والا ۔

demagnetize, v.t. مقنا ربائی کرنا؛ اِزالۂ مقناطیسیت کرنا ؛ مقناطیسیت ختم کرنا ؛ مقناطیسی قطبیت سے محروم کرنا ؛ مقناطیسی خصوصیات ہٹا لینا ؛ اَن مقنانا ۔

demagnetization, مقنارُبائی ؛ اَن مقنائی ؛ ازالۂ مقناطیسیت ۔

demagnetizer, n. مقنارُبا ؛ اِزالۂ مقناطیسیت کرنے والا ۔

demagogue, demagog, n. زعیم ؛ جذبات انگیز خطیب ؛ عوامی لیڈر ؛ جذباتی تقریریں کرنے والا رہنُما ؛ ذاتی اقتدار حاصل کرنے کے لیے عوامی جذبات و تعصبّات سے فائدہ اُٹھانے والا شخص ؛ قدیم زمانے میں ہر دل عزیز رہنما ۔

demagoguery, n. جذباتی خطابت ۔

demagogic, demagogical, a. جذبات انگیز ؛ جذبات اُبھارنے والا ۔

demagoguism, n. جذباتی خطابت ؛ جذبات انگیز خطابت کے ذریعے رہنمائی کا نظریہ ؛ عوامی رہنمائی ۔

demand, v.t., v.i. مُطالبہ کرنا ؛ تقاضا کرنا ؛ چاہنا ؛ ضرورت رکھنا ؛ مانگنا ؛ طلب کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ اصرار سے پوچھنا ؛ تحکُم سے مانگنا یا حق سمجھ کر دعوےٰ کرنا ؛ تفوُّق رکھتے ہوئے طلب کرنا یا فوراً مانگنا ؛ رسمی اور قانونی مطالبہ کرنا ؛ عدالت میں حاضری کے لیے طلب کرنا ؛ کسی چیز کو مبنی برانصاف ، مناسب یا ضروری سمجھ کر اس کا تقاضا کرنا ؛ تحکُم سے پوچھنا ؛ استفسار کرنا یا پوچھنا ؛ تقاضا کرنا ۔

demandable, a. قابلِ مطالبہ ؛ قابلِ تقاضا

demandant, n. تقاضا کُنندہ ؛ مطالبہ کُنِندہ ۔ (قانون) وہ مدّعی جس نے مقدمہ کر رکھا ہو ؛ کوئی بھی مدّعی ۔

demander, n. مُطالبہ کرنے والا ؛ تقاضا کرنے والا ۔

demand, n. مُطالبہ ؛ تقاضا ؛ طلب ؛ مانگ ؛ طلب کرنے کا عمل ؛ تحمکُمانہ اور تفوُّق رکھنے والا دعوے یا مطالبہ ، جیسے عندالطلب قابل اَدائیگی نوٹ ؛ طلب نامہ ؛ کوئی قانونی دعوے ؛ ضرورت یا خواہش ، جیسے کسی شے کی ؛ خریداری یا استعمال کے لیے طلب میں ہونے کی حالت یا مانگ ؛ کوئی فوری یا اہم ضرورت ، جیسے کسی کے وقت یا وسائل پر تقاضا ؛ کوئی استفسار یا سوال ؛ وہ شے جس کی طلب ہو ۔ (معاشیات) کوئی مال خریدنے کی خواہش مع قُوّتِ خرید یا کسی خاص قیمت پر اس کی مخصوص مقدار کی طلب ۔

demand deposit, n. (بینکاری) عِندُالطلب امانت ؛ عِندُالطلب ڈپازٹ ؛ بینک میں جمع کردہ وہ رقم جو کسی پیشگی نوٹس کے بغیر کسی وقت بھی نکلوائی جا سکے ۔

demanding, a. محنت طلب ؛ توجُّہ طلب ؛ اعلیٰ درجے کی درستی/صحت یا توجُّہ کا طالب ؛ جتنا کسی صورت میں یا کسی کام کی انجام دہی میں ضروری ہو اس سے زیادہ کا مطالبہ ۔

demand loan, n. عِندُالطلب قرض ؛ کسی رقم کی عِندُالطلب ادائیگی کا مطالبہ یا تحریری معاہدہ ۔

demantoid, Uralian emerald, n. یاقُوتِ سبز ؛ گوہر کے طور پر استعمال ہونے والا تیز ہرے رنگ کا چمک دار یاقُوت ۔

demarcation, demarkation, n. حد بندی ؛ نشان دہی ؛ تعیین حدود ؛ نشان دہی یا تعیین حدود کا عمل یا طریقہ ؛ علیحدگی ؛ امتیاز ۔

demarcate, demark, v.t. حد بندی کرنا ؛ نشان دہی کرنا ؛ حد یا سرحد مقرر کرنا ؛ تعیِین حدود کرنا ؛ علیحٰدہ کرنا ؛ امتیاز کرنا ۔

deme, n. محلّہ ؛ قدیم اطیکا اور جدید یونان میں ایک انتظامی ذیلی حلقہ ۔

demean, v.t. خصوصی طرز کا وطیرہ اختیار کرنا ؛ اپنے آپ کا (دوسروں سے) ایک خصوصی انداز سے پیش آنا یا برتاؤ کرنا ۔

demeanor, demeanour, n. سلوک ؛ برتاؤ ؛ رکھ رکھاؤ ؛ وطیرہ ؛ رویّہ ؛ طرزِ عمل ؛ طور طریق ؛ ڈھنگ ؛ وضع ۔

demean, v.t. ذلیل کرنا ؛ حقیر کرنا ؛ وقار یا حیثیت میں کم کرنا ؛ گھٹانا یا بگاڑنا ؛ بالخصوص اپنے آپ کو شرمندہ کرنا یا گرانا ؛ کسرشان کرنا ۔

demented, a. پاگل ؛ مجنوں ؛ دیوانہ ؛ مخبوطُ الحواس ۔

dementi, n. تردیدِ سرکاری ؛ سفارتی وجوہ کی بنا پر کسی حکومت کی جاری کردہ تردید ، جیسے کسی اطلاع کی ۔

dementia, n. (طبِ نفسی) عتاہت ؛ فتورِ دماغ ؛ دیوانگی ؛ انحطاط زدہ قُوّتِ فکر کی کوئی کیفیت ، بالخصوص کسی شخص کے جذباتی تأثرات اور اس کے قوائے عقلی میں موزونیت کا

تنزُّل ۔

dementia praecox, n. شیزو فرینیا ؛ انشقاقِ شخصیّت ؛ عتاہتِ مُتبَادِرہ ؛ بلاہت مُتبَادِرہ ۔

demerit, n. خرابی ؛ نقص ؛ عیب ؛ نااہلیت ؛ کوئی لائق مذّمت یا قابلِ سزا خاصیّت ؛ کوئی خطا ؛ خُوبی کی کمی ؛ مدارس میں غلط روی یا کسی قصور کی بنا پر کسی طالبِ علم کے خلاف اندراج ، جس کے نتیجے کے طور پر عموماً استحقاق چھن جاتا ہے ۔

demesne, n. اراضی کا قبضۂ مالکانہ ؛ مقبوضہ جائیداد یا املاک ؛ زمین کی شکل میں جائیداد یا املاک ؛ کسی جاگیر یا محل سے ملحقہ وہ اراضی جومزارعین کی بجائے مالک کے زیر قبضہ ہو ؛ علاقہ/قلمرو ۔

demigod, n. نیم دیوتا ؛ اوتار ؛ ایسی شخصیت جس کی صفات خدائی صفات کے قریب ہوں ؛ دیو مالا میں کوئی ایسی ہستی جو فانی انسانوں سے برتر صفات کی حامل ہو لیکن دیوتا نہ ہو ۔

demijohn, n. بید کی ٹوکری جیسی بُنت میں ملفوف بڑے حجم مگر تنگ دہانے کا شیشے کا ظرف یا بوتل ۔

demilitarize, v.t. غیر فوجی بنانا ؛ لاعسکری کُرنا ؛ فوجی کردار سے محروم کر دینا ؛ عسکریّت سے پاک کر دینا ؛ فوجی تنظیم ہٹا لینا ؛ فوجی نگرانی کی بجائے شہری نگرانی میں رکھنا ۔

demilitarization, n. لاعسکر کاری ۔

demimondaine, n. [فرانسیسی] شریف اور رذیل کے بیچ کی عورت ؛ بدنام عورت ۔

demimonde, n. [فرانسیسی میں ''دنیائے نیم'' جو اے ۔ ڈوماس صغیر کی ایجاد کردہ اصطلاح ہے] وہ خواتین جو معاشرتی لحاظ سے طبقاتی امتیاز کھو چکی ہوں یا جن کی شہرت و مرتبہ مشکوک ہو اور ان کا مقام طبقۂ اشراف و طبقۂ رذائل کے بین بین ہو یا وہ مشکوک شہرت و حیثیت کی مالک ہوں ۔

demirep, n. مشکوک یا مشتبہ شہرت کی حامل عورت ۔

demise, n. وفات ؛ مَوت ؛ رحلت ؛ کسی شخص کا انتقال ؛ مرگ ؛ کسی شے یا ادارے کی عمل کاری یا وجود کا خاتمہ ، جیسے رنگا رنگ کھیل کا اختتام ۔ (قانون) انتقال جائیداد ؛ انتقالِ املاک یا جائیداد بوجہ وفات ؛ انتقال اقتدار ۔ (فعل متعدی) (قانون) خاص مدت کے لیے انتقال کرنا ، جیسے جائیداد کا ؛ وصیت کرنا ؛ ہبہ بالوصیت کرنا ۔ (فعل لازم) وصیت یا وراثت کے ذریعے دینا ۔

demisable, a. قابلِ انتقال ؛ انتقال پذیر ۔

demisemiquaver, n. (موسیقی) تیس ثانیے کا سُر ؛ تین آنکڑوں والی علامت ؛ نصف نیم زمزمہ ؛ نصف زمزمک ۔

demission, n. ترکِ عُہدہ ؛ تخت چھوڑنے کا عمل ؛ دست برداری یا استعفٰی بالخصوص کسی عہدے سے ؛ ترک سلطنت ۔

demit, v.t. کسی عُہدے یا مرتبے سے دست بردار ہونا یا استعفٰی دینا ۔ (فعل لازم) مستعفی ہونا ۔

demitasse, n. فنجان ؛ ایک چھوٹی پیالی جیسی کہ کھانے کے بعد سیاہ کافی کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ایسی پیالی کا مافیہ ۔

demiurge, n. جہان آفرین ؛ خالق ؛ صانع ؛ آفرید گار ؛ اہرمن ۔ (فلسفہ) افلاطونی صانع جو طبعی دنیا کی ترتیب و تشکیل کرتا ہے اور اسے ، جہاں تک ممکن ہو ، بہترین اور سب سے زیادہ عقلی نمونے کے مطابق بناتا ہے ؛ غناسطیت میں خصوصاً مادّی دنیا کے مثبت شر کا خالق ۔

demivolt, n. گُھڑ سواری میں گھوڑے کا اگلے پاؤں کھڑے کر کے آدھا موڑ مُڑنا ۔

demob, v.t. (برطانوی بول چال) لام شکنی کرنا ، فوج کی خدمت سے سبکدوش کرنا ۔ (اسم) (برطانوی بول چال) لام شِکنی ؛ فوجی خدمت سے باعزّت سبکدوش ۔

demobilize, v.t. (عسکری) لام شِکنی کرنا ؛ فوجی دستوں کو نہتّا اور برخاست کر دینا ؛ فوج کو منتشر کرنا ؛ فوج کی خدمت سے فارغ کرنا ؛ فوج کو فوجی خدمت سے سبکدوش کرنا ۔

demobilization, n. لام شکنی ؛ فوجی خدمت سے سبکدوشی ؛ فوجی خدمت سے فراغت ۔

democracy, n. جمہوریت ؛ عمومیت ؛ عمومیہ ؛ عوام کی رائے سے بننے والی حکومت ؛ وہ طرز حکومت جس میں اقتدار اعلیٰ کے مالک عوام ہوتے ہیں اور جس کا استعمال وہ خُود یا ان کے منتخب نمائندے کرتے ہیں ؛ وہ مُلک جس میں ایسی حکومت قائم ہو ؛ محدود معنوں میں ، ایسی ریاست جس میں اقتدارِ اعلیٰ عوام کے پاس ہو اور وہی براہِ راست اسے استعمال کرتے ہوں نہ کہ منتخَب نمائندوں کے ذریعے ؛ معاشرے کی وہ کیفیت جس کی خصوصیت حقوق و مراعات کی برائے نام مساوات ہو ؛ سیاسی یا سماجی مساوات ؛ جمہوری روح ؛ کسی برادری کے عام لوگ بمقابلہ صاحبِ حیثیّت لوگوں کے ؛ عام لوگ اپنی سیاسی قوت کے لحاظ سے ۔ (بڑے D سے) (امریکی سیاسیات) ڈیموکریٹک پارٹی کے اصول یا ڈیموکریٹک پارٹی کے ارکان بحیثیت مجموعی ۔

democrat, n. جمہوریت پسند ؛ جمہوریت پرست ؛ جمہوریت کا حامی ؛ وہ شخص ، جو سب کے لیے سیاسی و معاشرتی مساوات کے اصولوں پر سختی سے کاربند ہو ۔ (بڑے D سے) (امریکی سیاسیات) ڈیموکریٹک پارٹی کا رُکن ۔

democratic, a. عمومی ؛ جمہوری ؛ جمہوری پسندانہ ؛ جمہوری پرستانہ ؛ جمہوریت سے متعلّق یا جمہوریت کے مزاج کا ؛ جمہوریت کی حمایت یا تاکید کرنے والا ؛ عوام کے ذوق کا سامان کرنے والا یا عوامی مفادات کے کام آنے والا ؛ سب کے لیے سیاسی یا معاشرتی مساوات کے اصول سے متصّف یا متعلّق ۔ (بڑے D سے) (امریکی سیاسیات) ڈیموکریٹک پارٹی کا/سے متعلّق ۔ (امریکی تاریخ) اس سیاسی جماعت سے متعلّق جس کے امتیازی اصولوں میں عمومی حکومت کو تفویض کردہ اور انفرادی ریاستوں کے خُود گرفتہ اختیارات کے بارے میں آئین کی صحیح تعبیر شامل تھی ۔

democratically, adv. جمہوریت پسندانہ طور پر ؛ جمہوری طریقے سے ؛ ازروئے عمومیت ۔

Democratic-Republican party, n. (امریکی تاریخ) ڈیموکریٹک ری پبلکن پارٹی ؛ ان گروہوں کے ادغام سے وجود میں آنے والی جماعت جو فیڈرلسٹ پارٹی کے مخالف تھے ۔

democratize, v.t. جمہوریانا ؛ جمہوری بنانا ؛ کسی معاملے کو جمہوری رنگ دینا ؛ طبقاتی امتیازات ہٹا لینا ؛ عوامی بنانا ؛ عمومی سطح پر لانا ۔

demoded, a. غیر مروّج ؛ جس کا رواج (فیشن) ختم ہو گیا ہو ؛ جو فیشن میں نہ ہو۔

demodulate, v.t. (ریڈیو) ازالۂ زیروبم کرنا ؛ زیروبم والے اشارے کا سراغ لگانا یا اسے روکنا۔

demodulation, n. ازالۂ زیروبم ؛ زیروبم کا سراغ لگانے کا عمل۔

demographics, n. آبادیات ؛ آبادیات نُما ؛ خصوصیات آبادی۔

demography, n. مردم نگاری ؛ آبادیات ؛ علمِ شماریاتِ آبادی ؛ آبادی کے اعداد و شمار کا عِلم،جیسے پیدایش ، اموات ، شادیوں اور بیماریوں کا ریکارڈ۔

demographer, demographist, n. مردم نگار ؛ ماہرِ آبادیات ؛ ماہرِ عِلمِ شماریاتِ آبادی ؛ آبادی کے اعداد و شمار رقم کرنے والا۔

demographic, demographical, a. مردم نگارانہ ؛ آبادیاتی ؛ عِلمِ شماریات آبادی سے متعلّق۔

demographically, adv. آبادیات کی رُو سے ؛ ازرُوئے مردم نگاری ؛ عِلمِ شماریات آبادی کے لحاظ سے۔

demoiselle, n. دوشیزہ ؛ سارس افریقہ ؛ بھنبھیری ؛ کابلی مکھی ؛ نوعمر خاتون ؛ کنواری نو عمر عورت ؛ آنکھوں کے پیچھے لمبی سفید کلغیاں رکھنے والا سارس ؛ آدم نُما سنبلہ(Anthropoides virgo) جو شمالی افریقہ ، ایشیا اور یورپ میں پایا جاتا ہے ؛ بوقت آرام اپنے پروں کو عمودی حالت میں رکھنے والی اگریڈا جنس (Agridae) کی متعدد لمبے اور پتلے جسموں کی بھنبھیریوں میں سے کوئی۔

demolish, v.t. مسمار کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ ڈھانا یا گرانا ؛ تباہ کرنا ؛ توڑ ڈالنا ، جیسے کوئی ڈھانچا یا مصنوعی تعمیر ؛ برباد کرنا ؛ تلف کرنا ؛ ملیا میٹ کرنا۔

demolisher, n. مسمار کُندہ ؛ منہدم کُندہ ؛ تباہ کرنے والا۔

demolition, n. انہدام ؛ مسماری ؛ گرانے یا توڑنے پھوڑنے کا عمل ؛ بربادی ؛ تباہی۔ (جمع) بہت زیادہ دھماکا خیز مادّے جنھیں خصوصاً دورانِ جنگ تباہی پھیلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

demolition bomb, n. تباہی بم ؛ مسمار بم ؛ ایک ایسا بم جو زمین میں تھوڑا سا کُھب کر پھٹتا ہے اور سطح زمین پر دھماکے سے نقصان اور تباہی کا باعث بنتا ہے۔

demon, daemon, n. بُھوت ؛ پَریت ؛ آسیب ؛ بدرُوح ؛ شیطان ؛ خبیثانہ طور پر بدمعاش یا ظالم شخص ؛ شر کا جذبہ یا اثر ؛ نمایاں توانائی رکھنے والا شخص۔ (اساطیری) ایسی مافوقُ الفطرت ہستی جس کی درجہ بندی دیوتاؤں اور انسانوں کے درمیان ہو ؛ عفریت ؛ ابلیس ؛ نیچ قسم کا دیوتا ؛ بے رحم و خونخوار شخص۔

demonian, a. بدرُوحی ؛ بُھوت پَریت کی صفات والا ؛ عفریتی ؛ اِبلیسی۔

demonic, demonical, a. آسیبی ؛ عفریتی ؛ بدرُوحی ؛ بُھوت پریت جیسا ؛ شیطان صفت۔

demonically, adv. ابلیسانہ ؛ آسیبی/شیطانی طور پر۔

demonization, n. بدرُوح بنانے کا عمل ؛ شیطان صفت بنانے کا عمل۔

demonize, v.t. بدرُوح بنانا ؛ بُھوت پَریت بنانا۔

demonetize, v.t. سِکّے کی ساقط کرنا ؛ زر کی حیثیت سے ختم کر دینا ؛ معیاری قدروقیمت سے محروم کر دینا ، جیسے روپے پیسے کو ؛ گردش سے نکال لینا ؛ زر ربائی کرنا ؛ اسقاط زر کرنا ؛

demonetization, n. اِسقاطِ زر ؛ زر کی حیثیّت سے خاتمہ ؛ بطور روپے پیسے کے معیاری قدروقیمت سے محرومی ؛ گردش سے نکال لینے کا عمل۔

demoniac, demoniacal, a., n. آسیب زدہ ؛ مجنوں ؛ وہ شخص جس پر بظاہر آسیب یا بُھوت پریت کا سایہ ہو ؛ پاگل ؛ بُھوت پَریت یا آسیب کا/سے متعلّق یا اِن جیسی خصلت کا ؛ ایسے ہیجان میں گویاشیطان نے اُبھارا ہو ؛ عفریتی ؛ آسیب یا بدرُوح سے مخصوص ؛ شیطان سیرت ؛ جس پر بدرُوح کا سایہ ہو یا ایسے سائے سے متعلّق ؛ پُرتشدد ؛ مضطرب ؛ شیطانی ؛ ابلیسانہ۔

demoniacally, adv. بُھوت پَریت کے طور پر ؛ آسیب زدگی کے لحاظ سے۔

demonism, n. اعتقادِ جنات ؛ ارواحِ خبیثہ یا بدرُوحوں کا عقیدہ یا نظریہ ؛ عفریت پرستی ؛ شیطان کی پوجا۔ دیکھیے : demonology۔

demonist, n. شیطان کا پجاری۔

demonolatory, n. جِنّات پرستی ؛ بَدرُوح پرستی ؛ بھوت پریت کی پرستش ؛ بُھوت پرستی ؛ دیو پرستی۔

demonolater, n. بھوت پرست۔

demonolatrous, a. جِنّات پرستانہ ؛ بُھوت پرستانہ۔

demonolatrously, adv. جِنّات پرستی کے طور پر ؛ بدرُوح پرستانہ طریقے سے ؛ بُھوت پَریت کی پرستش کے لحاظ سے۔

demonology, n. جنیّات ؛ علمِ جِنّات ؛ بُھوت پَریت کا نظریہ ؛ بدرُوحوں یا ان کے بارے میں اعتقادات کا مطالعہ ؛ عفریتیات ؛ بدروحوں کا عِلم۔ دیکھیے : demonism۔

demonologist, demonographer, n. عاملِ جِنّات ؛ جنیّات دان ؛ عفریتیات دان ؛ بدرُوحوں کے عِلم کا ماہر ؛ سیانا ؛ منتری۔

demonography, n. عملیات ؛ بیانیہ جنیّات ؛ تشریحی عفریتیات ؛ بُھوت پَریت کا توضیحی عِلم۔

demonstrate, v.t.v.i مُظاہرہ کرنا ؛ مُظاہرے سے سمجھانا ؛ مکمّل وضاحت سے نشان دہی کرنا ؛ صاف طور پر دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ نمایش کرنا ؛ خوبیوں اور عمل کاری کی نمایش کرنا ؛ پُریقین ہونے کے لیے دکھانا یا ثابت کرنا ؛ شبہ کے امکان سے ، مثالوں سے تشریح کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ بیان کرنا ؛ ثابت کرنا ؛ شہادت دینا ؛ مُظاہرے میں شریک ہونا۔ مظاہرہ کرنا یا اظہار کرنا ؛ مثالیں استعمال کرتے ہوئے تعلیم دینا ؛ کسی آدرش یا مقصدِ عظیم کے لیے عوامی توجّہ اور حمایت حاصل کرنے کی خاطر جمع ہو کر اور مل کر چلنا یا دھرنا مارنا ؛ عسکری قوّت دکھانا۔

demonstrable, a. قابلِ مُظاہرہ؛ مثالوں کو سمجھانے کے قابل ؛ قابلِ تشریح بالامثال ؛ مُظاہرہ کیے جانے ، ثابت کیے جانے یا نمایش کیے جانے کے قابل۔

demonstrability, n. صلاحیّتِ مُظاہرہ ؛ صلاحیّتِ ثبوت ؛ مشاہدہ پذیری۔

demonstrably, adv. قابلِ مُظاہرہ ہونے کے لحاظ سے ؛ قابلِ تشریحِ بالامثال ہونے کے طور پر۔

demonstration, n. مُظاہرہ ؛ ثبوت ؛ استدلال ؛ کسی مصنوع کے اوصاف اور عمل کاری کی نمایش / کا اظہار؛ بیرونی نمود ؛ شک و شُبہہ سے ماورا ثبوت پیش کرنے کا عمل ؛ منطقی یا ریاضیاتی استدلال سے ثبوت ؛ کسی مقصد کے حصول کی غرض سے برسرعام گروہی اقدام ، مثلاً مل کر چلنا یا دھرنا دینا ؛ جیسے ، مزدُور دُشمن اقدامات کے خلاف مظاہرہ ۔ (عسکری) دُشمن کو دھوکا دینے کی غرض سے کی جانے والی کارروائی ، مثلاً کسی مقام پر فوجیں جمع کر دینا ؛ تشریح بذریعہ امثلہ ؛ اجتماع عام میں مظاہرہ ۔

demonstrative, a. ایضاحی ؛ اثباتی ؛ مدلّل ؛ مظاہرے کے کام آنے والا ؛ کسی شہادت سے دکھانے یا ثابت کرنے والا ؛ ناگزیر طور پر فیصلہ کُن ؛ کسی احساس کے پُرزور اِظہار سے مُمیّز یا اس کا عادی ؛ احساس یا جذبات کا ظاہری طور پر اظہار کرنے والا ۔ (گرامر) حوالے کی طرف واضح طور پر اشارہ کرنے والا (جیسے : demonstrative adjective یا demonstrative pronoun) ؛ مظہر ؛ اظہار پسند ۔ (اسم) (گرامر) اشارہ کُنندہ ؛ وُہ لفظ جو اس شے کی طرف واضح اشارہ کرے جس کا حوالہ ہو (جیسے : This or there) ۔

demonstratively, adv. ایضاحی طور پر ؛ اثباتی لحاظ سے ؛ مظاہرے کے طور پر ؛ مدلّل طریقے سے ؛ قطعاً ۔

demonstrativeness, n. اِیضاح ؛ اثبات ؛ قطعیت ؛ اظہار پسندی ۔

demonstrator, n. مُعلّم عملی ؛ مظاہرہ کرنے والا ؛ مثالوں سے سمجھانے والا ؛ سائنس کی تجربہ گاہ میں تجربات کروانے والا ؛ مجمع باز ؛ وہ شخص جو عوام میں کسی شے کی خوبیوں یا اس کی عمل کاری کا مظاہرہ یا نمایش کرتا ہے، جیسے کسی آلے یا کھانے پینے کی چیز کی ؛ اظہار کے مقصد کے لیے استعمال کی جانے والی شے یا مصنوع ، مثلاً کوئی کار یا ریڈیو ؛ حصولِ مقصد کی غرض سے احتجاجی مظاہرے میں حصّہ لینے والا ۔

demoralize, v.t. اخلاق پست کرنا ؛ حوصلہ پست کرنا ؛ بددلی پھیلانا ؛ اخلاقی اثر کو کمزور یا تباہ کرنا ؛ جذبہ ، ہمت ، نظم و ضبط وغیرہ سے محروم کرنا ؛ کمزوری یا بدنظمی کی کیفیت میں لانا ؛ اخلاق بگاڑنا یا کھوکھلا کرنا ؛ اخلاقی طور پر کج رو بنا دینا ۔

demoralization, n. اخلاق پَست کرنے کا عمل ؛ حوصلہ پست کرنے کا عمل ؛ جذبہ ، ہمت ، نظم و ضبط وغیرہ سے محرومی ؛ پست اخلاقی ؛ بد دلی ؛ پست ہمتی ۔

demoralizer, n. اخلاق پست کرنے والا ؛ حوصلہ پست کرنے والا ؛ بد دلی پھیلانے والا ؛ جذبہ ، ہمت ، نظم و ضبط وغیرہ سے محروم کرنے والا ۔

demos, n. جمہُور ؛ عوام ؛ جرگہ ؛ ایک قدیم یونانی ریاست کے لوگ یا عام آدمی ؛ خلقت ۔ (عمرانیات) ایسا انسانی گروہ جسے سیاسی وحدت سمجھا جائے ۔

demote, v.t. تنزّلی کرنا ؛ عُہدہ گھٹانا ؛ مرتبہ کم کرنا ۔

demotion, n. تنزُّل/تنزُّلی ؛ عہدے یا مرتبے میں کمی ۔

demotic, a. عوام یا جمہُور سے متعلّق ؛ عوامی ؛ روزمرہ زندگی کے قدیم مِصری خط سے مذکور یا متعلّق ، جو دراصل پروہتی رسم الخط کی آسان کردہ شکل تھی ؛ جدید یُونانی زبان کی بولی جانے والی شکل سے متعلّق ، جس کی بنیاد عوامی استعمال پر رکھّی گئی ہے ؛ عامیانہ ؛ ہردلعزیز ۔

demount, v.t. علیحدہ کرنا ؛ اُتارنا ؛ تصویر وغیرہ کو دفتی سے علیحدہ کرنا ؛ کسی چیز کو اس کے خانے ، چوکھٹے یا سہارے کی جگہ سے ہٹانا ، جیسے بندوق یا گاڑی کے ٹائر کو ؛ الگ کرنا ۔

demountable, a. علیحدہ کرنے کے قابل ؛ اُتارنے کے قابل ؛ جو الگ کیا جا سکے (جیسے : demountable wheel rim) ؛ علیحدگی پذیر ۔

demountability, n. الگ ہونے کی خاصیّت ؛ علیحدگی پذیری ۔

demulcent, a. تسکین بخش ؛ سکون بخش ؛ نرمی پیدا کرنے والا ؛ کم کرنے والا ۔ (اسم) لیس دار مادّے کے طور پر سوزش کے اثرات کو کم کرنے والی کوئی بھی دوا ؛ مُسکّن دوا ؛ مرہم

demur, v.i. پس و پیش کرنا ؛ اعتراض کرنا ؛ احتجاج کرنا ؛ (کسی بات کی) مخالفت کرنا ، خصوصاً ضمیر کے کچوکوں کے باعث ۔ (اسم) احتجاج ؛ اعتراض ؛ تأمُّل ۔

demurral, n. اعتراض ؛ تأمُّل ۔

demure, a. متین ؛ خاموش ؛ مصنوعی شرم والا ؛ سنجیدہ ؛ معقول ؛ دکھاوے کا تکلُّف شِعار ؛ ظاہر دار ۔

demurely, adv. سنجیدگی سے ؛ متانت سے ؛ مصنوعی شرم کے ساتھ ۔

demureness, n. سنجیدگی ؛ خاموشی ؛ مصنوعی شرم ۔

demurrage, n. (تجارت) دیرانہ ؛ برجہ ؛ برجانۂ تاخیر ؛ مال لانے لے جانے والے کی طرف سے ، مال لادنے یا اُتارنے میں جہاز کو مُتفقّہ وقت سے زیادہ روکنا ؛ مال گاڑی یا ٹرک کی ایسی ہی تاخیر ؛ اس قسم کی تاخیر کا خرچہ ؛ ڈیمریج ۔

demurrer, n. پس و پیش یا اعتراض کرنے والا ۔ (قانون) عُذرداری ؛ ایسی جواب دہی جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہو کہ قانون کی نظر میں مخالف فریق کے پیش کردہ دلائل کسی اقدام کا جواز بننے کے لیے ناکافی ہیں ؛ اعتراض ؛ احتجاج ۔

demy, n. ڈیمائی ؛ تحریری کاغذ کی ایک تقطیع ؛ ۱۶ × ۲۱ انچ ۔ (برطانوی) تحریری کاغذ کی تقطیع ۱۵ ۱/۲ × ۲۰ انچ اور طباعتی کاغذ کی تقطیع ۱/۲ ۱۷ × ۱/۲ ۲۲ انچ ؛میگڈیلن کالج آکسفورڈ کا فاؤنڈیشن اسکالر ، جو ابتداً فیلو کا نصف الاؤنس ملنے کے باعث ڈیمائی کہلاتا ہے ۔

den, n. کھوہ ؛ ماند ؛ بَھٹ ؛ کھڈ ؛ تنگ و تاریک جگہ ؛ چوروں کا اڈّا ؛ خلوت خانہ ؛ وہ غار یا زمین دوز خُفیہ تنگ جگہ جسے چھپنے ، پناہ ، بچاؤ یا حفاظت کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کوئی چھپنے کی جگہ ، یا کسی وحشی شکار خور جانور کی کچھار ؛ کوئی گندی جائے رجوع ؛ اڈّا ؛ تکیہ ؛ گھنے درختوں میں گھرا نشیب ؛ خاموش گوشۂ تنہائی ، جیسے پڑھنے کا کمرہ ؛ امریکا میں بوائے اسکاؤٹ پروگرام کے حصّے کے طور پر ''کب'' سکاؤٹوں کا گروہ ۔

denary, a. عشری ؛ دہائی کا ؛ دس کا یا دس سے متعلّق ؛ دس دس کے حساب سے بڑھنے والا ؛ اعشاریہ ؛ دہ در دہ ۔

denationalize, v.t. ناقومیانا ؛ قومی مرتبے ، قومی تعلّق یا قومی خصوصیات سے محروم کر دینا ؛ حکومتی مِلکیّت یا نگرانی سے نکال لینا/دینا ۔

denationalization, n. ناقومیانا کاری ۔

denaturalize, v.t. کسی شخص کو غیر مُلک میں وطن گیری یا حاصل کردہ شہریت سے محروم کر دینا ؛

غیر فطری بنا دینا ؛ اپنی فطرت سے اجنبی بنا دینا ۔

denaturalization, n. غیر فطری کاری ؛ غیر فطری بننے یا بنانے کا عمل ؛ کسی شخص کو غیر ملک میں شہریت سے مَحروم کر دینے کا عمل ؛ غیر فطری کرنے کا عمل ؛ اپنی فطرت سے اجنبی بنا دینے کا عمل ۔

denature, denaturize, v.t. تبدیلِ فطرت کرنا ؛ خاصیّت تبدیل کرنا ؛ قلب ماہیت کرنا ؛ طبع بدلنا ؛ کسی چیز کی دوسرے مقاصد کے لیے افادیت ختم کیے بغیر اسے انسانی استعمال کے ناقابل بنا دینا،جیسے الکحل ۔ (حیاتی کیمیا) کسی پروٹین کا کیمیائی یا طبعی ذرائع سے اپنی اصل حالت سے تبدیل ہونا ؛ کسی قابلِ انشقاق مادّے میں ناقابل انشقاق مادّہ شامل کر کے اسے جوہری اسلحہ میں استعمال کے ناقابل بنا دینا ۔

denaturant, n. قلب ماہیت کُنندہ ؛ مرکزائی بے عمل ساز ۔ (کیمیا) مسخ کُنندہ ۔

denaturation, denaturization, n. مسخ شدگی ؛ قلب ماہیّت ؛ تبدیلِ خاصیت ؛ تقلیب ۔

dendiform, a. درخت پیکر ؛ شجر نُما ؛ شجر شکل ؛ پیڑ کی شکل یا وضع قطع رکھنے والا ۔

dendrite, n. شجریہ ؛ شجری پتھر ؛ ایک شاخی شکل یا نشان جو بعض پتھروں اور معدنیات کے اُوپر یا اندر ، کسی خارجی مادّے کی موجودگی کے باعث پایا جاتا ہے ؛ شاخ دار نقوش والا پتھر یا معدنی چیز ؛ شجر نُما بِلّوری یا قلمی کوئی بھی روئیدگی ؛ عصبیوں کے شجریوں میں سے بال کی مانند باریک کوئی شاخ جس کے ذریعے عصبی خلیات کے جسمیوں کو حسی پیغامات پہنچتے ہیں ۔

dendritic, dendritical, a. شجرینی ؛ کثیر شاخہ ؛ شجریہ کی طرح بنا ہوا یا نشان رکھنے والا ؛ شجر نُما ۔

dendritically, adv. شاخ در شاخ طریقے سے ؛ شجریے کے طور پر ۔

dendrochronology, n. علم شجری تاریخ ؛ وہ علم جس میں درختوں کے تنوں کے حلقوں سے ان کی عمر کا تعین کرتے ہیں ۔

dendrochronological, a. عِلمِ شجری تاریخ سے متعلّق ۔

dendrochronologically, adv. عِلمِ شجری تاریخ کے لحاظ سے ۔

dendrochronologist, n. ماہرِ عِلمِ شجری تاریخ ۔

dendroid, dendroidal, a. درخت جیسا ؛ شجر نُما ؛ کثیر شاخہ ؛ درخت پیکر ۔

dendrology, n. شجریات ؛ علمُ الاشجار ؛ نباتیات کی وہ شاخ جس میں جھاڑیوں اور درختوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

dendrologist, n. ماہرِ شجریات ۔

dendrologic, dendrologous, dendrological, a. شجریات سے متعلّق ؛ شجریاتی ۔

dene, dean, n. (برطانوی) وادی ، بالخصوص ایسی وادی جو گہری ، تنگ ، درختوں سے لدی ہوئی یا شاداب ہو ، خاص طور پر جس میں کوئی چشمہ بہتا ہو ؛ اسمائے مقامات میں اکثر استعمال ہونے والا ؛ سمندر کے قریب ریتیلا علاقہ یا ریت کا ٹیلہ ۔

Deneb, n. (فلکیات) ذنب ؛ مجمع النجوم عنق الدُجاجہ یا راج ہنس میں واقع پہلے درجے کی چمک والا ستارہ ۔

denegation, n. انکار ؛ تردید ؛ تخالُف ۔

denegotiate, v.t. معاہدے خصوصاً سیاسی و معاشی معاہدے ختم کرنے کی گفت و شنید کرنا ۔

dengue, dengue fever, n. (امراضیات) لال بخار ؛ لنگڑا بُخار ؛ گرم خطّوں میں عموماً وبا کی شکل سے پھیلنے والا ایسا متعدی ثورانی بخار جس کی خاصیت جوڑوں اور عضلات کا شدید درد ہے ؛ ہڈّی توڑ بُخار ۔

deniable, a. قابلِ انکار ؛ قابل تردید ؛ جس کی تکذیب کی جا سکے ۔

denial, n. انکار ؛ تردید ؛ تکذیب ؛ رد کرنے یا کسی بیان کو جُھٹلانے کا عمل ؛ کسی نظریے پر عقیدہ رکھنے سے انکار ؛ کسی چیز کے وجود یا حقیقت پر عدم ایمان ؛ تسلیم یا قبُول کرنے سے انکار ؛ عدم تعلّقی یا عدم اقراری ؛ کسی دعوے ، درخواست یا درخواست گزار کا استرداد ؛ کسی کے اضطراری فعل کی روک ۔

denicotinize, v.t. نکوٹین رُبائی کرنا ؛ کسی شے کو نکوٹین سے کُلّی یا جُزوی طور پر پاک کرنا ۔

denier, n. منکر ؛ انکار کرنے والا ؛ رد کرنے والا ؛ تردید کرنے والا ۔

denier, n. معمولی قیمت کا قدیم فرانسیسی سِکّہ جو شروع میں چاندی کا ہوتا تھا مگر بعد میں تانبے کا بننے لگا ؛ ایک پیمانۂ وزن ، جس سے ریشم یا مصنوعی ریشے یا سُوت کی عمدگی کو ظاہر کیا جاتا ہے اور جو ایک گرام فی ۹۰۰۰ میٹر وزن رکھنے والی انٹی کے مساوی ہوتا ہے : خصوصاً خواتین کے زیر جاموں کی درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

denigrate, v.t. سیاہ کرنا ؛ بدنام کرنا ؛ کلنک کا ٹیکا لگانا ۔

denigration, n. بدنامی ؛ بدنامی کا داغ ؛ کلنک کا ٹیکا ۔

denigrator, n. سیاہ کرنے والا ؛ بدنام کن ؛ بدنام کرنے والا ؛ مُسوِّد ؛ کلنکی ۔

denim, n. موٹا سُوتی کپڑا ؛ بھاری دو سُوتی بُنت کا کپڑا جسے بالا پوش لباس ، کھیل کے ملبوسات اور فرش فروش بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (جمع) بالا پوش یا اس کپڑے سے بنا ہوا اسی قسم کا ملبوس ؛ دو سُوتی ۔

denitrate, v.t. (کیمیا) شوریّت رُبائی کرنا ؛ ازالۂ شوریّت کرنا ؛ کسی مادے سے نائٹروجن کے آکسائڈ دُور کرنا ؛ کسی چیز کی شوریت کو ختم کرنا ۔

denitration, n. شوریت رُبائی ؛ ازالۂ شوریت ۔

denitrify, v.t. (کیمیا) کسی مُرکّب سے نائٹروجن ختم کرنا ؛ مُرکّب سے نائٹروجن رُبائی کرنا ۔

denitrification, n. مُرکّب سے نائٹروجن رُبائی ؛ مرکّب سے ازالۂ نائٹروجن ؛ نائٹروجن براری ۔

denitrifying bacteria, n. (جمع) نائٹروجن برار جراثیم ؛ وہ زمینی جراثیم جو نائٹروجن مُرکّبات کو آزاد نائٹروجن میں تبدیل کرتے ہیں ، جو بالآخر ہوا میں مل جاتی ہے اور یوں زمین کی کمزوری کا سبب بنتی ہے ۔

denizen, n. ساکن ؛ دخیل ؛ کسی مخصوص مقام کا باشندہ یا سکونتی ؛ ایسا شخص جو عموماً کسی جگہ آتا جاتا ہو ؛ کوئی شے جو کسی اجنبی جگہ یا ماحول کے مطابق ڈھل جائے مثلاً کوئی غیر ملکی لفظ ، جانور یا پودا جو کسی جگہ کے لیے مقامی نہ ہو لیکن

کامیابی سے وطنا لیا گیا ہو۔ (برطانوی) وہ اجنبی یا غیر مُلکی جسے کسی ملک کا حقِ سکونت اور بعض حُقوق شہریت حاصل ہو جائیں۔ (فعل متعدی) لوگوں کے بارے میں کہا جاتا ہے؛ وطنانا یا ساکن بنانا؛ کسی جگہ کا باشندہ بنانا ، حقوق شہریت دینا۔ (برطانوی) حقِ سکونت اور شہریت کے بعض حقوق دینا۔

denominate, v.t. موسُوم کرنا ؛ مُلقّب کرنا ؛ کہلانا ؛ نام رکھنا یا لقب دینا ؛ نام لینا ؛ پکارنا یا صراحت کرنا۔

denomination, n. تسمیۂ اسم ؛ لقب ؛ عُرفیّت ؛ ذات ؛ نام یا لقب دہی کا عمل ؛ نام یا لقب : بالخصوص ایسا جو ایک ہی صنفِ کی اشیا کے لیے ہو ؛ ایک ہی نام خصوصاً ایک ہی مذہبی فرقے کے نام سے پُکارے جانے والے افراد کا اجتماع یا انجمن ؛ مقدار ، قیمت ، ناپ یا وزن کے تسمیوں کے کسی سلسلے کے مرتبوں یا درجوں میں سے کوئی (جیسے : .money of small denomination) ؛ فرقہ ؛ مذہب : طبقہ : نوع۔

denominational, a. اسم ، لقب ، نام وغیرہ سے متعلق ، (خاص کر مذہبی فرقہ : فرقہ وارانہ)۔

denominationally, adv. فرقہ وارانہ لحاظ سے ؛ مذہبی طور سے۔

denominationalism, n. فرقہ واریت ؛ طبقاتیّت ؛ گروہی یا فرقہ وارانہ جذبہ یا حکمت عملی ؛ گروہوں یا فرقوں میں بٹنے کا رُجحان۔

denominative, a. اسمی ؛ تسمیے کا ؛ ایک مخصوص تسمیہ یا نام دیتے/مقرر کرتے ہوئے ؛ لقبی۔ (گرامر) اسمِ ذات یا اسم صفت سے مشتق فعل۔ (اسم) (گرامر) اسمی/لقبی لفظ ، خاص طور پر فعل۔

denominator, n. (ریاضی) نسب نُما ؛ کسی کسر کی مقدار جسے عموماً لکیر کے نیچے لکّھا جاتا ہے ، جس سے اس کی قسم یا ان مساوی اجزا کا اظہار ہوتا ہے جس میں واحدے کو تقسیم کیا گیا ہو ؛ مقسوم علیہ۔

denotation, n. تعبیر ؛ دلالت ؛ اشارہ ؛ نام ؛ ظاہر کرنے ، نشان زد کرنے یا اشارہ کرنے کا عمل یاحقیقت ؛ نشانی ؛ کوئی چیز جو کچھ ظاہر کرتی ہو ؛ کوئی نشان ، رمز یا علامت ؛ کوئی نام یا لقب جو صراحت کرتا ہو ؛ وہ شے جسے کوئی اصطلاح ظاہر کرتی ہو ؛ ٹھیک مفہوم یا مُعانی ، بالخصوص کسی لفظ کے اصل مُعانی جو اس کے مضمر مفہوم سے الگ پہچانے جائیں۔

denotative, a. تعبیری ، متعلّق بہ تعبیر ؛ مظہر ؛ اشارہ کرنے والا ؛ دلالت کرنے والا ؛ ظاہر کرنے کی خاصیت رکھنے والا۔

denotatively, adv. تعبیری لحاظ سے۔

denote, v.t. سمجھانا/بتانا ؛ عبارت ہونا ؛ تعبیر ہونا ؛ دلالت کرنا ؛ علامت ہونا ؛ اشارہ کرنا/ظاہر کرنا ؛ کسی چیز کا نام یا لقب ہونا ، مُلقّب کرنا ، بالخصوص مضمرات یا پوشیدہ مفہوم کے بغیر محض ملقب کرنا۔

denotement, n. تعبیر ؛ دلالت۔

denotive, a. دال ؛ اشارہ کرنے والا۔

denotable, a. قابل تعبیر ؛ قابلِ دلالت ؛ قابلِ اشارہ۔

denouement, n. حلِ قضیّہ ؛ انجامِ داستان ؛ ڈراما یا ناول وغیرہ کے پلاٹ (قصے) کی گُتھی کا حتمی حل ؛ کسی مشکل یا اسرار کا حل۔

denounce, v.t. علانیہ ملامت کرنا ؛ علانیہ الزام دینا ؛ مُلزَم ٹھہرانا ؛ کُھلے بندوں بُرا بھلا کہنا ؛ الزامات کی بوچھاڑ کرنا ؛ کسی کے خلاف حکام کے پاس باقاعدہ الزام لگانا ؛ کسی کے خلاف مخبری کرنا ؛ کسی معاہدے یا ایسی ہی دستاویز کے خاتمے کی باقاعدہ اطلاع دینا۔

denouncement, n. علانیہ ملامت یا مخبری ؛ علانیہ الزام دہی۔

denouncer, n. علانیہ ملامت کرنے والا ؛ علانیہ مُلزَم ٹھہرانے والا ؛ مخبر۔

dense, a. گھنا ؛ گُنجان ؛ ٹھوس ؛ کثیف ؛ اجزائے ترکیبی کی آپس میں مضبوطی سے پیوستگی ؛ اچھی طرح لگے ہوئے یا پاس پاس چُنے ہوئے ، جیسے حصّے یا اشیا ؛ بہت یا شدید ، جیسے بے خبری ؛ موٹی عقل کا ، کُند ذہن یا بے وقوف ، جیسے اشخاص ؛ گہری اور عمیق، جیسے جہالت ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ گٹھل ؛ کُند ذہن ؛ احمق ؛ گہرا یا تاریک،جیسے رنگ۔ (عکّاسی) ایسے اُجاگر کردہ منفی عکس کے بارے میں جو نسبتاً غیر شفّاف رہ جائے اور اس سے ایسی تصویریں تیّار ہوں جن میں روشنی اور تاریکی کا بہت نمایاں فرق ہو۔

densely, adv. گنجانی سے ؛ گھنے طور پر۔

denseness, n. گنجانی ؛ گھنا پن ؛ کثافت ؛ ٹھوس پن۔

densify, v.t. لکڑی کو سخت بنانے کے لیے حرارت اور دباؤ کے تحت بیروزہ میں بھگونا۔

densimeter, n. کثافت پیما ؛ وہ آلہ جس کی مدد سے کسی شے کی تقابلی کثافت یا کسی شے کا وزنِ مخصوص ناپا جاتا ہے۔

densimetric, a. متعلّق بہ کثافت پیما۔

densitometer, n. کثافت عکس پیما ؛ کسی مواد مثلاً منفی عکس کی مناظری کثافت ناپنے کے لیے ایک مخصوص قسم کا کثافت پیما۔

density, n. کثافت ؛ گُنجانی ؛ گھنا پن ؛ ٹھوس پن ؛ گاڑھا پن ؛ گھنا یا گُنجان ہونے کی کیفیت یا ماہیت ؛ پیوستگی ؛ پاس پاس ہونے یا پُرہجوم ہونے کی حالت ، خصوصی طور پر ، مادّے کی کمیّت یا مقدار ، جو انبار یا حجم کی فی اکائی کے مساوی ہو۔ (برق) بار دار سطح پر رقبے کی فی اکائی (یونٹ) مقدارِ برق۔ (عکّاسی) کسی اُجاگر کردہ منفی عکس کی اضافی غیر شفافیّت۔

dent, n. چپ ؛ سطحی چوٹ ؛ کسی سطح میں کھوکھلا پن یا پچکاؤ ، جیسے کسی ضرب سے ؛ خراش ؛ شگاف ؛ گڑھا ؛ نشان۔ (فعل متعدی) چپ ڈالنا ؛ سطح کو اندر کو دبا دینا۔ (فعل لازم) چپ پڑنا ؛ سطح کا اندر کو دب کر نشان بنا دینا ، خراش زدہ ہو جانا۔

dent, n. دندانہ کھانچا ؛ دانت کی طرح کا اُبھار جیسے گراری/گیئرا پہیّہ یا کنگھی کا دندانہ ؛ ڈُبکا۔

dental, a. دندانی ؛ دانتوں کا یا ان سے متعلّق ؛ دندان سازی کا/سے متعلق۔ (صوتیات) وہ اصواتِ کلام جو نوک زبان کو سامنے کے بالائی دانتوں کے رُوبرو یا نزدیک رکھ کر نکالی جائیں ، مثلاً ڈ ، ٹ ، اور ن کی آوازیں۔ (اسم) (صوتیات) کوئی دندانی آواز۔

dentalize, v.t. (صوتیات) دندانی آواز میں بدلنا۔

dentalization, n. (صوتیات) دندانی آواز میں بدلنے کا عمل۔

dental floss, n. دندانی دھاگا ؛ موم بھرا نرم دھاگا جسے دانتوں کے درمیان کی جگہ کو صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ خلال۔

dental hygienist, n. محافظِ صحتِ دندان؛ وہ کارکُن جو صفائیٔ دندان

اور ایکس ریز لینے جیسے وظائف کی انجام دہی میں ماہرِ دنداں کی معاونت کرتا ہے۔

dental technician, n. تکنیک کارِ دندان ؛ ایسا شخص جو دندان سازی کے آلات بناتا ہے۔

dentate, dentated, a. دندان دار ؛ دنتیلا ۔ (حیاتیات) دندانے دار حاشیے والا یا دانتوں کی مانند ابھرواں حصّے یا ملحقات رکھنے والا ؛ خصوصی طور پر ، کسی پتّے کا باہر کی طرف مُڑے ہوئے تیز حاشیائی دندانے رکھنا۔

dentately, adv. اسنانی طور پر ؛ دندانہ داری سے ۔

dentation, n. دندانیت؛ دنتیلی حالت یا شکل ۔

denticle, n. دندنچہ؛ دندانک ؛ سنین،کنگرہ ؛ چھوٹا دندانہ یا باہر کو نکلا ہوا حصّہ ؛ اُبھری ہوئی جگہ ۔

denticulate, denticulated, a. دندانک دار ؛ کنگر دار ؛ چھوٹے دندانوں یا نوکدار بڑھاؤ والا،جیسے پتہ ، کِھامہ یا بیج ؛ ایسے دندانوں والا جو پاس پاس ہوں۔ (فنِ تعمیر) کارنس کا دندانہ یا چوکونہ کنگرے والا ۔

denticulation, n. دندانہ داری ؛ دندانک دار یا کنگرہ دار ہونے کی حالت ؛ دندانک/کنگرہ یا ان کا کوئی سلسلہ ؛ دندانک داری ؛ کنگرہ داری ۔

dentiform, a. دندانی ؛ دانت نُما ؛ دندان شکلہ ؛ دانت جیسی شکل والا ۔

dentifrice, n. منجن ؛ مسّی ؛ سنُون ؛ کوئی ایسا سفوف یا مائع جسے دانت صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

dentigerous, a. دندان بردار ؛ حامل السن ؛ جسے دانت جیسے حصّے بہم یا مہیّا ہوں ۔

dentil, n. (فنِ تعمیر) دنتیا ؛ کارنس کا دندانہ ؛ چوکونہ کنگرہ ؛ دانتوں کی قطار کی طرح آگے کو نکلے ہوئے چھوٹے مستطیل بلاکوں کے سلسلے میں سے ایک ، جیسے کارنس کے نیچے ہوتے ہیں ۔

dentilingual, a. (صوتیات) دنت لسانی؛ان اصوات کلام سے متعلق ، جو دانتوں اور زبان کے اشتراک سے ادا ہوتی ہیں جیسے تھ اور د ۔

dentin, dentine, n. (تشریح الاعضا) دنت چینی ؛ دنتین ؛ عاجِ دندان ؛ دانت کی مینا (سفید مادّہ) اور سیمنٹ کے نیچے سخت کلسی نسیج ، جو گودے کو چھپائے ہوئے ہے اور جس سے دانت کا بیشتر حصّہ بنا ہوتا ہے۔

dentinal, a. دنت چینی سے متعلق ۔

dentist, n. دندان ساز ؛ مُعالجِ دندان ؛ طبیبِ دندان ؛ وہ مُعالج جو دانتوں ، مسوڑھوں اور درونِ دہن کی حفاظت اور علاج کرتا ہے ؛ ڈاکٹر آف ڈینٹل سرجری ۔ مخفف D.D.S. ۔

dentistry, n. دندان سازی ؛ طبُّ الاسنان ؛ وہ پیشہ جس کا تعلق دہنی خِلقت ناقص ، دانتوں اور ان کی متعلقہ ساختوں کو متأثر کرنے والی بیماریوں کی تشخیص ، انسداد اور علاج سے ہوتا ہے۔

dentition, n. تسنین ؛ نبتِ دندان ؛ دندانیت ؛ شیر خواری میں دانت نکالنے کا عمل ؛ وہ عرصہ جس کے دوران دانت نشوونما پاتے ہیں ؛ انسانوں اور حیوانوں کے لیے مخصوص نظامِ دندان جس میں دانتوں کی تعداد ، اقسام اور ترتیب شامل ہے۔

dentulous, a. دنتیلا ؛ دانتوں والا ؛ دندانہ دار۔

denture, n. نقلی بتیسی ؛ دندان چوکی ؛ مصنوعی دانت ؛ دانتوں کا چوکا ؛ ایک یا زیادہ مصنوعی دانت جو قدرتی دانتوں کی جگہ لگائے جائیں۔

denudation, n. عُریاں کاری ؛ تعریہ ؛ تعریۂ زمین ؛ عُریانی یا برہنگی عموماً زمین کی ؛ شکست و ریخت ؛ تخریب ؛ برہنہ کرنے کا عمل ؛ برہنہ یا عُریاں حالت ۔ (ارضیات) کٹاؤ کے عمل سے چٹان کے برہنہ ہو جانے کی حالت ۔

denudative, a. برہنہ کُنندہ ؛ عُریاں کرنے والا ۔

denude, denudate, v.t. عُریاں کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ ننگا کرنا ۔ (ارضیات) کٹاؤ کے عمل کا ہدف بنانا ۔

denumerable, a. قابلِ شمار چیز سے متعلّق ۔

denunciate, v.t., v.i. کُھلم کُھلا ملامت کرنا ؛ برسرعام الزام دینا ؛ بُرابھلا کہنا ؛ گالیوں کی بوچھاڑ کرنا ۔

denunciation, n. تفضیح ؛ کُھلم کُھلا ملامت ؛ برسرعام الزام تراشی ، بُرا بھلا کہنے کا عمل ؛ شدید فضیحت ؛ سب و شتم ؛ گالیوں کی بُوچھاڑ ؛ سرکاری وکیل کے سامنے الزام دہی ؛ بین الاقوامی معاہدے کے کُلی یا جُزوی خاتمے کی باقاعدہ اطلاع ؛ ردِّ معاہدہ ۔

denunciative, denunciatory, a. ملامت آمیز ؛ پُردشنام ؛ دُشنام آمیز ۔

denunciator, n. ملامت کُنندہ ؛ دُشنام دہندہ ۔

deny, v.t. انکار کرنا ؛ تردید کرنا ؛ تکذیب کرنا ؛ غلط ٹھہرانا ؛ ردّ کرنا ؛ محروم کرنا ؛ وثوق سے نفی کرنا ، جیسے کسی بیان یا مبیّنہ حقیقت کی ؛ درست نہ ہونے کا اعلان کرنا ؛ یقین کرنے سے انکار کرنا ، جیسے کسی عقیدے پر ؛ نقلی یا غیر صحیح سمجھ کر مسترد کرنا ؛ کسی کے وجود یا حقیقت پر یقین کرنے سے انکار کرنا ؛ پہچاننے یا قبولنے سے انکار کرنا ، جیسے کسی شخص یا شے کو ؛ دستبردار ہونا ؛ لاتعلّق ہونا ؛ اپنانے سے انکار کرنا ؛ منظور کرنے سے انکار کرنا ، جیسے کوئی دعویٰ یا درخواست ؛ کسی کے استعمال یا استفادے سے روکنا ؛ ملنے والوں کی پہنچ سے دُور کر لینا (جیسے : He denied himself to callers) ۔

deny oneself, (محاورہ) خواہشات کی تکمیل سے اجتناب کرنا ؛ خود انکاری پر عمل کرنا ؛ نفس کُشی کرنا ؛ ضبطِ نفس کرنا ؛ پرہیز کرنا ۔

denyingly, adv. انکار کرنے کے طریقے سے ؛ تردید کے طور پر ؛ تکذیب کے لحاظ سے ۔

deodar, n. [اُردو] دیودار ؛ دیار ؛ صنوبر کی ایک نوع دیودار (Cedrus deodara) سے متعلّق تناور درخت ، جو اصلاً کوہِ ہمالیہ کی ترائیوں میں پایا جاتا ہے اور اپنی پایدار لکڑی کی وجہ سے بیش قیمت سمجھا جاتا ہے ۔

deodorant, n. عفونت رُبا ؛ دافعِ بَدبُو ؛ بدبوؤں کو تلف کرنے والا عامل ؛ بَدنی بدبُو کو ختم کرنے یا چھپانے والا نُسخہ ۔

deodorize, v.t. عفونت رُبائی کرنا ؛ بَدبُو رفع کرنا ؛ بَدبُو یا ناخوشگوار بُو سے چُھٹکارا پانا ، خاص طور پر آلایشوں کی پیدا کردہ متعفن بُو سے ۔

deodorizer, n. عفونت رُبا ؛ دافعِ بدبُو۔

deodorization, n. عفونت رُبائی ؛ دفعِ بدبُو۔

deontology, n. فرضیات ؛ اخلاقیات ؛ قانونی یا اخلاقی فرض کا مطالعہ ؛ عِلمُ الاخلاق ؛ فلسفۂ اخلاق ۔

deontological, a. فرضیاتی ؛ اخلاقیاتی ؛ متعلّق بہ عِلمُ الاَخلاق یا فلسفۂ اَخلاق ۔

deontologist, n. فرضیات دان ؛ ماہرِ علم الاخلاق ؛ اخلاقیات دان؛ فلسفئِ اَخلاق ۔

deoxidize, deoxidate, v.t. (کیمیا) عدمِ تکسید کرنا؛ کُشتہ جلانا ؛ آکسیجن رُبائی کرنا ؛ ازالۂ تکسید کرنا ؛ آکسیجن سے محروم کرنا یا کسی آکسائڈ کی حالت سے تبدیل کرنا ؛ آکسیدیت دُور کرنا ؛ خاتمۂ آکسیدیت کرنا ۔

deoxidization, n. (کیمیا) عدم تکسید کاری ؛ آکسیجن رُبائی ؛ ازالۂ تکسید ؛ خاتمہ یا کُشتہ ؛ کُشتہ سوزی ۔

deoxidizer, n. عدم تکسید کار ؛ آکسیجن رُبا ؛ ازالۂ تکسید کرنے والا ؛ خاتمۂ کُشتہ کرنے والا ؛ کُشتہ سوز ۔

deoxigenate, deoxigenize, v.t. عدم آکسیجن کرنا ؛ کسی چیز سے آکسیجن رُبائی کرنا ؛ کسی چیز سے ازالۂ آکسیجن کرنا ۔

depart, v.i. روانہ ہونا ؛ رُخصت ہونا ؛ چلا جانا یا مقام بدل لینا ؛ دست بردار ہونا ؛ چل پڑنا ؛ ترک کرنا یا باز رہنا ، جیسے کسی عمل سے ؛ رحلت کرنا ؛ انتقال کرنا ۔ (فعلِ متعدی) کسی جگہ کو چھوڑ دینا ؛ کسی جگہ سے ہٹ جانا یا چلے جانا ۔

departed, a. گیا ہوا ؛ گُزرا ہوا ؛ گزشتہ ؛ رُخصت شُدہ ؛ روانہ شُدہ ؛ متوفیٰ ؛ مرحوم ۔

the departed, n. مرحوم یا مرحومین ؛ رفتگان ؛ وہ شخص جو گُزر چکا ہو یا مجموعی طور پر ، وہ اشخاص جو گزر چکے ہوں ۔

department, n. محکمہ ؛ شعبہ ؛ حِصّہ ؛ سررشتہ ؛ شاخ؛ صِیغہ ؛ طبقہ ؛ کسی ایسی چیز کا نمایاں حصّہ جسے تقسیموں میں ترتیب دیا گیا ہو ؛ کسی پیچیدہ کُل یا منظّم طریق کی ایک تقسیم ؛ کاروباری یا منصبی فرائض یا وظائف کی ایک تقسیم ؛ کسی حکومتی ادارے کی الگ شاخوں میں سے ایک شاخ ؛ ان بڑے اضلاع میں سے ایک ضلع ، جن میں کسی مُلک ، مثلاً فرانس کو انتظامی مقاصد کے لیے بانٹا گیا ہو ؛ علم کے مخصوص میدانوں پر ارتکاز کرنے والے ، کسی اسکول یا کالج کے شعبوں میں سے ایک شُعبہ ؛ علم ، دلچسپی یا ذمّہ داری کا کوئی دائرہ ؛ کسی خوردہ دُکان کے حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔

departmental, a. محکمانہ ؛ شُعبہ جاتی ؛ شاخ کا ۔

departmentally, adv. محکمانہ طور پر ؛ شُعبے کے لحاظ سے ؛ ازروئے سررشتہ ۔

departmentalize, v.t. محکمہ بندی کرنا ؛ شُعبہ بندی کرنا ؛ حِصّوں میں تقسیم کرنا ؛ اپنے ترکیبی حصّوں میں بانٹنا ، جیسے کسی نصاب کے مُختلف تعلیمی شُعبوں کو ۔

departmentalization, n. محکمہ بندی ؛ شُعبہ بندی ؛ حِصّوں میں تقسیم کرنے کا عمل ۔

department store, n. ڈیپارٹمنٹ اسٹور ؛ وہ بڑا خُوردہ فروش ادارہ جہاں اشیائے صرف کے مختلف سلسلے ایک ہی انتظامیہ کے تحت الگ الگ حصّوں میں رکھے جاتے ہیں ۔

departure, n. روانگی ؛ کوچ ؛ رُخصتی ؛ ترک کرنے کا عمل ؛ انحراف ؛ رحلت ؛ انتقال ؛ جدّتِ خیال ؛ رُخصت ہونے کا عمل ؛ جانگی ؛ اختلاف یا تجاوُز ۔ (جہاز رانی) کسی خاص خطِّ نصف النہار سے صحیح سمت مشرق یا صحیح سمت مغرب کا فاصلہ ؛ کسی جہاز کا محلِ وقوع یا رُخ جس کا تعیُّن راستہ متعیّن کرنے کی غرض سے ، عموماً سفر کے آغاز ہی میں کر لیا جاتا ہے ؛ صحیح سمت مشرق یا صحیح سمت مغرب سے خطِّ مساحت پر فاصلہ ۔

depauperate, a. افسُردہ ۔ (حیاتیات) جسمانی لحاظ سے ناقص نشوونما یافتہ ؛ لاچار ؛ معذُور ۔

depauperation, n. افسُردگی ۔ (حیاتیات) جسمانی لحاظ سے ناقص نشوونما ؛ معذوری ؛ لاچاری ؛ مُفلسی ؛ غربت ۔

depend, v.i. بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ منحصر ہونا ؛ دست نگر یا موقوف ہونا ؛ متعلق ہونا ؛ فیصلہ طلب ہونا ؛ زیر تجویز ہونا ؛ وجود ، عمل کاری یا اثرات کے لحاظ سے کسی چیز سے نسبت رکھنا ؛ موقوف یا انحصار ہونا ، فعل کے بعد on یا upon آئے گا (جیسے : We depend on air for respiration) ؛ اعتماد سے ہونا ۔

dependable, a. قابل اعتماد ؛ جو انحصار کیے جانے کے قابل ہو ؛ بھروسے کے لائق ؛ انحصار پذیر ۔

dependably, adv. قابل اعتماد طور پر ؛ انحصاری طور پر ۔

dependability, n. قابل اعتماد ہونے کی اہلیّت ؛ انحصار پذیری ۔

dependence, dependance, n. انحصار ؛ دارومدار ؛ آسرا؛ اعتماد ؛ بھروسا ؛ تابعیت ؛ تابعداری ؛ دست نگری ؛ مُحتاجی ؛ منحصر یا وابستہ ہونے کی حالت ؛ تعلّق اور سہارا ؛ باہمی تعلُّق ؛ بینُ الرشتگی ؛ کفالت یا وجود کے لیے کسی اور پر بھروسا کرنے کی حالت ؛ کسی دوسری وجہ کے عمل کے تابع ہونے کی حالت ؛ اعتبار ؛ علاقہ ؛ واسطہ ؛ تعلُّق ۔

dependency, dependancy, n. اعتماد؛ بھروسا ؛ آسرا ؛ دارومدار ؛ انحصار ؛ تابعیت ؛ منحصر/وابستہ ہونے کی ایک خاص حالت ؛ انحصاریّت ؛ اب بالعموم ، ایسا علاقہ جو اس مُلک سے دُور ہو جس سے اس کا تعلق ہے ، لیکن حاکمیت اسی مُلک کی ہو ؛ بڑی عمارت سے ملحق چھوٹی عمارت ۔

dependent, dependant, n. وہ شخص جس کا بوجھ کسی دوسرے نے اُٹھا رکھا ہو یا جو سہارے یا ہمدردی کے لیے کسی دُوسرے پر بھروسا کرتا ہو ؛ حاشیہ نشین ؛ دست نگر ؛ دامن گیر ؛ تابع ؛ پیروکار ؛ متوسّل ؛ وابستہ ؛ مُلازم ؛ نوکر ۔ (صفت) نیچے لٹکا ہوا ؛ سہارے کے لیے کسی اور چیز پر بھروسا کرنے والا ؛ ماتحت ؛ منحصر ۔ (گرامر) تابع مُہمل ؛ وہ الفاظ جو علیحدہ استعمال نہ ہو سکیں ، جیسے مُرتّب تام ۔

deperm, v.t. (جہاز رانی) جہاز کے فولادی ڈھانچے کو مقناطیسی سرنگوں سے بچاؤ کے لیے مقناطیس رُبائی کرنا ۔ (دیکھیے : degauss) ۔

depersonalize, v.t. شخصیت رُبائی کرنا ؛ ازالۂ شخصیت کرنا ؛ خصوصیّت رُبائی کرنا ؛ شخصیت سے محروم کرنا یا شخصی صفات ختم کر دینا ؛ شخصیت کُشی کرنا ۔

depersonalization, n. شخصیت رُبائی ؛ ازالۂ شخصیت ؛ عدم شخصیت ؛ شخصیت کُشی ۔

depict, v.t. تصویر یا نقشہ کھینچنا ؛ رنگوں میں شبیہہ بنانا ؛ الفاظ میں تشریح کرنا ؛ بیان کرنا ۔

depictor, depicter, n. مُصوّر ؛ نقاش ؛ رنگوں سے شبیہہ بنانے والا ۔

نقشہ کھینچنے والا ؛ الفاظ میں تشریح کرنے والا ؛ نقّال ۔

depiction, n. تصویر کَشی ؛ نقشہ کَشی ؛ نقاشی ؛ بیان ؛ تشریح ؛ رنگوں میں شبیہہ بنانے کا عمل ۔

depilate, v.t. مُونڈنا ؛ مُوتراشی کرنا ؛ مُوریزی کرنا ؛ بال صفائی کرنا ؛ انسان کے فالتو بال اُتارنا ۔

depilation, n. مُوتراشی ؛ مُوریزی ؛ بال صفائی ؛ انسان کے فالتو بال اُتارنے کا عمل ؛ مو ربائی ؛ رواں ریزی ۔

depilatory, n. a مُوتراش ؛ بال صفا ؛ مُوریز ؛ مُورُبا ؛ انسانی جلد سے بال اُتارنے والی دوا ؛ نُورہ ؛ جلد سے بال دُور کرنے کی خاصیت یا طاقت رکھنے والا۔

deplane, v.i. جہاز سے اُترنا ۔

deplete, v.t. ذخیرے کو خالی کرنا ؛ ختم کرنا ؛ کسی کی ضخامت کو گھٹا دینا ؛ مال یا مقدار کم کر دینا ؛ صرف کر دینا ۔ (طب) خون نکالنا ؛ فصد کھول کر خون نکالنا ؛ خالی کرنا یا آرام دینا ، جیسے خون نکالنے یا جُلّاب دینے سے ۔

depletive, depletory, a. مفرغ ؛ فاصِد ؛ خالی کرنے والا ؛ خُون نکالنے والا ۔

depletion, n. خاتمہ ؛ سخت کمی ؛ عسرت ؛ افراغ ؛ بہت گھٹا دینے /گھٹ جانے کا عمل ؛ فصد ۔ (ارضیات) قدرتی وسائل مثلاً جنگلات کا ، کمی پوری کرنے کی نسبت ، تیز تر خاتمہ ۔

deplorable, a. افسوسناک ؛ قابل افسوس ؛ تأسُّف انگیز ؛ شرم ناک ؛ بہت بُرا ؛ گھٹیا ۔

deplorableness, deplorability, n. افسوسناک یا شرم ناک حالت یا کیفیت ؛ تأسُّف انگیزی ۔

deplorably, adv. افسوسناک طور پر ؛ شرمناک طور پر۔

deplore, v.t. افسوس کرنا ؛ تأسُّف کرنا ؛ کسی کے لیے گہرا اور دلدوز دُکھ محسوس یا ظاہر کرنا ؛ غم کرنا ؛ ماتم کرنا ؛ کسی کو بدقسمت سمجھنا ۔

deploy, v.t. (عسکری) صف آرائی کرنا ؛ فوجی دستوں کو اس طرح ترتیب دینا کہ عقب کی نسبت سامنے کی طرف زیادہ پھیلے ہوئے ہوں ؛ ایک مخصوص شکل میں ترتیب دینا ؛ وسیع تر مفہوم میں ، مناسب طور پر یا جنگی لحاظ سے تقسیم نو کرنا ؛ پرا جمانا ۔ (فعل لازم) صف آرا ہونا ؛ میدان جنگ میں عقب کی نسبت سامنے کی طرف زیادہ پھیلنا ۔ (اسم عسکری) میدان جنگ میں صف آرائی ۔

deployment, n. صف آرائی ؛ پرا جمانے کا عمل ۔

deplume, v.t. بے بال و پر کرنا ؛ پر اتار دینا ؛ پنکھ یا پروں سے محروم کردینا ؛ عزّت ، املاک یا دولت سے محروم کر دینا۔

deplumation, n. پَر ریزی ؛ بے بال و پر کرنے کا عمل ؛ پر نوچنے کا عمل ؛ عزّت ، املاک اور دولت سے محرومی ۔

depolarize, v.t. تقطیب رُبائی کرنا ؛ ازالۂ تقطیب کرنا ؛ مقناطیسیت رُبائی کرنا ؛ ازالۂ مقناطیسیت کرنا ؛ قطبیت یا تقطیب سے محروم کرنا ؛ غیر مقناطیسی بنانا ؛ اشعاع کی تقطیب کا رُخ بدلنا ؛ درہم برہم کرنا ؛ زور توڑ دینا ؛ بُنیاد ہلا دینا ۔

depolarization, n. مقناطیسیت/تقطیب ربائی ؛ ازالۂ مقناطیسیت/ تقطیب ؛ دفعِ مقناطیسیت/تقطیب ۔

depolarizer, n. مقناطیسیت/تقطیب رُبا ؛ دافعِ مقناطیسیت/تقطیب ۔

depone, v.t., v.i. بیانِ حلفی دینا ؛ حلفیہ شہادت دینا ؛ اظہار دینا ۔

deponent, a. مظہر ؛ حلفی گواہ ۔ (گرامر) اُس فعل کو ظاہر کرنے والا جو صوتاً مجہول ہو مگر معناً معروف ہو ۔ (اسم) کوئی ایسا فعل ؛ حلف اٹھا کر تحریری شہادت دینے والا ۔

depopulate, v.t. تقلیل آبادی کرنا؛کسی جگہ کو بے آباد کرنا ؛ آبادی گھٹانا یا کم کرنا ؛ کُلّی یا جُزوی طور پر باشندوں سے محروم کر دینا جیسے تباہی یا اخراج سے ۔

depopulation, n. تقلیل آبادی ؛ کسی جگہ کی بے آبادی ؛ آبادی گھٹانے کا عمل ؛ کُلّی یا جُزوی طور آبادی سے محرومی ؛ اُجاڑا ۔

depopulator, n. کسی جگہ کو بے آباد کرنے والا ؛ تقلیل آبادی کرنے والا ؛ آبادی گھٹانے والا ؛ اُجاڑ کرنے والا ۔

deport, v.t. مُلک/شہر بدر کرنا ؛ جلا وطن کرنا ؛ جبری فرمان کے تحت کسی مُلک سے بے دخل کرنا ؛ (کسی جگہ) لے جانا ؛ خاص رویہ یا طرز اختیار کرنا ، اس صورت میں فعل کے بعد oneself آئے گا۔

deportable, a. قابل مُلک/شہر بدری ؛ قابل جلاوطنی ۔

deportation, n. مُلک/شہر بدری ؛ جلاوطنی ؛ اخراج ؛دیس نکالا ؛ کسی ریاست یا ملک سے ایسے اجنبی کا قانونی اخراج ، جس کی موجودگی ناپسندیدہ ہو ؛ بے دخل کرنے کا فریضہ ۔

deportee, n. جلاوطن ؛ مُلک/شہر بدر ؛ وہ شخص جو کسی مُلک سے نکالا گیا ہو یا جس کی بے دخلی کا حُکم جاری ہو چکا ہو ۔

deportment, n. طرز زندگی ؛ طرزِ عمل ؛ کردار ؛ طریق؛فرائض زندگی کی نسبت سے طرز عمل ؛ رویہ ؛ سبھاؤ ؛ چال ڈھال ؛ اطوار ؛ ڈھنگ ؛ برتاؤ ۔

deposal, n. تخت یا عُہدے سے معزولی ؛ اقتدار اعلیٰ سے معزُول یا عُہدے سے محروم کرنے کا عمل ۔

depose, v.t. تخت یا کسی اعلیٰ عہدے سے ہٹا دینا ؛ عُہدے سے معزول کر دینا ۔ (قانون) گواہی دینا ، بالخصوص تحریری حلفی بیان دینا ۔

deposable, a. قابلِ معزولی ؛ قابلِ شہادت ۔

deposer, n. معزول کُنندہ ؛ شہادت دَہندہ ۔

deposit, v.t. تحویل میں دینا ؛ جمع کروانا ؛ امانت رکھنا ؛ دھرنا یا سینت کے رکھنا ؛ سکوں یا ٹوکنوں کا ، سکّے سے چلنے والی مشین میں ڈالنا ؛ قُدرتی عمل سے تہ میں بیٹھ جانا یا رسوب بننا ؛ محفوظ کرنے یا دیگر مقصد کے لیے کسی کے پاس رکھنا ؛ ضمانت یا جُزوی بے باقی کے طور پر رقم ادا کرنا ۔ (فعل لازم) جمع ہونا ؛ امانت رکھی جانا ۔ (اسم) رسوب یا تلچھٹ بن جانا ؛ تہ میں بیٹھ جانا ؛ داخل ہونا ، جیسے سکّے سے چلنے والی مشین میں ؛ کسی کے پاس رہنا ، جیسے حفاظت کے لیے ہو ؛ کسی کو دیا جانا (جیسے ضمانت کے طور پر) ؛ برقی کیمیائی عمل سے چڑھی ہوئی تہ ؛ انداخت ؛ شراب کی بوتل میں قدرتی طور پر تہ نشین مادّہ ؛ تلچھٹ ۔ (ارضیات ، کان کَنی) تیل اور کوئلے کی طرح کے معدنیاتی ذخائر جو پانی ، ہوا ، کٹاؤ یا دیگر

قُدرتی عوامل سے جمع ہوئے ہوں ؛ کوئی بھی چیز جو کسی دوسرے شخص کی تحویل میں دی جائے ؛ بینک میں رکھوائی گئی رقم ؛ گروی رکھّی ہوئی چیز ؛ کوئی چیز جو ضمانت یا جُزوی ادائیگی کے طور پر ادا کی جائے ۔

depositor, n. امانت رقم وغیرہ جمع کروانے والا ؛ امانت رکھنے والا ؛ ضمانت کے طور پر ادا کرنے والا شخص یا بطور ضمانت دی جانے والی شے ۔

depositary, n. امانت دار ؛ امین ؛ تحویل دار ؛ وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز چھوڑی جائے یا بھروسے کے ساتھ رکھی جائے ؛ رکھوالا ؛ وہ جگہ جہاں مال جمع کرایا جائے ۔

deposition, n. تخت یا عُہدے سے معزولی ؛ عزل ؛ خلع ؛ امانت یا تحویل میں دینے کا عمل ؛ امانت کے طور پر رکھی ہوئی کوئی چیز ؛ تحویل ۔ (قانون) حلفیہ شہادت ؛ بیان حلفی ، جو تحریر میں لیا جائے اور عدالت میں گواہ کی زبانی شہادت کے بجائے استعمال ہو ؛ اظہار حلفی ؛ تحریری بیان ۔ (کلیسیات) کسی ولی کی جسمانی باقیات کی تدفین ۔

depository, n. امانت خانہ ؛ گودام ؛ خزانہ ؛ ذخیرہ ؛ مخزن ؛ وہ جگہ جہاں چیزیں بطور امانت رکھی جائیں ؛ وہ شخص جسے کوئی چیز حفاظت کے لیے سونپی جائے ۔

depot, n. فوجی گودام ؛ ڈپو ریلوے اسٹیشن ؛ مال خانہ ؛ مخزن ؛ منڈی ؛ ذخیرے یا فروخت کے لیے سامان رکھنے کی جگہ ۔ (عسکری) رجمنٹ کا صدر مقام ۔ (سابقا) وہ مقام جہاں مختلف رجمنٹوں کے رنگروٹوں کی پیشوائی کی جاتی تھی اور ان کو قواعد کرائی جاتی تھی ۔

depravation, n. انحطاط ؛ زوال ؛ بداخلاقی ؛ بگاڑنے یا خراب کرنے کا عمل ؛ خراب ہونے کی حالت ؛ بدچلنی ۔

deprave, v.t. بداخلاق کرنا ؛ بدچلن بنانا ؛ خراب یا خراب تر کرنا ؛ خوبیوں کو نقصان پہنچانا ؛ بگاڑنا ؛ اخلاق بگاڑنا ؛ تخریب اخلاق کرنا ۔

depraver, n. مخرّب اخلاق ؛ اخلاق بگاڑنے والا ۔

depraved, a. اخلاق باختہ ؛ بدچلن ؛ انحطاط شُدہ ؛ زوال یافتہ؛ بگڑے اخلاق کا؛ کج رَو ؛ غیر اخلاقی ۔

depravity, n. بداخلاقی ؛ بدکرداری ؛ معصیّت ؛ بدچلنی ؛ بداخلاق یا بدچلن ہونے کی حالت ؛ بگڑے اخلاقی اصول ظاہر کرنے والا عمل یا وطیرہ ؛ فسق و فجور ؛ سیاہ کاری ؛ انسان کی خلقی بدی ؛ انحطاط ؛ زوال ۔

deprecate, v.t. ناپسندیدگی یا ناخوشی کا اظہار کرنا ؛ کسی کے خلاف سنجیدگی سے استدلال کرنا ؛ کسی کے خلاف دلائل دینا ؛ کسی چیز کے خلاف سخت اظہارِ ناپسندیدگی کرنا ۔

deprecatingly, adv. اظہار ناپسندیدگی کرتے ہوئے ؛ بُرا بھلا کہتے ہوئے ۔

deprecatory, deprecative, a. اظہار ناپسندیدگی کرنے والی بات سے متعلّق ؛ اظہار ناپسندیدگی سے متعلق ۔

deprecation, n. اظہار ناپسندیدگی/ناخوشی ؛ ملامت ؛ اظہار ناپسندیدگی/ناخوشی کا عمل ؛ التماس/التجا ؛ ناپسندیدگی ۔

depreciable, a. قابل تخفیف قیمت ؛ کم قدری سے اثر پذیر ؛ قیمت میں کمی کے لائق ۔

depreciate, v.t. کسی چیز کی قدروقیمت گھٹانا ؛ قیمت گرانا ؛ حقیر گرداننا ؛ روپے پیسے کی قُوّتِ خرید کم کرنا ؛ معمولی قدروقیمت یا خوبی کے حامل کے طور پر یا مبینّہ قدروقیمت سے کم کر کے پیش کرنا ؛ عزّت و احترام کم کرنا ؛ نقص نکالنا ، تحقیر کرنا یا کم تر جاننا ؛ حقیر یا خفیف سمجھنا ۔ (فعل لازم) قدرو قیمت کم ہونا ؛ فرسودہ ہونا ۔

depreciative,
depreciatory, a. تحقیر آمیز ؛ فرسودہ ؛ ملامت لیے ہوئے ۔

depreciatively, depreciatingly, adv. ملامت کے انداز میں ؛ تحقیر کے طور پر ؛طعن و تشنیع کے لحاظ سے ؛فرسودگی کے لحاظ سے ۔

depreciator, n. قدروقیمت گھٹانے والا ؛ فرسودہ کار ۔

depreciation, n. فرسُودگی ؛ کم قدریٔ زر ؛ زر کی قُوّتِ خرید میں کمی ؛ کسی چیز کی قدروقیمت گھٹانے کا عمل ؛ مول یا خُوبی میں گھٹاؤ ؛ پاس لحاظ میں کمی یا کم قدری ؛ حقیر یا سُبک ہونے کی حالت ؛ تحقیر ۔ (حسابداری) کسی چیز کی حالت میں انحطاط کے لیے دی گئی رعایت جسے کاروبار یا جائیداد کی مالیت کا حساب لگاتے وقت منہا کر دیا جاتا ہے ؛ گھسارا ۔

depredate, v.t. لُوٹنا ؛ غارت گری کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ لُوٹ مار کرنا ؛ بزور چھین لینا ؛ ضائع کرنا ؛ اُجاڑنا ؛ برباد کرنا ۔

depredation, n. لُوٹ مار ؛ غارت گری ؛ تاخت و تاراج ؛ ڈاکہ ؛ انسانوں یا جانوروں کا تباہی مچانے کا عمل ؛ اجاڑنے کا عمل۔

depredator, n. لُٹیرا ؛ غارت گر ؛ تاخت و تاراج کرنے والا ؛ لُوٹ مار کرنے والا؛ غارت گری والا ۔

depredatory, a. تاخت و تاراج سے متعلّق ۔

depress, v.t. دبانا؛ جُھکانا ؛ نیچا کرنا ؛ پست حالت کرنا ؛ افسردہ کرنا ؛ غمزدہ کرنا ؛ مایُوس کرنا؛ مغلوب کرنا؛ ذلیل کرنا ؛ نیچے کو دبانا ؛ کمتر حالت یا حیثیت میں گرانا ؛ گھٹانا ؛ اُداس یا پژمردہ کرنا ؛ بددل کرنا ؛ شکستہ دِل کرنا ؛ کم قیمت کرنا ؛ مندا کرنا ؛ تحقیر کرنا یا مشکل میں ڈالنا ۔

depressive, a. افسُردہ کُن : دل بُجھانے والا ۔

depressant, a. (طِبّ) مسُکّن ؛ ہیجان کو کم کرنے والا ؛ غریزی فعلیّت کو گھٹانے/ کم کرنے کی خاصیت والا ؛ سکون آور۔ (اسم) مسکّن دوا ؛ ہیجان کو کم کرنے والی دوا ؛ کوئی مسکّن مادّہ یا عامل ؛ کوئی سکون آور دوا ۔

depressed, a. افسُردہ ؛ درماندہ ؛ پست حالت ؛ پسماندہ ؛ غمزدہ ؛ مایوس ؛ شکستہ دِل ؛ مندا ؛ بددل ؛ ذلیل ؛ پژمردہ ؛ اداس ؛ معاشی مُشکلات کا شکار ، بالخصوص بیروزگاری اور غربت کا شکار۔ (نباتیات ، حیوانیات) پچکا ہوا ؛ اوپر اور نیچے سے چپٹا ؛ پچکواں ۔

depression, n. پچکاؤ ؛ دبی ہوئی جگہ ؛ نشیب ؛ گڑھا ؛ جُھکاؤ ؛ پستی ؛ اُتار ؛ دباؤ کی کمی ؛ حُزن ؛ انخفاض ؛ بددلی ؛ غمزدگی ؛ مایُوسی ؛ اضمحلال ؛ افسردگی ؛ پس ماندگی ؛ درماندگی ؛ پست حوصلگی ؛ توانائی کی پست حالت ۔ (معاشیات) اوسط سے کم درجے کی معاشی سرگرمی کا دور ، جو پیداوار میں شدید تخفیف ، ڈوبتے ہوئے منافع ، گرتی ہوئی حصص منڈی اور بہت بے روزگاری سے عبارت ہوتا ہے ؛ مندا؛ کساد بازاری؛ سرد بازاری ۔

depression angle, n. (فلکیات) زاویۂ انخفاض ؛ کسی عمودی سطح مستوی میں مقامی افقی اور عمودی خُطُوط کا درمیانی زاویہ ۔

depressomotor, a. (طِب) خافض حرکی ؛ وہ شے جو حرکی فعلیت میں مزاحمت کا باعث ہو جیسے عصب خافض ۔ (اسم) عاملِ خافض عنصر مثلاً برومین ۔

depressor, n. خافض ؛ کاسِد ؛ وہ شخص یا شے جو پست گر یا انحطاط گر ہو ؛ افسردہ کار ۔ (تشریح الاعضا) عضلۂ خافضہ ؛ محضلۂ فروکش ؛ وہ عضلہ جو کسی عُضوبدن کو نیچے لائے ؛ وہ عصب ، جس کا ہیجان جسمانی فعلیت مثلاً فشارِ خون میں کمی کر دے ۔ (طِب) وہ آلہ جو عملِ جرّاحی یا معائنے کے دوران میں اُبھرے ہوئے حصّۂ جسم کو دبانے کے لیے استعمال ہو ۔

depressurize, v.t. دباؤ رُبائی کرنا ؛ ازالۂ دباؤ کرنا ؛ کا دباؤ کم کرنا ؛ دباؤ ختم کرنا ۔

deprivation, diprival, n. محرومی ؛ سلب ؛ محروم کرنے کا عمل یا محروم کیے جانے کی حقیقت ؛ بے دخلی ؛ عُہدے سے معزولی ؛ برطرفی ؛ نُقصان ؛ موقوفی ۔

deprivative, a. محروم کُن ؛ محروم کرنے پر مائل ۔

deprive, v.t. محروم کرنا ؛ معزُول کرنا ؛ کسی ایسی چیز سے محروم کر دینا، جو مِلکیّت یا استفادے میں ہو ؛ عُہدے سے برطرف کر دینا ؛ سلب کر لینا ۔

depriver, n. محروم کُنندہ ؛ معزُول کُنندہ ۔

deprivable, a. قابلِ محرومی ؛ قابلِ معزولی ۔

deprogramming, n. تلقین رُبائی ؛ کسی مسلک کو بدعات سے پاک کرنے کا عمل ۔

depth, n. گہرائی؛ عُمق ؛ گہرا پن ؛ نیچے ، اندر یا پیچھے کی طرف پیمایش یا فاصلہ ؛ گہرا ہونے کی صفت ؛ تھاہ ، جیسے پانی ؛ گہراؤ ؛ دِقّت یا ابہام ، جیسے کسی موضوع کی گھمبیرتا یا سنجیدگی ؛ شِدّت جذبات جیسے غم کی گہرائی؛ شدّت یا تیزی (جیسے سکوت یا رنگ کی) ؛ آواز کے زیروبم کا دھیما پن ؛ کوئی گہرا حصّہ یا جگہ (جیسے سمندر کا) ؛ کوئی گہرا زیر سطح منطقہ (جیسے احساس کا) ؛ سب سے دور دراز یا سب سے پرلے سرے کا حصّہ ، جیسے خلائے بیکراں میں ؛ بالکل اندرونی حصہ (جیسے : depth of woods) ؛ سب سے زیادہ زور یا شِدّت کا حصّہ (جیسے رات یا سردیوں کی رات)۔

depthless, a. بغیر گہرائی کے ؛ بے پایاں ؛ اتھاہ ؛ ایسی گہرائی کا جس کی پیمایش مُمکن نہ ہو ؛ سطحی ؛ اُتھلا ۔

depth charge, depth bomb, n. گہرائی بم ؛ آب دوزوں اور دیگر زیرآب اہداف کو تباہ کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا ایسا بم جسے بحری یا ہوائی جہاز سے پانی میں پھینکا یا گرایا جاتا ہے اور جو پہلے سے متعیّن کردہ گہرائی میں پھٹتا ہے ۔

depth perception, n. ادراکِ عُمق ؛ مشاہدے سے مختلف فاصلوں اور زاویوں پر واقع اشیا کے درمیان مکانی رشتوں میں امتیاز کی بصری مہارت ۔

depth psychology, n. (نفسیات) نفسیاتِ لاشعوریہ : نفسیات کا وہ میدان ، جس میں لاشعوری ترغیب کی اہمیّت پر زور دیا جاتا ہے ۔

depurate, v.t. پاک کرنا؛ میل کاٹنا ؛ کثافتوں سے پاک کرنا ؛ مُصفّیٰ کرنا ؛ صاف کرنا ؛ ناپاکی یا میل دُور کرنا ۔

depuration, n. صفائی ؛ پاکی ؛ تصفیہ ؛ تنقیہ ۔

depurator, n. مُصفّی ؛ مُطہِّر ؛ صاف کرنے والا ۔

deputation, n. وفد ؛ مستعار الخدمتی ؛ نمائندگی ؛ دُوسرے شخص یا اشخاص کی طرف سے کوئی کام یا بات کرنے والا ؛ قائم مقام کے طور پر کسی دُوسرے کے فرائض انجام دینے کی ایک خاص پروانگی یا اختیار ؛ وہ جنھیں دُوسرے لوگوں کی طرف سے کام کی انجام دہی یا ان کے خیالات کی ترجمانی کے لیے بھیجا گیا ہو ۔

depute, v.t. نمائندہ/وکیل بنانا ؛ کسی دوسرے کے فرائض کی انجام دہی کے لیے قائم مقام/نمائندہ مقرر کرنا ؛ کسی شخص کو خصوصی ماموریت یا اختیارات کے ساتھ کوئی کام سرانجام دینے کے لیے مُقرّر کرنا اور بھیجنا ؛ (خدمت) حوالے یا سپرد کرنا ؛ (نمائندے یا وکیل کو اختیار) تفویض کرنا ؛ کسی دُوسرے شخص کی طرف سے کام سرانجام دینا ۔

deputize, v.t. رر نائب مقرّر کرنا ؛ نمائندہ/وکیل بنانا ؛ بطور نمائندہ کام کرنا ۔

deputy, n. نائب ؛ نمائندہ ؛ ڈپٹی ؛ وہ شخص جسے کسی دُوسرے شخص یا اشخاص نے کسی کام کی انجام دہی کے لیے مقرّر یا مجاز کیا ہو ؛ متبادل کے طور پر کام کرنے والا شخص ؛ کوئی مجاز کردہ نمائندہ یا کارندہ ؛ متعدّد قانون ساز اداروں میں سے کسی ادارے میں کسی انتخابی علاقے کا منتخب نمائندہ ؛ وہ شخص جسے کسی قومی اہل کار کی معاونت اور جگہ خالی ہونے کی صورت میں اس عہدے کو سنبھالنے کے لیے منتخب یا مقرر کیا گیا ہو ۔ (صفت) کسی دوسرے شخص کی نمائندگی ۔

deputyship, n. نیابت ۔

deracinate, v.t. بیخ کنی کرنا ؛ استیصال کرنا ؛ جڑ سے اُکھاڑ پھینکنا ؛ اپنے اصل تمدّن سے اجنبی بنا دینا ۔

deracination, n. استیصال ؛ بیخ کَنی یا جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کا عمل ؛ اپنے اصل تمدُّن سے اجنبیّت ۔

derail, v.i. پٹڑی سے اُترنا ؛ سیدھے راستے سے بھٹک جانا ؛ ریل گاڑی کا لائن یا پٹڑی سے نیچے آ جانا ۔ (فعل متعدی) پٹڑی سے اُتارنا ؛ سیدھے راستے سے بھٹکانا ۔

derail, derailer, n. وہ کانٹا جو ہنگامی صورت حال میں ریل گاڑی یا ریل کے ڈبّے کو دوسری لائن پر لے جانے کے لیے وضع کیا گیا ہے ۔

derailment, n. پٹڑی سے اُترنے کا عمل ؛ سیدھے راستے سے ہٹ جانے کی کیفیت ؛ کانٹا بدلی ۔

derange, v.t. ابتر کرنا ؛ اُلٹ پلٹ کرنا ؛ کسی چیز کو بے ترتیب کر دینا ؛ کسی کے بندوبست یا نظام کو درہم برہم کرنا ؛ پراگندہ کرنا ؛ کسی چیز کی صحیح حالت ، عمل یا وظائف میں خلل ڈالنا ؛ کسی کی عقل یا سمجھ بُوجھ میں فتور ڈالنا ؛ مجنون کر دینا ؛ مخبوط الحواس کرنا ؛ پاگل بنا دینا ؛ دیوانہ کرنا ۔

deranged, a. بے ترتیب ؛ پراگندہ ؛ ابتر ؛ اُلٹ پُلٹ ؛ مخبوط الحواس ؛ پاگل ؛ دیوانہ ؛ مجنون ۔

derangement, n. فتور ؛ خلل ؛ بے ترتیبی؛ پراگندگی ؛ ابتری ؛ مخبوط الحواسی ؛ دیوانگی ؛ جنون ؛ پاگل پن ۔

Derby, n. ڈربی : لندن کے قریب ایپسم کے مقام پر ہر سال مُنعقِد ہونے والی اِنگلستان کی مشہور گُھڑ دوڑ جس کا آغاز

۱۷۸۰ء میں ڈربی کے بارھویں ارل (نواب) نے کیا تھا ؛ دوسری کئی سالانہ گُھڑ دوڑوں میں سے کوئی ایک، جیسے ''کنٹکی ، ڈربی'' جو لُوئی وِلّے ، کنٹکی میں ماہ مئی کے پہلے سنیچر کو منعقد ہوتی ہے۔ (چھوٹے d سے) ایسا مقابلہ جس میں سب کو حصّہ لینے کی اجازت ہوتی ہے؛ ایک سخت فیلٹ ہَیٹ جس کے اُوپر کا حِصّہ گول اور کنارا تنگ ہوتا ہے اور جسے عموماً مرد پہنتے ہیں۔

derelict, a. ترک کردہ؛ متروکہ ؛ لاوارث ؛ بے پروا ؛ غفلت شِعار ؛ مالک یا محافظ کا چھوڑا ہوا یا ترک کیا ہوا (جیسے : any derelict ship) ؛ ٹوٹا پُھوٹا/شکستہ؛ فرائض سے پہلو تہی کرنے والا ؛ خطاکار۔ (اسم) کوتاہی فرض کا قصور وار؛ آوارہ گرد۔ (جہاز رانی) سمندر میں متروک جہاز۔ (قانون) مد یا برآورد اراضی ؛ خطِّ آب کی تبدیلی کے باعث خُشک رہ جانے والی زمین۔

dereliction, n. ترکِ مال ؛ ترکِ جہاز ؛ ترکِ فرض ؛ کوتاہی ؛ غفلت ؛ چھوڑنے کا عمل یا چھوڑے جانے کی حالت ؛ خطِّ آب کی تبدیلی سے زمین کی خشکی ؛ خشکابہ زمین ؛ قابلِ مواخذہ دستبرداری یا کوتاہی ، جیسے فرض کی ؛ خطا کاری۔

deride, v.t. تمسخُر اُڑانا ؛ مضحکہ کرنا ؛ مذاق کرنا ؛ تضحیک کرنا ؛ حقارت سے ہنسی اڑانا ، تمسخُر میں لگنا یا ٹھٹھا کرنا ؛ ہنسی کے ذریعے حقارت سے پیش آنا ؛ نقّالی کر کے مذاق اڑانا ؛ بھد اُڑانا۔

derider, n. تضحیک کرنے والا ؛ ہنسی اُڑانے والا ؛ تمسخُر کرنے والا۔

deridingly, adv. تضحیک کے طور پر ؛ ہنسی اُڑانے کے انداز سے ؛ تمسخُر کرتے ہوئے۔

derigueur, a. حسبِ آداب یا مجلس و فیشن ؛ آدابِ مجلس کے دستور یا فیشن کے معیار کے مطابق۔

derision, n. تضحیک ؛ تمسخُر ؛ ٹھٹھول کرنے کا عمل یا ٹھٹھول کیے جانے کی حالت ؛ حقارت جسے ہنسی آشکار کرتی ہو ؛ ایسی ہنسی جس میں نقّالی ہو ؛ حقارت ؛ مضحکہ ؛ ہنسی ؛ ٹھٹھا ؛ مذاق۔

derisive, a. تمسخُر آمیز ؛ تحقیر آمیز ؛ ٹھٹھول کا مظہر یا ٹھٹھول سے ممیّز ؛ تضحیک آمیز ؛ مضحک ؛ مضحکہ کا انداز لیے ہوئے۔

derisively, adv. تمسخُر سے ؛ تحقیر کے ساتھ ؛ مضحکہ خیزی کے انداز میں۔

derisiveness, n. تمسخُر ؛ تضحیک ؛ تحقیر۔

derisory, a. مضحک ؛ تمسخُرانہ۔

derivation, n. اخذ ؛ اشتقاق ؛ استخراج ؛ اِستنباط ؛ نسب ؛ نسل ؛ اصل ؛ اخذ کرنے کا عمل یا اخذ کیے جانے کی حقیقت ؛ حصول یا وصولی جیسے کسی ذریعے سے ؛ ذریعہ یا منبع یا جذر ؛ کشید ؛ کسی مصدر سے کسی لفظ کا اشتقاق ؛ کسی لفظ کی اصل کا سُراغ ؛ ایسی اصل یا تشکیل کے بارے میں کوئی بیان یا نظریہ ؛ کوئی مشتق چیز ؛ کوئی مستخرج ؛ ماخوذ ؛ ماخذ ؛ شعبہ ؛ نظریۂ اِرتقا۔

derivational, a. ماخوذ کرنے سے متعلّق ؛ ارتقائی ؛ متعلّق بہ اشتقاق۔

derivative, a. مشتق ؛ اخذ کردہ ؛ ماخُوذ ؛ لیا ہوا یا کسی ماخذ یا دیگر چیز سے نکلا ہُوا ؛ غیر اصل ؛ غیر قدیمی ؛ فرعی ؛ ثانوی ؛ استخراج سے متعلّق ۔ (اسم) مشتق یا ماخوذ ؛ کوئی لفظ جو دوسرے لفظ یا سرچشمے یا اصل سے نکلا ہو۔ (کیمیا) ایسا مادّہ یا مُرکّب جو دوسرے مادّے یا مُرکّب سے حاصل شُدہ ہو یا حاصل شُدہ سمجھا جائے۔

derivatively, adv. اشتقاقاً ؛ استخراجاً۔

derive, v.t. اخذ کرنا ؛ اشتقاق کرنا ؛ کسی ماخذ یا اصل سے لینا یا حاصل کرنا ؛ کسی مخصوص ماخذ سے لینا ، جیسے کوئی لفظ ؛ کسی سرچشمے یا اصل سے بنانا ۔ (کیمیا) ایک مادّے یا مُرکّب سے دُوسرے کو حاصل کرنا ؛ کسی ماخذ یا اصل سے کھوج لگانا ، جیسے کسی رسم یا لفظ کا ؛ ایک خاص مأخذ سے آیا ہُوا بتانا ؛ استدلال سے حاصل کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ۔ (فعل لازم) کسی منبع سے نکلنا ؛ جاری ہونا۔

derived, a. ماخوذ ؛ مشتق ؛ فرعی ؛ تبعی ؛ کسی سرچشمے سے لیا ہوا ، حاصل کیا ہُوا یا آیا ہُوا۔

derived unit, n. (طبیعیات) تبعی/ماخوذ اکائی ؛ بُنیادی اکائیوں سے مشتق ؛ رقبے ، رفتار وغیرہ کی اکائیوں میں سے کوئی۔

deriver, n. اخذ کرنے والا ؛ حاصِل کرنے والا ؛ نکالنے والا ؛ استخراج یا اِستنباط کرنے والا۔

derivable, a. قابلِ اخذ ؛ قابلِ حُصُول ؛ قابلِ اشتقاق ؛ قابلِ استخراج یا استنباط ؛ اشتقاق پذیر۔

derma,dermis, a. اَدَمہ ؛ جِلدِ حقیقی ؛ جِلدِ خارجی کے نیچے اصل جِلد ؛ عام جِلد۔

dermal, a. اَدَمی ؛ اَدَمہ یا جِلدِ اصلی سے متعلّق ؛ جِلدی۔

dermatitis, n. (امراضیات) ورمِ جلد ؛ التہاب اَدَمہ ؛ جلد کی سوزش۔

dermatogen, n. اَدَمہ زا ؛ جِلدِ اصلی پیدا کرنے والا ؛ جِلد خارجی پیدا کرنے والے تنے یا ریشے پر ایک خلوی تہ۔

dermatoid, a. جلد نُما ؛ جلد سا ؛ جلد سے مشابہ ؛ جلد جیسا ؛ اَدَمہ نُما ؛ اَدَمہ سا۔

dermatology, n. اَدَمیات ؛ جِلدیات ؛ جلد اور اس کے امراض کا عِلم۔

dermatological, a. اَدَمیاتی ؛ جلدیاتی۔

dermatologist, n. ماہرِ امراضِ جِلد/اَدَمہ ؛ اَدَمیات دان۔

dermatophyte, n. (امراضیات) جِلد پودا: انسانوں اور حیوانوں کی جلد ، بالوں اور ناخُنوں پر ہجوم کرنے والا طفیلی پودا ، جو داد جیسی ، متعدد اقسام کی جلدی بیماریوں کو جنم دیتا ہے ؛ اَدَمہ نبات۔

dermatosis, n. جلدی روگ ؛ داءُ الادَمہ ؛ کوئی جِلدی مرض۔

dermis, n. دیکھیے : Derma ۔

dermoid, a. جلد سا ؛ جِلد سے مشابہ ؛ جِلدی ؛ اَدَمہ نُما ؛ جلد یا اَدَمہ کی مانند ؛ جِلد سے متعلّق۔

derogate, v.t. توہین کرنا ؛ قدر/عزّت میں کمی کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ گھٹا کر دکھانا ۔ (فعلِ لازم) توہین ہونا ؛ قدر/عزّت میں کمی ہونا ؛ کم ہونا/گھٹنا ؛ کم ہونے یا گھٹنے کا اثر رکھنا ، جیسے شُہرت کو ؛ ایک حصّہ الگ کرنے سے کم ہونا (from کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : ridicule derogates from a person's dignity) ۔

derogation, n. توہین ؛ تذلیل ؛ اہانت ؛ توہین کرنے کا عمل ؛ قدر یا عزت میں کمی ؛ بدگوئی ؛ بدنامی ؛ تحقیر ؛ ناقدری ؛ بے وقری ۔

derogatory, a. توہین آمیز ؛ تحقیر آمیز ؛ اہانت آمیز ؛ تذلیل کرنے یا عزت میں کمی کا اثر رکھنے والا ؛ بدنام کُن ؛ کسی کے بارے میں پست رائے ؛ خلافِ شان؛ خلافِ احترام ۔

derogatoriness, n. توہین آمیزی ؛ تحقیر آمیزی ؛ اہانت آمیزی ؛ توہین آمیز ہونے کی خصوصیت ؛ خلاف احترام ہونے کی خاصیت ۔

derogatorily, adv. توہین آمیزی سے ؛ کم قدری کے انداز میں ؛ اہانت آمیزی کے طور پر ۔

derrick, n. [پہلے پہل پھانسی کے چوکھٹے پر اطلاق کیا جانے والا ، سترھویں صدی کے لندن کے ایک جلّاد کا نام ، جو بعد ازاں اس سے مشابہ ہر مشین کو دیا جانے لگا] ڈیرک ؛ حمّالہ ؛ جرِّ ثقیل ؛ بُرج ؛ بھاری بوجھ اُٹھانے والی مشین ، جو عموماً ایک مرکزی کھمبے سے منسلک بَلّی پر مشتمل ہوتی ہے ، جس کے سرے پر رسّا چرخی لگی ہوتی ہے ؛ تیل کے کنویں یا برما کاری کے گہرے سُوراخ کے اُوپر بنا ہوا مینار نُما ڈھانچا جو برما کاری کے سازوسامان کو تھامنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

derriere, n. چُوتڑ ؛ پیچھا ؛ سُرین ؛ پُشت ؛ عقب ۔

derring-do, n. جان پر کھیل جانے کا عمل ؛ تہوُّر ؛ شجاعانہ کارنامے ؛ جانبازانہ ہمّت ۔

derringer, n. [انیسویں صدی کے امریکی اسلحہ گر ہنری ڈیرنجر سے موسوم] ڈیرنجر ؛ توڑے دار پستول ؛ ایک کوتاہ مگر چوڑی نالی کا پستول ، جو اب عموماً توڑے دار ہوتا ہے ۔

derris, n. ڈیرس ؛ اسی نام و جنس سے متعلّق ، مشرقی ہند کا کوئی پھلی دار پودا جس سے روٹنے نان نامی مادّہ حاصل کیا جاتا ہے ، جو کیڑے مار دوا بنانے کا ذریعہ ہے ۔

dervish, n. (فارسی) درویش ؛ خُدا رسیدہ بزرگ ؛ سلسلۂ مولویہ کا رُکن ۔

desalinate, v.t. نمک رُبائی کرنا ؛ ازالۂ نمک کرنا ؛ نمکینی ختم کرنا ۔

desalt, v.t. نمک رُبائی کرنا ؛ ازالۂ نمک کرنا ، خصوصاً سمندر کے کھاری پانی کی نمکینی دُور کر کے اسے قابلِ استعمال بنانا ۔

desalter, n. نمک رُبا ؛ نمکینی دُور کرنے والا ۔

descant, discant, n. (موسیقی) ترانہ؛ نغمہ ؛ گیت ؛ راگ ؛ آہنگ ؛ سُرود ؛ ساز کے ساتھ اونچے سُر کا گیت جس کی لے جدا ہو ؛ جزوی موسیقی میں پنجم سُر ؛ ڈرامے کے حصّوں میں گانے یا موسیقی ترتیب دینے کا فن ؛ کوئی ہم آہنگ ترتیب ؛ موضوع کے تغیّرات پر مشتمل ایک سازی آغاز عام طور پر ، کوئی گیت یا دھن ؛ کسی چیز پر کوئی اختلاف ؛ کسی موضوع پر تبصرہ ، بالخصوص طویل اور مُتنوّع تبصرہ ؛ کوئی مقالہ یا عالمانہ خطبہ ۔ (فعل لازم) تقریر کرنا ؛ تفصیل سے بیان کرنا ؛ مرکزی دُھن کی ہم آہنگی میں گانا یا کوئی دُھن بجانا ؛ عام طور پر نغمہ سرائی کرنا ؛ کسی موضوع پر تبصرہ کرنا ؛ تفصیل اور تنوُّع کے ساتھ بولنا یا لکھنا ۔

descanter, n. آہنگ والا؛ تفصیل سے بیان کرنے والا ۔

descend, v.i. اُترنا؛ نزُول کرنا ؛ نازل ہونا ؛ اُونچی جگہ سے نیچی جگہ کی طرف حرکت کرنا ؛ نیچے کی سمت حرکت کرنا ، آنا یا جانا ؛ کم ہونا یا ڈھلواں ہونا ؛ معاندانہ طور سے حملہ کرنا یا ٹُوٹ پڑنا ؛ انبوہ یا ازدحام کی صورت میں پہنچنا ؛ کسی منبع یا اصل سے چلنا ؛ مشتق یا ماخُوذ ہونا ؛ ایک وارث سے دُوسرے کو ملنا ؛ بدلنا ، جیسے عام سے خاص توجُّہ میں ؛ اپنے آپ کو ہیٹا کرنا یا نگاہوں سے گرانا ؛ منفعل ہونا ؛ جُھکنا ۔ (فعل متعدی) پر ، یا ، کے ساتھ نیچے کی سمت چلنا ، حرکت کرنا یا آنا ؛ چوٹی سے دامن کوہ تک آنا ۔

descendible, descendable, a. قابلِ نزُول ؛ قابلِ اُترائی ؛ قابلِ ورثہ ؛ وراثت کے ذریعے قابلِ انتقال ۔

descendant, n. خلف؛ اولاد ؛ آل ؛ ایک جدِّ اعلیٰ کی کسی بھی پُشت کا کوئی فرد ؛ اصل نمونے سے حاصل شُدہ کوئی بھی شے ؛ نسل ۔

descendent, descendant, a. ایک مشترک جد اعلیٰ رکھنے والا/یا مثلِ اُولیٰ رکھنے والا ۔

descender, n. (طباعت) کسی چھوٹے حرف کا وہ حصّہ جو قالب سے نیچے تک جائے ؛ ایسا حصّہ رکھنے والا کوئی حرف ، جیسے y اور j ، q ، p ۔

descent, n. نزول ؛ تنزُّل ؛ اُتران ؛ اُترائی ؛ اعلیٰ یا بُلند سے ادنیٰ یا پست درجے کی طرف اُترنے کا عمل ؛ نیچے کی طرف ڈھال ؛ ڈھلان ؛ زوال جیسے مرتبے ، نیکی یا خُوبی میں ؛ جانشینی یا وراثت کے ذریعے منتقلی ؛ مُورثِ اعلیٰ سے توریث ؛ سلسلۂ نسب ؛ نسل ؛ پُشت ؛ شجرہ کے پیمانے میں ایک واحد درجہ ۔

describe, v.t. توضیح کرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ صفت بیان کرنا ؛ لفظوں میں بتانا ؛ (شکل) کھینچنا ؛ بیان کرنا ؛ ذکر کرنا ؛ تحریری یا زبانی تصویر کھینچنا یا بیان کرنا ؛ الفاظ میں ذہنی تصوُّر پیش کرنا ؛ نقشہ کھینچنا یا (کی) شکل یا صورت کا خاکہ کھینچنا (جیسے : to describe a geometrical figure) ۔ (فعل لازم) بیان کرنے کی طاقت استعمال کرنا ۔

describable, a. لائقِ توصیف ؛ قابلِ بیان ؛ قابلِ ذکر ؛ قابلِ وضاحت ۔

describer, n. بیان کرنے والا ؛ ذِکر کرنے والا ؛ وضاحت کرنے والا ؛ تفصیل بیان کرنے والا ۔

description, n. بیان ؛ ذکر ؛ صراحت ؛ توصیف ؛ تصریح؛ کوائف؛ لفظی تصویر کھینچنے کا عمل ؛ ترسیم ؛ کسی شے کی خصُوصیات یا شکل و شباہت کا ایسا بیان کہ سُننے والا اس کا تصوُّر قائم کر سکے ؛ کسی قسم ، نوع یا فرد کو تشکیل دینے والی کیفیتوں کا امتزاج ۔

descriptive, a. بیانیہ ؛ تفصیلی ؛ توصیفی ؛ بیانی ؛ تشریحی ؛ تصریحی ؛ جس میں صراحت ہو ؛ نمونہ ہونے کی کیفیّت والا ؛ بالتفصیل ۔

descriptively, adv. بیانیہ طور پر ؛ تفصیل کے لحاظ سے ۔

descriptiveness, n. وصف بیان ؛ تفصیلیت ۔

descriptive geometry, n. بیانیہ علمِ ہندسہ ؛ تظلیلی ہندسہ ؛ معینّہ اشکال کی تظلیل میں علمِ ہندسہ کا اطلاق ، جس کی وجہ سے ریاضی دان کے لیے ان کے تظلیلی اور مادّی خواص کا استخراج ممکن ہوتا ہے ؛ علمِ ہندسہ کی وہ قسم عموماً جس کا استعمال اور اطلاق تظلیلات کے نقطۂ نظر سے کیا جاتا ہے ۔

descriptive linguistics, n. بیانیہ لسانیات ؛ زبان کا وہ مطالعہ جس کا

تعلّق مآخذوں کی بجائے گرامر اور درجہ بندی سے ہوتا ہے۔

descry, v.t. دیکھ لینا ؛ دریافت کر لینا ؛ فاصلے سے دیکھنا ؛ مُشاہدہ کرنا۔

desecrate, v.t. بے ادبی کرنا ؛ بے حُرمتی کرنا ؛ کسی مقدّس مقصد یا کردار سے دنیوی مقصد یا کردار کی طرف پھیرنا ؛ غیر مقدّس بنا دینا ؛ دین کی بے حُرمتی کرنا ؛ نجس کرنا ؛ پلید کرنا۔

desecration, n. بے ادبی ؛ بے حرمتی۔

desegregate, v.t. نسلی علیحدگی ختم کرنا ؛ نسلی علیحدگی منسُوخ کرنا۔

desegregation, n. عدمِ نسلی علیحدگی ؛ خاتمۂ نسلی علیحدگی۔

desensitize, v.t. حِسیّت رُبائی کرنا ؛ ازالۂ حِسیّت کرنا ؛ کم حسّاس بنانا۔ (فعلیات) حس ختم کرنے والے ٹیکے کے ذریعے بیرونی مہیّج کے لیے کسی عضو یا نسیج کی حساسیت یا رِدعمل ختم کرنا۔ (عکّاسی) روشنی کے لیے کم حسّاس بنا دینا۔

desensitization, n. حسیت رُبائی ؛ ازالۂ حسیّت۔

desensitizer, n. حِسیّت رُبا ؛ ازالۂ حِسیّت کرنے والا۔

desert, n. صحرا ؛ ریگستان ؛ ایسا وسیع و عریض ریتلا یا چٹانی علاقہ جو نمی اور سبزے سے تقریباً تہی ہو ؛ ویران ؛ بیابان ؛ سُنسان ؛ ایسا خطّہ جو کسی شے سے محروم ہو (جیسے : That country is a spiritual desert) ۔ (صفت) بنجر پڑا ہُوا ؛ غیر مزروعہ اور غیر آباد ؛ بیابانی ؛ صحرائی۔

desert, v.t., v.i. فرار ہو جانا ؛ بھگوڑا بن جانا ؛ ترک کر دینا یا چھوڑ دینا ؛ چلے جانا ، بالخصوص فوجی عملے کا فرائض کی خلاف ورزی کرتے ہوئے رُخصت ہو جانا ؛ ساتھ چھوڑ دینا ؛ بے وفائی کرنا ؛ اپنا فرضِ منصبی چھوڑ دینا ؛ فوجی عملے کا بغیر اجازت نوکری چھوڑ دینا ؛ فرار ہونا ؛ بھگوڑا بننا۔

deserter, n. مفرُور ؛ فراری ؛ بھگوڑا۔

desert, n. جزا و سزا ؛ جس سلوک کا کوئی مستحق ہو ؛ کیفرِ کردار ؛ مستحق ہونے کی کیفیت ، خواہ جزا کے لیے یا سزا کے لیے ؛ اپنے کرتوت کے مطابق جزا یا سزا ؛ استحقاق ؛ سزاواری۔

deserts, n. (جمع) عمل ؛ اعمال ؛ صِلہ ؛ جس چیز کا کوئی مستحق ہو ؛ مستحقہ سزا یا جزا ؛ کیے کا پھل (جیسے : He received his just deserts) ۔

desertion, n. فرار ؛ بھگوڑا پن ؛ بے وفائی ؛ رُوگردانی ؛ چھوڑے جانے کا عمل ، بالخصوص فرضِ منصبی یا ذمہ داری سے روگردانی میں ؛ دستبرداری ؛ چھوڑے جانے کی حالت ؛ واماندگی/کسمپرسی۔ (قانون) زوج سے بے وفائی ؛ زوج کو چھوڑ کر فرار ؛ عمداً دستبرداری ، خاص طور پر قانونی یا اخلاقی فرض کی روگردانی میں ؛ زوج سے دستبرداری۔

deserve, v.t. مستحق ہونا ؛ اہل ہونا ؛ سزاوار ہونا ؛ حقدار ہونا ؛ قابل ہونا ؛ اپنے اعمال ، کیفیتوں یا صورت حال کے باعث جزا یا سزا ، ستایش یا ملامت کے لائق بننا۔ (فعل لازم) کسی جزا یا سزا کا اہل ہونا یا حق رکھنا۔

deserved, a. استحقاقی۔

deservedly, adv. استحقاق کے مطابق ؛ بطور استحقاق ؛ حقداری کے لحاظ سے ؛ ازرُوئے انصاف۔

deserver, n. مستحق ؛ اہل ؛ حقدار ؛ سزاوار ؛ جس کا استحقاق/حق بنتا ہو۔

deserving, a. مستحق ؛ اہل ؛ حقدار ؛ سزاوار ؛ صِلے یا ستایش کے لائق ؛ قابلِ تعریف۔

deservingly, adv. استحقاق کے لحاظ سے ؛ حقداری کے طور پر۔

desex, v.t. جنس رُبائی کرنا ؛ ازالۂ جنس کرنا؛ خاتمۂ جنس کرنا؛ نر یا مادہ کو آختہ کرنا یا خصّی کرنا۔

desexualize, v.t. جنس رُبائی کرنا ؛ ازالۂ جنس کرنا ؛ جنس یا جنسی قُوّت سے محروم کرنا ؛ جنسی کیفیت یا جنسی تعلُّق ختم کرنا ، خاص کر دلچسپی یا توانائی کا رخ موڑنے سے ، جیسے تہذیبِ جذبات میں ؛ خاتمۂ جنس کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ خصّی کرنا ؛ جنسی حِس ختم کرنا۔

desexualization, n. ازالۂ جنس ؛ جنس رُبائی ؛ آختہ کاری۔

deshabille, n. دیکھیے : Dishabille ۔

desiccant, a. خُشکاندہ ؛ مجفّف ؛ خشک کرنے والا۔ (اسم) سکھانے کے خواص رکھنے والی کوئی دوا یا اطلاق۔

desiccate, v.t. خُشک کرنا ؛ سُکھانا ؛ نمی دُور کرنا ؛ آب رُبائی کرنا ، جیسے خوردنی اشیا کی ؛ ازالۂ آب کرنا۔ (فعل لازم) خشک ہونا/سوکھ جانا۔

desiccation, n. خُشکاو ؛ خشک کرنے یا خُشک ہونے کا عمل ؛ آب رُبائی۔

desiccative, a. خشک کُن ؛ خُشکاندہ۔

desiccator, n. خشکالہ ؛ مجفاف ؛ خُشکاندہ شے ، آلہ یا شخص ؛ دودھ یا پھلوں کو خشک کرنے والی مشین۔ (کیمیا) کسی کیمیائی مادے میں موجود نمی کو جذب کرنے والا آلہ۔

desiderate, v.t. طلب کرنا ؛ طلب رکھنا ؛ کی ضرورت محسوس کرنا ؛ کمی محسوس کرنا ؛ چاہنا ؛ آرزو یا تمنا رکھنا۔

desideration, n. طلب ؛ احساسِ کمی ؛ آرزو ؛ تمنا۔

desiderative, a. خواہش دکھانےیا خواہش مفہوم رکھنے والا خواہش ظاہر یا تعبیر کرنے والا۔ (اسم) صیغہ نمنائی ؛ وہ صیغہ جس سے تمنا کا اظہار ہوتا ہو ؛ ایک فعل سے دُوسرا ایسا فعل بنانا جس سے وہ عمل کرنے کی تمنا کا اظہار ہوتا ہو جو اصل فعل میں مضمر ہے۔

desideratum, n. مطلُوب ؛ آرزو ؛ احتیاج ؛ وہ شے جو پاس نہ ہو لیکن مرغوب ہو ؛ کوئی ایسی شے جس کی بہت ضرورت ہو ؛ قابلِ خواہش چیز۔

design, v.i., v.t. نمونہ تیّار کرنا ؛ خاکہ بنانا ؛ نقشہ بنانا ؛ ابتدائی منصوبہ بنانا ؛ تجویز کرنا ؛ ابتدائی خاکہ یا نقشہ تیّار کرنا ؛ خدوخال یا شکل بنانا ؛ منصوبہ بنانا اور فنکاری یا ہنرمندی سے شکل دینا ، جیسے کسی ماڈل یا نمونے کی ؛ نمونہ یا نمونوں سے آراستہ کرنا یا سجانا ؛ ذہن میں صورت گری کرنا یا تصوُر کرنا ؛ تدبیر کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ منصوبہ بندی کرنا ؛ غور کرنا ؛ مقصد ہونا ؛ ارادہ ہونا ؛ نیت ہونا (جیسے : A gesture designed to express contempt) ؛ ڈرائینگ ، ابتدائی خاکے یا نقشے بنانا ؛ کسی شے ، آرایشی منصوبے یا فن پارے کی شکل و ساخت تجویز کرنا اور وجود میں لانا ؛ ارادہ یا مقصد ہونا۔

design, n. نمُونہ ؛ خاکہ ؛ نقشہ ؛ ابتدائی منصوبہ ؛ تجویز ؛ مقصد ؛ نیّت ؛ تدبیر ؛ اختراع ؛ خاکہ یا نقشہ جیسے کسی بنائے یا

بُھوک ؛ کوئی اظہار کردہ خواہش ؛ چاہے جانے والا شخص یا شے ۔

desirous, a. خواہش مند ؛ خواہاں ؛ آرزو مند ؛
خواہش کا حامل یا خواہش سے ممیّز ؛ خواہش کرنے والا ؛ طالب ؛
ملتجی ؛ ملتمس ؛ مُحتاج ؛ اُمّیدوار ۔

desirously, adv. خواہش مندی کے ساتھ ؛ آرزو مندانہ ؛
طلب کے طور پر ۔

desirousness, n. خواہش مندی ؛ آرزو مندی ؛ طلب ؛ التجا ؛
التماس ؛ احتیاج ۔

desist, v.i. باز رہنا ؛ رُکنا ؛ منع ہونا ؛ دست بردار ہونا ؛
عمل یا تسلسل کا بند ہونا ؛ چھوڑنا ؛ ختم ہونا ؛ ترک کر دینا ۔

desistance, desistence, n. باز رہنے کا عمل ؛
رُک جانے کی حقیقت ؛ دست برداری ۔

desk, n., a. چوکی ؛ ڈیسک ؛ لکھنے کی خانوں والی میز ،
عموماً ہموار سطح والی کوئی میز یا فرنیچر کی ملتی جُلتی چیز ، جیسی
کہ دفتر ،اسکول یا مطالعے کے کمرے میں ہوتی ہے جس پر پڑھنے ،
لکھنے یا نقشہ کشی کا کام کیا جاتا ہے اور جو اکثر کاغذات ، قلم ،
کتابیں اور دوسری اشیا رکھنے کے لیے درازوں اور خانوں سے مزین
ہوتی ہے ؛ گرجا میں مذہبی کتاب رکھنے کے لیے اُونچا چوکھٹا جو کھڑے
ہو کر وعظ دیتے وقت پادری کے سامنے ہوتا ہے ؛ ڈائس ؛ کسی تنظیم
کا کوئی شعبہ جو مخصوص فرائض کی انجام دہی کا ذمّہ دار ہو
(جیسے : the city desk of a newspaper) ؛ کوئی ایستادہ یا پیش تختہ
جہاں سے بعض لین دین یا معلومات بہم پہنچائی جاتی ہیں (جیسے :
an information desk) ۔

deskman, n. (صحافت) اخباری عملے کا ایسا رُکن
جو اطلاع دہندگان (رپورٹروں) کی طرف سے ٹیلی فون پر فراہم کردہ
خبریں لکھنے اور مدوّن کرنے کا کام اپنی میز پر بیٹھے بیٹھے نبٹاتا ہے ؛
وہ شخص ، خصوصاً انتظامی فرائض سرانجام دینے والا ، جو
زیادہ تر میز پر بیٹھ کر کام نمٹاتا ہے ۔

desmid, n. (نباتیات) خوردبینی یک خلوی تازہ پانی
کی بحری کائی جو اسی نام کے خاندان سے تعلّق رکھتی ہے ۔

desmoid, a. (تشریح الاعضا) رباط نُما ؛ رباطی ؛
بندھن سے مشابہ ؛ بندھنی ۔ (امراضیات) پوٹلی سے مشابہ ، جیسے کہ
ریشہ دار رسولی ۔

desolate, v.t. اُجاڑنا ؛ غیر آباد کرنا ؛
بیابان سُنسان کرنا ؛ ویران کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ بود و باش کے ناقابل
بنا دینا ؛ اجاڑ کر دینا ؛ تلف کرنا ؛ باشندوں سے محرُوم کرنا ؛ آبادی
گھٹانا ؛ مغموم کر دینا ؛ الگ ہو جانا یا ترک کر دینا ؛ برباد کرنا یا غارت
کرنا ؛ غمگین کرنا ؛ اُداس کرنا ؛ مایُوس کرنا ؛ نااُمّید کرنا ؛ تباہ کرنا ۔

desolate, a. اُجاڑ ؛ غیر آباد ؛ بیابان ؛ سنسان ؛ ویران ؛
تاخت و تاراج شُدہ ؛ ملول یا افسردہ ؛ بنجر یا اوسر ؛ تلف شدہ ؛ باشندوں
یا گھروں سے محروم ؛ ترک کردہ ؛ اکیلا ؛ بے کس ؛ سخت غم زدہ ؛
مغمُوم ؛ برباد ، غارت شدہ ؛ غمگین ؛ اُداس ؛ مایوس ؛ نااُمیّد ؛ تباہ شُدہ ؛
تنہا ۔

desolately, adv. ویرانی کی حالت میں ؛ غمگینی سے ؛
مایوسی سے ؛ نااُمیدی سے ؛ تنہائی کے ساتھ ؛ شکستہ دلی سے ؛
نااُمیّدی کے ساتھ ۔

تعمیر کیے جانے والے فن پارے ، پُرشکوہ عمارت یا مشین کا ؛ تفصیلات
یا خصوصیات کی یکجائی جیسے کسی تصویر ، عمارت یا پُل کی ؛ فن
کارانہ کام کا نمونہ یا منصوبہ ؛ فن کارانہ طور سے بنائی ہوئی چیز ؛
کوئی فن پارہ؛ فنون نمونہ سازی (جیسے : A school of design) ؛
ارادہ ، مقصد یا غرض ؛ وہ منصوبہ جو ذہن میں سوچا گیا ہو ؛ کوئی
پروجیکٹ ؛ کوئی اسکیم ؛ بسا اوقات ، کوئی سازشی یا معاندانہ ،
منصوبہ یا شری ، مکّارانہ یا خود غرضانہ مُدّعا ؛ منصوبے یا مقصد کا
مطمح نظر ؛ وہ انجام جس پر نظر ہو ؛ پہلے سے سوچے ہوئے مقصد کے
لیے ذرائع کا تصرُّف ؛ کوئی تدبیر ۔

designate, v.t. نامزد کرنا ؛ مُقرّر کرنا ؛ تقرُّر کرنا ؛
نشاندہی کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ معیّن کرنا یا واضح کرنا ؛ اشارہ کرنا ؛
دکھانا ؛ صراحت کرنا ؛ نام رکھنا یا عنوان لگانا ؛ نامزد یا منتخب کرنا ،
جیسے فرض منصبی یا عہدے کے لیے تفویض کرنا ؛ الگ رکھ دینا ۔
(صفت) مُقرّر کردہ ، جیسے کسی عہدے پر ؛ کسی عُہدے کے لیے نامزد
یا متعیّن کردہ ، جس نے ابھیٰ عہدہ نہ سنبھالا ہو (جیسے : an elder
man-designate) ۔

designative,designatory, a. منصبی ؛ نامزدہ ۔

designator, n. نامزد کُنندہ ؛ خطاب دہندہ ۔

designee, n. نامزد شُدہ ؛ موسوم شدہ ۔

designation, n. تقرُّر ؛ تعیّن ؛ اسم ؛ لقب ؛ تقرُّر/ تعیّن کاری
کوئی نمایاں لقب ؛ کوئی تفویض ؛ عُہدہ ؛ منصب ؛ وصف ۔

designer, n. نمونہ ساز ؛ وہ شخص جو نمونہ سازی کرتا ہو ؛
وہ شخص جو نمونے بناتا ہو ، جیسے فن پاروں ، مشینوں یا ملبوسات
کے ؛ وہ شخص جو فنکارانہ یا آرایشی نقش اختراع کرتا ہو ؛ نئی چیز کا
موجد ؛ سازشی یا ساز باز کرنے والا ؛ ڈیزائنر ۔

designing, a. سازشی ؛ عیّار/مکّار ۔

designingly, adv. سازشی طریقے سے ۔

desinence, n. اختتام ؛ لاحقہ ؛ آخری حصّہ جیسے کسی
مصرعے یا شعر کا ۔ (گرامر) کسی لفظ کا لاحقہ یا آخری حصّہ ۔

desirable, a. پسندیدہ ؛ دل پسند ؛ مرغوب ؛ جو چاہے جانے کے لائق ہو ؛
خوش کُن ، عُمدہ یا خوب ؛ لُبھانے والا ؛ مناسب یا سُود مند ۔

desirability,
desirableness, n. پسندیدگی ؛ دل پسندی ؛ مرغوبیّت ۔

desirably, adv. پسندیدگی سے ؛
دل پسندی کے طریقے سے ؛ بطورِ مرغُوبیّت۔

desire, v.t. چاہنا ؛ طلب کرنا ؛ آرزو کرنا یا تمنّا رکھنا ؛
آرزو مند ہونا ؛ خواہش رکھنا ؛ حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کرنا ؛
کسی شے کا سوال یا درخواست کرنا ۔ (فعل لازم) خواہش رکھنا یا
محسوس کرنا ؛ التماس کرنا ؛ التجا کرنا ؛ درخواست کرنا ؛ استدعا کرنا ؛
حُکم دینا ؛ احتیاج کا اظہار کرنا ۔

desired, a. مطلوب ؛ دل پسند ، محبوب ؛ مقصود؛
جس کی آرزو یا شدید خواہش ہو ؛ موزوں یا پہلے سے بتایا ہوا
(جیسے : the desired amount) ۔

desirer, n. خواہاں ؛ خواہش مند ؛ آرزومند ؛
طالب ؛ ملتجی ؛ ملتمس ؛ درخواست کُنندہ ۔

desire, n. خواہش ؛ تمنا ؛ آرزو ؛ حسرت ؛ اشتہا ؛ طلب ؛ التماس ؛ شے
مطلوب ؛ چاہنے کی حقیقت یا حالت ؛ کوئی تمنا یا آرزو مندی ؛ جنسی

desolateness, n. اُجاڑ پن ؛ بے کسی ؛ ویرانی ؛ غیر آبادی ؛ بربادی ؛ غمگینی ؛ مایُوسی ؛ اُداسی ؛ نااُمیدی ۔

desolation, n. اُجاڑ پن ؛ ویرانی ؛ غیر آبادی ؛ پربادی ؛ اجاڑنے کا عمل یا اجاڑنے کی حالت ؛ افسردگی ؛ بنجر پن یا اتلاف ؛ آبادی کا گھٹاؤ ؛ آرام سے محرومی ؛ تنہائی ؛ غمناکی ؛ غمگینیٔ ؛ مایوسی ؛ اداسی ؛ نااُمّیدی ۔

despair, v.i. نااُمیّد ہونا ؛ مایُوس ہونا ؛ اُمّید یا توقُّع کا دامن چھوڑ دینا ۔ فعل کے بعد of آئے گا ؛ پر امید چھوڑ بیٹھنا ؛ دل شکستہ ہونا ۔ (اسم) نااُمّیدی ؛ مایُوسی ؛ دل شکستگی؛ جو چیز یاس پیدا کرتی ہو (جیسے : His thievery was her despair) ۔

despairing, a. مایوسی کے آگے سپر انداز ؛ نااُمّیدی کی طرف مائل ؛ مایوسی کا مظہر ؛ مایوس کُن ؛ یاس انگیز ؛ شکستہ خاطر ۔

despairingly, adv. مایوسانہ ؛ شکستہ خاطری سے ۔

desperado, n. نڈر ؛ دلیر ؛ بے باک مجرم ؛ لُچا ؛ لفنگا ؛ بے خوف ؛ شورہ پُشت ؛ جان کی پروا نہ کرنے والا مجرم یا مفرور ، خصوصاً مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا کی ابتدائی تاریخ میں ؛ بے دھڑک ؛ بدمعاش ۔

desperate, a. جان جوکھوں میں ڈالنے والا ؛ بے جگر ؛ بے دھڑک ؛ بے آس ؛ نراس ؛ نااُمّید ؛ بے خوف و خطر ؛ مایوسی کی پیدا کی ہوئی تخت یا تختہ والی حالت میں ؛ تنگ آمد بہ جنگ آمد کی حالت میں ؛ نتائج سے بے پروا ؛ جان پر کھیل جانے والا ؛ ناقابل اصلاح ؛ لاعلاج یا ناقابل علاج (جیسے : a desperate disease, situation or under taking) ؛ شدید طلب یا خواہش رکھنے والا (جیسے : They were desperate for food) ؛ حد سے زیادہ شدید (جیسے : He has a desperate desire to win) ۔

desperately, adv. بے جگری سے ؛ بے خوفی کے ساتھ ؛ جان کی پروا نہ کرتے ہوئے ؛ جان جوکھوں میں ڈالتے ہوئے ؛ نتیجے سے بے پروا ہو کر ۔

desperateness, n. جان پر کھیلنے یا مایُوسی کی حالت ۔

desperation, n. بے جگری ؛ بے خوفی ؛ نتیجے سے بے پروائی ؛ انتہائی شدید خواہش ؛ قطعاً مایوس ہونے کی حالت ؛ ایسی ترک اُمّید جو تحفظ یا خطرے کی بے پروائی پر منتج ہو ۔

despicable, a. قابل حقارت ؛ قابل نفرت ؛ ذلیل ؛ جو نفرت کیے جانے کا مستحق ہو ؛ لائق مذّمت ؛ گھٹیا ؛ نیچ ؛ نفرت انگیز ؛ ناکارہ ؛ کمینہ ؛ فرو مایہ ؛ سفلہ ۔

despicableness, n. گھٹیا پن؛ فرومائیگی ۔

despicably, adv. تحقیراً؛ حقارت سے ۔

despise, v.t. نفرت کرنا ؛ ذلیل سمجھنا ؛ پست رائے رکھنا ؛ نظرانداز کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا ؛ گھٹیا جاننا ۔

despisable, a. قابل نفرت ۔

despiser, n. نفرت کرنے والا ۔

despite, n. شدید حقارت ؛ شدید نفرت ؛ شدید کِینہ ؛ بیر ؛ عناد ؛ بغض ؛ تحقیر آمیز نفرت ؛ عناد یا تحقیر کا کوئی عمل ۔

despite, prep. کے ہوتے ہوئے ؛ باوجود ؛ باوجودیکہ ؛ علی الرغم ۔

despiteful, a. پُر از کینہ ؛ پُر از بُغض و عناد ؛ بیری ؛ کینہ پَرور ۔

despitefully, adv. کینہ پروری سے ؛ بُغض کےْ ساتھ ؛ معاندانہ طریقے سے ۔

despitefulness, n. کینہ پروری ۔

despoil, v.t. چھین لینا ؛ لُوٹ لینا ؛ محروم کز دینا ؛ سے بزور لے لینا ؛ لُوٹنا ؛ مِلکیّت سے محروم کرنا ۔

despoiler, n. چھین لینے والا ؛ لُٹیرا ؛ محروم کر دینے والا ۔

despoiliation, despoilment, n. لُوٹ ؛ غارت گری ؛ دست بُرد ؛ لوٹنے کا عمل ؛ محرومی ؛ لوٹے جانے کی حالت ۔

despond, v.i. ہمّت ہارنا ؛ حوصلہ ہارنا ؛ جی ، حوصلہ یا اُمّید چھوڑ بیٹھنا ؛ افسردہ دِل ہو جانا ؛ اُمّید چھوڑنا ؛ مایوس ہونا ؛ دل شکستہ ہونا ۔ (اسم) مایُوسی ؛ یاس ؛ نااُمّیدی ۔

despondingly, adv. مایوسی سے ؛ یاسیّت کے ساتھ ؛ نااُمّیدی کے ساتھ ؛ شکستہ خاطر ہو کر ۔

despondency, despondence, n. مایوسی ؛ نااُمّیدی ؛ دِل شکستگی ؛ نومید ہونے کی حالت ؛ حوصلے یا اُمّید کے فقدان سے جوش یا ولولے کی پستی ؛ دلگیری ؛ حوصلہ ہارنے کا عمل ؛ شکستہ خاطری ۔

despondent, a. مایوس ؛ نااُمّید ؛ دِل شکستہ ؛ نومیدی کا احساس لیے ہوئے ؛ جس کی بہت حوصلہ شکنی کی گئی ہو ؛ افسردہ یا بد دل ؛ ہمّت ہارے ہوئے ؛ حوصلہ ہارے ہوئے ۔

despondently, adv. پست ہِمتی سے ۔

despot, n. مطلق العنان حاکم ؛ استبداد کار ؛ ظالم فرمانروا یا جابر ؛ آمر ؛ جابِر حاکم ۔ (تاریخ) نشاۃِ ثانیہ کے دور میں بازنطینی سلاطین ، مشرقی آرتھوڈکس چرچ کے اُسقفوں اور بعض اطالوی رہنماؤں کو دیا جانے والا خطاب ۔

despotic, a. مطلق العنانہ ؛ آمرانہ ؛ جابِر حاکم کا انداز ؛ مطلق العنان حاکم یا استبدادی حکومت کا/سے متعلق / کی خاصیّت والا ؛ استبداد کارانہ ؛ مستبدانہ ؛ جابرانہ ۔

despotically, adv. مطلق العنان طریقے سے ؛ آمرانہ طور پر ؛ جابر حاکم کے انداز سے ۔

despotism, n. استبدادیّت ؛ اختیار مطلق کا استعمال ؛ جور و جبر ؛ مطلق العنانہ یا خودمختارانہ طرزِ حکومت ؛ وہ ملک جہاں کسی جابِر حاکم کی حکومت ہو ؛ نظریہ مطلَق العنانی ؛ نظریۂ آمریت ؛ فلسفۂ جابرانہ حکومت ؛ شخصی حکومت ۔

desquamate, v.i. فلس اُترنا ؛ قشرہ اُترنا ؛ کھپرے بن کر اُترنا جیسے بعض بیماریوں میں جلد کھپرے یا بُھوسی بن کر جھڑتی ہے ؛ چھلکا اُترنا ۔

desquamation, n. تقشُر ؛ تقشیر ؛ کھپرے یا بُھوسی بن کر اترنے کا عمل ؛ تفلیس ۔

desquamative, a. تَقشُری ؛ قشر اترنے سے متعلّق ؛ فلس اترنے سے متعلّق ۔

dessert, n. نُقل ؛ فواکہ ؛ کھانے کے بعد کھایا جانے والا پھل یا میٹھی چیز ؛ کھانے کے بعد پیش کیا جانے والا آئس کریم ، پُڈنگ ، پیسٹری یا پھلوں کا دورِ طعام ؛ کھانا کھانے کے بعد پیش کی جانے والی کوئی بھی قابِ طعام ۔

dessertspoon, n. چھوٹا چمچہ ؛ چمچۂ مربا ؛
میٹھی چیز کھانے کا چمچہ ؛ میز کے چمچے اور چائے کے چمچے کے درمیانی ناپ کا چمچہ ، جو آئس کریم کھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

dessert wine, n. شراب فواکہ ؛ میٹھی شراب جو مختلف کھانوں کے درمیان یا نقل کے ساتھ ہی جاتی ہے ۔

desterilize, v.t. تعقیم رُبائی کرنا ؛ ازالۂ تعقیم ؛
از سرنو زندہ کرنا ؛ بیکار حالت سے استعمال کی حالت میں لانا ، جیسے محفوظ سونے کا کرنسی کے لیے اجرا کرنا ۔

desterilization, n. تعقیم رُبائی ؛ ازالۂ تعقیم ۔

destination, n. منزل ؛ منزلِ مقصود ؛ زمینی ، ہوائی یا بحری سفر کا پہلے سے طے شُدہ نقطۂ اختتام ؛ وہ مقام جہاں کسی شے کو پہنچنا ہو ؛ پیشگی متعیّن کردہ مقصد ، مُدّعا یا منصوبہ ؛ وہ مقصد جس کے لیے کوئی چیز بنائی گئی یا وضع کی گئی ہو ؛ مقصدِ غائی ۔

destine, v.t. پہلے سے منزل متعیّن کرنا ؛ پہلے سے مقرّر یا مُقدّر کرنا ، جیسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ؛ تقدیر بنانا ؛ وقف کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ قصد کرنا ؛ منصوبہ بنانا ۔

destiny, n. تقدیر ؛ مُقدّر ؛ نصیب ؛ قضائے مُبرم ؛ شُدنی امر ؛ وہ امر جس کا وقوع پذیر ہونا پہلے ہی سے لِکّھا گیا ہو ؛ واقعات کا پہلے سے متعیّن شُدہ راستہ ؛ قسمت ؛ آدمی کا نصیبا یا تقدیر ؛ وہ قوّت یا ذریعہ جو واقعات کا رُخ متعین کرتا ہے ۔ (بڑے D سے) قُوّت ، دیوی کی علامت کے طور پر یا دیوی کی شکل میں مجسّم ؛ قسمت کی دیوی ۔

the Destinies, تین یونانی دیویاں ، جو انسانی زندگی کا راستہ متعیّن کرتی تھیں ؛ تقدیریں ، قسمتیں ۔

destitute, a. مفلس ؛ کنگال ؛ نادار ؛ مُحتاج ؛ بے نوا ؛ مفلوک ؛ محروم ؛ بے نصیب ؛ خالی ؛ یتیم ؛ عاری ؛ معرّیٰ ؛ بے مقدور ؛ بے کس ؛ تہی دست ۔

destitution, n. مفلسی ؛ ناداری ؛ محتاجی ؛ روزی کے ذریعے کا فقدان ؛ افلاس ؛ حالتِ بے نوائی ؛ حرماں نصیبی ؛ کمی ؛ بے نوائی ؛ محرومی ؛ بے نصیبی ؛ خالی ہاتھ ؛ انتہائی غُربت ؛ عُسرت ؛ بے کسی ؛ تہی دستی ۔

destroy, v.t. تلف کرنا ؛ توڑ پھوڑ ڈالنا ؛ توڑ دینا ؛ تباہ کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ برباد کرنا ؛ مسمار کرنا ؛ گرانا ؛ منہدم کرنا ؛ ملیا میٹ کر دینا ؛ اجاڑ دینا ؛ فنا کر دینا ؛ مار ڈالنا یا ہلاک کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ غیر مؤثر یا غیر جانبدار بنا دینا ؛ پاش پاش کرنا ؛ خاتمہ کر دینا ؛ خراب کر دینا ۔ (فعل لازم) تباہی کے راستے پر پڑنا/ہو جانا ۔

destroyer, n. تباہ کُنندہ ؛ مسمار کُنندہ ؛
تباہ کُن شخص یا شے ؛ تارپیڈو کو تباہ کرنے والا تیز رفتار بحری جہاز جو دوسرے جنگی جہازوں کی حفاظت کا کام بھی کرتا ہے اور خود بھی توپوں ، تارپیڈو اور گائیڈڈ میزائلوں سے لیس ہوتا ہے ؛ ڈسٹرائر ۔

destroyer escort, n. تباہ کُن جہازوں کے قبیل کا چھوٹا بحری جہاز جو سطح سمندر سے آبدوزوں کا پتا چلاتا ہے ۔

destroying angel, n. امانیتا (Amanita) جنس کی زہریلی کھمبی ۔

destruct, a. تباہ کُن ؛ تباہی کی خاصیت رکھنے والا ، جیسے گائیڈڈ میزائل میں ایک آلہ جو بعض حالات میں میزائل کو تباہ کر دیتا ہے ۔ (اسم) جان بوجھ کر کسی شے کو نقصان پہنچانے کا عمل یا طریقہ ۔ (فعل متعدی) تباہ کرنا ۔

destruction, n. تباہی ؛ تباہ کرنے کا عمل ؛ مسماری/انہدام ؛ تخریب ؛ خاتمہ ؛ تلفی ؛ اتلاف ؛ بربادی ؛ ضیاع ؛ ویرانی ؛ اُجاڑ دینے کا عمل ؛ فنا ؛ موت ؛ قتل ؛ قتلِ عام ؛ بربادی ، چاہے جس ذریعے سے ہو ؛ تباہ کیے جانے کی حالت ؛ ناس ؛ ستیاناس ؛ پاش پاش ہونے کا عمل ۔

destructible, a. قابلِ اتلاف/تلفی ؛ قابلِ تباہی ؛ قابلِ بربادی ؛ فانی ؛ انہدام پذیر ؛ قابلِ ضیاع ؛ قابلِ مِسمار ۔

destructibility, n. تباہی کی خاصیت ؛ معدومیت ؛ بے بقائی ؛ تلف ہونے کی صفت ؛ انہدام پذیری ؛ قابلِ تباہی/بربادی ہونے کی صفت ۔

destructive, a. تباہ کُن ؛ تباہی کا باعث ؛ تباہ کرنے کا رُجحان رکھنے والا ؛ فہمایشی ؛ مہلک ؛ برباد کنندہ ؛ مسمار کنندہ ؛ تخریبی (جیسے : The instructor offered only destructive criticism) ۔

destructively, adv. تباہ کُن انداز سے ؛ مُہلک طریقے سے ؛ بربادی کے طور پر ؛ تخریبی لحاظ سے ؛ شدید مخالفانہ طور پر ۔

destructiveness, destructivity, n. مہلک پن ؛ مسمار کُنندگی ؛ تباہ کُنندگی ؛ تخریبیت ۔

destructive distillation, n. (کیمیا) تخریبی کشید ؛ اتلافی کشید ؛ نامیاتی مصنوعات کی اُونچے درجۂ حرارت پر کشید ، جس کے ذریعے عناصر کو الگ الگ کیا جاتا ہے یا نئی شکلوں میں مرتب کیا جاتا ہے ؛ حرارت کے ذریعے نامیاتی مادّوں کے انحلال اور اس عمل سے مرتب ہونے والی گیسی اور پراں مصنوعات کے حُصُول پر مشتمل کیمیائی عمل ، جیسے تحلیل شدہ کوئلے سے گیس کا حُصُول ۔

destructor, n. (برطانوی) کُوڑا کرکٹ جلانے کی بَھٹّی ؛ مُحترق ۔ (فضائیات) محو پرواز اشیا کو تباہ کرنے والا میزائل ۔

desuetude, n. غیر استعمال ؛ عدمِ رواج ؛ متُروک ؛ غیر مُروّج ؛ ایسی چیز جو اب نہ کی جاتی ہو یا غیر رواجی ہو گئی ہو ۔

desulfurize, desulphurize, desulfurate, v.t. کبریت رُبائی کرنا ؛ ازالۂ کبریت کرنا ؛ گندھک سے محروم کرنا ؛ گندھک ربائی کرنا ؛ ازالۂ گندھک کرنا ۔

desulfurization, desulfuration, n. کبریت ربائی ؛ ازالۂ کبریت ؛ گندھک رُبائی ۔

desultory, a. بے ترتیب ؛ غیر مُسلسل ؛ بے ربط ؛ بے نظام ؛ متفرقاتی ؛ کسی ترتیب یا فطری تعلّق کے بغیر ، ایک شے یا موضوع سے دوسری شے یا موضوع پر جاتا یا اصل موضوع سے انحراف کرتا ہوا (جیسے : a desultory comment) ۔

desultorily, adv. بے ترتیبی سے ؛ غیر مُسلسل طریقے سے ؛ بے نظمی سے ؛ یونہی ؛ بے پروائی سے ؛ بے ربطی سے ؛ متفرقاتی طور پر ۔

desultoriness, n. بے ترتیبی ؛ عدمِ تسلسل ؛ بے نظامی ؛ بے ربطی ؛ تفرّق ۔

detach, v.t. علیحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ جُدا کرنا ؛ کھولنا اور الگ کرنا ؛ چُھڑانا ؛ غیر متّحد کرنا ۔ (عسکری) فوج کے دستے کو کسی خاص مقصد سے اصل فوج سے علیحدہ کرنا ؛ کسی پلٹن

یا جہاز کو کسی خاص مہم پر روانہ کرنا۔

detachable, a.
قابلِ علیحدگی ؛ علیحدگی پذیر۔

detachability, n.
علیحدگی پذیری۔

detacher, n.
علیحدہ کرنے والا۔

detached, a.
علیحدہ ؛ بے لوث ؛ غیر متعصبانہ ؛
علیحدہ کردہ یا چھڑایا ہوا ؛ الگ ؛ غیر وابستہ ؛ جدا ؛
الگ تھلگ ؛ بے تعلّق ؛ منفصِل ؛ غیر
جانبدار ؛ غیر جانبدارانہ (جیسے : a detached opinion)۔

detachment, n.
علیحدگی ؛ حُریّتِ فکر و نظر ؛
علیحدہ کرنے کا عمل یا علیحدگی کی حالت ؛ الگ تھلگ رہنے کی
حالت ، جیسے دنیاوی یا اوروں کے معاملات سے ؛ غیر جانب داری ؛ لا
تعلّقی ؛ معروضیّت ؛ ترکِ دنیا ؛ کوئی علیحدہ کردہ چیز جیسے فوجی
یا بحری دستے جنھیں اصل فوج سے الگ کر کے کسی مہم پر روانہ کیا
جائے۔

detail, v.t.
تفصیل سے بیان کرنا ؛ تفصیلات دینا ؛
جزئیات کے ساتھ بیان کرنا ، اطلاع دینا یا ذکر کرنا ؛ ایک ایک کر کے
کسی چیز کی جزئیات شُمار کرنا۔ (عسکری) کسی خاص خدمت پر
مامور کرنا ؛ عمدہ نمونے سے مزیّن کرنا۔

detail, n.
تفصیل ؛ جزئیات ؛ تفصیلات ؛ ایک مد ؛
ایک جزئیہ ؛ مدّات یا جزئیات کا عملیہ ؛ مدات ؛ تفاصیل۔ (فن) وہ
چھوٹا حصہ یا عنصر جسے کُلی تاثر کے لیے ضروری سمجھا جائے۔
(عسکری) کوئی فرد یا چھوٹا گروہ ؛ خصوصی خدمت پر مامور چھوٹا
دستہ۔

in detail,
مَد بہ مَد ؛ انفرادی طور پر ؛ جُز بہ جُز ؛
مفصّل ؛ بالتفصیل۔

detailed, a.
مفصّل ؛ تفصیلی ؛ صحیح ؛
بہت سی جزئیات سے ممیّز ؛ مکمل طور پر عمل شدہ ؛ تفصیلات والا ؛
درست ؛ جُز بہ جُز ؛ حصّہ بہ حصّہ۔

detailman, n.
طبّی نمائندہ ؛ دوا ساز کارخانے یا
دیگر طبّی رسد کے ادارے کا وہ نمائندہ جو مصنوعات کی فروخت کو
فروغ دینے کے لیے طبّی اداروں میں اور اَطبّا اور دوا فروشوں کے ہاں
جاتا ہے۔

detain, v.t.
روکنا ؛ باز رکھنا ؛ منتظر رکھنا ؛
جانے سے روکے رکھنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ نگرانی میں رکھنا۔ (قدیم) پیچھے
رہنا یا باز رہنا ؛ روک لینا ؛ آگے نہ بڑھنے دینا ؛ امتحان میں کامیاب نہ
کرنا ؛ حراست میں لینا ؛ نظربند کرنا۔

detainment, n.
رُکاوٹ ؛ باز رکھنے کا عمل ؛ آگے بڑھنے
یا کامیابی میں رکاوٹ ؛ حراست ؛ نظربندی۔

detainer, n.
(قانون) کسی دُوسرے شخص کی مِلکیّت کو قبضے
میں رکھنے کا عمل ؛ کسی زیرِ حراست شخص کو مزید حراست میں
رکھنے کی درخواست ؛ حبس یا حراست ؛ قرقی کرنے والا ؛ قارق۔

detect, v.t.
غلطی/جرم پکڑنا ؛ گرفت کرنا ؛ سُراغ لگانا ؛
پتا چلانا ؛ معلوم کر لینا ؛ دریافت کر لینا ؛ کسی مجرمانہ عمل کی انجام
دہی میں دیکھ لینا یا پکڑ لینا ؛ کسی کے عمل یا کردار کو جان لینا
(جیسے : to detect a hyporcrite) ؛ سامنے لانا ؛ کسی کی موجودگی ،
وجود یا حقیقت معلوم کر لینا۔ (ریڈیو) لہریں پکڑنے والے آلے کے عمل
کا ہدف بنانا۔

detectable, detectible, a.
قابلِ سُراغ رسانی ؛ قابلِ دریافت ؛
پکڑنے کے قابل ؛ معلوم شُدنی۔

detectaphone, n.
صوتی سُراغ رساں ؛ ایک حسّاس آلہ جس کے ذریعے
مشکوک افراد کی ٹیلی فونی گفتگو دُوسری جگہ یا دوسرے کمرے
میں سُنی جا سکتی ہے۔

detection, n.
سُراغ ؛ پکڑ ؛ گرفت ؛ پکڑے جانے کا عمل
یا پکڑے جانے کی حقیقت ؛ انکشاف ، جیسے کسی غلطی یا جُرم کا۔
(ریڈیو) ازالۂ زیروبم۔

detective, n.
سُراغ رساں ؛ کاشف ؛ خُفیہ پولیس کا رُکن
جس کا کام یہ ہوتا ہے کہ جرائم یا خلاف قانون سرگرمیوں کے بارے میں
مخفی طور پر معلومات اور شہادتیں حاصل کرے ؛ وہ شخص جسے
بعض افراد خُفیہ تفتیش یا حفاظت کے لیے غیر سرکاری طور پر ملازم
رکھتے ہیں ؛ مخبر۔ (صفت) انکشافاتی ؛ سراغ رسانہ ، سراغ رسانی کے
وظائف والا ؛ سراغ رسانوں سے متعلّق (جیسے : a detective story)۔

detector, n.
سُراغ لگانے والا ؛ شناسندہ ؛ پکڑنے والا ؛
گرفت کرنے والا ؛ دریافت کرنے والا ؛ پتہ چلانے والا ؛ سراغ لگانے والا
آلہ یا شے ؛ کسی شے کی موجودگی یا حالت ظاہر کرنے والے متعدّد
آلات یا اختراعات میں سے کوئی۔ (ریڈیو) ایک ایسا آلہ جس کی مدد
سے برقی ارتعاشی لہروں کا پتہ چلاتے ہیں ، خصوصاً وہ آلہ جو ریڈیو
سیٹ میں متبادل روؤں (alternating current) کی تصحیح کرتا ہے
(جیسے : crystal detector of a vacuum-tube)۔

detent, n.
قُفلہ ؛ کھٹکا ؛ روک کُتّا ؛ عائق ؛
دیواری گھڑی میں وہ پُرزہ جس کی مدد سے وہ گھنٹا بجاتی ہے ؛ کسی
مشین یا گھڑی کا وہ پن ، دو چوڑیا پیچ یا بیرم جو اس کے کسی حصّے
کو کسی مقصد سے روکتا یا چھوڑتا ہے ؛ تالا۔

detente, n.
دیتانت ؛ کشیدہ تعلقات میں استواریٔ مراسم ؛
کشیدگی میں قدرے تپاک یا گرم جوشی ، جیسے دو ملکوں کے مابین ؛
دشمنی میں کمی ؛ کشیدگی میں کمی ؛ عارضی صلح صفائی۔

detention, n.
رُکاوٹ ؛ روک ؛ باز داشت ؛ ایک جماعت سے
اعلیٰ جماعت میں ترقی نہ دینے کا عمل ؛ حراست ؛ نظربندی ؛ روکنے کا
عمل یا روکے جانے کی حالت ؛ جبری رُکاؤ ؛ نگرانی میں رکھا جانا ؛
قیدوبند ؛ اس چیز کا اپنے پاس رکھنا جو دُوسرے کی ملکیّت ہو یا جس
پر دوسرے کا دعویٰ ہو۔ (صفت) نظربندی کا/سے متعلّق / کے لیے کام
آنے والا (جیسے : a detention camp)۔

deter, v.t.
باز رکھنا ؛ روکنا ؛ مزاحم ہونا ؛
آگے مفروضہ یا حقیقی مُشکل یا خطرہ ہونے کی صورت میں ، حوصلہ
شکنی کرنا اور اقدام یا بڑھنے سے باز رکھنا ؛ سدِّراہ ہونا ؛ حائل ہونا ؛
مانع ہونا۔

determent, n.
مانع ؛ رُکاوٹ ؛ روک ؛ مزاحمت۔

deterrent, a.
سدِّ راہ ؛ جس کا مقصد مزاحم ہونا ہو
یا جس میں مزاحم ہونے کا رُجحان ہو ؛ رکاوٹ ڈالنے والا ، حائل ؛ مانع ؛
مزاحم۔ (اسم) مانع ؛ وُہ چیز جو مزاحم ہو ؛ عسکری طاقت ، حربی آلات
یا جوابی اقدام کی اہلیت میں ایسی معلومہ برتری ، جو کسی احتمالی
جارح کو باز رکھنے کے لیے کافی ہو۔

deterge, v.t.
صاف کرنا ؛ میل کاٹنا ؛ اچھی طرح سے دھونا ؛

ناصاف یا ناگوار مادّے کو دھونا یا صاف کرنا ؛ گندگی دُور کرنا ۔

detergency, detergence, n.
صفائی ؛ مصفّیٰ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ صاف یا پاک کرنے کی طاقت

detergent, a., n.
صاف کرنے والا ؛ مُصَفّا ؛ میل کاٹ ؛ گندگی رُبا ؛ گندگی دُور کرنے والا مسالا ؛ صابن ؛ کیمیائی مادّہ یا ترکیبی مُرکّب جو میل صاف کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ؛ چکناؤ تیل (lubricating oil) میں استعمال کیا جانے والا ، تیل میں حل پذیر مادّہ ۔

deteriorate, v.i.
انحطاط ہونا ؛ رُوبہ زوال ہونا ؛ تنزّل ہونا ؛ اَبتَر ہونا ؛ بدتر ہونا ؛ کیفیت میں نُقصان رسیدہ ہونا ؛ بگڑنا ؛ خراب ہونا ؛ گلنا سڑنا ؛ خستگی ہونا ؛ کیفیت ، قدروقیمت یا نوعیت میں کمتر ہونا یا ادنیٰ ہونا ؛ قدر و قیمت گھٹنا ؛ معیار سے گرنا ۔ (فعل متعدی) بدتر کر دینا ؛ کیفیت میں گھٹا دینا ۔

deterioration, n.
انحطاط ؛ زوال ؛ تنزّل ؛ ابتری ؛ بگاڑ ؛ خرابی ؛ خستگی ۔

deteriorative, a.
مُخرّب ؛ انحطاط پیدا کرنے والا ؛ باعثِ خرابی ۔

determinable, a.
قابل تعیّن ، قابلِ حد بندی ؛ قابلِ فیصلہ ؛ تعیّن ، تحقیق یا فیصلہ ہو سکنے کے قابل ۔ (قانون) تصفیہ شدنی ؛ انجام تک لائے جانے کا مستُوجب ۔

determinableness, determinacy, n.
قابلِ تعیّن ہونے کی صفت ؛ قابلِ تحقیق ہونے کی صفت؛ قابل تصفیہ ہونے کی صفت ؛ تصفیہ پذیری ۔ (قانون) تصفیہ شُدنی ہونے کی صفت ۔

determinably, adv.
تعیُّن ، تحقیق یا فیصلہ کرتے ہوئے ۔

determinacy, n.
دیکھیے : determinableness ۔

determinant, n.
قطعی ؛ فیصلہ کُن ؛ تعیّن کُنندہ ؛ حد بندی کرنے والا ؛ جو تعین کرتا ہو یا تعیّن کا سبب ہو ۔ (ریاضی) مقطعہ/مقطعات ؛ تعیّن کرنے والا ؛ ایسی مقداروں کی ، جنھیں عناصر کہا جاتا ہے ، مربع الجبری صف بندی، جو ان عناصر کے مخصوص حاصل ضرب کے مجموعے کو ظاہر کرتی ہے ۔

determinate, a.
معیّن ؛ محدود ؛ مقرّر ؛ قطعی ؛ مسلّمہ ؛ طے شُدہ ؛ مثبت ؛ فیصلہ کُن ؛ مختتم ؛ مقصد میں غیر تغیّر پذیر ؛ باعزم ۔ (نباتیات) تعیینی ؛ قاطع ؛ گویا یا نظامِ گل کی مزید نشوونما رکنے کے تعلق سے ؛ خوشہ دار ۔ (فعل متعدی) تصدیق /تیقن کرنا ؛ تشخُّص کرنا ؛ قطعی طور پر مسلمہ بنانا ۔

determinately, adv.
قطعی طور پر ۔

determinateness, n.
قطعیت ؛ فیصلہ شُدگی ۔

determination, n.
عزم ؛ طے کرنے کا عمل ؛ پُختہ ارادہ ؛ تعیین ؛ تعیُّن ؛ قائم رہنے کے پختہ عزم کے ساتھ کسی راہِ عمل پر لگ جانے کی ذہنی عادت ؛ اغراض و مقاصد سے وابستگی ؛ فیصلہ ؛ تحدید ؛ تعریف ؛ طے شُدہ مقصد ؛ اولوالعزمی ؛ احتیاط سے غوروخوض کرنے کے بعد کسی موقف ، کیفیت یا مخصوص معلومات کی تصدیق یا مسلّم کرنے کا عمل ۔ (قانون) ایسا فیصلہ جس سے کوئی بحث/نزاع ختم ہو جائے ؛ کسی چیز کے کردار ، حیثیت ، وسعت یا مقدار کا تعین ۔ (حیاتیات) کسی پودے یا حیوان کی درجہ بندی کا تیقُّن ۔ (منطق) کسی تصوُّر کی اس کے اجزائے ترکیبی کے مطابق تعریف ؛ کسی تصور کے معنی کو محدود کرنے کے لیے امتیازی عوامل/صفات کا اضافہ ؛ کسی مخصوص مقصد یا منزل کی طرف رجحان یا پیش قدمی ۔

determinative, a.
تعیینی ؛ توصیفی ؛ تحدیدی ؛ تعیّن کرنے یا کسی خاص مقصد کی طرف لگانے کی طاقت رکھنے والا ؛ راہبر ؛ محدود کرنے والا ؛ حد مقرر کرنے والا ؛ گھیرنے والا ؛ تعریفی ؛ سمت متعین کرنے والا/والی ۔ (اسم) فیصلہ کُن ؛ تحدیدی ؛ تعریفی ؛ سمت متعیّن کرنے والی کوئی چیز ۔

determinatively, adv.
تعیینی انداز سے ؛ توصیفی طور پر ؛ قاطع طریقے سے ؛ فیصلہ کُن انداز سے ۔

determinativeness, n.
تعینیّت ؛ توصیفیّت ؛ قاطعیّت ؛ تحدیدیت ۔

determinator, n.
معیّن ؛ تعیُّن کرنے والا ؛ فیصل ۔

determine, v.t.,v.i.
تعیُّن کرنا ؛ تعیین کرنا ؛ معیّن کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ طے کرنا ؛ مقرر کرنا؛ مسلّم کرنا ؛ فیصلہ کُن انداز سے ختم کرنا یا طے کرنا ، جیسے کسی مشکوک یا نزاعی نکتے کے تعیُّن سے ؛ انجام کار طے کرنا ؛ کسی چیز کے بارے میں پُختہ عہد یا نیّت کرنا ؛ حدود یا انتہائیں مُقرّر کرنا ؛ ایک موڑ یا رُخ دینا ؛ انتخاب پر اثر انداز ہونا؛ انجام یا تعیین پر پُہنچانا ؛ تصدیق کرنا ، جیسے تفتیش یا دلائل کے بعد ؛ وجود میں لانا یا باقاعدہ بنانا ؛ محدود کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ نتیجے پر پہنچنا ؛ کسی نزاع کا چکانا ؛ منضبط کرنا ، (خصوصاً قانون)؛ اختتام کو پُہنچانا ۔ (منطق) فصل یا امتیازی خصوصیت سے متصّف کرنا ؛ عہد کرنا ؛ طے کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ کسی طرز عمل پر لگ جانا ؛ (خصوصاً قانون) ختم کرنا ۔

determined, a.
پُرعزم ؛ ثابت قدم ؛ اٹل ؛ پختہ یا اٹل مقصد لیے ہوئے ؛ پختگی یا عزم آشکارا ؛ مستقل مزاج ؛ مصمّم ارادہ کیے ہوئے ؛ فیصلہ شُدہ ؛ طے شُدہ ؛ مقرّر شُدہ ؛ معیّن کردہ ؛ تعیُّن شُدہ ۔

determinedly, adv.
مستقل مزاجی سے ؛ پُرعزم طریقے سے ؛ ثابت قدمی سے ؛ اٹل طور پر ؛ مصمّم ارادے کے ساتھ ؛ طے شُدہ طریقے سے ؛ مقرّر شُدہ طور پر ؛ معیّن کردہ طریقے سے ؛ تعیُّن شدہ انداز سے ۔

determinedness, n.
مستقل مزاجی ؛ اولوالعزمی ؛ ثابت قدمی ؛ مصمّم ارادہ یا اٹل ہونے کی حالت ؛ طے شُدگی ؛ تعیّن شدگی ۔

determiner, n.
معیّن ؛ تعیُّن کرنے والا ؛ طے یا تعیّن کرنے والا شخص یا شے ۔ (گرامر) اسم کے مفہوم کو معیّن کرنے والی تعیُّنی صفت ، جو مخصوص طور پر توضیحی صفت سے پہلے لکھی جاتی ہے (جیسے : an excellent idea; your handsom son) ۔

determinism, n.
(فلسفہ) جبریت ؛ نظریۂ جبر ؛ یہ نظریہ کہ جُملہ موجودات و واقعات سابقہ حالات کا لازمی نتیجہ ہوتے ہیں اور خصوصاً یہ کہ انسان کے عمل اس کے آزاد ارادے پر منحصر نہیں ، بلکہ ان کا تعیُّن توریثی یا ماحولی اثرات کے تحتٗ ہوتا ہے ۔

determinist, n., a.
جبری ؛ جبریہ ؛ نظریۂ جبریت کا قائل ؛ معتقد جبریّت ۔

deterministic, a.
تعیینی ؛ جبریتی ؛ نظریۂ جبریت سے متعلق ۔

deterministically, adv.
جبریتی طریقے سے ؛ جبری لحاظ سے ۔

deterrent, a., n.
دیکھیے : deter ۔

deterrence, n.
تسدید ؛ رُکاوٹ ؛ مزاحمت ؛ قُوّتِ مزاحمت کا توازُن ؛ ممانعت ۔

detersive, a.
مُصفّی ؛ صافی ؛ مُطّہر ؛ صاف کرنے کی طاقت لیے ہوئے ؛ صفائی کُنندہ ۔ (طب) مسہل ؛ مُصفّیٔ معدہ ۔ (اسم) وہ شے جس میں پاک صاف کرنے کی طاقت ہو ؛ مُصفّی چیز ۔

detest, v.t. نفرت و کراہیت سے دیکھنا ؛ شدید نفرت کرنا ؛ حد درجہ تنفُّر کرنا۔

detestable, a. انتہائی نفرت انگیز ؛ قابلِ نفرت ؛ نفرت و کراہیت کے لائق ؛ نہایت کریہہ ؛ قابلِ تنفُّر۔

detestableness, detestability, n. نفرت انگیزی ؛ تنفر آمیزی۔

detestably, adv. قابلِ نفرت طور پر۔

detester, n. متنفِّر ؛ نفرت کرنے والا ؛ نفُور۔

detestation, n. شدید نفرت ؛ تنفر ؛ ایسا شخص یا شے جس سے سخت نفرت کی جائے۔

dethrone, v.t. تخت سے اُتارنا ؛ محرومِ تخت کرنا ؛ تخت سے ہٹانا یا بھگا دینا ؛ اختیارات چھین لینا ؛ معزُول کرنا ؛ اعلیٰ عُہدے سے محروم کرنا۔

dethronement, n. معزولی ؛ محرومیٔ تخت۔

dethroner, n. معزول کُنندہ ؛ تخت سے اُتارنے والا۔

detinue, n. (قانون) سیاسی نظر بند ؛ ذاتی جائیداد کا ناجائز قبضہ یا ایسی جائیداد کو ناجائز قبضے سے چھڑانے کے لیے قانونی کارروائی۔

detonate, v.i. بھک سے اُڑ جانا ؛ اچانک زور کا دھماکا ہونا ؛ بم پھٹنا۔ (فعل متعدی) دھماکے سے اُڑانا ؛ زور سے اڑانا۔

detonable, detonatable, a. پھٹنے یا پھاڑنے کے قابل ؛ قابلِ انفجار۔

detonation, n. انفجار ؛ زور یا دھماکے سے پھٹنے کا عمل ؛ کوئی دھماکا۔

detonator, n. بھک سے اڑنے والا مادّہ ؛ دھماکے سے پھٹنے والا مادّہ ؛ دھماکا خیز مادہ ؛ ایک پھٹنے والی اختراع ؛ دوسرے مادّے کو دھماکے سے اڑانے والا کوئی آلہ ، جیسے چوٹ ٹوپی یا دھماکا خیز مادّہ ؛ نارنجک ؛ تڑاقو ؛ انفجاری مادّہ۔

detour, n. پھیر ؛ چکّر ؛ ناقابلِ گزر ہونے کی صُورت میں متبادل راستے کا استعمال ؛ بالواسطہ یا پھیر کا راستہ ؛ براہ راست راہ یا لائحۂ عمل سے انحراف۔ (فعل لازم) متبادل راستہ اختیار کرنا۔ (فعل متعدی) متبادل راستے پر چلانا۔

detoxicate, v.t. سم رُبائی کرنا ؛ ازالۂ سمیّت کرنا ؛ زہر کا اثر دُور کرنا۔

detoxication, n. سم رُبائی ؛ ازالۂ سمیّت ؛ زہر دور کرنے کا عمل۔

detoxify, v.t. سم رُبائی کرنا ؛ ازالۂ سمیّت کرنا ؛ زہر دُور کرنا ؛ زہریلی کیفیات یا اثرات دُور کرنا۔

detoxification, n. سم رُبائی ؛ ازالۂ سمیّت ؛ زہر دور کرنے کا عمل۔

detract, v.t. کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ کرکرا کر دینا ؛ رُخ پھیر دینا یا توجہ ہٹا دینا۔ (فعل لازم) کم ہونا ؛ گھٹنا ؛ رُخ پھرنا ؛ ایک حصّہ لے لینا ، کم کر دینا (جیسے : Her gaudy clothes detract from her beauty) ؛ بدگوئی کرنا ؛ بدنام کرنا۔

detractingly, adv. کم کرنے کے لحاظ سے ؛ گھٹانے کے طور پر۔

detractor, n. بدگوئی کرنے والا ؛ بدنام کرنے والا ؛ گھٹانے والا ؛ جو (کسی کی) تحقیر کرتا ہو یا گھٹا کر دکھاتا ہو۔

detraction, n. تخفیف ؛ کم کرنے/گھٹانے کا عمل ؛ بدگوئی ؛ رُخ پھیرنے یا توجُّہ ہٹانے کا عمل ؛ کسی دُوسرے کی ساکھ کو گھٹا کر دکھانا یا نُقصان پہنچانے کا عمل ؛ حسد یا بُغض سے کسی شخص کی ملامت یا اس کی خوبیوں کا انکار ؛ بدنامی ؛ مخالفانہ تنقید ؛ تنقیص۔

detractive, a. کم کرنے/گھٹانے والا ؛ بدنام/بدگوئی کرنے والا ؛ تخفیفی۔

detractively, adv. کم کرنے/گھٹانے کے لحاظ سے ؛ بدنام/بدگوئی کرنے کے طور پر ؛ تخفیفی طور پر۔

detrain, v.t. گاڑی چھڑوانا ؛ ریل گاڑی سے اُتارنا (جیسے : to detrain troops)۔ (فعل لازم) گاڑی چھوڑنا ؛ گاڑی سے اُترنا۔

detribalize, v.t. قبائلیّت رُبائی کرنا ؛ عموماً دوسرے تمدُّن کے تکشُّف سے قبائلی اتحاد ، متابعت ، روایات اور تنظیم کی شکست و ریخت کا سامان کرنا۔

detribalization, n. شکست نظام قبائلیت؛ قبائلی نظام میں شکست و ریخت۔

detriment, n. مضرت ؛ گزند ؛ زیاں ، نُقصان یا ضرر ؛ جس سے زیاں ، نقصان یا ضرر پہنچے۔

detrimental, a. نُقصان دہ ؛ مفاد کے خلاف ؛ ضرر رساں ؛ مضرت رساں ؛ نقصان یا زیاں آور ؛ ناپسندیدہ۔ (اسم) نُقصان دہ ؛ ضرر رساں شے یا شخص۔

detrimentally, adv. نُقصان دہ طریقے سے ؛ ضرر رساں لحاظ سے ؛ مضرت رساں طور پر۔

detrition, n. ریختگی ؛ رگڑ سے گھس جانے کا عمل ؛ گھساؤ۔

detritus, n. فتات ؛ ریخت ؛ چُورا ؛ ریزہ ؛ جو مواد گھسنے کے عمل سے پیدا ہو مثلاً ریگ ، چورا وغیرہ ؛ چٹان یا دیگر مادّے کے ذرات جو گھس کر کمیّت سے الگ ہو جائیں ، جیسے پانی کے عمل سے ؛ کوئی منتشر مادّہ ؛ ملبہ (جیسے : The layer of detritus on the bottom of the Atlantic ocean)۔

detrital, a. ریتلا ؛ کنکریلا ؛ چٹان سے گھس کر گرنے والے ملبے سے متعلق۔

detrude, v.t. نیچے کی طرف یا دُور دھکیلنا ؛ پیچھے دھکیلنا۔

detrusion, n. نیچے دھکیلنے یا ٹھیلنے کا عمل۔

detruncate, v.t. قطع عُضو کرنا ؛ کاٹنا ؛ کاٹ چھانٹ کرنا؛ کاٹ کر چھوٹا کر دینا۔

detruncation, n. قطع عُضو؛ بریدگی ؛ کوئی حصّہ کاٹ کر چھوٹا کرنے کا عمل ؛ سرقلمی۔

deuce, n. تاش کے کھیل یا پانسے میں ، دو ؛ دو نشانوں والا تاش کا پتّا یا پانسہ۔ (عوامی) دو ڈالر۔ (ٹینس) اسکور کا وہ مرحلہ جب کھیل میں دونوں فریقوں نے تین پوائنٹ یا چالیس کا اسکور حاصل کیا ہو یا ایک سیٹ میں پانچ کھیل جیت لیے ہوں اور فتح کے لیے ہر دو فریقوں کو یکے بعد دیگرے دو مزید پوائنٹ یا کھیلوں میں کامیابی حاصل کرنے کی ضرورت ہو۔ (صفت) دو۔

deuce, n. [عربی] دیوّث ؛ شیطان ؛ ابلیس ؛ غیر سنجیدہ کلمات لعنت میں استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : Where the deuce did you find that hat?)۔

deuced, a., adv. (برطانوی بول چال) شیطانی ؛ بے حد کم بخت ۔
deucedly, adv. شیطانی طور پر ؛ بے حد یا بہت کم بخت ۔
deuces wild, n. پوکر یا تاش کے دُوسرے کھیلوں کی ایک قسم ، جس میں ہر دو نشان والا پتّا کسی دُوسرے پتّے کی بجائے استعمال کر لیا جاتا ہے ۔
deuteragonist, n. قدیم یُونانی تمثیل میں ہیرو کے بعد دُوسرا اہم ترین کردار ، عموماً ویلن ۔
deuteranopia, n. رنگوندھا پن ؛ نقص سبز بصری ؛ رنگ کوری کی ایک قسم ، جس میں آدمی سبز و سُرخ میں تمیز نہیں کر سکتا ۔
deuteranope, n. رنگوندھا ؛ سبز کور ؛ ایسا شخص جس میں نقص سبز بصری ہو ۔
deuterium, heavy hydrogen, n. (طبیعیات ، کیمیا) عام ہائیڈروجن سے دوگنی کمیّت رکھنے والی ، ہائیڈروجن کے غیر تابکار آنسوٹوپ ؛ بھاری ہائیڈروجن ڈیوٹیریم کے ایٹم کا مرکزہ جس میں ایک نیوٹرون اور ایک پروٹون ہو ۔
deuterium oxide, n. (کیمیا) بھاری پانی D_2O ۔
deuterocanonical, a. دوسرے مذہبی صحیفے سے متعلّق/پر مشتمل ؛ رومن کیتھولک فرقے کو ملنے والی انجیل کی کُتب جنھیں وہ مذہبی اور مقدس مانتا ہے اور جو عام طور پر کتب مشکوک یا اَسفارِ محرَّفہ کہلاتی ہیں ۔
deuterogamy, n. عقدِ ثانی ؛ دوہاجو پن ؛ نکاحِ مکرّر ؛ ذُوازدواجی ، پہلے زوج (میاں یا بیوی) کی وفات یا طلاق کے بعد دوسری شادی ۔ (نباتیات) ثانوی باروَری ۔
deuterogamist, n. دوہاجو ؛ عقدِ ثانی کرنے والا/والی ۔
deuteron, n. (طبیعیات) ثنائیہ ؛ ڈیوٹرون ؛ جوہرڈیوٹریم کا مرکزہ ؛ مرکزائی (نیوکلیائی) ذرّہ جس میں ایک مثبت بار ہوتا ہے اور جس کا کمیتّی عدد ۲ ہوتا ہے ۔
deutoplasm, n. (حیاتیات) زردئ بیضہ ؛ زردہ ؛ بیضے کی زردی کا وہ حصّہ جس سے جنین کو خُوراک مہیّا ہوتی ہے ؛ مایۂ ثانی ۔
deutsche mark, n. جرمن مارک ؛ جرمن سِکّہ ۔
deutzia, n. سنگ شکن جنس کی ایک قسم کی جھاڑی جس پر بیشتر زیبایش کے لیے اُگائے جانے والے گھنٹی کی شکل کے سفید اور گلابی پُھول لگتے ہیں ۔
deva, dev, n. (ہِندُو اساطیر) دیوتا ۔
devaluate, v.t. تخفیفِ قیمت کرنا/کم قدری کرنا ؛ تخفیفِ زر کرنا ؛ سِکّے کی کمتر قانُونی قیمت مُقرّر کرنا ۔
devaluation, n. تخفیفِ قیمت ؛ کم قدری ؛ تخفیفِ زر ۔
devalue, v.t. تخفیفِ قیمت کرنا ؛ کم قدری کرنا ؛ تخفیفِ زر کرنا ۔
Devanagari, Nagari, n. دیوناگری ؛ بھارت میں مستعمل رسمُ الخط ؛ بھارت میں سنسکرت ، ہندی اور بعض دوسری زبانوں کے لیے استعمال ہونے والا رسمُ الخط ۔
devastate, v.t. تباہ کرنا ؛ برباد کرنا ؛ ویران کرنا ؛ غارت کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ لُوٹنا ؛ اُجاڑنا ؛ مغلوب کرنا ؛ فتح کرنا ۔
devastation, n. تباہی ؛ بربادی ؛ غارت گری ؛ تاخت و تاراجی ؛ لُوٹ مار ؛ مغلوبیت ۔
devastative, a. ویران کُن یا غارت گر (عمل یا اقدام) ۔
develop, v.t. ترقّی دینا ؛ بڑھانا ؛ نمو کرنا ؛ انکشاف کرنا ؛ کھولنا ؛ ظاہر کرنا ؛ اِرتقا کرنا ؛ آشکار کرنا ؛ وُسعت دینا ؛ بہتر بنانا ؛ بتدریج حاصل کرنا ، جیسے کوئی ذوق ؛ کسی اعلیٰ یا زیادہ کارآمد مرحلے تک نشوونُما دینا ؛ افزایش یا اضافہ کرنا ؛ فعال بنانا ؛ بتدریج منکشف کرنا (جیسے : to develop an idea) ؛ کسی شے کے جُملہ پہلُوؤں کو منکشف کرنا یا دکھانا ۔ (حیاتیات) فطری ارتقا کے عمل سے گزارنا ۔ (عکّاسی) کیمیاوی اجزا کے عمل کے ذریعے پنہاں عکس کو حسّاس کردہ سطح پر نمایاں کرنا ؛ اُجاگر کرنا ۔ (موسیقی) کسی چیز پر کام کرنا اور اسے وسعت دینا،جیسے موسیقی سے متعلّق خیال کو ۔ (ریاضی) کسی سلسلے میں توسیع شُدہ شکل میں ظاہر کرنا ۔ (فعلِ لازم) فطری یا خلقی ارتقا کے عمل کے ذریعے ایک مرحلے سے اگلے اعلیٰ تر مرحلے تک بڑھنا ؛ فطری عمل سے افزایش ہونا یا بڑھنا ؛ ارتقا پذیر ہونا ؛ صلاحیتیں بڑھا کر زیادہ پُختہ کار ہونا ؛ منکشف ہونا/ظاہر ہونا ؛ کسی شے کا اپنے تمام حصّوں میں آشکار ہو جانا ۔
developable, a. قابلِ ترقّی ؛ قابلِ نُمو ؛ قابلِ انکشاف ؛ قابلِ اظہار ؛ قابلِ ارتقا ؛ قابلِ وُسعت ؛ بڑھانے کے قابل ؛ کھولنے کے قابل؛ بہتر بنانے کے قابل ۔
developer, n. ترقّی دینے والا ؛ نمو دینے والا ؛ آشکارگر ؛ تکمیل کار ؛ ظاہر کرنے والا ؛ انکشاف کرنے والا ؛ تکمیل کرنے والا ؛ اُجاگر کرنے والا ؛ وہ شخص یا شے جو نشوونُما دے ؛ وہ کیمیاوی مسالا جو تصویروں کو اُجاگر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ وہ فرد جو جائیداد پر سرمایہ کاری کر کے اسے ترقّی دیتا ہے ؛ زمین کار ۔
development, n. ترقّی ؛ ارتقا ؛ بڑھوتری ؛ بڑھاوا ؛ نشوونُما پانے یا دینے کا عمل یا طریقِ کار ؛ انکشاف ؛ اظہار ؛ نُمو ؛ نشوونُما ؛ تکمیل ؛ بالیدگی ؛ کہانی کے پلاٹ کا آگے بڑھنے کا عمل ؛ سلسلہ وار تبدیلیوں کے ذریعے ایک بتدریج افزایش یا فروغ ؛ حیوانات و نباتات میں حالت جنین سے سن بلوغت تک واقع ہونے والی نامیاتی تبدیلیاں ۔ (عکّاسی) فلم اُتارنے کے بعد اسے کیمیاوی مسالے سے دھونے کا عمل تا کہ تصویر مرئی ہو جائے ۔ (موسیقی) نغمے کا وہ حصّہ جس میں خیال کو آگے بڑھایا جاتا ہے ؛ عموماً ایک ہی عمارت ساز کے بنائے ہوئے ، ایک جیسی تعمیر کے مکانوں یا فلیٹوں کا مجموعہ ؛ زمین کاری ۔
devest, v.i. (قانون) حق یا خطاب سے محروم کرنا ؛ حق یا خطاب چھین لینا ؛ چھٹکارا پانا ۔
deviance, deviancy, n. فرق ؛ انحراف ؛ معیار سے ہٹنے کا عمل ؛ کوئی حالت ، کیفیّت یا رویہ جو کسی تسلیم شُدہ معیار سے مختلف ہو ۔
deviate, v.i. منحرف ہونا ؛ تجاوُز کرنا ؛ انحراف ہونا ؛ فرق ہونا ؛ عام یا صحیح راہ ، لائحہ عمل یا طریق سے ہٹنا یا بھٹکنا ؛ مختلف ہو جانا ؛ غلطی کرنا ؛ جھوک کھانا ؛ کسی یکساں حالت سے بدلنا ۔ (فعل متعدی) منحرف کرنا ؛ عام اور سیدھے راستے سے ہٹانا ؛ فرق ڈالنا ؛ راہ بھلانا ۔
deviate,
deviant, a., n. منحرف ؛ کج رو ؛ متفرّق ؛ کسی مُعاشرے کی مروّجہ بیوہاری نمونوں سے اختلاف یا انحراف کرتا ہوا ؛ عام اور سیدھے راستے سے ہٹا ہوا ؛ بھٹکا ہُوا ؛ متجاوز ؛ معیار سے ہٹا ہُوا شخص یا شے ؛ کوئی شخص جو اپنے معاشرتی رویوں یا معمولات سے ہٹا ہُوا ہو ؛ شماریاتی سلسلے کی کوئی شق جو معیار سے واضح طور پر مختلف ہو ۔

deviation, n. کج روی ؛ تجاوُز ؛ انحراف ؛ فرق ؛ صحیح راہ ، لائحۂ عمل یا طریق سے انحراف ؛ عام یا مسلّمہ قاعدے یا معیار سے تغیّر ۔ (جہاز رانی) مقناطیسیت کی قریبی موجودگی کی بنا پر جہاز کے قُطب نما کا مقناطیسی نصف النہار سے انحراف ۔

device, n. آلہ ؛ اختراع ؛ منصوبہ ؛ تجویز ؛ ترکیب ؛ وضع ؛ وہ شے جو کسی مخصوص استعمال کے لیے ارادے سے بنائی یا ایجاد کی جائے ؛ کوئی اسکیم ، تدبیر ، داؤں ، منصوبہ ، پروجیکٹ ؛ انوکھے طور سے سوچی گئی چیز ، جیسے کوئی آرایشی نمونہ ؛ کوئی نشان کا حامل نمونہ جیسے خاندانی یا اداراتی طُغرا ۔ (عموماً جمع) خواہش ؛ مرضی یا رُجحان (جیسے : He would be an artist, if left to his own devices.) ۔

devil, n. آسیب ؛ بُھوت پریت ؛ ابلیس ؛ شیطان ؛ عزازیل ؛ بدرُوح یا وجود ۔ (بعض اوقات بڑے D سے) مجسم شر/خبیث رُوح جسے آسمانی صحیفوں میں تُہمت لگانے والے ، بہکانے والے اور جہنموں کے سالار کے طور پر پیش کیا جاتا ہے ؛ نہایت بدمعاش انسان ؛ کوئی خوش باش اور کسی حد تک نتائج سے لاپروا قوی انسان ؛ بدقسمت ، بدبخت انسان (جیسے : poor devil) ؛ چھاپہ خانے کا برکارہ لڑکا ؛ پُرانے چیتھڑے اور کپڑے کاٹنے یا دُھننے کے لیے مواد تیّار کرنے والی مشین ؛ بہت مشکل یا برہم کُن چیز ۔

the devil, حیرت ، غُصّہ یا جھنجھلاہٹ ظاہر کرنے والا فقرہ / تکیہ کلام ؛ بلا ؛ شیطان ؛ عفریت ؛ ظالم ۔

devilish, a. شیطانی ؛ ابلیسی ؛ ابلیسانہ ؛ شیطانی کیفیتیں لیے ہوئے ؛ شیطان سے متعلّق ؛ سفّاکانہ ؛ بُرا یا مفسدانہ ؛ فزوں از حد ؛ ملعون ؛ قابلِ لعنت ؛ سخت ۔

devilish, devilishly, adv. ابلیسانہ ؛ شیطانی طور پر ؛ بُرے طریقے سے ؛ شیطنت کے ساتھ ۔

devilishness, devilment, n. شیطنیّت ؛ ابلیسیت ؛ دھوکا/فریب/دغا ؛ شیطانی ، شوخی ؛ شرارت ؛ نوسربازی ۔

deviltry, devilry, n. انتہائی بدمعاشی ؛ ایسی شرارت جس میں نتیجے کی پروا نہ ہو ؛ جادو/سحر ؛ بدذاتی ؛ بدمعاشی ؛ خونخواری؛ علمُ الشیاطین ۔

devil, v.t. بہت زیادہ مسالا ڈالنا اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا جیسا کہ کھانا تیّار کرنے میں کرتے ہیں؛ چٹپٹا کھانا بنانا ۔ (بول چال) تنگ کرنا یا ناک میں دم کرنا؛ پیچھے پڑ جانا ؛ ڈیول نامی آلے سے کاٹنا ۔

devilfish, n. بشت پا ماہی ؛ شعاعیہ مچھلی ؛ رابہ مچھلی ؛ گرم سیر سمندروں میں پائی جانے والی موبولا جنس (Mobula) سے متعلّق ، متعدد خوردنی بڑی مچھلیوں میں سے کوئی ؛ کوئی بڑا سرپایہ ، خاص طور پر بشت پا ۔

devil-may-care, a. نتائج سے بے پروا ؛ لاأبالی ؛ وارستہ مزاج ؛ زندہ دل ؛ خُوش باش ؛ بانکا ۔

devil's advocate, n. (رومن کیتھولک کلیسا) نُکتہ چین ؛ عیب جو ؛ ایک ایسا شخص جو تقدیس یا ولایت کے دعووں کے خلاف بحث اٹھانے کے لیے مقرّر کیا گیا ہو ؛ ایک ایسا شخص جو محض بحث کو طول دینے کے لیے کسی بُرے مقصد کا دفاع یا مخالفانہ موقف پر استدلال کرے ؛ ایک ایسا شخص جو کمزور یا جھوٹے مقدمے کی پیروی کر رہا ہو ۔

devil's food cake, n. [اینجل فوڈ کیک کے سے رنگ میں واضح تضاد کے باعث یہ نام دیا گیا] بہت ہی مرغن چاکلیٹ کیک ۔

devil's paint brush, n. مشرقی ریاستہائے متحدہ امریکا میں گھاس پات کی صُورت میں اگنے والی یورپی شِکرا خَس و خاشاک/جھاڑ جھنکاڑ ۔

devilwood, n. جنوبی ریاستہائے مُتّحدہ امریکا میں پایا جانے والا زیتُون کی نسل کا چھوٹا پودا ۔

devious, a. پیچدار ؛ پُرفریب ؛ چکّر کا یا بالواسطہ ؛ بے ربط/ بے ترتیب ؛ غلطی کرتا ہوا یا بھٹکتا ہوا ؛ فریبی یا کائیاں ؛ پیچ در پیچ ؛ چکّر دار ؛ کج راہ ؛ شاہ راہ سے ہٹ کر ۔

deviously, adv. پیچدار راستے سے ؛ چکّر دار طریقے سے ؛ کج روی سے ؛ پُرفریب طریقے سے ۔

devise, v.t., v.i. تدبیر کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ وضع کرنا ؛ ترکیب نکالنا یا ذہن میں متشکل کرنا ؛ ریشہ دوانی یا سازش کرنا ؛ منصوبہ بنانا ؛ ٹھکانے لگانا ؛ تجویز کرنا ؛ ترکیب کرنا ۔ (قانون) وصیت کرنا؛ ترکے میں دینا ؛ ہبہ کرنا ؛ وصیت کے ذریعے جائیداد دینا یا ورثے میں چھوڑنا ، خاص کر غیر منقولہ جائیداد ۔

devisable, a. قابلِ اختراع ؛ قابلِ تدبیر ؛ ایجاد پذیر ؛ قابلِ وصیت/ترکہ ؛ تدبیر کیے جانے یا ترکے میں لیے جانے کے قابل ۔

devisal, n. اختراع کا عمل ؛ تدبیر کیے جانے یا ترکے میں چھوڑے جانے کا عمل ؛ وصیت کا عمل ۔

devise, n. (قانون) ہبہ ؛ وصیت؛ ہبہ بالوصیت ؛ وصیت کے ذریعے جائیداد غیر منقولہ ترکے میں دینے کا عمل ؛ وصیت یا وصیت نامہ یا ان کا کوئی حصّہ جس کے ذریعے غیر منقولہ جائیداد ٹھکانے لگائی گئی ہو؛ وصیت کے ذریعے ترکے میں چھوڑی ہوئی جائیداد کا حصّہ ؛ ترکہ ؛جائیداد کو ٹھکانے لگانے کا عمل ۔

devisee, n. (قانون) وصی ؛ وہ شخص جس کے لیے جائیداد کی وصیت کی جائے ؛ موصی لہ ۔

devisor, n. (قانون) وصیت کُنندہ ؛ موصی ، وہ شخص جو وصیت کے ذریعے جائیداد چھوڑتا ہے ۔

devitalize, v.t. حیات کُشی کرنا ؛ مُردہ کرنا ؛ بے جان کرنا ؛ حیات رُبائی کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ بے کار کرنا ؛ قُوتِ حیات سے محروم کرنا ۔

devitalization, n. حیات کُشی ؛ حیات رُبائی ؛ مُردہ کرنے کا عمل ؛ بے جان کرنے کا عمل ؛ کمزور کرنے کا عمل ؛ قُوتِ حیات سے محروم کرنے کا عمل ۔

devitrify, v.t. شفّافی سے محروم کرنا ؛ غیر شفّاف بنانا ؛ آرپار دیکھنے کے ناقابل بنا دینا؛ زجاجیّت رُبائی کر دینا ؛ ازالۂ زُجاجیّت کرنا ؛ شیشے کا قلماؤ کر دینا ۔

devitrification, n. غیر شفّافی ؛ زجاجیّت رُبائی ؛ ازالۂ زجاجیّت ؛ آر پار دیکھنے کی صفت سے محرومی ؛ شیشے کا قلماؤ ؛ سلبِ زجاجیّت ؛ سلبِ شفافیّت ۔

devocalize, v.t. (صوتیات)معدول کرنا ؛ نُطقی یا صوتی کیفیت سے محروم کرنا ، جیسے فعل close میں جہری (S) ، متعلّق فعل close میں

اپنی آواز کھو دیتا ہے ؛ کسی حرف کو اس کی جہریت اور مسموعیت سے محروم کرنا ؛ کسی ایسے لفظ کو جو عموماً جہراً یا مسموعاً بولا جاتا ہو اس صفت سے محروم کر دینا (جیسے خود میں 'و' کی آواز کا خاموش ہونا) ؛ کسی حرف کا اس کی اصل آواز کی بجائے دوسری آواز اختیار کر لینا جیسے ''انبہ'' میں حرف 'ن' کی آواز حرف 'م' میں بدل جاتی ہے ۔

devocalization, n. معدول کاری ؛ کسی حرف کی جہریت اور مسموعیت سے محروم کرنے کا عمل ؛ کسی حرف کی آواز بدلنے کا عمل ۔

devoid, a. محروم ؛ خالی ؛ تہی یا بے (عموماً of کے ساتھ آتا ہے) ۔

devoir, n. واجب ؛ وجوب ؛ خوش خلقی یا ادب کا فعل ؛ فرض ۔ (جمع) بطورِ فرض ادا کیے جانے والے ؛ واجب آداب ؛ فرض احترامات ؛ لوازم ادب ۔

devolution, n. تفویض ؛ توارث ؛ انتقال جائیداد بطور ارث ؛ منتقل کرنے کا عمل یا حقیّت ؛ مرحلہ بہ مرحلہ حرکت/تبدیلی ؛ ورثے یا جانشینی میں جائیداد کی منتقلی ؛ فرض یا ذمّہ داری کی دوسرے کو تفویض ۔ (حیاتیات) عدمِ ارتقا ؛ انحطاط ؛ ضدِ ارتقا ؛ ارتقائے معکوس ۔

devolve, v.t. فرض یا ذمّہ داری کے طور پر منتقل یا تفویض کرنا ؛ آگے بڑھانا ؛ سُپرد کرنا ؛ ورثا کو منتقل کرنا ۔ (فعل لازم) فرض یا ذمّہ داری کے طور پر منتقل یا تفویض ہونا ؛ آگے بڑھنا ؛ سپرد ہونا ؛ ورثا کو منتقل ہونا ۔

Devon, n. ڈیون شائر انگلستان میں ابتدا ہونے والی مویشیوں کی ایک مشہور نسل ، جو عموماً سرخ رنگ کی ہوتی ہے ۔

Devonian, a. ڈیوونی ؛ انگلستان کے علاقے ڈیون شائر کا یا ڈیون شائر سے متعلّق ۔ (ارضیات) فوسلی یا قدیم حیاتی (Paleozoic) عہد کے چوتھے دَور پر اطلاق کی جانے والی ایک اصطلاح ؛ اس دور کے چٹانی طبقات الارض سے متعلّق ۔ (اسم) (ارضیات) ڈیوونی نظام ۔

Devonshire cream, n. (برطانوی) ڈیون شائر کریم ؛ ایسی کریم جسے پکا کر منجمد یا گاڑھا کر لیا گیا ہو ۔

devote, v.t. مخصوص کرنا ؛ نذر کرنا ؛ وقف کرنا ؛ پرستش کرنا ؛ حوالے کرنا ؛ کسی مصروفیت ، جستجو یا تحریک پر سرگرمی سے اپنی پوری توجّہ دینا یا اپنا وقت لگانا ؛ کسی باضابطہ عمل سے کسی دینی کام کے لیے الگ کر دینا ؛ لگانا؛ وارنا؛ نثار کرنا ؛ قربان کرنا ۔

devotement, n. تخصیص ؛ نذر ؛ وقف شُدگی ؛ پرستش ؛ حوالگی ۔

devoted, a. مخصوص شُدہ ؛ نذر شُدہ ؛ شدید اُلفت محسوس یا ظاہر کرتا ہوا ؛ وقف ؛ سرگرم یا پُرجوش ؛ پُرخلوص ؛ منہمک ؛ مخلص ؛ جاں نثار ؛ صادق ؛ وفادار ؛ مدّاح ۔

devotedly, adv. تخصیص کے ساتھ ؛ نذر گُزارنے کے طور پر ؛ وقف کرنے کے انداز سے ؛ وفادارانہ ؛ مخلصانہ ؛ صادقانہ ۔

devotedness, n. تخصیص ؛ نذر ؛ وقف شُدگی ؛انہاک ؛ خلوص ؛ جاں نثاری ؛ وفاداری ۔

devotee, n. مختص ؛ جاں نثار ؛ پارسا ؛ زاہد ؛ عابِد ؛ بھگت ؛ وہ شخص جو مکمّل طور پر وقف ہو ؛ وہ شخص جو مذہبی فرائض و رسومات میں محو ہو ؛ پُرشوق پرستار ؛ دل و جان سے وفادار ؛ سرِتسلیم خم کیے ہوئے ۔

devotion, n. جاں نثاری ؛ پرجوش عقیدت ؛ انتہائی خلوص؛ نذر گُزاری ؛ وقف ؛ پرستش ؛ عبادت ؛ بندگی ؛ وفاداری ؛ دِین داری ؛ پرہیز گاری ؛ زُہد ؛ ریاضت ؛ وارفتگی ؛ وقف کرنے کا عمل یا وقف ہونے کی حالت ؛ نذر؛ تحریم؛ مذہبی دستورالعمل یا عبادت میں سرگرمی ؛ شوق ؛ توجُّہ ۔ (عموماً جمع) نماز یا دُعا کا عمل؛ کسی آدرش یا شخص کے لیے سنجیدہ تعلّق قلبی ۔

devotionalism, n. عقیدۂ جاں نثاری ؛ (کسی شخص کی) نمایاں مذہبی وارفتگی ظاہر کرنے کی کیفیت یا حالت ؛ نظریۂ وفاداری یا دِین داری و پرہیزگاری ۔

devotionalist, n. نمایاں مذہبی وارفتگی کا حامل ؛ پُرجوش عقیدت رکھنے والا ۔

devotional, a. جاں نثاری سے متعلّق یا ممیز؛ مذہبی عبادت میں مستعمل ۔ (اسم) عبادت کا اجتماع ۔

devotionally, adv. جاں نثاری سے؛ دِین داری سے ۔

devour, v.t. نگل لینا؛ کھا جانا؛ بے حد شوق سے دیکھنا (پڑھنا یا سننا) ؛ پھاڑ کھانا یا ندیدے پن سے بُھوکوں کی طرح حریصانہ کھانا؛ انجام کی پروا کیے بغیر تباہ کُن انداز سے اَندھا دُھند ہڑپ کر جانا ؛ بُھوکے کی طرح کھانا ؛ بے تحاشا کھانا ؛ ہپ کرنا ؛ ہڑپ کرنا ؛ حواس یا عقل کے ذریعے پُرشوق طریقے سے جذب کرنا ؛ مکمّل طور سے محو یا منہمک ہونا ۔

devourer, n. ہڑپ کرنے والا ؛ نگل لینے والا ؛ کھا جانے والا ؛ مربُھکے کی طرح کھانے والا ؛ بے تحاشا کھانے والا ۔

devouringly, adv. ہڑپ کرنے کے انداز میں ؛ نگل لینے کی طرح ؛ مربُھکے کی طرح؛ بے تحاشا کھانے والے کے انداز میں؛ حریصانہ ۔

devouringness, n. ہڑپ کرنے کا انداز؛ نگلنے کا طریقہ؛ حرص؛ مربُھکا پن ۔

devout, a. پارسا ؛ زاہد ؛ عابِد ؛ مذہب اور مذہبی فریضوں کے لیے سنجیدہ اور مؤدّبانہ عقیدت ظاہر کرتا ہوا ؛ مذہبی عقیدت یا پارسائی کا اظہار کرتا ہوا ؛ سرگرمی سے وقف ؛ پُرخلوص ؛ پرہیزگار ؛ دین دار ؛ خُداپرست ؛ مخلص ۔

devoutly, adv. عابدانہ ؛ پرہیزگاری کے طور پر ؛ مخلصانہ طریقے سے ؛ پارسائی سے ؛ مذہبی طریقے سے ؛ سنجیدگی سے ؛ زاہدانہ ؛ دین داری سے ؛ خدا پرستی کے ساتھ ؛ خلوص سے ۔

devoutness, n. پارسائی ؛ زُہد ؛ عبادت گُزاری ؛ دین داری ؛ خدا پرستی ؛ خلوص ۔

dew, n. شبنم ؛ اوس ؛ وہ نمی یا آبی بُخارات جو رات کے وقت فضائے گردوپیش کی نسبت سرد ہو جانے والے اجسام کی سطحوں پر فضا سے چھوٹے چھوٹے قطروں کی شکل میں جمع ہو جاتے ہیں ؛ شبنم جیسی تازہ کوئی چیز ؛ لطافت ؛ تروتازگی ؛ طراوت ؛ شگفتگی ۔ (فعل متعدی) شبنمی کرنا ؛ اوس پڑنا ۔

dewdrop, n. شبنم کا قطرہ ؛ اوس کا قطرہ ۔

Dewar flask, dewar vessel, dewar, n. [اپنے موجد اسکاٹ لینڈ کے سائنسدان سرجیمز ڈیوار سے موسوم] ڈیوار کی خلا دار بوتل ؛ ظرف خلائی ؛ ایک بوتل جس کی دوہری دیواروں کے درمیان خلا اور چاندی کے پانی کی چمک کی بنا پر بوتل میں بند ہر شے کا درجہ حرارت قائم رہتا ہے ؛ آج کل کی تھرماس بوتلوں کا نمونۂ اوّلین جو ابتدائی گیسوں کو مائع شکل میں رکھنے کے لیے بنایا گیا تھا۔

dewberry, n. عوسج کے جنس کا توت سیاہ سے مشابہ زمین پر پھیلنے والے پودے کا شیریں خوردنی پھل ؛ یہ پھل لانے والا پودا ۔

dewclaw, n. نقلی سُم ؛ بعض کُتوں ، بِلیّوں اور دیگر میمل جانوروں کے پاؤں کا ایک بے مقصد اندرونی پنجہ یا انگلی جو چلتے وقت زمین سے اوپر رہتا ہے ؛ ہرن ، سُور اور ان جیسے جانوروں کا ایک مماثل نقلی سُم ۔

Dewey decimal classification, Dewey decimal system, decimal classification, n. [امریکی کتاب دار میلول ڈیوی سے موسوم] (عِلمِ کتاب داری) کتابوں اور دیگر مطبوعہ مواد کی درجہ بندی کا نظام جو دس بُنیادی زُمروں میں منقسم ہوتا ہے اور جن پر اعشاری نظام کے تحت مزید تقسیم کے بعد لیبل لگائے جاتے ہیں ؛ ڈیوی اعشاری نظام/درجہ بندی ۔

dewfall, n. بھیگی رات ؛ اوس پڑنے یا شبنم گرنے کا عمل ؛ شام کا وہ وقت جب شبنم گرنا شروع ہوتی ہے ۔

dewlap, n. گلتّھا ؛ ہینگا ؛ غبغب گاؤ ؛ غبغب ؛ وہ ڈھیلی کھال جو گائے اور بیل کے گلے سے لٹکتی ہے یا دیگر جانوروں میں ایسی مماثل تعلیق ۔

dewlapped, a. گلتّھے دار ؛ گردن کے نیچے لٹکتی ہوئی کھال والا ؛ غبغب دار ۔

DEW line, n. Distant Early Warning کے پہلے حروف پر مبنی لفظ DEW کا مطلب فاصلاتی پیشگی تنبیہ ہے ؛ براعظم شمالی امریکا کے تقریباً سترھویں خط ارض بلد پر راڈار اسٹیشنوں کی قطار ، جس کا مقصد دشمن کے طیّاروں کی آمد کی پیشگی آگاہی دینا ہے ۔

dew point, dew-point temperature, نقطۂ شبنم ؛ وہ درجۂ حرارت جس پر ہوا نمی سے سیر ہو جائے ؛ وہ درجۂ حرارت جس پر شبنم بننا شروع ہو ؛ نمی کا ایک مظہر ۔

dew worm, n. شبنمی کیچوا ؛ وہ لمبا رینگنے والا کیچوا جسے تحریصی چارے/طُعمہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ؛ رات کو رینگنے والا کیڑا ۔

dewy, a. شبنمی ؛ اوس دار ؛ شبنم کا یا شبنم سے متعلّق ؛ شبنم سے نم یا شبنم کی طرح نم ؛ شبنم کی طرح نرم انداز یا فرحت بخش (جیسے :dewy sleep) ۔

dewily, adv. شبنمی انداز سے ۔

dewiness, n. اوس پن ؛ شبنم پن ۔

dewy-eyed, a. معصوم صُورت ؛ وہ شخص جس کی آنکھوں اور چہرے مُہرے سے معصومیت اور تصوریّت جھلکتی ہو ؛ تازہ اور ان چُھوئی شبابت رکھنے والا؛ سادہ و معصوم ۔

dexter, a. دائیں سمت سے متعلّق /پر واقع ؛ سجّا ؛ سیدھے ہاتھ کا؛ دایاں ؛ داہنا ؛ یمین ؛ یمینی ۔ (نقابت) سپر دار شخص کے دائیں اور یوں دیکھنے والے کے بائیں طرف واقع ؛ بائیں کے برعکس ۔

dexterity, n. سُبک دستی ؛ چابکدستی ؛ ذہانت ؛ یمینیت ؛ سُبُک دست ہونے کی کیفیّت ؛ دستی مشّاقی یا مہارت ؛ جسم کے عمومی استعمال میں مشّاقی ؛ ذہنی مشّاقی یا مہارت ؛ ہوشیاری ؛ دایاں پن ؛ مہارت ؛ مستعدی ؛ چالاکی ؛ پُھرتی ؛ کاریگری ؛ صفائی ؛ مشّاقی ؛ ہُنرمندی ؛ اُستادی ؛ ذہنی مہارت ۔

dexterous, dextrous, a. سُبُک دست ؛ یمینی ؛ دایاں ہاتھ یا پاؤں استعمال کرنے والا ؛ دستی کام میں ماہر ؛ عمومی جسمانی حرکات میں مشاق یا ماہر ؛ تیز دست ؛ تیز ؛ ذہنی مشّاقی یا مہارت رکھتا ہُوا ؛ چُست ؛ سُبُک دستی سے کیا ہُوا (کام) یا سُبُک دستی ظاہر کرنے والا ؛ عادی دایاں یا دایاں ہاتھ بائیں کی نسبت ترجیحاً استعمال کرنے والا ؛ ماہر ؛ استاد ؛ چابکدست ؛ چالاک ؛ مستعد ؛ پُھرتیلا کاریگر ؛ ہاتھ کی صفائی دکھانے والا ؛ مشّاق ؛ ہُنرمند ؛ ذہنی مہارت کا حامل ۔

dexterously, dextrously, adv. مہارت سے ؛ چابُکدستی کے ساتھ ؛ چالاکی سے ؛ مستعدی سے ؛ پُھرتیلے پن سے ؛ کاریگری کے ساتھ ؛ ہاتھ کی صفائی سے ؛ سَبُک دستی سے ؛ مشّاقی سے ؛ ہنرمندی کے ساتھ ؛ ذہنی مہارت سے ۔

dexterousness, dextrousness, n. یمینیت ؛ دایاں پن ؛ مہارت ؛ چابُکدستی ؛ چالاکی ؛ پُھرتی یاکاریگری ؛ ہاتھ کی صفائی ؛ سبک دستی ؛ مشّاقی ؛ ہُنر مندی ؛ اُستادی ؛ ذہنی مہارت ۔

dextrad, adv. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) یمینی ؛ دائیں طرف کو ؛ چپ رُو کے برعکس ؛ راست رُویہ ۔

dextral, a. یمینی ؛ راست رُخ ؛ دائیں طرف سے متعلّق ؛ دایاں ؛ داہنا ؛ وہ جس کا دایاں ہاتھ چلتا ہو ؛ چکّر دار سلوٹوں والے گھونگھے کے بارے میں ، جس کے حلقے باہر سے دیکھنے پر ، بائیں طرف سے شروع ہو کر دائیں طرف کو اوپر چڑھتے ہوئے نظر آئیں ۔

dextrally, adv. یمینی طور سے ؛ راست رُخی سے ۔

dextran, n. (کیمیا) جرثومیاتی فعلیت سے پیدا ہونے والا ایک سفید گوند نُما مادّہ جسے خون مایہ کے بدل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

dextrin, dextrine, n. نشاستین ؛ نشاستی گوند ؛ صمغ نشاستی ؛ پانی میں حل ہونے والے گُوند نُما مادّوں کا مجموعہ جو نشاستے پر تپش یا کمزور تیزاب کے عمل سے پیدا ہوتے ہیں اور صمغِ عربی کے بدل کے طور پر یا بطور چسپندہ یا کاغذ اور پارچات کو کلف دینے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ۔

dextro, a. (کیمیا) راست گردشی ؛ دائیں رُخ گردش کرنے والا ۔

dextroglucose, n. (کیمیا) قندِ انگور ؛ انگور کی شکر ؛ ڈیکسٹروز ۔

dextrogyrate, a. (بصریات ، قلمیات) راست گردشی ؛ ساعت گردشی ؛ ساعت وار گردش کرنے والا ۔

dextrorotation, n. (بصریات ، قلمیات) راست گردانی ؛ تقطیبِ نور کی سطحِ مستوی کی راست رُخی یا دائیں طرف مُڑنے کی حالت ۔

dextrorotatory, dextrorotatary, a. (بصریات ، قلمیات اور کیمیا) راست گردشی ؛ ساعت وار گردشی ؛ ساعت گردشی ؛ دائیں رُخ گُھومنے یا گُھمانے والا جیسے بعض قلموں/بِلّوروں اور مرکّبات میں تقطیب نور کی سطحِ مستوی ؛ راست گرداں ۔

dextrorse, dextrorsal, a. (نباتیات) راست رُخا ؛ دائیں طرف مُڑا ہُوا ؛ بائیں طرف سے دائیں طرف اُوپر اٹھتا ہوا ، جیسے چکر دار حلقوں والا مخروط ؛ ہیلکس یا چکّر دار پودا ۔

dextrose,dextroglucose, n. (کیمیا) قندِ حیاتیاتی ؛ خُون اور متعدد پودوں میں پائی جانے والی شکر ؛ غلاّتی شکر ؛ قندِ انگور ؛ قندِ خُونی ؛ ڈیکسٹروز ۔

dharma, n. (ہندو مت ، بُدھ مت) دھرم ؛ قانُون یا

پیروئ قانون ؛ خصوصاً مذہبی قانون ؛ مذہب ؛ نیکی/خوبی ؛ لازمی خاصہ ؛ مذہبی فرض/فریضہ ؛ مذہبی کتب میں درج قواعد شعار ۔

dharna, dhurna, n. [اردو] دَھرنا ؛ برصغیر پاک و ہند میں کسی شخص کے دروازے پر اس وقت تک بغیر کھائے پیے بیٹھے رہنے کا دستور جب تک متعلقہ شخص کوئی مُطالبہ ماننے پر راضی نہ ہو جائے ، مثلاً قرضے کی واپسی ، تنخواہ میں اضافے وغیرہ کا مطالبہ ، جیسے دھرنا دینا/دھرنا مارنا ؛ یہ ''sit-in'' کے طریقے سے مشابہ ہے جو امریکا میں بعض مظاہرین ازالۂ شکایات کے لیے اختیار کرتے ہیں ؛ بھوک ہڑتال ۔

dhow, dow, n. دھاؤ ؛ بحری تجارت میں استعمال ہونے والا مثلث نُما بادبانوں والا عربی جہاز ؛ ازمنۂ قدیم میں افریقہ کے مشرقی ساحل سے غلام خلیج فارس اور بحرِ احمر کو لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

diabase, n. (امریکی) [ڈوبرٹ چٹان] ایک چھوٹی درآمدہ چٹان خصوصاً لیبریڈوری اور آتشی معدن والی ۔ (برطانوی) گہرے رنگ کی آتشیں چٹان جو لازماً آوگائٹ اور فلسپار پر مشتمل ہوتی ہے ۔

diabetes, n. (امراضیات) ذیابیطس ؛ پیشاب میں شکر آنے کا مرض ؛ متعدّد غیر معمولی پیشابی حالتوں میں سے کوئی ؛ خاص کر ذیابیطسِ شکری ۔

diabetes mellitus, n. (امراضیات) ذیابیطسِ شکری ؛ مزمن مرض جس کی خصوصیت خُون میں شکر کی زیادتی اور پیشاب میں گاہے بگاہے یا مسلسل شکر کی موجودگی ہوتی ہے ، پیشاب زیادہ آتا ہے ، پیاس زیادہ لگتی ہے ، بُھوک بڑھ جاتی ہے لیکن وزن گھٹنے لگتا ہے اور جس کا علاج باقاعدگی سے انسولین کے ٹیکے لگوانے سے ہوتا ہے ۔

diabetes insipidus, n. (امراضیات) سادہ ذیابیطس ؛ ذیابیطس کی وہ مزمن قسم جس میں کثرت سے پتلا پیشاب آتا ہے ، سخت پیاس لگتی ہے اور جس میں نخاعی ہارمون کے ست سے فائدہ ہوتا ہے ۔

diabetic, a. ذیابیطسی ؛ متعلق بہ ذیابیطس ؛ ذیابیطس کا/سے متعلق/سے متأثر ۔ (اسم) مریضِ ذیابیطس ۔

diablerie, diablery, n. شیطنت ؛ شرارت ؛ سِحر/جادُو ؛ ٹونا ٹوٹکا ؛ بدطینتی ۔

diabolic, diabolical, a. شیطانی ؛ ابلیسی ؛ شیطان سے متعلّق ؛ دوزخ کا ؛ ناپاک ؛ خبیث ؛ طاغُوتی ؛ جہنمی ؛ بداعمال ؛ ظالمانہ ۔

diabolically, adv. شیطانی طریقے سے ؛ ابلیسی طریقے سے ؛ طاغُوتی طور پر ؛ ظالمانہ طور پر ؛ سفاکانہ ۔

diabolicalness, n. شیطنت ؛ ابلیسیّت ؛ طاغُوت ؛ فسق ؛ جہنمیت ۔

diabolism, n. (الہٰیات) شیطان پرستی ؛ جادُو ؛ سحر ؛ وہ عمل جس میں شیطان کی مدد ہو ؛ جادو گری ؛ سفلی عمل ؛ وہ عمل جو شیطان کو زیبا ہو ؛ شیطانی فن ؛ بُھوت پریت سے متعلّق نظریہ بُھوت پریت پر اعتقاد یا ان کی پرستش ؛ بُھوت کا خاصہ یا حالت ۔

diabolist, n. بُھوت پریت پر یقین رکھنے والا ۔

diabolize, ایک کھیل جس میں ایک آدمی شیطان بنتا ہے ؛ شیطانی اثرات کے تحت ۔

diabolo, n. ایک کھیل جس میں دو لکڑیوں کے سِروں پر بندھی ڈور کے ذریعے لٹو کی طرح گھڑے ہوئے لکڑی کے ٹُکڑے کو گھماتے ، اُچھالتے اور پکڑتے ہیں ؛ اس کھیل میں استعمال ہونے والی لکڑی کا ٹُکڑا ۔

diachronic, a. کسی عہد میں ہونے والی زبان کی تبدیلیوں کے مُطالعے سے متعلّق ؛ تاریخی ۔

diacid, a., n. (کیمیا) دو تیزابی ؛ دوترُشہ ؛ دوگرفتہ ؛ یک اساسہ تیزاب کے دو سالمات سے امتزاج کے قابل ؛ دو قابلِ تبدُّل ہائیڈروجنی جوہر رکھنے والا ۔

diaconal, a. (کلیسیات) چھوٹے پادری سے متعلّق ۔

diaconate, n. چھوٹے پادری کا عُہدہ ؛ چھوٹے پادریوں کی جمعیت ۔

diacritic, a. فرقی تشخیص ؛ ممیزّی ؛ امتیاز کرنے میں کام آنے والا ۔ (اسم) ممیزّی نشان ؛ ترمیمی نشان ، نُقطہ یا علامت ۔

diacritical, a. امتیازی ؛ تفریقی ؛ امتیاز یا شناخت کرنے کے قابل ۔

diacritical mark, point, or sign, n. ممیزّ نشان ؛ کسی حرف یا رسمُ الخط میں شامل کردہ یا اس کے ساتھ لگائی جانے والی علامت ، جس کے ذریعے وہ دُوسرے مشابہ حرف یا رسمُ الخط سے ممیزّ ہو سکے اور اس کی صوتی قدر متعین ہو سکے یا زور ظاہر کیا جا سکے ، جیسے کوئی شوشہ ۔

diacritically, adv. امتیازی نشان کے لحاظ سے ۔

diadem, n. تاج ؛ افسر ؛ کلاہِ شاہی ؛ مکٹ ؛ سربند یا رُخچہ جو بادشاہت کے نشان کے طور پر باندھا جائے ؛ اقتدار شاہی ۔ (فعل متعدی) تاج سے مزیّن کرنا ؛ تاج پہنانا ۔

diadromous, a. (سمکیات) ان مچھلیوں سے متعلّق جو نمکین اور تازہ پانیوں کے مابین سفر میں رہتی ہیں ۔ (نباتیات) پنکھا نُما ورید بندی کے حامل پتے کی تشریح کرتے ہوئے ؛ دو شُعاعی ۔

diaeresis, dieresis, n. امالہ ؛ نشانِ امالہ ؛ علامتِ امالہ ؛ حروفِ علّت کے فصل کی علامت ؛ ایک رُکنِ تہجّی کی دو حصّوں میں علیحدگی ؛ ایسی تقسیم کو نمایاں کرنے والا نشان ، جیسے naïve اور chloë پر علامتِ امالہ جو عموماً دو حروفِ علّت کے تلفظ کو الگ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

diaeretic, a. حروفِ علّت کے فصل سے متعلّق ؛ نشانِ امالہ سے متعلّق ۔

diageotropism, diageotropy, n. (نباتیات) قائمہ ارض رُخی ؛ پودوں یا پودوں کے بعض حصّوں مثلاً جڑوں میں یہ رُجحان کہ وہ سمتِ کشش ثقل سے زاویۂ قائمہ کے رُخ بڑھیں ۔

diageotropic, a. (نباتیات) قائمہ ارض رُخ ؛ وہ پودا جو زمین سے زاویۂ قائمہ کے رُخ بڑھے ۔

diagnose, v.t. (طب) تشخیص کرنا ؛ مرض کا پتا چلانا ؛ مرض شناخت کرنا ؛ پہچاننا ؛ علامات سے مرض کے اسباب اور اس کی نوعیت دریافت کرنا ؛ سائنسی تجزیے سے خرابیٔ عمل کی نوعیت یا سبب کا تعین کرنا (جیسے : to diagnose the noise in a motor) ؛ مسلّم یا تصدیق کرنا ، جیسے کسی مسئلے کا سبب یا نوعیت ۔

diagnosis, n. (طِب) تشخیص ؛ شناختِ مرض ؛ مخصوص نشانات یا علامات کے ذریعے بیماریوں کی پہچان ؛ نکالا ہوا نتیجہ ؛ کسی قسم کا سائنسی تعیّن ؛ خرابی کی نشان دہی ؛ تعینِ سبب و نوعیتِ مرض/خرابی ؛ نتیجہ ۔

diagnostic, a. تشخیصی ؛ متعلّق بہ تشخیص ؛ امتیازی ؛

خصوصی ؛ کسی مرض کی نوعیت ظاہر کرتا ہوا ۔ (اسم) وہ علامت یا
نشانی جس سے کوئی مرض پہچانا جائے ۔

diagnostics, n. (جمع مگرترکیب میں واحد) عِلمِ تشخیص ؛
فنِ تشخیص ؛ عِلمِ طِب کی وہ شاخ جس کا تعلّق امراض کی تشخیص
سے ہو۔

diagnostically, adv. تشخیص کے لحاظ سے ؛ ازرُوئے تشخیص ۔

diagnostician, n. ماہرِ تشخیص ؛تشخیص کار ؛ نَبّاض ۔

diagonal, a. (ریاضی) وَتر ؛ قُطر ؛ متعلّق بہ قُطر ؛
متعلّق بہ وَتر ؛ وَتری ؛ قُطری ؛ ترچھا ؛ آڑا ؛ کسی چار ضلعی شکل کے
ایک زاویے سے مقابل کے غیر ملحقہ زاویے کی طرف بڑھتا ہوا اور
چوکور کو دو تکونوں میں تقسیم کرتا ہوا ؛ ترچھے رُخ ۔ (اسم) کسی
چوکور یا دیگر کثیر الاضلاع شکل کے غیر ملحقہ یا متقابلہ زاویوں کے
درمیان کھینچا ہوا خطِ مستقیم ؛ کوئی چیز جو وَتری نمونے کی ہو ؛
وَتری طور پر بُنا ہوا کپڑا ؛ کاما ۔

diagonally, adv. وَتری طور پر ؛ قُطری طور پر۔

diagram, n. شکل ؛ نقشہ ؛ خاکہ ؛ کسی عمل یا قوّت کا خُطوط کے
ذریعے اظہار ؛ رسمہ ؛ تصویر ؛ کسی ہندسی شکل مثلاً مثلث یا دائرے
کے خواص کو سمجھانے کے لیے بنائی گئی شکل یا خاکہ ؛ کسی شے یا
نظام کی ساخت یا عمل کاری ظاہر کرنے والی نقشہ کشی ۔

diagrammatic, diagrammatical, a. شکلی ؛ رسمی ؛ ترسیمی ؛
متعلّق بہ خاکہ/نقشہ/تصریر ؛ تصویری ۔

diagrammatically, adv. شکل یا نقشے کے ذریعے ؛
شکل یا نقشے کے لحاظ سے ۔

diagram, v.t. شکل یا نقشے کے ذریعے بیان کرنا ؛ خاکے یا
تصویر کے ذریعے پیش کرنا ؛ خاکہ بنانا ؛ نقشہ کھینچنا ۔

dial, n. ڈائل ؛ گھڑی کا چہرہ ؛ گھڑی یا کسی اور
وقت بتانے والی مشین مثلاً دھوپ گھڑی کا مقیاس ؛ کوئی بھی عموماً
گول پترا یا چہرہ جس پر ہندسوں کے نشانات اور گھومنے والی سوئی
سے پیمایش ظاہر ہوتی ہو جیسا کہ گیس کے میٹر میں یا رفتار پیما میں
ہوتا ہے ؛ برقی تعلّق اور/یا کسی آلے کے انضباط کے لیے گردشی قُرص ،
جیسے ریڈیو کا ڈائل یا ٹیلی فون ڈائل ۔

dial, v.t. ڈائل کرنا ؛ ڈائل سے ظاہر کرنا ؛
ڈائل گھما کر منضبط یا منتخب کرنا ، جیسے ریڈیو کو کسی اسٹیشن
کے لیے ڈائل کرنا یا ٹیلی فون نمبر ڈائل کرنا ۔

dialect, n. بولی ؛ مقامی زبان ؛ لہجہ ،
اسلُوبِ کلام ؛ طرزِ بیان ؛ محاورہ ؛ کسی خاص ضلعے یا علاقے میں
رائج زبان کی شکل جس کا خاصا مخصوص ذخیرۂ الفاظ اور تلفظ ہوتا
ہے ؛ کسی زبان کی خاص قسم یا شاخ یا ایسی کئی زبانوں میں سے
ایک جنھیں ایک خاندان سمجھا جاتا ہو ؛ کسی خاص پیشے یا حرفے کی
مخصوص زُبان ۔

dialectal, a. بولی سے متعلق ؛ بولی کا ۔

dialectally, adv. بولی کے لحاظ سے ۔

dialectic, dialectical, a. جدلیاتی ؛ منطقی استدلال سے متعلق /
کی نوعیت کا ؛ مخصوص بولی کا ؛ علم کلام سے متعلّق ؛ منطقی ؛
جدلی ۔ (اسم) منطقی بحث و استدلال کا فن اور معمول ، جیسے سوالاً
جواباً کلام میں ہوتا ہے جیسے کسی نظریے یا رائے کی صداقت کی
تحقیق کے سلسلے میں بروئے کار لایا جاتا ہے ؛منطقی استدلال ۔ (اکثر
جمع) منطق یا منطق کی شاخ؛ جدلی مادیئین کا اختیار کردہ تحقیق کا
ہیگلی طریق کار ، جس کا انحصار دو متضاد لیکن متعامل قُوتوں ،
دعویٰ و ضدِ دعویٰ کی آویزش اور اعلیٰ تر مرحلے پر ان کی مسلسل
تطبیق (تالیف) پر ہوتا ہے ؛ کانٹ کے فلسفے کا وہ حصّہ جو تجربے سے
ماورا اشیا پر ادراکاتِ ذہن کے اطلاق کی کوشش کو لاحاصل قرار دیتا
ہے ۔

dialectician, n. ماہرِ جدلیات ؛ وہ طالبِ عِلم جو جدلیات
میں تخصّص پیدا کر رہا ہو ؛ کلامی ؛ منطقی ؛ منطق دان ۔

dialecticism, n. جدلیت ؛ جدلیاتی تقریر یا تأثُر ؛
منطقی طرز بیان ؛ منطق ؛ عِلمُ الکلام ۔

dialectically, adv. عِلمُ الکلام کے لحاظ سے ؛
جدلیات کے نقطۂ نظر سے ؛ منطقی طور پر۔

dialectical materialism, n. جدلیاتی یا جدلی مادیّت ؛ کارل مارکس
اور فریڈرک اینجلز کا پیش کردہ فلسفہ ، جس پر اشتراکی نظریے کی
بُنیاد استوار ہے ۔ یہ فلسفہ ذہن پر مادّے کے نظریۂ تفوّق اور ہیگلی
جدلیات کا امتزاج ہے ، جس میں متقابل قُوتیں ایک اعلیٰ سطح پر
ہمیشہ یک جان ہوتی رہتی ہیں ۔

dialectology, n. زبان دانی ؛ مقامی لسانیات ؛ عِلمِ اَلسنۂ صغیرہ ؛
بولیوں کا مُطالعہ ؛ لسانیات کی وہ شاخ جو بولیوں پر محیط ہے ۔

dialectologist, n. زبان دان ؛ مقامی لِسانیات دان ؛
ماہرِ عِلمِ السنۂ صغیرہ ؛ بولیوں کا ماہر۔

dialectolgical, a. زبان دانی سے متعلّق ؛ مقامی زبانوں سے متعلّق ؛
بولیوں سے متعلّق ؛ علم السنۂ صغیرہ کے بارے میں ۔

dialogic, dialogical, a. مکالماتی ؛ کلام یا گفتگو سے متعلّق ؛
کسی مکالمے میں حصّہ لیتا ہوا ۔

dialogically, adv. مکالماتی طور پر۔

dialogue, dialog, n. مُکالمہ ؛ گفتگو ؛ ہم کلامی ؛
دو یا زیادہ اشخاص کے درمیان گفتگو ؛ تھیئٹر کے ڈراموں میں رسمی
گفتگو ؛ ایسی انشاپردازی جس میں دو یا زیادہ اشخاص کو کسی
موضوع پر باہم ہم کلام ہوتے ہوئے دکھایا گیا ہو ؛ باہمی نُقطۂ اتفاق پر
پہنچنے کے لیے کسی موضوع پر آزادانہ تبادلۂ خیالات ۔ (فعل
لازم)گفتگو میں حصّہ لینا ؛ گفتگو میں شرکت کرنا ۔ (فعل متعدی)
گفتگو کے انداز میں لکھنا یا ظاہر کرنا ۔

dialoguer, dialoger, n. مکالمے یا گفتگو کرنے والا ؛
گفتگو میں حصّہ لینے والا ۔

dialogist, n. ماہرِ مکالمہ ؛ ماہرِ گُفتگو ؛
مکالمہ ادا کرنے والا ؛ مکالمہ نویس ۔

dialogistic, a. مکالمہ ادا/تحریر کرنے سے متعلّق ؛ مکالماتی ۔

dialogistically, adv. مکالمہ ادا/تحریر کرنے کے لحاظ سے ۔

dialysis, n. (کیمیا) رق باشی ؛ رق باشیدگی ؛
باریک چادر میں چھان کر اجزا کو الگ کرنے کا عمل ؛ کسی جسم کے
قلمی عناصر کو انتشار کے ذریعے جِھلّی میں سے گزار کر لسونت سے
الگ کرنے کا عمل ۔

dialytic, a. رق باشی والا ؛ تفرقی ؛ باریک چادر میں
چھان کر اجزا کو الگ کرنے سے متعلّق ۔

dialyze, dialyse, v.t. رق پاشی کرنا ؛ باریک چادر میں چھان کر اجزا کو الگ کرنا ؛ چرمی کاغذ کے ذریعے اجزا کو چھاننا ۔

dialyzer, dialyser, n. چھلّے پر تانا ہوا چرمی کاغذ یا حاجز، جو کُھلے زخم کی جرّاحی میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ رق پاش ۔

diamagnetic, a. عرض مقناطیسی ؛ کم مقناطیسی ؛ مادّوں کی اس صنف سے متعلّق جنھیں آزادانہ لٹکا کر مقناطیس کی زد میں لایا جائے تو وہ مقناطیس کے قُطبَین سے زاویۂ قائمہ کا رُخ اختیار کر لیتے ہیں ؛ وہ اشیا جو خلا کی نسبت کم مقناطیسی نفوذ پذیری رکھتی ہیں ۔

diamagnetically, adv. عرضِ مقناطیسیت کے لحاظ سے ؛ کم مقناطیسیت کے طور پر ۔

diamagnetism, n. عرضِ مقناطیسیت ؛ عرض مقناطیسی اجسام کا مخصوص مظہر ۔

diamagnet, n. عرض مقناطیس ؛ کم مقناطیس ؛ کوئی عرض مقناطیسی مادّہ ۔

diameter, n. (جیومیٹری) قُطر ؛ موٹائی ؛ دائرے یا دیگر مدّور شکل کے مرکز میں سے گزرنے والا خطِ مستقیم جو دائرے کے محیط کے دو مخالف سروں پر ختم ہوتا ہے اور جو دائرے کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کرتا ہے ؛ کسی بھی شکل یا جسم کے مرکز سے گزرنے والا خطِ مستقیم ؛ کسی استوانی جسم میں سے آر پار گزرنے والا پیمایشی خط ۔

diametric, diametrical, diametral, a. قطری ؛ متعلّق بہ قُطر ؛ عرض دائرہ سے متعلّق ؛ براہ راست متقابل ۔

diametrically, adv. کُلّی ؛ یکسر ؛ کلیتاً مختلف ؛ قُطری ۔

diamond, n. ہیرا ؛ الماس ۔ (جیومیٹری) معین ۔ (طبیعیات) سخت ؛ کڑا ۔ (تاش) اینٹ کا پتّا ؛ فطری طور پر قلمایا ہوا تقریباً خالص کاربن؛ اس مادّے کا ایک ٹُکڑا جو صنعت کے لیے اہم ہے کیونکہ یہ سب سے سخت معلوم مادّہ ہے جسے چٹانی برموں ، شیشہ کاٹنے کے اوزاروں اور گِھسنے کے سفوف میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس پتّھر کا شفّاف اور بے عیب ٹُکڑا جس کی تراش اور جلاکاری کے بعد قیمتی گوہر کے طور پر بڑی قدروقیمت ہوتی ہے ؛ ایک زیور خصوصاً منگنی کی انگوٹھی جس میں یہ گوہر جڑا ہو ؛ قلمائی بُونی کاربن گیس جیسے مصنوعی ذرائع سے بنایا گیا ہو ؛ دو منفرجہ اور دو حادّہ زاویوں والی چو ضلعی شکل ، جس کے اضلاع مساوی یا تقریباً برابر ہوں ؛ تاش کے پتّے پر ایک سرخ مُعین نُما نشان یا ایسے نشان والا پتّا ۔ (طباعت) چھوٹے ناپ یعنی ۴ ۱/۲ پوائینٹ کی ٹائپ ۔ (بیس بال) میدان کا اندرونی حصّہ یا کھیل کا سارا میدان ۔ (جمع ، لیکن استعمال میں واحد یا جمع) ؛ اینٹ کے پتّوں کی گڈی ۔ (صفت) ہیرا نُما ؛ الماس نُما ؛ ہیروں کی طرح ؛ ہیروں والا ؛ ہیرے جڑا ۔ (فعل متعدی) ہیروں سے مزیّن کرنا ؛ ہیرے جڑنا ۔

diamondback rattle snake, n. الماس پُشت ؛ ابوجرس ؛ ہیرا پشت ؛ چکی ناگ ؛ ٹٹیریا سانپ ؛ متعدّد زہریلے ٹٹیریا سانپوں میں سے کوئی ، جو اپنی پشت کے معین نُما نقوش سے ممیّز ہوتا ہے ۔

diamondback terrapin, n. تیرا پن ؛ ہیرا پُشت کچھوا ؛ جنوب مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا کے ساحلی پانیوں میں عام پائے جانے والے مالا کلیمائس (Malaclemys) جنس سے متعلق ، متعدّد خوردنی سبز کچھوؤں میں سے کوئی ، جو اپنی پشت کے معین نُما نقُوش سے ممیّز ہوتا ہے ۔

diamondiferous,diamantiferous, a. الماس زا ؛ الماس خیز ؛ ہیرا پیدا کرنے والا/والی ۔

diandrous, a. (نباتیات) دونرہ ؛ دو زر ریشی ؛ دو زر ریشوں یا دو زربروں والا ۔

dianoetic, a. قابل فکر ؛ استدلالی ؛ سوچنے کے قابل ؛ سوچنے والا ؛ دانشی ؛ فِکری ؛ ذہنی ۔

dianoetically, adv. فکری طور پر ؛ استدلالی لحاظ سے ؛ ذہنی طور پر ۔

dianthus, n. (نباتیات) گُلنار ؛ قرنفل شاعز ؛ اسی نام و جنس کا گُچھّے دار پُھولوں والا پودا ۔

diapason, n. (موسیقی) مکمّل سَرگم ؛ وُسعتِ آواز ؛ آہنگ کا یکبارگی انتشار ؛ کسی آواز یا ساز کا تمام پھیلاؤ ؛ بانسری یا سُر ملانے کا دوشاخہ ؛ آواز کے زیروبم کا ایک معیار ؛ ارغنون کے دو اہم وقفوں میں سے کوئی ایک جنھیں یہ نام ساز کے محیط پر پھیل جانے کے سبب دیا گیا ہے ؛ متعدد سُروں کا ہم آہنگ مجموعہ ؛ سُر ؛ نغمہ ؛ ہم آہنگ نغموں کی گرج ؛ آواز یا ساز کی رسائی ؛ احاطہ ؛ دائرہ ؛ سُر کے پھیلاؤ کا مقرّر معیار ۔

diapasonal, a. وسعتِ آواز والا ؛ آہنگ کے یکبارگی پُھوٹ بہنے سے متعلّق ؛ متعدّد سُروں کے ہم آہنگ مجموعے سے متعلق ۔

diapause, n. (حیوانیات) کیڑوں اور دیگر مفصل پایاں میں بے عملی کا دور جب کہ نشوونُما رُک جاتی ہے ؛ حلقہ دار کیڑوں میں جنسی بے عملی کا دور ۔

diapedesis, n. (فعلیات) پار گزر ؛ پار جست ؛ وہ عمل جس کے ذریعے خون شعری دیواروں سے گزر کر نسیجوں میں پہنچتا ہے ۔

diaper, n. پوتڑا ؛ لنگوٹ ؛ پیشاب ، پاخانے کا شعور آنے تک شیر خوار بچّوں کی ٹانگوں میں سے گزار کر کمر پر باندھا جانے والا نرم و جاذب کپڑا ؛ پارچہ جس پر مختلف نمونے بنے ہوتے ہیں ؛ اس قسم کا کپڑا اصلاً ازمنۂ وُسطیٰ میں استعمال ہوتا تھا ؛ نمونہ بذات خُود ۔ (فعل متعدی) پوتڑا/لنگوٹ پہنانا ؛ لنگوٹ کی طرح کے نمونے سے مزیّن کرنا ؛ گُلکاری کرنا ؛ درودیوار پر ماہی پشت جال کی نقّاشی کرنا ؛ دیوار وغیرہ کو ماہی پُشت نقش و نگار سے سجانا ۔

diaphanous, a. شفّاف ؛ نور گُزار ؛ صاف ؛ تقریباً مکمّل طور پر شفّاف ، جیسے جِھلّی نُما پارچہ ؛ نیم شفّاف شکل میں انتہائی نازُک ۔

diaphanously, adv. شفّاف طریقے سے ؛ نُور گزاری کے لحاظ سے ؛ نیم شفّافی سے ۔

diaphaneity, diaphanousness, n. شفّافی ؛ صفائی ؛ نور گزاری ؛ نیم شفافی ۔

diaphone, n. مدھّم آواز والا بھونپُو جو جہازوں کو کہر اور دھند سے متنبہ کرنے کے لیے بجایا جاتا ہے ۔ (صوتیات) کسی بولی میں واقع ہونے والا یک صوتیہ جو اس زبان کی دُوسری بولی کے کسی یک صوتیے سے مشابہ ہو لیکن صوتیاتی لحاظ سے مختلف ہو ۔ (لسانیات) کسی مخصوص یک صوتیے کے مختلف رُوپ بشمول جُملہ صوتیاتی لحاظ سے مختلف آوازیں ۔

diaphragm, n. ڈایافرام ؛ دیافرغمه ؛ پردۂ شکم ؛ حجابِ حاجز ؛ ایک حصّہ یا پردہ ؛ گول سوراخ والی تھالی جو کیمروں اور بصری آلات میں روشنی کی حاشیائی شعاعوں کو روکنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ٹیلی فون یا فونوگراف میں ایک مرتعش قرص ـ (تشریح الاعضا) میمل حیوانوں میں وہ حجاب حاجز جو جوفِ سینہ کو جوفِ شکم سے الگ کرتا ہے ـ (طبعی کیمیا) نیم قابلِ نفوذ غشا ؛ دو مائعات کو جدا کرنے والی مسام دار تھالی ؛ منعِ حمل کے لیے فمِ رحم پر رکھّا جانے والا ربڑ کا پردہ ـ (فعل متعدی) دیافرغمه لگانا/کے ساتھ عمل کرنا ـ (عکّاسی) ڈایافرام کے ذریعے جھری کو گھٹانا ، جیسے عدسے یا خارجی شے کے لیے ـ

diaphragmatic, a. دیافرغمی ؛ حجابی ؛ دیافرغمه/پَردۂ شکم سے متعلّق ؛ پردہ یا حجاب سے متعلّق ـ

diaphragmatically, adv. دیافرغمه/حجابِ حاجز یا پردۂ شکم کے لحاظ سے ـ

diapositive, n. عکّاسی کی شفاف مثبت تصویر جسے لالٹینی سلائیڈ (پھسل تختی) کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ـ

diarchy, dyarchy, n. دو عملی ؛ دُہری عملداری ؛ دوہری حاکمیت ؛ ایسی حکومت جس میں اقتدار اعلیٰ دو اشخاص کے پاس ہو ـ

diarchial, a. دوہری حاکمیت سے متعلّق ـ

diarist, n. ڈائری لکھنے والا ؛ روزنامچه نویس ؛ روزنامچه لکھنے والا ـ

diarrhea, diarrhoea, n. (امراضیات) اسہال ؛ دست ؛ وہ بیماری جس میں خصوصیت کے ساتھ آنتوں سے غیر معمولی کثیر مائع کا اخراج ہوتا ہے ؛ تخمه ؛ پیٹ چلنا ؛ جُلاب ـ

diarrheal, diarrheic, diarrhetic, diarrhoeal, diarrhoeic, diarrhoetic, a. اسہالی ؛ تخمی ؛ جُلاّبی ؛ پیٹ چلنے سے متعلّق ؛ مُسہل ـ

diarthrosis, n. (تشریح الاعضا) سہل الحرکت جوڑ ؛ ایسا جوڑ جس میں ہڈّیاں آسانی کے ساتھ تمام اطراف میں حرکت کر سکیں ، جیسے کندھے کا جوڑ ـ

diary, n. روزنامچه ؛ ڈائری ؛ روزانه اندراج ، خاص طور پر لکھنے والے کے اپنے تجربات یا مشاہدات کے حوالے سے ؛ اس قسم کے اندراج کے لیے مخصوص بیاض ؛ ایسی مطبوعه بیاض جس میں تقویمی سال کے ہر دِن کے حوالے سے یادداشتیں لکھی جائیں ـ

Diaspora, n. چھٹی صدی قبل مسیح میں بابلی جلاوطنی کے بعد فلسطین سے باہر کے علاقوں میں یہودیوں کی منتشری ؛ وہ علاقے جو اس طرح آباد ہوئے ؛ مجموعی طور پر اسرائیل سے باہر آباد قوم یہود ـ (چھوٹے d سے) ایسے قومی یا مرکزی گروہوں کا انتشار ، بکھراؤ یا لامرکزیت جو اپنے وطن سے باہر رہ رہے ہوں لیکن اپنا ثقافتی تشخص قائم رکھے ہوئے ہوں ؛ اس قسم کے گروہ کے لوگ ـ

diaspore, n. ڈایاسپور ؛ ایلومینم کا معدنی ہائیڈروآکسائڈ جو قلموں کی شکل میں پایا جاتا ہے یا زیادہ تر تہوں یا کھپروں کی صورت میں ملتا ہے ـ

diastase, n. رطوبت لبلبه ؛ خمیرۂ جو ؛ ڈائستاس ؛ کونپلیں پُھوٹنے کے بعد جَو اورجئی میں پایا جانے والا خمیر، جو محلول کی شکل میں ، پہلے تو نشاستے کو نشاستی گوند اور پھر شکر میں تبدیل کرنے کی خاصیت رکھتا ہے اور یہی اس کی وجه تسمیه ہے ـ

diastasic, diastatic, a. ڈائستاس سے متعلّق ـ

diastasis, n.,v. (طِب) فصال برنامیه ؛ جوڑ اُترنا ؛ ٹوٹے بغیر ہڈّیوں کا جوڑ سے اُکھڑنا یا علیحدہ ہونا ؛ دل سے متعلّق ، پھیلاؤ اور سکڑاؤ کا درمیانی وقفۂ آرام ـ

diastole, n. (فعلیات) انبساط قلب ؛ دِل کا پھیلاؤ ؛ دل کا خصوصاً بُطَین کا حسبِ معمول متناسب طور سے پھیلاؤ ؛ دیگر کئی متناسب البساط چیزوں میں سے کوئی ایک ـ (قدیم عروض) ہمیشه مختصر ادا کیے جانے والے رکنِ تہجّی کی طوالت ، خصوصاً وقفے سے پیشتر یا مصرعے کے کسی ٹُکڑے پر زور دینے سے پہلے ـ

diastolic, a. انبساطی ـ

diastrophism, n. (ارضیات) قُوّتوں کا وہ عمل جس کے سبب قشرِ زمین میں تشویه پیدا ہُوا اور جس سے برّاعظم اور پہاڑ وجود میں آئے ؛ اس قسم کا تشویه ؛ قشری بگاڑ ـ

diastrophic, a. تشویاتی ؛ قشری بگاڑ سے متعلّق ـ

diatessaron, n. مطابقۂ چہار انجیل ؛ ایک واحد بیانیے میں مرتّب ، چاروں اناجیل ، یعنی متی ، مرقس ، لوقس اور یوحنا کی ہم آہنگی ـ

diathermic, diathermanous, a. حرّ گزار ؛ شعاعی حرارت منتقل کرنے کی خاصیت کا ؛ برقی حریّت سے متعلّق ـ

diathermic surgery, حرّگزار جرّاحی ؛ وہ جرّاحت جس میں اعلیٰ تعدّد کی برقی قوسِ نور کے ذریعے زندہ نسیج کو قطع کیا جاتا ہے اور اس طرح زیادہ خُون بہنے کو روکا جاتا ہے ـ

diathermy, diathermia, n. برقی حریت ؛ علاجی مقاصد کی خاطر جلد کے نیچے نسیجوں میں حرارت پیدا کرنے کے لیے بجلی کی رو کا اطلاق ـ

diathesis, n. (امراضیات) مزاج ؛ روگ سبھاؤ ؛ خلقی استعداد ؛ بعض امراض کے لیے دوسرے امراض کی نسبت ، کسی حد تک آمادگی ؛ مخصوص ذہنی ارتقا کی طرف کا رُجحان ـ

diathetic, a. مزاجی ؛ خلقی استعداد سے متعلّق ؛ مخصوص ذہنی ارتقا سے متعلّق ـ

diatom, n. عَصَیوی کائی ؛ دیاطم ؛ کائی گاد ؛ متعدّد خوردبینی ، یک خلوی ، بحری یا تازہ آبی کائیوں میں سے کوئی ایک ، جس کی خصوصیت سلیکائی خلوی دیواریں یا ذو صمامی صدفے ہوتی ہے اور جن کے سبب آبادیوں میں وسیع و عریض رکازات یا متحجّر دفینے بنتے ہیں ـ

diatomaceous, a. (کیمیا) جس میں دیاطم ہو ؛ عَصَیوی کائیوں کے بارے میں /سے متعلّق ؛ عَصَیوی کائیوں یا ان کی متحجّر باقیات پر مشتمل/کا حامل ـ

diatomaceous earth, n. دیکھیے : diatomite ـ

diatomic, a. (کیمیا) دو جوہرہ ؛ دو جوہری ؛ سالمے میں دو جوہروں کا وجود ؛ دو بدل پذیر جوہروں یا اصناف پر مشتمل ـ

diatomite, diatomaceous earth, n. سنگ چلا ؛ سنگِ طرابلس ؛ سلیکائی دیاطمی ڈھانچوں پر مشتمل مدفون مادّہ جو خشک شکل میں چاک یا خشک چکنی مٹّی سے مشابه ہوتا ہے اور تقطیر آب کے علاوہ عاملِ جلاکاری اور سلیکا کے حصول کے ذریعے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ـ

diatonic, a. (موسیقی) اٹھ سُرا (سرگم)؛ ہشت سُرا (سرگم) ؛
بڑے یا چھوٹے معیاری سبتکوں کے بارے میں ، جن کے امتزاج میں آٹھ
سُر ہوتے ہیں : پانچ سُر اور دو سُرتیاں ؛ کسی بھی سبتک کی دُھنوں ،
وقفوں اور نغماتی اتار چڑھاؤ سے متعلق ۔

diatonically, adv. ہشت سُرے سرگم کے لحاظ سے ۔

diatribe, n. تنقیدِ قبیح ؛ تلخ تنقید ؛ مخالفانہ تنقید ؛
ہجوِ قبیح ؛ ایسی تلخ و توہین آمیز طُولانی تقریر جس میں کوئی شخص
کسی شے یا فرد کی مذّمت ، تنقید یا اس پر اعتراضات کی بوچھاڑ کرے۔

diazo, a. (کیمیا)دو نائٹروجنی ؛ ڈائزو ؛
اس امر کا مظہر کہ کوئی مرکّب دو نائٹروجنی جوہروں ، کے مجموعے
پر مشتمل ہے ، جو ایک ہائیڈروکاربن اصلیے یا ایک ہائیڈروکاربن
اصلیے اور کسی دوسرے جوہر یا جوہروں کے مجموعے سے متّحد ہے ،
اس قسم کے مرکبات، خصوصاً رنگوں اور صِبغوں کے بنانے میں استعمال
ہوتے ہیں ۔

diazotize, v.t. (کیمیا) ڈائزو۔مرکّب میں تبدیل کرنے کے
لیے عمل کرنا ؛ دو نائٹروجنی بنانا ۔

diazo dye, n. ایسا رنگ جو مادوّں کے ردعمل سے اس وقت
پیدا ہوتا ہے جب وہ کسی پارچے کے ریشوں میں جذب ہو چکے ہوں ؛
کوئی آشکار رنگ ۔

dib, dibble, v.i. ذریعۂ تحریص، طُعمہ یا چارہ کو سطح آب پر
آہستگی سے چھوڑ کر مچھلیاں پکڑنا ؛ پانی میں چارہ ڈال کر شکار
کرنا ؛ آہستہ سے غوطہ دینا ؛ طُعمہ پھینکنا ۔

dibasic, a. (کیمیا) دو اساسی ؛ دو اساسہ ؛
دو ہائیڈروجنی جوہروں پر مشتمل تیزابوں سے متعلّق ، جنھیں بُنیادی
جوہروں یا اصلیوں سے بدلا جا سکتا ہو ؛ دو یک گرفتہ دھاتی یا بُنیادی
جوہروں پر مشتمل ۔

dibble, dibber, n. بیلچۂ باغبانی ؛ باغبانی اور زراعت
میں استعمال ہونے والا نوکدار اوزار ، جس سے زمین میں بیج ڈالنے اور
بصلے بونے کے لیے سوراخ کرتے ہیں ؛ سَبَّل ۔ (فعل متعدی و لازم) سبّل
سے بونا/بویا جانا ؛ پودے لگانا ؛ بیلچے سے کھودنا ۔

dibranchiate, a. دو خیشومیہ ؛ دو گلپھڑوں والے سرپایاں کی ذیلی قسم
دو خیشومیاں (Dibranchiata) سے متعلق جس میں طعمہ مچھلیاں اور
ہشت پایاں شامل ہیں ۔ (اسم) کوئی دو خیشومیہ سرپایاں ۔

dibs, n. (جمع) (عوامی) حقیر سی رقوم ۔

dibs on (something), (عوامی) بُنیادی طور پر یہ جملہ بچّے
اپنے استحقاق اور کسی شے پر ملکیت کے دعوے کا اعلان کرنے کے
لیے بولتے ہیں ۔

dicast, n. مُنصِف ؛ قدیم ایتھنز کے ان ۶۰۰۰ شہریوں میں سے
ایک شہری ، جنھیں قانونی عدالتوں میں ، ایک ایسی حیثیت سے
مقدمات سننے کے لیے ہر سال چُنا جاتا تھا ، جس میں مُنصِف اور
رُکنِ جیوری کے وظائف مجتمع تھے ۔

dicastery, n. ان عدالتوں میں سے ایک ، جہاں
مُنصِفین بیٹھتے تھے ؛ جمعیتِ منصفین ۔

dicastic, a. متعلّق بہ مُنصِف ۔

dice, n., pl. پانسہ ؛ مُہرہ ؛ چھوٹے مکعب جن کی سطحوں پر
ایک سے چھ مختلف نشانات کندہ ہوتے ہیں اور جنھیں کھیلوں میں
ڈبیا یا ہاتھ سے پھینکا جاتا ہے ؛ کھیل کا نام ؛ کوئی چھوٹے مُکَعب یا
مُربّع ٹکڑے ۔

no dice, (عوامی) نہیں ؛ انکار ؛ بیکار ۔

dice, v.i., v.t. پانسہ کھیلنا ؛ پانسے سے جُوا کھیلنا ؛
سبزیوں وغیرہ کو چھوٹے ٹُکڑوں یا مُکعبوں میں کاٹنا ؛ مکعب نما
شکلوں سے سجانا ؛ شطرنجی /چوخانہ نمونہ بنانا ؛ پانسے کے کھیل میں
رقم ہارنا یا جیتنا ؛ جُوا کھیلنا ۔

dicer, n. پانسہ کھیلنے والا ؛ جواری ۔

dicentra, n. دو مرکزیے ؛ دو مرکزیہ جنس سے تعلّق رکھنے
والا کوئی پودا جس کے جُھکے ہوئے خوشہ دار پُھولوں میں دو مشکیزہ
دار یا قلب نُما تاج گُل لگتے ہیں مثلاً ڈچ مین بریچز یا بلیڈنگ ہارٹ
نامی پُھول ۔

dichlamydeous, a. (نباتیات) دو قبائی ؛ کمامۂ گُل
اور تاج گُل دونوں کا حامل ۔

dichloride, n. (کیمیا) دو کلورینی یا دو جوہر کا مرکب ؛
بائی کلورائیڈ ۔

dichogamous, dichogamic, a. (نباتیات) جُدا ازدواجہ ؛ مختلف اوقات
میں بالغ ہونے والے زر ریشوں اور مادگینوں کا حامل /اور یوں
بطور دو جنسہ پُھول خود باروری کےناقابل : ہم ازدواجہ کی ضد ۔

dichogamy, n. جُدا ازدواجیت ۔

dichotomize, v.t. تنصیف کرنا ؛ دو پر تقسیم کرنا ؛
دو اجزا بنانا ؛ دو حصّوں میں بانٹنا ؛ جوڑوں میں بانٹنا ؛ دو جوڑے بنانا ؛
ذو فرعیت کرنا ؛ دو شاخہ بنانا ۔ (فعل لازم) دو حصّوں میں الگ ہونا ؛
دو فرعی ہونا ؛ دو جُز بننا ؛ دو شاخہ ہونا ۔

dichotomist, n. تنصیف کرنے والا ؛ دو حصّے کرنے والا ؛
دو لخت کرنے والا ۔

dichotomistic, a. تنصیف سے متعلّق ۔

dichotomization, n. عملِ تنصیف ۔

dichotomous, a. دوکاٹ ؛ ذُوفرعی ؛ دو حصّوں میں منقسم یا
تقسیم ہونے والا ؛ پے در پے دو حصّوں/اجزا میں تقسیم کرنے یا ہونے کی
صفت سے متصّف ؛ ذو فرعیت سے متعلّق ؛ دو قِسمی ؛ دو شاخہ ؛ مرحلہ
بہ مرحلہ ۔

dichotomously, adv. دو اجزا یا حصّوں میں تقسیم کرنے
یا ہونے کے لحاظ سے ۔

dichotomy, n. دو اجزا یا زُمروں میں تقسیم ؛
دو فرعی تقسیم ؛ دو فرعیت ؛ دو نوعیتی؛ تقسیمِ بین الاثنین ۔ (منطق)
جماعت بندی بہ تقسیم بین الاثنین یا ایسی پے در پے تقسیم جس میں ہر
مرحلے پر ایک جماعت کو دو باہمی اختصاصی ذیلی جماعتوں یا حصّوں
میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔ (نباتیات) شاخوں کا اس انداز سے پُھوٹنا کہ ہر
شاخ دو شاخوں میں تقسیم ہوتی رہے ۔ (فلکیات) چاند یا کسی چھوٹے سیارے
کی وہ ہیئت جب اس کی نصف قُرص نظر آتی ہو ۔

dichotomic, a. دو قِسمی ؛ دو شاخہ ؛ دو فرعی ۔

dichotomically, adv. دو قسمی کے لحاظ سے ؛ دو شاخہ کے
لحاظ سے ؛ دو فرعی کے طور پر ؛ دو اجزا میں تقسیم کے نقطۂ نظر سے ۔

dichroic, dichroitic, a. دولونی ؛ دو رنگ نُما ؛
دو لونیت رکھتا یا ظاہر کرتا ہُوا ؛ دو رنگا ؛ جس میں دو رنگ نظر آئیں ۔

diclinous, a. (نباتیات) مفرق مہدہ ؛ دو جنسہ ؛
ایک پھول میں زر ریشے اور دوسرے پھول میں بُقچۂ گل رکھنے والا پودا یا دو پودے ۔

diclinism, dicliny, n. مفرق جنسیت ؛ جُدا جنسیت ۔

dicotyledon, dicot, dicotyl, n. (نباتیات) دو فلقہ ؛ دو بیج پتّا ؛
دو دالا ؛ پھولدار پودوں کی انتہائی اہم اور زیادہ کثیر ذیلی قسم سے متعلّق کوئی پودا جس کے بیج اکھوا کے جوڑے یا مخالف بیج پتیوں پر مشتمل ہوں ؛ دو دالا پودا ۔

dicotyledonous, a. دو فلقوی ؛ دو دالا ؛ دو اکھوے والا ۔

dicrotic, a. (فعلیات) دو ضربی ؛ ایک قلبی دھڑکن کے لیے
دو شریانی زیروبم رکھنے والا ، جیسا کہ بعض نبضوں میں ہوتا ہے ؛ اس طرح کی نبض سے متعلّق ۔

dicrotism, n. دو ضربی حالت (نبض کی) ۔

Dictaphone, n. (بعض اوقات چھوٹے d سے)
اِملاگیر ؛ املا مشین (تجارتی نشان) ۔

dictate, v.t. اِملا لکھوانا ؛ املا دینا ؛ املا بولنا ؛
حُکم دینا ؛ ہدایت دینا ؛ حُکم چلانا ؛ نادری حُکم دینا ؛ من مانی شرطیں عائد کرنا ؛ تحکّم کے ساتھ سنانا یا زبان سے نکالنا ، جیسے کوئی حکم ، فرمان یا ہدایت ؛ کہے جانے یا لِکّھے جانے کی ہدایت کرنا ؛ محفوظ کرنے کی غرض سے کسی شخص یا آلے کے لیے بولنا یا بہ آواز بُلند پڑھنا ۔ (فعل لازم) بہ آواز بلند کہنا/بولنا ، جیسے املا کے دوران ؛ حکم دینا یا تحکّمانہ انداز اختیار کرنا ۔

dictate, n. ہدایت ؛ ارشاد ؛ سنایا گیا حکم ؛
کوئی فرمان ؛ کوئی اصول ؛ مقولہ یا نصیحت (جیسے : the dictates of reason) ۔

dictating machine, n. املا نویس مشین ؛ بعد میں سنے اور لِکّھے جانے کے لیے زبانی اِملا کو محفوظ کرنے والی مشین ۔

dictation, n. اِملا ؛ حُکم ؛ تحریر میں لائے جانے کے لیے
اِملا کرانے کا عمل ؛ وہ مواد جس کا اِملا کرایا جائے ؛ یقینی اور معتبر طریقے سے تجویز کرنے کا عمل ؛ آمرانہ یا تحکّمانہ ہدایت ؛ جس بات کا حکم دیا گیا ہو یا تجویز کی گئی ہو ۔ (موسیقی) کسی طالب علم کو دوبارہ سنانے کے لیے موسیقی (کے ٹکڑے) بجانا ؛ اس طرح بجائے گئے ٹُکڑے ۔

dictator, n. آمر ؛ حاکمِ مُطلق ؛ مُختارِ کُل ؛
خاص طور پر حکومت میں اختیار مطلق استعمال کرنے والا شخص ؛ ظالمانہ یا جابرانہ طور سے اختیاراتِ مُطلق استعمال کرنے والا شخص یا حکمران ؛ مستند و معتبر انداز سے پیش کرنے والا شخص ، جیسے فیشن ، طرزِ عمل یا استعمال کے میدان میں ؛ قدیم روم میں ہنگامی حالات کے دوران مقرّر کیا جانے والا ایک اعلیٰ حاکم ۔

dictatorship, n. آمریت ؛ حکومتِ مُطلقہ ؛ اختیارِ مُطلق سے
ممیّز ایک طرز حکومت ؛ وہ ملک جہاں ایسی حکومت ہو ؛ اختیارِ مُطلق ؛ کسی آمر کا عہدہ ۔

dictatorial, dictatory, a. آمرانہ ؛ استبدادی ؛ مُطلقُ العنانہ ؛
آمر سے متعلّق ؛ ہدایت کرنے یا حکم دینے کا رُجحان لیے ہوئے ؛ تحکّمانہ ؛ آمریتی ۔

dichroism, n. (قلمیات) دو لونیّت ؛ مختلف لونیّت ؛
کسی یک محوری قلم کی یہ خاصیت کہ ترسیلی روشنی میں دو مختلف اطراف سے دیکھنے پر مختلف رنگ نظر آئیں ۔ (کیمیا) بعض محلولوں کی یہ خاصیت کہ ارتکاز کے مختلف درجوں میں مختلف رنگ نظر آئیں ۔

dichroite, n. (معدنیات) کورڈیرائٹ ؛ دو لونیّت ؛ دو رنگ نُما ؛
آئیو لائٹ جس کے دو رنگ نظر آئیں ۔

dichromate, bichromate, n. (کیمیا) ڈائی کرومیٹ ؛
نظری دو لونی تیزاب کا نمک ؛ وہ نمک جس میں کرومک تیزاب کی دُگنی مقدار ہو ۔

dichromatic, dichroic, dichromic, a. دو رنگا ؛ دو رنگ بین ؛
دو رنگ رکھتا یا ظاہر کرتا ہوا ؛ دو لونی ۔ (حیوانیات) جنس اور عمر سے قطع نظر ، کسی نوع میں دو ادوارِ رنگ کا مُظہر ۔ (بصریات) دو رنگ بِینی سے مُتّصف یا ظاہر کرنے والا ۔

dichromatism, n. دو رنگ بین ہونے کی کیفیت یا حالت ۔
(بصریات) دو رنگ بینی ؛ رنگ کوری کی وہ قسم جس میں صرف دو یا تین بنیادی رنگ نظر آتے ہیں ۔

dichromic, a. دو رنگا ؛ دو رنگ بین
(جیسے : dichromic vision) ۔ (کیمیا) ایسے مرکب سے متعلّق جس میں کرومیم کے دو جوہر ہوں ۔ (قلمیات) دولونی ؛ دو رنگ نُما ۔

dichromic acid, n. (کیمیا) ڈائی کرومک تیزاب ؛ ایک نظری تیزاب
جو صرف دُو رنگ نماؤں سے جانا جاتا ہے ۔

dichroscope, dichrooscope, n. دولونیّت نُما ؛ دو لونیت بِین ؛
ایک ایسا آلہ جسے قلموں کی دولَونیت/مختلف لَونیت کی آزمایش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

dichroscopic, a. دولونیت بین سے متعلّق ؛ ایسے آلے سے متعلّق ۔

dick, n. (برطانوی) آدمی یا شخص ۔ (عوامی) سُراغ رساں ۔

dickcissel, n. سیاہ گلے والی دُرسہ ؛
وہ امریکی چڑیا جس کے گلے کا رنگ سیاہ ہوتا ہے ۔

dickens, n. شیطان ؛ اِبلیس ؛ غُصّے یا جھلاہٹ کے
نرم اظہار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اس سے پہلے عموماً لفظ the آتا ہے (جیسے : Where the dickens is my hat?) ۔

dicker, v.i., v.t. سودا کرنا ؛ قیمت طے کرنا ؛
باہمی لین دین کرنا ؛ مبادلے کی تجارت کرنا ؛
مول تول کرنا ؛ بھاؤ تاؤ کرنا ؛ بھاؤ چُکانا ۔ (اسم) سودا ؛ آدھی کوڑی ؛ دس (خصوصاً جانوروں کی کھالوں کی گنتی میں بولتے ہیں) ۔

dickey, dicky, dickie, dickey bird, n. گلوبند ؛ لباس کے کئی
حصّوں میں سے ایسا حصّہ جو مرد اور عورت عموماً کھلے گلے اور سینے کو ڈھانپنے یا جیکٹ کے اگلے کُھلے حِصّے کو ڈھانپنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور ، جو سوئیٹر ، قمیص یا بلاؤز کی نقل ہوتا ہے ، خصوصاً مرد کی قمیص کا اگلا حصّہ جِسے رسمی یا پادریانہ لباس کے ساتھ پہنا جاتا ہے ؛ بچّے کے گلے کا پیش بند ؛ بِب ؛ نر گدھا ؛ کوئی گدھا ۔ (زیادہ تر برطانوی) گھوڑا گاڑی کے باہر کوچوان کی نشست یا عقبی نشست یا دو نشستی کار کی عقبی نشست ؛ چڑیا کی طرح کا چھوٹا پرندہ ۔

dictatorially, adv. آمرانہ لحاظ سے ؛ آمرانہ طور پر ؛ آمرانہ طریقے سے ؛ تحکمانہ لہجے میں ؛ حاکمِ مُطلق کی طرح ؛ مستبدانہ ۔

dictatorialness, n. مُطلق العنانیت ۔

dictatorship of the proletariat, n. آمریتِ پرولتاریہ ؛ بے جائیداد محنت کشوں کی مطلق العنان حکومت جو مارکسی نظریے کی رُو سے اشتمالی معاشرتی نظام کے قیام کے سلسلے کا ضروری مرحلہ ہے ۔

diction, n. طرزِ کلام ؛ طرزِ تحریر ؛ کلام یا تحریر میں کسی شخص کا انتخابِ الفاظ ؛ بولنے یا گانے میں ادائیگئِ الفاظ کا ڈھب ؛ تلفّظ ؛ بندش ۔

dictionary, n. لغت ؛ قامُوس ؛ فرہنگ ؛ ایک ایسی کتاب جس میں کسی زبان کے الفاظ کو حروفِ تہجّی کی ترتیب سے درج کیا گیا ہو اور اس میں ان کے معانی کی تشریح ، تلفّظ ، اشتقاق اور دیگر معلومات درج ہوں ؛ لُغات ؛ کتابُ الفاظ ؛ کوئی ایسی کتاب جس میں مکمّل موضوع یا شعبۂ موضوع کے بارے میں معلومات حروفِ تہجّی کے اعتبار سے ترتیب شُدہ اندرجات یا عنوانات کے تحت ہوں ۔

Dictograph, n. (بعض اوقات چھوٹے d سے) صوت نِگار ؛ ایک نہایت ہی حساس ٹیلی فونی آلہ جس میں صوت گیر (ماؤتھ پیس) کی ضرورت ختم کر دی گئی ہے ؛ اسے خُفیہ طور پر دوسروں کی باتیں سُننے یا باتوں کا ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

dictum, obiter dictum, n. مقولہ ؛ مثل ؛ ملفوظہ ؛ کوئی مستند باتُ یا رائے ؛ کوئی کہاوت یا قول ۔ (قانون) کسی جج کا ایسے قانونی نکتے پر اظہارِ رائے ، جو زیرِ غور مقدّمے کے نکات سے الگ ہو ۔

did, v.t. کِیا ؛ فعل do کا صیغۂ ماضی ۔

didactic, didactical, a. ناصحانہ ؛ معلّمانہ ؛ تعلیمی ؛ ادبی ؛ ہدایت آموز نظریات کا ؛ اصولوں ، قواعد یا اخلاقی اوامر پر مبنی ؛ غیر ضروری طور پر پڑھانے یا تدریس پر مائل ؛ نصابی سرگرمیوں پر زور دینے والا (انداز) ۔

didactics, n. (جمع مگر استعمال میں واحد) علم /فنِ تعلیم ؛ علم /فنِ نصیحت ؛ علم /فنِ اخلاق آموزی ؛ علمِ تربیت ۔

didactically, adv. معلّمانہ/ناصحانہ انداز سے ؛ نصیحت آموزی سے ؛ پند آموزی کے لحاظ سے ۔

didacticism, n. مُعلّمانہ/ناصحانہ طرز ؛ طریقۂ اخلاق آموزی ۔

didapper, n. چوزۂ مرغابی ؛ ایک آبی پرندہ جو تیرتے وقت بار بار سر کو پانی میں ڈبوتا رہتا ہے ؛ چھوٹی بے دُم مرغابی ؛ چھوٹی گریب ۔

didn't, (did not کا مُرخّم) نہیں کیا ۔

dido, n. (عموماً جمع) (بول چال) دل لگی ؛ شوخی ؛ مضحکہ خیز حرکت ؛ بے سلیقہ کام ؛ اٹھکیلی ؛ مسخرہ پن ۔

didymium, n. (کیمیا) ڈائی ڈی میئم ؛ ایک کمیاب دھات ؛ نیوڈی میئم اور پراسیوڈی میئم پر مشتمل مادّہ ، جسے پہلے ایک عُنصر سمجھا جاتا تھا اور لَنتھانیئم کا توام بھائی کہا جاتا تھا ۔

didymous, a. (نباتیات) جُڑواں ؛ توام ؛ جوڑے کی صورت پیدا ہونے والا ۔

didynamous, a. (نباتیات) دو جُفت نرہ ؛ زر ریشوں کے مختلف لمبائی کے جوڑوں والا ۔

die, v.i. مر جانا ؛ فوت ہونا ؛ وفات پانا ؛ انتقال کرنا ؛ فنا ہونا ؛ ختم ہونا ؛ معدوم ہونا ؛ نیست و نابُود ہونا ؛ تمام وظائفِ حیات کا مکمّل اور مستقل خاتمہ ہونا ؛ جینا ختم ہو جانا ؛ بے وجود ہو جانا ؛ خاتمہ ہونا (جیسے : the project died due to a lack of funds) ؛ موت کے باعث تعداد کم ہونا ؛ معدوم ہونا ؛ ناپید ہوجانا ، off یا out کے ساتھ (جیسے : .The cattle are dying off یا The species died out) ؛ بتدریج مرنا یا مرجھانا ؛ قُوّت ، زور یا فعال کیفیات گنوا دینا ، اکثر down, away یا out کے ساتھ (جیسے : The fire died out یا The excitement died down) ؛ رک جانا یا کام بند کر دینا (جیسے : The motor died) ؛ درد یا بیماری جھیلنا (جیسے : .dying with toothache) ؛ ذہنی اذیّت برداشت کرنا (جیسے : die of embarrassment) ؛ انتہائی ہیجان یا ترنگ محسوس کرنا (جیسے : dying of laughter) ۔ (بول چال) شدید طلب ہونا (جیسے : I am dying for some water) ۔ (شاعری) نڈھال یا بے ہوش ہونے کو ہونا ، خاص کر آرزو یا شوق شدید سے ۔ (الٰہیات) رُوحانی زندگی سے محروم ہونا ۔ (تھیئٹر) ناکام ہونا ؛ غیر مقبول ہونا ۔

die-hard, موت یا شکست کے خلاف جان توڑ لیکن لاحاصل جدوجہد کرنا ؛ شکست تسلیم کرنے سے انکار کرنا ؛ ہٹ دھرمی کرنا ۔

never say die, کبھی شکست تسلیم نہ کرو ۔

die, n. رٹپّا ؛ زیرِ ستون ؛ ڈھبری ؛ مُہرہ ؛ کعب ؛ پانسہ ؛ ایسا کعب یا ٹکڑا جس کی اطراف میں مختلف نشان کندہ ہوں ؛ کوئی چھوٹا مکعب یا مربع ٹکڑا ۔ (فنِ تعمیر) ستون کی کرسی ۔ (مشین) ٹھپا ؛ کسی چیز کو بنانے کے لیے سانچا ؛ کوئی نمونہ نقش کرنے یا چیزوں کو کاٹ کر یا ڈھال کر خاص شکل دینے والی کئی اختراعات میں سے کوئی اختراع ، جیسے کندہ مہر یا سکّوں پر حروف ابھارنے کے لیے ایسا ٹھپا جس میں حروف کندہ ہوں ؛ کوئی چیز نقش کرنے ، بنانے یا تشکیل کرنے کے لیے مثنٰی یا متقابل مُہروں کے جوڑے میں سے ایک ؛ ایک دستے میں لگائے جانے والے کئی حصّوں پر مشتمل فولاد کا ایک کھوکھلا آلہ ، جس کی مدد سے چوڑیاں بنائی جاتی ہیں ، جیسے کابلوں یا نلوں میں ؛ اس قسم کے آلے کے علیحدہ حصّوں میں سے ایک ؛ چھوٹے سوراخوں والا بلاک جس میں سے دھات یا پلاسٹک کو گزارتے ہیں ؛ بیج کاری /شگاف کار مشین میں ایک سوراخ دار بلاک ، جس پر چھید کی جانے والی شے کو ٹکایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) ٹھپے /مہرے سے نقش بنانا یا صورت دینا ۔

the die is cast, برچہ باداباد ؛ ایسا فیصلہ یا کارروائی کی جا چکی ہے جس کے نتائج ناقابل تبدیلی ہیں ۔

dieback, n. (نباتیات) لکڑی والے پودوں میں مرض کی ایسی حالت جس میں پودے کی شاخیں طفیلی پودے ، امربیل ، فطر یا ماحولیاتی حالات کے تحت سوکھ کر مر جاتی ہیں ۔

diecious, a. دو زَر بُقچوی ؛ جُدا زر بُقچوی ؛ دو صنفی ؛ جُدا صِنفی ۔

die down, v.i. خاموش ہو جانا ؛ کم ہونا ؛ گھٹنا ۔

(نباتیات) بعض پودوں کے بالائی زمین حصّوں کا سُوکھ جانا ؛ عموماً حسبِ معمول نشوونُما کے دور کے حصّے کے طور پر۔

die-hard, diehard, n.
کٹّر ؛ قدامت پسند ؛ سخت جان ؛ آخر دم تک مُقابلہ کرنے والا ؛ تبدیلی کی مخالفت کرنے والا ، خص کر سیاسی قدامت پرست۔ (صفت) ہٹ دھرم/ضدی ؛ مُنہ زور؛قدامت پرست۔

dieldrin, n.
(کیمیا) ڈائل ڈرن ؛ ہلکے بُھورے رنگ کا ٹھوس پپڑی دار زہریلا مرکّب جسے جراثیم کُش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

dielectric, n.
(طبیعیات ، برق) برق گزار ؛ غیرموصل یا حاجز ؛ ایک ایسا مواد جو برق سکونی اور مقناطیسی خطوطِ قُوّت کو تو قبول کرتا ہے لیکن برقی رو گزرنے میں مزاحم ہوتا ہے۔

diencephalon, n.
(تشریح الاعضا) بین دماغ ؛ پیش دماغ کا پچھلا حصّہ۔

diencephalic, a.
بین دماغ سے متعلّق۔

dieresis, n.
دیکھیے : Diaeresis۔

diesel, n.
(بعض اوقات بڑے D سے) ڈیزل انجن سے چلنے والی پہیے دار گاڑی۔ (صفت) ایسی گاڑی یا مشین کا یا اس سے متعلّق جو ڈیزل انجن سے چلتی ہو، جیسے ڈیزل ٹرک ؛ ڈیزل انجن سے متعلّق ، جیسے ڈیزل ایندھن۔

dieselize, v.t.
ڈیزل انجن سے لیس کرنا۔

diesel engine, n.
[اپنے موجد میونخ کے ڈاکٹر روڈلف ڈیزل سے موسوم] (بعض اوقات بڑے D سے) ڈیزل انجن ؛ دروں احتراقی انجن : ایک قسم کا دروں سوز انجن جس میں بھاری تیل کا استوانے (سلنڈر) میں اس وقت چھڑکاؤ کیا جاتا ہے جب اس کے اندر کی ہوا کو تابانی کی حد تک دبا دیا جاتا ہے ، جس سے اس کے اندر کا تیل آگ پکڑ لیتا ہے اور اس میں دھماکے کی نسبت دھیما احتراق پیدا ہو جاتا ہے اور اس طرح وہ فشارے (پسٹن) کو متحرّک کر دیتا ہے۔

diesinker, n.
ٹھپّے ساز ؛ سکّے ڈھالنے کے لیے ٹھپّوں کی کندہ کاری کرنے والا۔

diesinking, n.
ٹھپا سازی ؛ سکّے ڈھالنے کے لیے ٹھپوں کی کندہ کاری۔

diesis, n.
(ٹائپ سازی) دُہرا خنجر ؛ دُہرا چلیپا ؛ دُہرے چلیپے کا نشان۔

diestock, die stock, die plate, screw stock, n.
(مشین) ٹھپا گیر ؛ نلوں اور پیچوں میں چوڑیاں ڈالنے کے لیے استعمال ہونے والے ٹھپے پکڑے رکھنے والا دستہ۔

diestrous, diestrual, a.
(حیوانیات) کھانکڑ ؛ کھانکڑ ؛ مادّہ میمل جانور کے دو گابھوں کے درمیانی دور سے متعلّق جو جنسی طور پر بے عمل ہوتا ہے ؛ بے جنس دور کا۔

diet, n.
غذا ؛ خوراک ؛ خورد و نوش ؛ پرہیزی غذا ؛ کسی شخص یا جانور کا معمول کا کھانا پینا ؛ صحت کے نقطۂ نظر سے مقرّر کردہ غذا ، جو نوعیت اور مقدار کے لحاظ سے محدود ہو ؛ جو کچھ مہیا کیا جائے یا عادتاً استعمال کیا جائے (جیسے : a steady diet of television) ۔ (فعل متعدی) کسی کے لیے پرہیزی غذا یا کھانا فراہم کرنا ؛ کسی کے لیے پرہیزی غذا کی تشخیص کرنا۔ (فعلِ لازم) وزن کم کرنے کے لیے مقرّر کردہ قوانین کے مطابق کھانا۔

dieter, n.
وزن کم کرنے کے لیے محدود غذا کھانے والا۔

diet, n.
مجلس مِلّی ؛ قومی سبھا ؛ قانون سازی ، مذہبی یا دیگر مقاصد کے لیے زعما یا نمائندگان کی مجلس ؛ اجلاس۔ (اکثر بڑے D سے) بعض ممالک جیسے جاپان یا سابقاً مقدّس سلطنتِ رُوما کی قانون ساز یا انتظامی مجالس (جیسے : The Diet of Worms) ۔

dietary, a.
نظامِ غذا ؛ خوراکی نظامِ غذا ؛ غذائی ؛ غذا سے متعلّق ؛ مقررہ غذا کا یا اس سے متعلّق۔ (اسم) بعض عوامل مثلاً دستیابی ، طِبّی احکام یا معاشی پابندیوں کے تحت منضبط کردہ کسی فرد یا گروہ کے لیے غذا کی مقرر کردہ مقدار (جیسے : The American dietary, prison dietary) ؛ امریکی غذائی معیار و مقدار ؛ قید خانے کا غذائی معیار اور اس کی مقدار۔ (متروک) غذا کا نظام یا نصاب۔

dietary law, n.
(صیہونیت) قوانین خورد و نوش ؛ ان قوانین میں سے کوئی ایک قانون جس کے ذریعے اس بات کا تعین کیا جاتا ہے کہ کون سی خوراک یا اجزائے خوراک استعمال کیے جائیں نیز وہ ضوابط جو کھانا پکانے ، کھانے کے برتنوں اور استعمال سے قبل خوراک پر خاص عمل کے بارے میں ہیں۔

dietetic, dietetical, a.
غذائی ؛ پرہیزی ؛ غذا سے متعلّق یا غذا کے انضباط اور اس کے قوانین سے متعلّق ؛ خصوصی غذا کے لیے تیّار کردہ کوئی چیز مثلاً شکر یا نمک کے بدل کے استعمال کے ذریعے (جیسے : dietetic carbonated drinks) ؛ غذائی نقطۂ نظر سے بنایا ہوا مشروب۔

dietetically, adv.
غذائی لحاظ سے ؛ غذائیات کے نقطۂ نظر سے ؛ غذائیات کی رُو سے۔

dietetics, n.
(جمع لیکن استعمال میں واحد یا جمع دونوں طرح صحیح ہے) غذائیات ؛ عِلمِ تغذیہ ؛ وہ عِلم جس میں قُوّت بخش ہونے کے اصولوں کے لحاظ سے خوراک لینے یا دینے کی منصوبہ بندی اور ضابطہ بندی کی جاتی ہے۔

dietitian, dietician, n.
غذائیات دان ؛ ماہرِ تغذیہ ؛ غذاؤں کی افادیت ، منصوبہ بندی اور ضابطہ بندی کا ماہر؛ غذائیں ترتیب دینے والا۔

diet kitchen, n.
پرہیزی مطبخ ؛ پرہیزی لنگر؛ ایسا باورچی خانہ جہاں خصوصی غذائیں تیّار کر کے تقسیم کی جاتی ہوں ، جیسا کہ ہسپتال میں ہوتا ہے۔

differ, v.i.
مختلف ہونا ؛ الگ ہونا ؛ متفرّق ہونا ؛ ممیّز ہونا ؛ ممتاز ہونا ؛ مختلفُ الرّائے ہونا ؛ اختلاف رائے رکھنا ؛ نوعیت ، حالت ، صورت یا صفات میں مختلف ، غیر یکساں ، نُمایاں یا الگ ہونا ؛ قیل و قال کرنا۔ (قدیم) بحث کرنا ؛ جھگڑنا۔

difference, n.
اختلاف ؛ فرق ؛ تفریق ؛ تفاوت ؛ اختلافِ رائے ؛ مختلف ہونے کی حالت یا نسبت ؛ غیر یکسانیت ؛ ایسی بات جس میں چیزیں مختلف ہوں ؛ ایسی خصوصیت جو ایک چیز میں ہو ، لیکن دُوسری میں نہ ہو ؛ ایسا ممیّز وصف جس سے پہچان ہو ؛ تمیز یا امتیاز ؛ کسی صورت احوال میں کوئی اہم یا فیصلہ کُن تبدیلی یا اثر (فعل make اور ایک حرف تنکیر یا صفت یا دونوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے : makes no difference, makes a difference) ؛ رائے کا عدم اتفاق ؛ نزاع یا وجۂ اختلاف ؛ وہ حد جس میں ایک چیز دوسری سے

مختلف ہو ؛ عدمِ مشابہت ؛ عدمِ مطابقت ؛ کمی بیشی ؛ مابہ الاختلاف ؛ مابہ الامتیاز ؛ امتیازی خصوصیت ؛ درجۂ اختلاف ۔ (ریاضی) کسی مقدار کا دُوسری کے مقابلے میں کم و بیش ہونے کا شُمار ؛ حاصلِ تفریق ۔ (منطق) وہ چیز جس کے سبب امتیاز پیدا ہو ؛ فصل ۔ (نقابت) کسی نشانِ نقابت میں ایسا رَدّوبدل کہ وہ دُوسرے سے ممیّز ہو جائے اور اس کے بغیر دونوں مماثل ہوں ۔ (فعل متعدی) کسی میں یا کسی کے مابین فرق پیدا کرنا ؛ مختلف کرنا/فرق کرنا ؛ کسی میں یا کسی کے مابین فرق کا ادراک کرنا ؛ امتیاز کرنا ۔ (نقابت) امتیازی نشان بڑھانا ۔

split the difference, سمجھوتا کرنا ؛ امتیاز کرنا ؛ باقی ماندہ مقدار کو مساوی تقسیم کرنا ۔

different, a. الگ ؛ ممتاز ؛ ممیّز ؛ علیحدہ ؛ منفرد ؛ مختلف ؛ متفاوت ؛ انوکھا ؛ جُدا ؛ دُوسرا ؛ غیر متشابہ ؛ غیر مشابہ ؛ نیا ؛ مختلف خواص ، اشکال یا کیفیات کا ؛ غیر یکساں ؛ غیر معمولی ۔

differently, adv. مختلف طریقے سے ؛ دُوسری طرح ؛ جداگانہ ؛ تفریقی ۔

differentness, n. الگ پن ؛ مختلف پن ؛ تفاوت ؛ عدمِ مشابہت ۔

differentia, n. فصل ؛ علامتِ تمیز ؛ مابہٖ الامتیاز ؛ تفریق ؛ وہ خصوصیت یا وصف جس کی بنا پر ایک نوع اپنے جنس کی تمام انواع سے ممیّز ہوتی ہے ؛ کسی وجود کا امتیازی وصف ۔

differentiable, a. قابلِ امتیاز ؛ قابلِ وصف ؛ قابلِ تمیز ؛ قابلِ شناخت ؛ افتراق پذیر ۔

differentiability, n. قابلیّتِ امتیاز ؛ قابلیّتِ فصل ؛ قابلیّتِ تمیز ؛ افتراق پذیری ۔

differential, a. فرقی ؛ تمیزی ؛ فرق نُما ؛ فارقہ ؛ اختلاف یا تنوُّع کا/سے متعلّق ؛ چیزوں ، انسانوں یا جماعتوں کے مابین ، اختلاف یا امتیاز کا مظہر/پرمنحصر (جیسے : a differential rate) ؛ اختلاف پیدا یا قائم کرنے والا ؛ امتیازی ؛ مخصوص ؛ شرح ، کمیت یا درجے میں امتیازی خصوصیت سے متعلّق ۔ (ریاضی) تفرقوں سے متعلق /پر مشتمل (جیسے : a differential coefficient) ۔ (طبیعیات ، مشین) دو یا زیادہ حرکات یا قُوتوں سے متعلّق /پر مشتمل ۔ (اسم) قابلِ موازنہ اشیا میں فرق کی مقدار یا حد ؛ امتیازی خصوصیت ۔ (تجارت) تفرقی محصول/تفرقی مقامی محصول یا شرح ؛ تفرقی شرح میں مضمر فرق ۔ (ریاضی) متغیر مقدار کی متوالی اقدار کے مابین صفاری فرق ۔ (برق) تار کا ایسا لچھّا جس میں پیدا شُدہ قُطبی عمل دوسرے لچھّے کے قطبی عمل کی ضد ہو ۔ (مشین) کسی انجن کے ترسیلی نظام میں کوئی فرق گیرہ جس سے دو چلاؤ پہیوں کی رفتار میں فرق کی گنجایش پیدا ہو جاتی ہے ۔

differentially, adv. تفرقی لحاظ سے ؛ تفریقی طور پر ؛ کسی فرق کے حوالے سے ، جیسے قُوتوں کی مِقداروں کے مابین فرق کے لحاظ سے ؛ نمایاں طور پر یا فرق کے طور پر ۔

differential calculus, n. احصائے تفرقی ؛ تفرقی احصا ؛ ریاضی کی وہ شاخ جس میں متغیّرات اور تفاعلات میں شرحِ تبدیلی کے مابین تعلّق کی تحقیق کی جاتی ہے ۔

differential equation, n. (ریاضی) تفرقی مساوات ؛ ایسی مساوات جس میں تفرقات یا مشتقاتِ تفاعلات شامل ہوں ۔

differential gear, n. (مشین) فرق گیرہ ؛ گیرہ جات کا تدویری سلسلہ جس کے ذریعے ایک ہی قطار میں دو لمبے دُھروں کو آپس میں جوڑا جاتا ہے ، جس سے چلاؤ قُوّت مساوی تقسیم ہو جاتی ہے لیکن ایک دُھرا دوسرے سے تیز چلتا ہے ، یہ اس وقت زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے جب کہ گاڑی موڑ کاٹتی ہے ؛ ڈفرنشل گیئر ۔

differentiate, v.t. فرق کرنا ؛ تفرُّق کرنا ؛ فرق کے ذریعے الگ کرنا؛ امتیاز کرنا ؛ ردّوبدل یا تبدیل کرنا ؛ ترمیم کے ذریعے مختلف کرنا ، جیسے کسی حیاتیاتی نوع کو ؛ کسی میں یا کسی کے درمیان فرق کا ادراک کرنا ؛ ممیّز کرنا ۔ (ریاضی) تفرق یا تفرقی سر حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) غیر یکساں یا غیر مشابہ ہو جانا ؛ کیفیت میں بدل جانا ؛ امتیاز دیکھنا یا کرنا ۔ (حیاتیات) نسیجات یا خلیات کا زیادہ تخصیصی ساختوں میں نشوونُما پانا ۔

differentiation, n. فرق ؛ تفرّق ؛ امتیاز ؛ تفریق ؛ تمیز ؛ تدریجی فرق ؛ امتیاز کرنے کا عمل یا طریقۂ کار یا اس سے پیدا شدہ حالت ۔ (حیاتیات) خلیوں ، بافتوں اور اعضائے جسم کے نشوونما پا کر مکمل ساخت اور فعلیت حاصل کرنے کے دوران ان میں تغیّر و تبدُّل ۔ (ریاضی) کسی تفرق یا تفرقی سر کا پانا ۔

differentiator, n. امتیاز یا تفریق کرنے والا ؛ فارِق ۔

difficult, a. مشکل ؛ دُشوار ؛ کٹھن ؛ کڑا ؛ بھاری ؛ سخت ؛ ٹیڑھا ؛ پیچیدہ ؛ دِقّت طلب ؛ دقیق ؛ بنانے ، کرنے یا سرانجام دینے میں مُشکل ؛ غیر آسان ؛ جان لیوا ؛ مسابقت میں مشکل ؛ سمجھنے میں مشکل ؛ جِسے خُوش کرنا مشکل ہو ؛ ضدی ۔

difficultly, adv. مشکل سے ۔

difficulty, n. مُشکل ؛ اشکال ؛ تأمُّل ؛ دُشواری ؛ دِقّت ؛ دُشوار ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ جسے سر انجام دینا یا جس پر قابو پانا دشوار ہو ؛ کوئی الجھاؤ ۔ (عموماً جمع) پریشان کُن صورت حال ، خصوصاً مالی پریشانیاں ؛ تکلیف ؛ کوئی مسئلہ ؛ کوئی اعتراض ؛ کوئی جھگڑا ؛ کوئی مناقشہ ؛ بحث/نزاع ؛ پیچیدگی ؛ روک ؛ رُکاوٹ ؛ امرمانع ؛ پریشانی ۔

diffidence, n. بے حوصلگی ؛ شرمیلا پن ؛ خُود اعتمادی کا فُقدان ؛ جھجک ؛ حجاب ؛ انکساری ۔

diffident, a. بے حوصلہ ؛ خوداعتمادی سے عاری ؛ شرمیلا ؛ شرمیلے پن سے ممیّز ؛ جھجک والا ؛ حجاب والا ۔

diffidently, adv. شرمیلے پن سے ؛ بے حوصلگی سے ؛ جھجک کے ساتھ ۔

diffluent, a. رقیق ؛ سیّال ؛ بہ جانے پر مائل ؛آسانی سے حل پذیر ۔

diffluence, n. سیال شُدگی ؛ سیالیّت ۔

diffract, v.t. توڑنا ؛ خطِ مستقیم سے رُخ موڑنا ؛ مڑنا ؛ کسر کرنا ؛ انکسار کرنا ۔

diffraction, n. (طبیعیات) انکسارِ امواج ؛ جب روشنی کی یا کوئی دیگر امواج اپنے راستے میں آنے والی شے کے گرد ہو کر گزرتی ہیں تو مداخلتی انداز میں موجوں کا انصراف (deflection) واقع ہوتا ہے ۔

diffractive, a. انکسارِ امواج گر ۔

diffraction grating, n. (طبیعیات) انکساری جالی ؛ تجزیۂ طیف میں انصرافِ نُور کے لیے استعمال ہونے والی صیقل شُدہ شیشے یا دھات کی پتلی پٹی جس پر بہت سے باریک یکساں فاصلے کے متوازی خطوط نقش ہوتے ہیں ۔

diffuse, v.t. پھیلانا ؛ منتشر کرنا ؛ نفوذ کرنا ؛ انڈیلنا اور بہنے دینا یا بہانا یا پھیلانا ، جیسے کوئی مائع ؛ ہر سمت میں بھیجنا یا دینا ؛ بانٹنا ؛ بکھیرنا ؛ پھیلانا (جیسے روشنی ، معلومات یا مسرّت کا) ؛ پریشان کرنا ۔ (فعل لازم) پھیلنا ؛ نفوذ یا انتشار کا ہدف ہونا ۔ (صفت) بہت پھیلا ہوا ؛ ایجاز سے محروم ؛ پُر از الفاظ ؛ لفاظی والا ؛ طُولانی ۔ (نباتیات) پریشان ؛ اُفقی طور پر بے ترتیبی سے دُور تک منتشر یا پھیلنے والا ۔

diffusely, adv. منتشر طور پر ؛ نفوذ کے ساتھ ۔

diffuseness, n. انتشار ؛ طوالت ، نفوذ ۔

diffuseer, diffusor, n. نفوذ کرنے والا ؛ پھیلانے یا پھیلنے والا ؛ منتشر کرنے یا ہونے والا ؛ کوئی ایسا مواد یا آلہ جو منبعٔ روشنی کی چمک کو کم کر دے ۔ (طبیعیات) کسی مشین مثلاً پمپ یا داب آلہ میں کوئی ایسی ترکیب جس سے رفتار کم کی جاتی ہے اور مائع گیر نالی یا عرق کی قطع عمودی کا حجم بڑھا کر مائع کے دباؤ کو بڑھایا جاتا ہے ۔

diffusible, a. قابلِ نفوذ ؛ قابلِ انتشار ؛ بکھیرنے یا بکھرنے کے قابل ؛ نفوذ پذیر ۔

diffusibleness, diffusilulity, n. نفـوذ پذیری ؛ انتشار ؛ طوالت پسندی ۔

diffusion, n. پھیلاؤ ؛ انتشار ؛ نفوذ ؛ طوالت ؛ پھیلنے کا عمل یا پھیلائے جانے کی حالت ؛ تحریر یا تقریر میں لفاظی ؛ نیم شفّاف مواد سے گزارے جانے پر امواجِ نُور کی شکستگی و اِنتشار ۔ (طبیعیات) مختلف مادّوں کے سالمات یا ایک ہی مادّے کے سالمات کا مختلف ارتکازات میں ان کی بے ترتیب حری حرکت کے نتیجے کے طور پر آپس میں گُھل مل جانا ۔ (بشریات ، عُمرانیات) ایک تمدُّن کے خواص کا دُوسرے تمدُّن میں پھیلاؤ اور نفُوذ ۔

diffusional, a. پھیلاؤ سے متعلّق ؛ نفوذی ؛ انتشاری ۔

diffusive, a. نفُوذی ؛ منتشر،طولانی ؛ پھیلنے والا ؛ منتشر کرنے یا منتشر ہونے کی خاصیت رکھتا ہوا ؛ مائل بہ انتشار ؛ تحریری یا زبانی اظہار کا انتشار ۔

diffusively, adv. انتشار کے لحاظ سے ؛ پھیلاؤ کے لحاظ سے ؛ طولانی طریقے سے ؛ طوالت کے طور پر ۔

diffusiveness, n. نفوذیت ؛ نفوذ پذیری ؛ طوالت ۔

dig, v.t. کھودنا ؛ کریدنا ؛ نیچے سے نکالنا ؛ زمین سے نکالنا ؛ تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ مٹّی نکال کر زمین میں سُوراخ کرنا ؛ پسلی یا پہلو میں گُدگدانا ؛ بھونکنا ؛ توڑنا؛ الٹنا یا ہٹانا جیسے بیلچے یا تیز دھار آلے سے ؛ کُھدائی کرنا ؛ کھود کر اور مٹّی نکال کر زمین میں بنانا (جیسے : to dig a basement) ؛ زمین کھود کر نکالنا ، جیسے کوئلہ ؛ گھونپنا ، دھکیلنا یا ہانکنا ۔ (عوامی) سمجھنا ؛ پسند کرنا ؛ توجّہ دینا ۔ (فعل لازم) بیلچے یا اس سے مشابہ کسی آلے سے کام کرنا ؛ اسباب ایک طرف ہٹانے یا ہٹا کے اپنا راستہ بنانا یا آگے بڑھنا (اکثر through کے ساتھ) ؛ تلاش کرنا ۔ (برطانوی بول چال) ہوٹل یا کسی کے گھر میں کرایہ دار کی حیثیّت سے سکونت پذیر ہونا ۔ (اسم) چبھتا فقرہ ؛ طنز ؛ چوٹ ؛ کسی آثاریاتی کُھدائی کا مقام ؛ اس قسم کی کھدائی ۔ (جمع ، برطانوی بول چال) کرائے کے کمرے (نیز diggings) ۔

dig in, dig into, n. خندق کھودنا ، خصوصاً جنگ میں دفاع کے لیے ؛ عملاً یا مجازاً جم کر بیٹھ جانا ؛ تندہی سے لگ جانا ، جیسے اپنے کام میں یا کھانا کھانے میں ، منہمک ہونا ۔

digamy, n. عقدثانی ؛ نکاحِ ثانی ؛ طلاق یا شریک حیات کی موت کے باعث پہلی شادی کے قانونی خاتمے کے بعد (عیسائیوں کا) دوبارہ شادی کرنا ؛ دُوسری شادی ؛ دو زوجیت ۔

digamist, n. عقد ثانی کرنے والا/والی ؛ نکاح ثانی کرنے والا/والی ؛ دوسری شادی کرنے والا/والی ؛ دو زوجی ؛ دوبیاجو ۔

digamous, a. عقدثانی سے متعلّق ؛ دو زوج ۔

digastric, a. (تشریح الاعضا) دو شکمی عضلہ ؛ دو شکمی ؛ دُہرے پیٹ کے بارے میں ؛ دو پھولے ہوئے کناروں والا (پٹھہ) ۔ (اسم) ایک دُہرا عضلہ جو زیریں جبڑے کو نیچے اور پیچھے کی طرف حرکت دیتا ہے ؛ کلۂ زیریں کی نس ۔

Dig by chicken, n. (کینیڈا) دھوئیں کے ذریعے محفوظ کردہ ہیرنگ مچھلی ۔

digenesis, n. (حیاتیات) دو طریقی تولید ؛ تبدیل تولید ؛ دوطفیل نوازی ؛ دو مختلف طریقہائے عمل کے ذریعے سلسلہ وار تولید یا تخلیق جیسے جنسی و لاجنسی تولید ۔

digenetic, a. دو طریق تولیدی ؛ تبدیلِ تولیدی ؛ دو طفیل نواز ؛ دو مختلف طریقہائے عمل کے ذریعے سلسلہ وار تولید یا تخلیق سے متعلّق ۔

digest, v.t. ہضم کرنا ؛ تحلیل کرنا ؛ پچانا ؛ غذائی نالی میں خوراک یا مشروب کو ایسی حالت میں تبدیل کرنا جو بدنی بافتوں میں جذب ہو جائے ؛ سلیقے سے ترتیب دینا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ پوری طرح غور کرنا ؛ آسانی سے مشاورت یا مطالعے کے لیے ترتیب دینا ؛ جماعت/صنف/قسم بندی کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ خلاصہ تیار کرنا ؛ اختصار کرنا ۔ (کیمیا) نرم کرنا ؛ تحلیل کرنا یا تیّار کرنا جیسے حرارت ، نمی یا کیمیائی مادّوں سے ۔ (مجازاً) صبر سے یا سعی کر کے برداشت کرنا ؛ پی جانا ؛ سہہ جانا ۔ (فعل لازم) ہاضمے سے گزرنا ، جیسے خوراک کا ؛ خوراک یا مشروب بہضم ہونا ۔ تحلیل ہونا ۔ (کیمیا) حرارت ، نمی یا کیمیائی مادّوں کے ذریعے تحلیل ہونا ۔ (اسم) ادبی یا علمی مواد کا مدوّن شُدہ مجموعہ جو اکثر مختصر یا تلخیص کردہ ہوتا ہے ؛ ڈائجسٹ ؛ خُلاصۂ مضامین ؛ مجلّہ ۔ (قانون) مجموعۂ قوانین ؛ تلخیص کردہ قوانین کا مجموعہ ؛ مجلّۂ قوانین ؛ قوانین یا عدالتی فیصلوں کی تالیف یا خاکہ جو باقاعدہ طور پر مرتّب ہو ۔

the Digest, n. بادشاہ جسٹینین کے زیرِ حُکم مناسب عُنوانات کے تحت ترتیب دیا ہوا رُومی قوانین کا مجموعہ ۔

digester, n. ہاضم ؛ ہضم کرنے والا ؛ مرتب خلاصہ ۔ (کیمیا) برتن جس میں اشیا کو تحلیل کیا جاتا ہے ؛ تحلیل کُنندہ ۔

digestible, a. قابلِ ہضم ؛ ہضم پذیر ؛ قابلِ خلاصہ ؛ زُود ہضم ؛ قابلِ برداشت ۔

digestibility, digestibleness, n. صلاحیّتِ ہضم ؛ ہضم پذیری ؛ تدوین پذیری ؛ ترتیب پذیری ۔

digestion, n. ہاضمہ ؛ پچاؤ ؛ نظامِ ہضم ؛ قُوّتِ ہضم ؛ گوارائی ؛ دم پخت کرنے کا عمل ؛ تحلیل ؛ یخنی تیّار کرنے کا عمل ؛ وہ

طریق عمل جس سے خوراک بنیادی طور پر خامروں کی کارروائی کے زیرِ اثر غذائی نالی میں گزرتی ہے اور جسمانی نسیجات کی نشوونما میں انجذاب کے لیے تیار ہوتی ہے ۔ (کیمیا) وہ طریق عمل جس میں اشیا کی حالت یا اجزائے ترکیبی بدلنے کے لیے حرارت ، نمی یا کیمیائی مادّوں سے عمل کیا جاتا ہے ؛ وہ حالت جو ان میں سے کسی طریق عمل کے نتیجے کے طور پر پیدا ہو ؛ ہضم کرنے کا فعل ، عمل یا وظیفہ ؛ قابلیّت ہاضمہ ۔ (اسم) کوئی ایسا نسخہ یا دوائی جو ہاضمے میں مدد دے ۔

digestive, a. ہاضم ؛ مُمِد ہضم ؛ ہاضوم ؛ ہاضمے کا ؛ ہاضمی ؛ دوائے ہاضمہ ؛ متعلّق بہ ہاضمہ ؛ ہاضمہ بڑھانے کی طاقت رکھنے والا ؛ ہضمی ۔

digestively, adv. ہاضمے کے لحاظ سے ؛ ہاضمے میں مدد دیتے ہوئے ۔

digestiveness, n. ہاضمہ ؛ ہاضمیت ۔

digger, n. حافر ؛ حفّار ؛ کھودنے والا شخص یا شے ؛ زمین کھودنے والا آلا یا مشین ۔ (بڑے D سے) شُمالی امریکا کے مغربی حصّے میں رہنے والے کسی قبیلے کا فرد جس کی خوراک کا بڑا جُز جڑیں ہوتی تھیں ۔

Digger Indian, n. دیکھیے : Digger ۔

digger wasp, n. تتیا ؛ بڑی بھڑ ؛ سفیسی Sphecidae خاندان کے سلسلے سے متعلّق ، تنہا رہنے والی بھڑوں کی ایک بڑی قسم میں سے کوئی ، جن میں سے زیادہ تر زمینی بھٹوں میں چھتے بناتی ہیں اور ان میں اپنے بچّوں کے لیے مکڑیوں یا کیڑوں کے جسم ڈنک سے بے حس کرنے کے بعد مہیّا کرتی ہیں ۔

diggings, n. (جمع ، بعض اوقات بطور واحد استعمال کیا جاتا ہے) سونے کی کان ؛ کھدائی کا علاقہ ، خاص کر کان کا علاقہ، کھدائی سے نکلنے والا مادّہ ۔ (برطانوی بول چال) کرائے کے کمرے ۔

digit, n. عدد ؛ ہندسہ ؛ ہاتھ (یا پاؤں) کی اُنگلی ؛ انگلی کی چوڑائی یا پون انچ ۔ (فلکیات) سُورج یا چاند کے قُطر کا بارہواں حصّہ ؛ اصبع ۔ (حساب) صفر سے ۹ تک کوئی مثبت عدد صحیح ، جس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ انھیں انگلیوں پر گنتے ہیں ۔

digital, digitate, a. انگلی کا ؛ انگشتی ؛ اصبعی ؛ ہندسے یا عدد سے متعلّق ؛ انگلی یا انگلیوں سے مشابہ ۔ (اسم) ارغنون ؛ پیانو یا کسی اور کلیدی تختے والے ساز کی کلید ۔

digital computer, n. ایسا حاسبہ (کمپیوٹر) جس میں مرموز ہندسوں کے استعمال سے کسی مسئلے کے جملہ متغیرات کو ظاہر کرنے کے لیے، ریاضیاتی لحاظ سے شمار کردہ حل خصوصاً نظام ثنویہ میں فراہم کر کے، معلومات غیر مخلوط واحدوں کی شکل میں ظاہر کی جاتی ہیں ۔

digitalin, n. ڈِجیٹلین ؛ مادۂ زہر الکشّاتبین ؛ دواؤں میں استعمال ہونے والا ، ایک سفید قلمی سفوف جو زہرالکشّاتبین کی ایک نباتی شکر ہے ؛ زہرالکشّاتبین سے کشید کردہ شکر کے متعدد آمیزوں میں سے کوئی ۔

digitalis, n. زہر الکشّاتبین ؛ برگ زہرالکشّاتبین ؛ علف خنازیر کے خاندان کی اسی نام کی جنس سے تعلق رکھنے والی کئی یُوریشیائی بُوٹیوں میں سے کوئی ایک خصوصاً ڈجیٹلیس پُرپریا یعنی عام کف الثعلب یا گُلِ پنجۂ علی ؛ کف الثعلب کا خُشک کردہ اور پسا ہوا پتّا ، جس میں کئی اہم نباتی شکریں ہوتی ہیں اور جو طاقتور مہیّج قلب اور پیشاب آور کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

digitalize, v.t. (طِب) کسی کو امراضِ قلب میں زہر الکشّاتبین استعمال کرانا ۔

digitalization, n. (طِب) زہر کشّاتبین کاری ؛ قلب کے علاج میں زہرُ الکشّاتبین استعمال کرانے کا عمل ؛ اس عمل سے پیدا شدہ نفسیاتی اثر ۔

digital recording, n. عدد صوت نگاری ؛ کمپیوٹر میں اعداد صورت آوازیں ریکارڈ کرنے کا عمل ۔

digitate, digitated, a. (نباتیات) پنجہ نُما ؛ ایسے حصّے یا اجزا کا حامل جیسے پتیاں ، جو ہاتھ کی انگلیوں کی طرح نکلی ہوئی ہوں ۔ (حیوانیات) پنجہ دار ؛ اصبع دار ؛ انگلیاں یا انگلیوں جیسے ملحقات کا حامل ۔

digitately, adv. پنجہ نُما طریقے سے ؛ پنجہ داری کے لحاظ سے ؛ اصبع داری کے انداز میں ۔

digitation, n. تصبّع ؛ اصبعیّت ؛ پنجہ داری ۔ (حیاتیات) انگلی کی طرح کے زائدوں اور حصّوں میں تقسیم ؛ اس قسم کا کوئی زائدہ یا حصّہ ۔

digitigrade, n. پنجہ چال ؛ اصبع خرام ؛ پنجوں کے بل چلنے والا جانور ، جیسے کُتّا یا بلّی ۔ (صفت) ایڑی پر بوجھ ڈالے بغیر پنجوں کے بل چلتا ہوا ۔

digitoxin, n. ڈیجیٹاکسن ؛ زہر الکشّاتبین کی انتہائی فعّال شکر ، جو تلخ ، بے بُو ، سفید اور بہت زہریلے سفوف یا پتّی کی شکل میں ہوتی ہے اور بطور مہیّج قلب استعمال کی جاتی ہے ؛ زہر الکشّاتبین کی نباتی شکروں کا مقوّی قلب آمیزہ ۔

diglot, a. ذُو لسانی ؛ دوزبانہ ؛ دو زبانیں استعمال کرنے والا یا دو زبانوں پر مشتمل ۔ (اسم) ذو لِسانی کتاب یا اشاعت ۔

diglotic, a. ذُولسانی ؛ دو زبانوں والا ۔

dignified, a. مؤقّر ؛ باوقار ؛ معزّز ؛ جسے توقیر عطا ہوئی ہو ؛ وقار یا عظمت رکھنے والا ؛ شریف ؛ طور طریق میں پُرشکوہ ؛ محترم ؛ باتمکین ۔

dignifiedly, adv. باوقار طریقے سے ؛ تمکُنت کے ساتھ ؛ معززانہ طور پر ۔

dignify, v.t. عزّت بخشنا ؛ توقیر بخشنا ؛ اعزاز یا وقار عطا کرنا ؛ اعلیٰ عُہدے پر فائز کرنا ؛ احترام کرنا ؛ بِلا استحقاق عزت بخشنے کی کوشش کرنا ؛ باوقار نام یا خطاب دینا ؛ سرفراز کرنا ؛ مشرّف کرنا ؛ پرشوکت بنانا ؛ شاندار بنانا ، لائق بنانا ؛ اہل بنانا ؛ قابل بنانا ؛ بڑا لقب دینا ۔

dignitary, n. معزز عہدے دار ؛ معزّز افسر ؛ اعلیٰ رُتبہ یا عہدہ رکھنے والا ، خاص کر حکومتی اہل کار ؛ ممتاز شخصیت ۔

dignitarial, a. اعلیٰ رتبی ۔

dignity, n. عزت ؛ عظمت ؛ رسمی یا محدود طور طریق ؛ رکھ رکھاؤ یا تقریر ؛ عزّتِ نفس ؛ عزّت ، اعزاز یا احترام کے لائق ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ تقابلی اہمیّت ، مقام یا فضیلت ؛ اُونچی حیثیت ، لقب یا درجہ ؛ شان و شوکت یا شکوہ ؛ توقیر ؛ حُرمت ؛ قدرومنزلت ؛ بلند مرتبہ ؛ معزز عُہدہ یا رتبہ ؛ منصب ؛ وجاہت ۔

digraph, n. دو حروف صحیح یا حروف علت کا امتزاج جو ایک واحد آواز پیدا کرتا ہے ، جیسے head میں ea کی آواز ۔

digraphic, a. ایسی آواز سے متعلّق جو دو حروف سے مل کر بنی ہو۔

digress, v.i. اصل موضوع سے ہٹنا ؛ گریز کرنا ؛
کسی مقالے ، دلیل یا بیانیہ کے موضوعِ اصلی سے ہٹ جانا ؛ بھٹک جانا ؛ انحراف کرنا ؛ تجاوُز کرنا ۔

digression, n. جملہ معترضہ ؛ اصل موضوع سے ہٹنے کا عمل ؛
مقالے/خطبے کا وہ حصّہ یا ٹُکڑا جو اصل موضوع سے متجاوز ہو ؛ گریز ؛ انحراف ؛ تجاوُز۔

digressional, a. جملہ معترضہ سے متعلّق ؛ گریز کے بارے میں ؛
اصل موضوع سے ہٹنے سے متعلّق ؛ انحراف والا ؛ متجاوز۔

digressive, a. منحرف ؛ متجاوز ؛ گریزاں ؛
مائل بہ گریز ؛ تجاوُز رکھنے والا یا جس سے تجاوُز مُمیّز ہو۔

digressively, adv. جُملۂ معترضہ کے طور پر ؛
انحراف کے لحاظ سے ؛ تجاوُز کے طور پر۔

digressiveness, n. جُملۂ معترضہ کی صورت ؛ انحرافیت ؛ تجاوُزیت۔

dihedral, a. دو سطحی ؛ دو مُسطّح رُخ لیے ہوئے یا دو مُسطّح
رُخوں سے بنا ہُوا ؛ دو ضلعی ؛ دو سطحی زاویوں سے متعلق یا دو سطحی زاویے لیے ہوئے ۔ (طیرانیات) جہاز کے پر یا عقبی حصّے کے بالا رخی یا کبھی کبھار زیر رُخی جھکاؤ سے متعلق ۔

dihedral angle, n. (جیومیٹری) دو سطحی زاویہ ؛ دو باہم متقاطع
سطحوں کا درمیانی زاویہ ۔

dihedral, dihedral angle, n. (جیومیٹری) دو سطحی زاویائی شکل ؛
دو متقاطع سطحوں سے بنی ہوئی شکل ۔

dihedron, (طیرانیات) کسی جہاز کے پر یا دیگر
سہارا دینے والی سطح کا افق کی نسبت سے بالارخی(مثبت)یا زیر رخی (منفی)جھکاؤ ، خصوصاً اس طرح بنا ہوا زاویہ ۔

dihybrid, n. (حیاتیات) دو ارثی دوغلا ؛ دوغلا در دوغلا ؛
ایسے والدین کی اولاد یا نسل جو دو مخصوص جینیاتی عوامل میں مختلف ہوں ۔ (صفت) دو اِرثی دوغلے پن کا ۔

dikast, n. دیکھیے :Dicast ۔

dik-dik, n. آہو ؛ چکارا ؛ بارہ سے چودہ انچ قد کا
چھوٹا افریقی مرگ جو جنسوں میڈوکا (Madoqua) اور رائن چوٹراگس (Rhynchotragus) سے تعلّق رکھتا ہے ۔

dike, dyke, n. پُشتہ ؛ خندق ؛ راجباہ ؛ چٹانی پُشتہ ؛
سیلاب کو روکنے کے لیے بند ؛ مصنوعی طور پر بنائی گئی پانی کی گزرگاہ، جیسے کوئی کھائی ؛ کھود کر نکالے جانے والے مواد سے بنی ہوئی ملبے کی مینڈھ ؛ اُونچا کیا ہوا پیدل راستہ ؛ باڑھ یا رکاوٹ ۔ (برطانوی) زمین کو گھیرنے کے لیے مٹّی یا پتھّر سے بنی ہوئی نیچی دیوار۔ (ارضیات) طبق دار آتشیں مواد ، جو لاوے کی شکل میں پرانے فرش چٹان کی درزوں میں گھس گیا ہو۔ (فعل متعدی) پُشتہ باندھنا ؛ بند باندھنا ؛ خندق کھود کر گھیرنا ؛ مینڈھ کے ذریعے محفوظ کرنا ؛ ایک یا زیادہ خندقوں یا پشتوں کے ذریعے پانی خارج کرنا۔

dilacerate, v.t. پھاڑنا ؛ پھاڑ کر ٹُکڑے ٹکڑے کرنا ؛توڑ کر الگ کر دینا ۔

dilaceration, n. دریدگی ؛ پھٹنے کا عمل ؛
پھٹ کر ٹُکڑے ٹُکڑے ہونے کا عمل۔

dilapidate, v.t. توڑ پھوڑ دینا ؛ شکستہ کرنا ؛ خستہ حال کرنا ؛
غلط استعمال یا غفلت کے سبب شکستہ یا جُزوی طور پر تباہ کرنا۔
(فعل لازم) ٹُوٹ پھوٹ ہونا ؛ شکستہ ہونا ؛ خستہ حال ہونا ؛ جزوی طور پر تباہ ہونا ؛ شکست و ریخت ہونا۔

dilapidation, n. ٹُوٹ پُھوٹ ؛ شکست و ریخت ؛ خستہ حالی۔

dilapidator, n. توڑ پھوڑ کرنے والا ؛ شکست و ریخت کرنے والا ؛
خستہ حال کرنے والا ۔

dilapidated, a. ٹُوٹا پُھوٹا ؛ شکستہ ؛ خستہ حال ؛ جو خستہ حالت
میں ہو ؛ شکستگی کی حالت میں ۔

dilatancy, n. اتّساع ؛ پھیلاؤ ؛ پھیلنے کی خاصیت ۔
(طبیعیات) ذرّات کے درمیان فاصلہ بڑھ جانے کی وجہ سے دانہ دار کمیتوں کا اپنی شکل بدلنے پر ، پہلے کی نسبت زیادہ جگہ گھیرنے کی خاصیت ؛ بعض رسوبی یا لسونتی چیزوں کی یہ خصوصیت کہ دباؤ ، ہیجان یا پھیلاؤ سے ان کی چپچپاہٹ بڑھ جاتی ہے اور وہ جم کر ٹھوس شکل اختیار کر لیتی ہیں جیسے دھسان ریت یا ریگ رواں اور گیلی ریت ۔

dilatant, a. وسعت پذیر/پھیلتا ہوا ؛پھیلاؤ سے متعلّق یا مُمیّز ۔
(اسم) موسع ؛ پھیلانے والا عامل یا آلہ ؛ جرّاح کا وہ آلہ جس سے جسم کا کوئی حصّہ پھیلایا جاتا ہے ؛ وہ مادّہ جس میں پھیلانے یا چوڑا کرنے کی خاصیت ہو ؛ پھیلاؤ کی خاصیت رکھنے والا مادّہ ۔

dilatation, dilation, n. اتساع ؛ کُشادگی ؛ مکعب پھیلاؤ ؛ انبساط ؛
پھیلانے یا چوڑا کرنے کا عمل ؛ پھیلانے یا چوڑا کیے جانے کی حالت ؛ پھیلائی جانے والی شے ۔ (طِب) مرضیاتی پھیلاؤ جیسے کسی عضو یا آنت کا ؛ کسی روزن یا شریان کا مصنوعی اور عارضی پھیلاؤ ، مثلاً معائنے میں مدد دینے کے لیے ؛ کسی معمول سے چھوٹی نالی یا مُنھ کے عام ناپ کی استواری یا بحالی۔

dilate, v.t. پھیلانا ؛ چوڑا کرنا ؛ وسیع کرنا ۔
(فعل لازم) پھیلنا ؛ چوڑا ہونا ؛ وسیع ہونا ۔

dilatability,
dilatableness, n. وسعت پذیری ؛ پھیلنے کی قابلیت ؛ کُشادگی ۔

dilatable, a. قابل وُسعت ؛ پھیلنے کے قابل ؛ قابل
کُشادگی ؛ وُسعت پذیر۔

dilatably, adv. قابلِ وُسعت ہونے کے لحاظ سے ؛
پھیلنے کے نُقطۂ نظر سے ؛ وسعت پذیرانہ ۔

dilatingly, adv. پھیلاؤ کے نقطۂ نظر سے ؛ پھیلنے کے لحاظ سے ۔

dilated, dilatate, a. مُتسِع ؛ وسیع ؛ ایک طرف یا تمام اطراف
کو پھیلا ہُوا ؛ وسعت دادہ ؛ کُشادہ ۔

dilatedly, adv. پھیلا ہوا ہونے کے نقطۂ نظر سے ؛
توسیع شُدگی کے لحاظ سے ؛ کُشادگی سے ۔

dilatedness, n. پھیلا ہُوا ہونے کی صفت ؛ اِتساع ؛ وسعت ۔

dilative, a. پھیلنے والا ؛ وسعت پذیر ؛ چوڑا ہونے
پر مائل یا چوڑا کرنے والا ۔

dilatometer, n. (طبیعیات) کُشاد پیما ؛ اتساع پیما ؛ مُتسع ؛
وُہ آلہ جس سے مادّوں کا حرارتی اِتّساع یا پھیلاؤ ناپتے ہیں ۔

dilatometric, a. کشادہ پیما/اتساع پیما سے متعلّق ۔

dilator, dilater, n. کشاد گر ؛ موسع ؛ پھیلانے والا شخص یا شے ۔
(طِب) وہ آلہ جس کی مدد سے جسم کی کوئی نالی یا شگاف چوڑا کیا جاتا ہے ۔

dilatory, a. ٹال مٹول/لیت و لعل کا عادی ؛

سُست ؛ کاہل ؛ جس کی خصوصیت یا عادت تاخیر یا دیر کرنا ہو ؛ ماٹھا ؛ دیرباز ؛ تاخیر کرنے یا تاخیر پر منتج ہونے والا ؛ تاخیری ؛ تعویقی ؛ تعلیقی ؛ دیر لگانے والا ؛ دیر کرنے والا ؛ تاخیر کرنے والا ۔

dilatorily, adv. سُستی سے ؛ ٹال مٹول سے ؛ لیت و لعل سے ؛ دیر کرتے ہوئے ؛ تاخیر کرتے ہوئے ۔

dilatoriness, n. تعلیق ؛ تساہُل ؛ ٹال مٹول ؛ لیت و لعل ؛ سُستی ۔

dilemma, n. دُبدھا ؛ دُہری مشکل ؛ الجھاؤ ؛ تذبذُب ؛ مُعضلہ ؛ ورطہ ؛ مجتمع الضدین ؛ مخمصہ ؛ گومگو ؛ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن ؛ ایسی صورتِ حال جس میں دو یکساں قابلِ اعتراض متبادلوں میں سے ایک چُننا ہو ؛ کوئی پریشان کُن صورتِ حال ؛ ایسا مسئلہ جو تسلّی بخش طور پر حل ہوتا نظر نہ آتا ہو ۔ (منطق) وہ طرز استدلال جس میں مخالف کو پیش کیے جانے والے دو یا زیادہ متبادلات اس کے خلاف یکساں طور پر فیصلہ کُن ہوں ۔

dilemmatic, a. معضلی ؛ ورطی ؛ گومگو والا ؛ مخمصے میں ڈالنے والا ۔

dilettante, n. اتائی ؛ شوقیہ فنکار ؛ ٹھرکی ؛ کسی فن یا عِلم (کے حصول) میں یونہی یا محض تفنُّن کے لیے لگے رہنے یا عِلم و فن میں سطحی دلچسپی لینے والا ؛ کسی فن یا عِلم ، خاص کر فن لطیفہ کا رسیا یا شوقین ۔ (صفت) اتائی ؛ اتائیوں کے بارے میں/سے متعلّق ۔

dilettanteish, dilettantish, a. اتائیانہ یا شوقیہ ۔

dilettanteism, dilettantism, n. علوم و فنونِ لطیفہ کا سطحی شوق ؛اتائی پن ۔

diligence, n. سرگرمی ؛ تندہی ؛ جانفشانی ؛ محنت ؛ دل لگا کر کیا جانے والا کام ؛ مستقل مزاجی سے مشقت ؛ متواتر کاوش ؛ ہاتھ میں لیے کام کو پورا کرنے کی مستقل سعی و کوشش ؛ مسلسل محنت ؛ احتیاط ؛ استقلال ؛ مستقل مزاجی ۔

diligence, n. کرایے کی شکرم ؛ ڈاک گاڑی ؛ ایک قسم کی چار پہیوں والی عوامی گھوڑا گاڑی جو اٹھارویں صدی کے دوران ، خاص کر فرانس میں زیرِ استعمال تھی ۔

diligent, a. تندہی سے کام کرنے والا ؛ جانفشانی سے کام کرنے والا ؛ سرگرم ؛ مستقل مزاج ؛ مستعد ؛ شروع کیے ہوئے کام کو نمٹانے کی کوشش میں ثابت قدم ؛ متوجّہ ؛ محنتی ؛ محتاط توجہ اور مستقل مزاجی سے کیا ہوا کام ۔

diligently, adv. محنت سے ؛ تندہی کے ساتھ ؛ جانفشانی سے ؛ سرگرمی کے ساتھ ؛ مستقل مزاجی سے ۔

dill, n. شَبت : شِبت ؛ اجوائن ؛ خراسانی اجوائن کے سلسلے سے تعلّق رکھنے والا پودا ، آرتھم گریولینس (Arethum graveolens) جو خوشبودار بیج اور زرد پتّے لاتا ہے ، جنھیں بُنیادی طور پر کھانوں میں ذائقے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس پودے کے پتّے یا بیج ؛ اچار کا اجوائن مسالا ۔

dill pickle, a. اچار کا اجوائن مسالا ۔

dilly dally, v.i. لیت و لعل کرنا ؛ پس و پیش کرنا ؛ ٹامک ٹوئیاں مارنا ؛ تاخیر کرنا ؛ ہچکچانا ؛ راستے میں ٹھہرتے جانا ؛ دیر لگانا ؛ وقت ضائع کرنا ؛ سُستی کرنا ؛ ڈھیل کرنا ۔

diluent, a. رقیق گر ؛ مرقّق ؛ محلِل ؛ رقیق کرنے والا ؛ رقیق (ہلکا) کرنے والے اثرات لیے ہوئے ۔ (اسم) رقیق (ہلکا) کرنے والی شے ۔

dilute, v.t. ہلکانا ؛ پتلا کرنا ؛ رقیق کرنا ؛ پانی ملا کر پتلا کرنا یا ہلکا کرنا ؛ پھیکا کرنا ؛ مائع بنانا یا رقیق کرنا خصوصاً پانی ملا کر ؛ آمیزش سے کمزور کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ۔ (صفت) ہلکایا؛مرقّق ؛ رقیق شُدہ ؛ پتلا ؛ پانی ملا ؛ ہلکا ؛ پھیکا ؛ بے رنگ ؛ بے مزا ؛ بے لُطف ؛ آمیزش سے قُوّت میں کمزور کیا ہُوا ۔

diluter, dilutor, n. پھیکا کرنے والا ؛ رقیق کُنندہ ۔

diluteness, n. ہلکاؤ ؛ آب آمیزی ؛ ترقیق ؛ ہلکا پن ؛ گاڑھی چیز کے مائع یا سیّال ہونے کا عمل ؛ پانی میں حل ہونے کا عمل ۔

dilution, n. ہلکاؤ ؛ آب آمیزی ؛ ترقیق ؛ ہلکا پن ؛ کسرِ انجماد ؛ کسرِ ارتکاز ؛ پتلا ہونے کی حالت ؛ پتلا کیا جانے والا مائع ؛ پانی مل کر پتلا ہونے/کرنے کا عمل ؛ پانی کی ملونی ؛ تخفیفِ رنگ ۔

diluvial, a. سیلابی ؛ دریا بُرد ؛ طوفانی ؛ سیلاب یا طغیانی سے متعلق/پیدا ہونے والا ، خصوصاً طوفان نوح سے متعلّق (جس کا ذکر کتاب پیدایش باب ٦ تا ٩ میں ہے) ۔ (ارضیات) وہ زمین جو سیلاب کی وجہ سے بنے ؛ سیلابہ ؛ سیلابی مٹّی سے متعلّق ۔

diluvium, diluvion, n. (ارضیات) طُوفان ؛ طُوفانی طبقۂ زمین ؛ سیلابہ ؛ سیلابی مٹّی ؛ سطح پر پائے جانے والے ایسے کُھردرے مادّے جنھیں پہلے تو عالمگیر طوفان سے منسوب کیا جاتا تھا لیکن اب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ثلجی آب آوردہ مادّے ہیں ۔

dim, a. دھندلا ؛ مدھّم ؛ ماند ؛ کم روشن ؛ ناقابل فہم ؛ چُندھا ؛ تیرہ ؛ قدرے تاریک ؛ جو واضح طور پر دیکھا/سُنا/سمجھا/یاد نہ ہو ؛ غیر واضح ؛ دھیما ؛ مبہم ؛ غیر روشن جس کی چمک دھندلا دی گئی ہو ؛ صاف نہ دیکھنے والا ؛ کامیاب ہوتا نظر نہ آنے والا (جیسے : prospects are dim) ۔ (اسم) کسی پیش بتّی کی کم پہنچ والی شعاعِ نور ، جیسے موٹر کار کی ۔ (فعل متعدی) مدھّم یا کم واضح کرنا ؛ تاب کم کرنا ، جیسے پیش بتیوں کی ۔ (فعل لازم) ماند یا مزید ماند ہونا ۔

dimly, adv. غیر واضح طور پر ؛ دھندلے طور سے ؛ مدھّم طور پر ۔

dimness, n. مدھم پن ؛ دُھندلا پن ؛ تِیرگی ؛ دھیما پن ؛ نیم تاریکی ؛ غیر واضح ہونے کی صفت ۔

take a dim view of, قنوطیت کی نگاہ سے دیکھنا یا ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھنا ۔

dime, n. ڈائم ؛ عشر ڈالر ؛ دس سینٹ کا نقرئی سکہ جو ریاستہائے متحدہ امریکا اور کینیڈا میں رائج ہے ؛ ڈالر کا دسواں حصّہ ۔

dimenhydrinate, n. (عِلمِ ادویہ) ڈائمن ہائی ڈرینیٹ ؛ سفید رنگ کا ترکیبی قلمی سفوف جو اجابت سے پیدا ہونے والی متلی کو روکنے یا تسکین دینے ، نیز کئی طرح کی شدید حسی(الرجی) کے علاج میں استعمال ہوتا ہے ۔

dime novel, n. سنسنی خیز یا جذباتی ،کاغذی جلد والا سستا ناول : ١٨٥٠ سے ١٩٢٠ء تک ایک مروجہ اصطلاح ؛ رونگٹے کھڑے کر دینے والا سستا ناول ۔

dimension, n. بُعد ؛ ایک مخصوص سمت میں ناپی گئی وسعت ، خصوصاً طول ، عرض ، دبازت یا وقت کی پیمایش ۔ (عموماً جمع) ناپ ، حجم یا وسعت؛ حد ، گنجایش یا حیطہ ۔

dimensionless, a. بے بُعد ؛ ابعاد کے بغیر ۔

dimensional, a. ابعادی ۔
dimensionality, n. ابعادیت ۔
dimensionally, adv. ابعادی لحاظ سے ؛ ابعاد کے نُقطۂ نظر سے ۔
dimerous, dimeric, a. دوپارہ ؛ دو جزوی ؛ دو رُکنی ؛ دو حصّوں پر مشتمل یا منقسم ۔ (نباتیات) ایسے پُھولوں کے بارے میں جو ہر حلقے میں دو اجزا کے حامل ہوں ۔ (حشریات) ہر پائے حشرہ میں دو جوڑ لیے ہوئے ۔
dimerism, n. دو پارگی ؛ دو ترکیبیت ۔
dime store, n. ایک پندرہ سینٹ کا امریکی سِکّہ ۔
dimeter, n. (عروض) ایسا مصرع جس میں دو بحری ارکان ہوں ؛ دو بحریں ؛ دو بحروں والا مصرع ۔
diminish, v.t. گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ تقلیل کرنا ؛ کسی طور بھی کم یا چھوٹا کرنا یا دکھانا ؛ کمزور کرنا ، حیثیت سے گرانا یا تحقیر کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ مختصر کرنا؛ کوتاہ کرنا ؛ چھوٹا کرنا ؛ درجہ کم کرنا ۔ (فعل لازم) گھٹنا ؛ کم ہونا؛ تقلیل ہونا ؛ کم یا چھوٹا ہو جانا یا دکھائی دینا؛ گھٹ جانا ؛ تخفیف ہونا ؛ مختصر ہونا ؛ کوتاہ ہونا ؛ چھوٹا ہونا ۔
diminishable, a. قابلِ تقلیل ؛ قابلِ تخفیف ؛ تخفیف پذیر ۔
diminishment, n. تقلیل ؛ تخفیف ؛ کمی ؛ اختصار ؛ کوتاہی ۔
diminished, a. کم ؛ مختصر ؛ قلیل ؛ چھوٹا کیا ہوا ؛ گھٹایا ہوا ؛ گھٹا ہوا ؛ مختصر شُدہ ؛ کوتاہ ۔ (موسیقی) ایسے وقفے کے بارے میں جو مکمّل یا صغیر مماثل وقفے سے نصف مرحلے کے مساوی چھوٹا ہو ۔
diminishing returns, n. (جمع) (معاشیات) انحطاطِ حاصل/ تقلیلِ حاصل ؛ وہ مسلسل کمتر شرح پیداوار جو دیگر مستقل عوامل کے مقابلے میں کسی واحد پیداواری عامل کو ایک مناسب ترین نُقطے سے متواتر آگے بڑھائے جانے کا نتیجہ ہوتی ہے ؛ ایسا منافع جس میں ، ایک خاص مرحلے کے بعد وقت ، دولت یا کوشش کی بڑھی ہوئی سرمایہ کاری کے تناسب سے اضافہ نہیں ہوتا ۔
diminuendo, a., adv. (موسیقی) ہولے ہولے ؛ قُوّت یا بلندی میں بتدریج گھٹتا ہوا ؛ مدھّم سُر بمقابلہ اُونچا سر ۔ (اسم) (موسیقی) قُوّت یا بلندی میں بتدریج کمی ؛ موسیقی کا ایسا ٹُکڑا ۔
diminution, n. کمی ؛ تقلیل ؛ تخفیف ؛ گھٹتی تعداد ؛ کم ہوتی ہوئی مقدار ؛ گھٹنے ، کم ہونے یا تخفیف کا فعل یا حقیقت یا عمل ۔ (قانون) عدالت کو نظرثانی کے لیے بھیجے جانے والے مقدّمے کے ریکارڈ میں کوئی فروگزاشت ۔ (موسیقی) تخفیف شُدہ قدرِوقت کے ساتھ سُروں میں کسی موضوع کا تکرار ۔
diminutive, a. چھوٹا ؛ ننھا ؛ مختصر ؛ مخفّف ؛ بعض لاحقوں یا ان کے اضافے سے بننے والے الفاظ کے بارے میں ، جن سے چھوٹائی ، آشنائی ، چاؤ یا سُبکی ظاہر ہو (جیسے lambkin اسمِ تصغیر ہے جو لفظ lamb میں تصغیری لاحقہ kin شامل کرنے سے بنا ہے)۔ (اسم) کسی چیز کا تصغیری نمونہ یا قسم ؛ کوئی چھوٹی سی چیز یا چھوٹا سا شخص ۔ (گرامر) کوئی تصغیری لفظ یا لاحقہ ۔
diminutively, adv. تصغیری طور پر ؛ تصغیر کے لحاظ سے ۔
diminutiveness, n. تصغیریت ؛ بہت چھوٹا ہونے کی کیفیّت ۔
dimissory, a. اذنِ روانگی /اجازتِ روانگی سے متعلّق ؛ بھیجنے یا رخصت ہونے کی اجازت دینے والا (جیسے dimissory letter سے مراد ایسا اجازت نامہ ہے جس کے ذریعے کوئی پادری ایک مذہبی علاقہ چھوڑ کر دوسرے علاقے میں جاتا ہے) ۔
dimissorial, n. پروانۂ روانگی ؛ پادری کی نقلِ مکانی کا اجازت نامہ ؛ ایک ایسا مراسلہ جس میں نقل مکانی کی اجازت دی گئی ہو ۔
dimity, n. ایک عُمدہ سُوتی کپڑا عموماً سفید رنگ کا جس پر اکثر معمولی ابھرواں خانے ، دھاریاں یا ذرا موٹے دھاگے سے بُنا ہوا طناب نما نمونہ ہوتا ہے ۔
dimmer, n. مدھّم گر ؛ مدھم کرنے والا شخص یا شے ؛ نظامِ روشنی میں ایک ایسی مُقوّی/رَوقراری ترکیب جس کی مدد سے روشنی کی مقدار میں بتدریج کمی بیشی مُمکن ہوتی ہے ۔ (جمع) وہ بتیّاں جو موٹر کار کھڑی کرتے وقت جلائی جاتی ہیں ؛ مدھّم کی ہوئی پیش بتیاں ۔
dimorphism, n. (نباتیات) دو شکلیت ؛ دو شکلی ؛ ایک ہی پودے یا اُسی نوع کے علیحدہ علیحدہ پودوں میں دو بالکل غیر مشابہ شکلوں میں پُھولوں یا پھلوں جیسے ہم شکل اعضا کا ظہور ۔ (حیوانیات) ایک ہی نوع کے جانوروں کے مابین شکل کا اختلاف ۔ (قلمیات) بعض مادّوں کی یہ خاصیت کہ ان کا دو واضح شکلوں میں قلماؤ ہوتا ہے ۔
dimorphous, dimorphic, a. دو شکلا ؛ دو قلمی شکلہ ؛ دو قلمہ ؛ دو شکلیت والا ۔
dim-out, n. ہوائی حملے سے بچاؤ کی خاطر شہر یا بحری جہاز کی شبینہ روشنیوں کا استعمال محدود کرنے یا انھیں چھپا دینے کا عمل یا نتیجہ ۔
dimple, n. چاہِ زنخدان ؛ چاہِ ذقن ؛ ٹھوڑی یا گال کا گڑھا ؛ رُخسار یا انسانی جسم کے کسی دوسرے حصّے میں ایک چھوٹا سا قدرتی پچکاؤ ؛ کسی سطح پر کوئی نشیب یا نشان ؛ چاہک ؛ غمّازہ ؛ ہلکی لہر ؛ ہلکورہ ؛ گڑھا ۔ (فعل لازم) ہلکورے بنانا یا ظاہر ہونا ؛ چاہ ذقن/چاہِ زنخدان پیدا ہونا ؛ ٹھوڑی یا گال میں گڑھا پیدا ہونا ۔ (فعل متعدی) ہلکورے ڈالنا ۔
dimply, a. گڑھے والا ؛ جس میں گڑھے پڑے ہوں ۔
dimwit, n. (عوامی) احمق یا کُند ذہن شخص ؛ ضعیف العقل شخص ؛ غبی شخص ۔
dim-witted, a. احمق ؛ غبی ؛ ضعیف العقل ۔
dim-wittedly, adv. احمقانہ انداز سے ؛ احمق پن سے ؛ ضعیف العقلی سے ۔
din, n. شور ؛ بلند شور ؛ شوروغوغا ؛ غُل ؛ اونچی مسلسل اور گڑبڑائی ہوئی آواز ؛ شوروغُل ۔ (فعل متعدی) شور کرنا ؛ غُل کرنا ؛ جاری رہنے والی یا گڑبڑائی ہوئی آواز سے بہرا کر دینا ۔
dinar, n. دینار ؛ مشرقی ممالک کے متعدّد سِکوں میں سے کوئی ، خصوصاً قدیم عرب حکومتوں کا طلائی سِکّہ ؛ عراق ، کویت ، اُردن ، تیونس اور یوگوسلاویہ کی زری اکائیاں ، جن کی قدر و عرفیت مُلک تا مُلک مختلف ہو سکتی ہے ۔
dine, v.i. دن کا اصل کھانا کھانا ؛ دعوت کھانا ؛ کوئی کھانا کھانا ؛ طعام کھانا ۔
din out, رخصتی کھانا دینا ؛ بیروں طعامی کرنا ؛ گھر سے باہر ،

عشائیہ ؛ دن کا بڑا کھانا ؛ کسی شخص یا واقعے کے اعزاز میں رسمی کھانا ۔

dinner jacket, n. ڈنر جیکٹ ؛ رسمی کھانے کی جیکٹ ؛ شام کے نیم رسمی پہناوے کے لیے ڈنر کوٹ یا جیکٹ ۔

dinoflagellate, n. گروہ سوطیہ کے نظام سے متعلّق پودا نُما سوطیوں میں سے ایک جو متعدّد بحری نامیوں کا ایک اہم حصّہ تشکیل دیتے ہیں ۔

dinosaur, n. (حجریات) دینا صور ؛ مہیب سُوسمار ؛ عظیمُ الجُثہ چھپکلی نُما رینگنے والا جانور جو اب ناپید ہو چکا ہے ؛ بری متحجّر ہوام (رینگنے والے جانوروں) کے ایک گروہ میں سے کوئی ، جن میں سے بعض گوشت خور اور بعض سبزی خور ہوتے تھے اور سب سے بڑی نوع کا وزن ۴۰ تا ۵۰ ٹن ہوتا تھا ۔

Dinosaurian, a. مہیب سوسماری ۔

Dinosaurian, n. مہیب سوسماری جانور ۔

dinothere, n. (حجریات) مہیب خرطومہ ؛ ایک ناپید عظیمُ الجُثہ دو لمبے دانتوں اور سُونڈ والا فیل نُما میمل جانور جو سومینی دور میں ایشیا اور یورپ میں پایا جاتا تھا ۔

dint, n. ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ زور ؛ قُوّت ؛ چپ ؛ ڈبکا؛ ضرب یا چوٹ کا نشان ؛ سطحی گڑھا ۔ (فعل متعدی) ضرب یا چوٹ کا نشان ڈالنا ؛ سطحی گڑھا ڈالنا ؛ چپ ڈالنا ۔

by the dint of, کے بل بوتے پر ؛ کی قُوّت سے ؛ کے وسیلے سے ۔

diocese, n. لاٹ پادری کا تعلّقہ ؛ بشپ کا تعلّقہ ؛ بشپ کے دائرہ اختیار کا حلقہ یا حد ۔

diocesan, a. لاٹ پادری کے تعلّقے سے متعلّق ؛ لاٹ پادری کے تعلّقے کا باشندہ ۔ (اسم) تعلقے کا تحویلدار پادری ؛ حلقے یا علاقے کے تمام پادری ۔

diode, n. (برقیات) دو برقیرہ ؛ ڈائی اوڈ (والو) : ایک قسم کی برقیری ٹیوب ، جس میں ایک مُثبیرہ (زبر برقیرہ) اور ایک منفیرہ (زیر برقیرہ) ہوتا ہے جسے بُنیادی طور پر راست گر کی حیثیت سے استعمال کیا جاتا ہے ۔

dioecious, diecious, dioicous, a. (حیاتیات) دو صِنفی ؛ دو جنسی ؛ جُدا جِنسی ؛ ایسی نوع نبات سے متعلّق جس کے مختلف علیحدہ علیحدہ پودوں پر نر کوٹ اور مادہ کوٹ پائے جائیں ۔ مردانہ و زنانہ جنسی اعضا کا(دو الگ الگ افراد میں ہونا)۔ (نباتیات) دو زر بُقچوی ؛ جُدا زر بُقچوی ۔

Dionysia, n. دیونی سیا ؛ شراب اور باروری کے یُونانی دیوتا دایونیسس کے اعزاز میں منعقد ہونے والے جشن ، جو قدیم یُونان کے کئی حصّوں میں وقتاً فوقتاً منائے جاتے تھے ۔

Dionysiac, a. دیونی سیایا ؛ دایونیسس سے متعلّق ؛ باخوسی ؛ دیوتا باخوس سے متعلّق ۔

Dionysiacally, adv. دیونی سیّت کے لحاظ سے ؛ دیونی سیّت کے طور پر ۔

Dionysian, a. دایونیسی ؛ شراب اور باروری کے یونانی دیوتا دایونیسس سے متعلّق ؛ غیر محتاط ، شہوانی یا مضطرب مزاج کا ۔

diopside, n. (معدنیات) دو انعطافہ ؛ متعدّد رنگوں میں پائی جانے والی آتشی معدن کی ایک قسم جو زیادہ تر پیلے رنگ

خاص طور پر کسی عُمدہ ریستوران میں کھانا کھانا ۔

dining room, n. کھانے کا کمرہ ؛ کمرۂ طعام ؛ طعام گاہ ؛ ایسی جگہ جہاں پر کوئی کھانا کھا سکے ۔

diner, n. طعامی ؛ کھانا کھانے والا ؛ ڈائیننگ کار ؛ ریل گاڑی میں کھانے کا کمرہ ؛ ریل گاڑی کے کھانے کے ڈبے کی مانند بنا ہوا ریستوراں ۔

dinette, n. باورچی خانے سے الگ کھانا کھانے کی چھوٹی سی جگہ ؛ رسوئی ۔

ding, v.i. ضرب لگنے پر گھنٹی کی طرح بجنا ؛ بج اُٹھنا ؛ خصوصاً مسلسل بجنا ؛ مسلسل بولے چلے جانا ۔ (فعل متعدی) تکرار سے دباؤ ڈالنا/مجبور کرنا ۔ (متعلّق فعل) بہ صد اصرار ۔ (اسم) ٹن ٹن یا ڈِنگ یا کوئی ایسا لفظ جو گھنٹی کے بجنے کی آواز کو ظاہر کرے ۔

ding-dong, n. ڈنگ ڈانگ ؛ گھنٹیوں یا متواتر ضربوں کی اسی قسم کی آواز ؛ گھڑیال یا بجنے والے ساز کی ایسی آواز جو ایک چھوٹی یا باریک آواز اور دُوسری لمبی اور موٹی (یا ایک نیچی اور دوسری اونچی) آواز کے تکرار پر مشتمل ہو جیسے ڈنگ ڈانگ یا کڑم دھم ۔ (صفت) اس طرح بجنے کی (آواز) ۔ (فعل لازم) اس طرح بجنا ۔

dinghy, dingey, dingy, dinky, n. [اردو] ڈونگی ؛ جہاز کی چھوٹی بچاؤ کشتی ؛ مشرقی ہندوستان کی ایک کشتی جو مختلف مقامات پر مختلف پیمایش کی ہوتی ہے ؛ جہاز کی ایک چھوٹی کشتی ، خاص کر بَادبانی کشتی کو رسد پہنچانے والی چھوٹی کشتی ؛ ربڑ کا بچاؤ تختہ ۔

dingle, n. تنگ وادی ؛ درہ ؛ پہاڑیوں کے درمیان تنگ گھاٹی یا وادی ؛ ایسی الگ تھلگ وادی جس میں گھنے سایہ دار درخت ہوں ۔

dingleberry, n. جنوب مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں پائی جانے والی جنگلی جھاڑی ؛ اس پر لگنے والی کُروی شکل اور گہرے سُرخ رنگ کی خوردنی بیری ۔

dingo, n. ڈنگو ؛ آسٹریلوی نیم پالتو کُتّا ؛ بھیڑیا نُما آسٹریلوی جنگلی کُتّا ، جس کے جسم پر سُرخی مائل یا زردی مائل بھُورے بال ہوتے ہیں ۔

dingus, n. (بول چال) کوئی ایسی چیز جس کا نام نامعلوم ہو یا بھُلا دیا گیا ہو ۔

dingy, a. میلا ؛ چکٹ ؛ تنگ و تاریک ؛ اندھیرا ؛ خاکی سفید یا دھندلے سے رنگ کا یا غلیظ ؛ داغدار ؛ دُھندلا ۔ (اسم) دیکھیے : dinghy ۔

dinginess, n. میل ؛ چکٹ ؛ تاریکی ؛ اندھیرا ۔

dingily, adv. تاریکی سے ؛ اندھیرے کے لحاظ سے ؛ میلے پن کے ساتھ ۔

dining car, n. طعام ڈبّہ ؛ ڈائیننگ کار ؛ ریل گاڑی میں کھانے کا ڈبہ جس میں /جس سے مسافروں کو کھانا مہیا کیا جاتا ہے ۔

dinkey, dinky, n. ریل کا ایسا چھوٹا انجن جس کو لکڑی کے لٹھے کھینچنے ، مال گاڑیوں کی پٹڑیاں بدلنے اور دوسرے کاموں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ کوئی بھی چھوٹی چیز ۔

dinky, a. چھوٹا ؛ معمولی ۔ (برطانوی، بول چال) صاف سُتھرا ؛ بنا ٹھنا ؛ خُوش لباس ؛ خُوبصُورت ؛ خوش نُما ۔ (اسم) دیکھیے : dinghy ۔

dinner, n. ڈِنر ؛ دوپہر (یا شام) کا کھانا ؛ دعوتی کھانا ؛ظہرانہ ؛

سے لے کر درمیانے سبز رنگ میں ملتی ہے ۔

diopter, (Brit.) dioptre, n. (بصریات) بصریہ ؛ عدسوں میں انعطافی قُوّت کی اکائی جو طُولِ ماسکہ کا مقلوب ہوتی ہے اور میٹروں میں ظاہر کی جاتی ہے : مخفّف : D ۔

dioptometer, n. بصریہ پیما ؛ انعطافِ چشم پیما ؛ وہ آلہ جس سے آنکھ کی گنجایش اور انعطاف ناپتے ہیں ۔

dioptometry, n. بصریہ پیمائی ۔

dioptric, a. بصریائی ؛ انعطاقی ؛ انعطافیات/بصریات کا/سے متعلّق ؛ روشنی کے انعطاف سے بصارت کی معاونت ، جیسے عدسہ ؛ انعطافِ نُور سے متعلّق ، جیسے عدسوں کے ذریعے ۔

dioptrically, adv. بصریائی طور پر ؛ انعطافی لحاظ سے ۔

dioptrics, n., pl. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) انعطافیات ؛ مناظریات کی وہ شاخ جو عدسوں کے ذریعے انعطافِ نُور سے متعلّق ہے ۔

diorama, n. مناظر بین ؛ مناظرِ متغیّرہ بین ؛ روزن میں سے دیکھا جانے والا ایسا منظر ، جو تین جہتوں میں مصوّر کیا گیا ہو ؛ نیم شفاف خدوخال کے ساتھ یا بغیر کسی بھی ناپ کی نمایشی تصویر یا منظر ؛ عجائب گھر میں پیش کیا جانے والا ایسا تصویری منظر جس میں وحشی جانوروں یا انسانوں کو ان کے حقیقت پسندانہ طور پر مصور کیے گئے اصل مسکنوں کے پیش منظر میں دکھایا گیا ہو ۔

dioramic, a. سہ ابعادی تصاویر سے متعلّق ۔

diorite, n. ایک آتشی چٹان جس میں عموماً فلسپار اور سِنگیا لازمی جُزو کے طور پر پائے جاتے ہیں ۔

dioritic, a. ایسی چٹان سے متعلّق ۔

dioxide, n. (کیمیا) ڈائی آکسائیڈ ؛ وہ آکسائیڈ جو آکسیجن کے دو جوہر فی سالمہ پر مشتمل ہو ، جیسے کاربن ڈائی آکسائیڈ ۔

dip, n. ڈوبا ؛ ڈُبکی ؛ جھوک ؛ غوطہ ؛ جُھکاؤ ؛ میلان ؛ ڈُوبا دینے کا عمل ؛ پانی میں غوطہ (مارنا)، جیسے تھوڑی سی تیراکی کے لیے ؛ لمحاتی گراؤ ؛ ڈُوبنا ؛ نیچے کی سمت چھوٹا سا غوطہ ، جیسے ہوائی جہاز کا ؛ ڈُبو کر تھوڑی سی مقدار لینا جیسے ملائی یا آئس کریم میں کفگیر یا کرچھا ڈال کر تھوڑی سی نکالنا ؛ ایسی موم بتّی جو بتّی کو پگھلی ہوئی چربی میں بار بار ڈُبو کر تیّار کی جائے ؛ کوئی مائع یا چٹنی جس میں کوئی چیز ڈُبوئی جائے ؛ تھوڑی سی یا عارضی کمی ؛ نیچے کی طرف توسیع یا جُھکاؤ ؛ اس قسم کی توسیع کی حد ؛ وہ زاویائی مقدار جس کے مساوی اُفق آنکھ کی سطح سے نیچے واقع ہو ؛ زمین میں نشیب یا گڑھا ؛ وہ زاویہ جو آزادانہ گھومتی ہوئی مقناطیسی سُوئی سطحِ اُفق کے ساتھ بناتی ہے ۔ (ارضیات ، کان کنی) کسی پرت یا رگ کا نیچے کی طرف جھکاؤ ؛ پرت یا اس قسم کی ارضیاتی خصوصیّت اور اُفقی سطح کے درمیان کا زاویہ ۔ (کسرت) ورزشی گھوڑی پر کی جانے والی ایک ورزش جس میں کسرت کار اپنے ہاتھوں کے بل کھڑا ہو کر اپنے جسم کو نیچے لاتا ہے حتیٰ کہ اس کی ٹھوڑی متوازی ڈنڈوں کے ہم سطح ہو جاتی ہے اور پھر بازوؤں کو سیدھا کرتے ہوئے اپنے جسم کو اونچا اٹھاتا ہے ۔ (عوامی) جیب کترا ۔

dip, v.t., v.i. ڈُبکی دینا ؛ ڈُبونا ؛ غوطہ دینا ؛ گیلا کرنے ، تہ چڑھانے یا رنگ کرنے کے لیے کسی مائع میں ڈال کر نکالنا ؛ کوئی چیز لینے کے لیے چمچہ یا کفگیر ڈالنا ؛ نیچا کر کے پھر اُوپر اٹھانا (جیسے : to dip a flag in salute) ؛ جراثیم کُش یا عفونت رُبا محلول میں ڈبونا ، جیسے جانوروں کو ؛ بتّی کو پگھلی چربی میں بار بار ڈُبو کر بنانا ، جیسے موم بتّی ؛ غوطہ لگانا ؛ ڈُبکی لگانا ؛ پانی یا دوسرے مائع میں غوطہ مارنا اور جلدی سے نکل آنا ؛ کوئی چیز نکالنے کے لیے ہاتھ یا کوئی اوزار سطح کے نیچے جُھکانا ؛ اچانک ڈُوبنا یا گر جانا ؛ نیچے کی طرف جُھکنا یا ڈھلوان ہونا ؛ عارضی طور پر تھوڑا سا گھٹنا (جیسے : Prices dipped) ؛ کسی مضمون یا کتاب کے مطالعے میں سرسری طور پر مشغول ہونا یا منہمک ہونا ۔

diphase, diphasic, a. (برق) دو ہیئت ؛ دو فیزی رو ؛ دو فیز لیے ہوئے ؛ دو ہیئتی ۔

diphenyl, n. دوہرا فینائل ۔

diphenylamine, n. (کیمیا) ڈائی فینائلامین ؛ بینزین سے ماخُوذ ایک خوشبودار قلمی مادّہ ، جِسے بُنیادی طور پر مختلف رنگوں کی تیّاری اور آتش گیر مادّوں کے استحکام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

diphosgene, n. ڈائی فوزجین ؛ پہلی جنگ عظیم میں زہریلی گیس کے طور پر استعمال ہونے والا ایک بے رنگ مائع مرکّب ، جو اب زیادہ تر نامیاتی مرکّبات میں کام آتا ہے ۔

diphtheria, n. خنّاق ؛ دفتھیریا ؛ ہوا کی گزرگاہوں ، خاص کر گلے میں سوزش پیدا کرنے والا ایک وبائی مرض ، جس کے دوران حلق میں ایک مصنوعی جھلّی بن جاتی ہے ، جس پر اب ویکسین کے ٹیکوں سے قابو پایا جاتا ہے ۔

diphthertic, diphtherial, diphtheric, a. خنّاقی ؛ خُنّاق سے متاثّرہ/ متعلّق یا خُنّاق کا پیدا کردہ ۔

diphthong, n. دو صوتیہ ؛ ادغامُ الصوت ؛ دو علتیہ ؛ دو حروف عِلّت کی ملی ہوئی آواز ؛ وہ مسلسل یک رُکنی آواز تکلّم جو زبان کے ، ایک حرفِ علت کی ترتیلی وضع سے دُوسرے حرف علت کی طرف پھسلنے سے پیدا ہوتی ہے (جیسے toy میں oy) ۔ (طباعت) دو یا دو سے زیادہ جڑے ہوئے حروف ۔

diphthongization,n. دو علّت کاری؛ دو حروفِ علت کا جوڑ/ملاپ ۔

diphthongize, v.t. دو علتیہ بنانا ؛ دو حروفِ علّت کی آوازوں کو ملانا/جوڑنا ۔

diphyodont, a. دو قسم دنتا ؛ دُوہرا دنتا ؛ دانتوں کے دو مسلسل جوڑے لیے ہوئے ، جیسے زیادہ تر میمل جانور ۔

diplex, a. دوتائی ؛ ایک ہی وقت اور ایک ہی سمت میں ایک ہی ترسیلی راستے سے دو اشارات بھیجنے سے متعلّق ۔

diplococcus, n. (جرثومیات) دو دو نبقہ ؛ جفت نبقہ ؛ طفیلی جراثیم کی ایک قسم جو جوڑوں میں پائی جاتی ہے ۔

diplococcal, diplococcic, a. دو دو نبقی ؛ جُفت نبقی ۔

diploe, n. (تشریح الاعضا) ڈپلوئی ؛ مطویہ ؛ کاسۂ سر کی ہڈیوں کی اندرونی سخت اور بیرونی دیواروں کے درمیان اسفنجی استخوانی نسیج ۔

diploic, diploetic, a. ڈپلوئی/مطویہ سے متعلّق ۔

diploid, a. دُہرا ۔ (حیاتیات) جُفت خلوی ؛ جفت لونیہ ؛ لونیوں کے دو جوڑے لیے ہوئے ، جو بدنی خلیے کی خصوصیت ہے ؛ دولا ۔ (اسم) (حیاتیات) جفت لونیہ خلیہ یا عضویہ ۔

diploma, n. ڈپلومہ ؛ فضیلت نامہ ؛ کوئی اختیار ،

Big Dipper, (فلکیات) دُبِّ اکبر ؛ دُبِّ اکبر میں سات ستاروں کا جُھرمٹ جس کی مجموعی شکل کفگیر سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Little Dipper, n. (فلکیات) دُبِّ اصغر ؛ دُبِّ اصغر میں سات چمکدار ستاروں کا جھرمٹ جس کی شکل کفگیر سے مشابہ ہوتی ہے ۔

dipsacaceous, a. خار شُتری ؛ پودوں کے خارشُتر سلسلے سے متعلّق ۔

dipsomania, n. (امراضیات) جنُونِ خُمر ؛ مے مانیا؛ نشہ آور مشروب کی ناقابل مزاحمت طلب جو عموماً موقت ہوتی ہے ۔

dipsomaniac,
dipsomaniacal, a. مجنون خمر ؛ مے مانیا سے متعلّق ۔

dipstick, n. عُمق پیما ؛ گہرائی ناپنے کے لیے نشانات زدہ چوبی یا دھاتی چھڑی ، جو موٹر کار کے کرینک کیس میں تیل یا ٹنکی میں پٹرول کی مقدار معلوم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

dipteron, n. دوپرہ حشرہ ؛ حشرات کے ایک سلسلے ، دو پراں (Diptera) میں سے کوئی حشرہ ، جن کی خصوصیت دو جھلی دار پر ہوتے ہیں اور جن میں عام مکھیوں ، مچھروں اور پشّوں جیسے حشرات شامل ہیں ۔

dipteran, a., n. متعلّق بہ دو پرہ ؛ دو پریت ۔

dipterous, a. دو پرہ ۔

diptych, n. دو لوحہ؛ دو پتری تختی ؛ قبضے سے جُڑی دو پتری تختی جس پر قدیم یونانی اور رومی نوک دار قلم سے لکھتے تھے ؛ قبضے سے جڑے دو چوکھٹوں میں تصویروں یا کندہ کاری کا جوڑا ، جو خاص طور پر کلیسائی قربان گاہ کی سجاوٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

dire, a. خوفناک ؛ ہولناک ؛ دہشتناک ؛ انتہائی صورت حال میں (جیسے : dire poverty) ؛ مصیبت انگیز ؛ تباہ کُن (جیسے : a dire calamity) ۔

direly, adv. خوفناک طریقے سے ؛ ہولناک طور پر ۔

direct, a. سیدھا ؛ بلاواسطہ ؛ براہ راست ؛ مستقیم ؛ بخطِ مستقیم ؛ راست ؛ عیاں ؛ صریح ؛ حقیقی (نسب میں) ؛ ایک سیدھے اور لگاتار راستے یا طریقے سے متصف ؛ مختصر ترین ؛ قریب ترین ،کم سے کم غیر پیچیدہ(راستہ) ؛ فوری کے مفہوم میں ، خلل اندازی یا مداخلت سے پاک ؛ سادہ ، صاف یا واضح ؛ کسی ربط علتی سے متعلق (جیسے : Inflation was a direct result of the government's fiscal policies) ؛ حبلی یا غیر منقطع سلسلۂ نسب ؛ کسی کے الفاظ کی مِن و عن نقل (جیسے : a direct quote) ؛ مکمّل یا بالکل ٹھیک (جیسے : a direct copy) ۔ (فلکیات) ان اجرام فلکی سے متعلّق جو مغرب سے مشرق کو چلتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں ؛ اسی مداری راستے پر گردش کناں جس پر زمین سورج کے گرد چکر لگاتی ہے ۔ (کیمیا) ان رنگوں سے متعلّق جن کو کسی رنگ گیر کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ (برق) مسلسل ، بجائے متبادل ، رو ۔ (حکومت) رائے دہندگان کی ان کوششوں سے متعلّق ، جو کسی مداخلتی ذریعے کے بغیر ہوں ، جیسے استصواب ۔ (ریاضی) تناسب کے لحاظ سے مثبت رشتے کو ظاہر کرنے والا ۔

direct, v.t. رہنمائی کرنا ؛ ہدایت دینا ؛ حکم دینا ؛ رہبری کرنا ؛ کسی پتے پر روانہ کرنا ؛ نظم و نسق کرنا ؛ رُخ کرنا ؛

استحقاق یا اعزاز عطا کرنے والی حاکمِ مجاز کی دستخط کردہ دستاویز ، جیسی کہ کُلیات یا جامعات کے فارغ التحصیلوں کو ضروریاتِ فضیلت پوری کرنے پر دی جاتی ہے ؛ کوئی سرکاری دستاویز ۔

diplomacy, n. سفارت ؛ سیاست کاری ؛ سیاست مداری ؛ فنِّ سیاست ؛ قوموں کے درمیان مذاکرات کرانے کا عمل یا فن ؛ بین الاقوامی مذاکرات کی اقسام ؛ کسی قسم کے مذاکرات کا بندوبست کرنے کی ذہانت یا مہارت ؛ فن سیاست میں مہارت ؛ حکمتِ عملی ؛ موقع شناسی ؛ جوڑ توڑ ؛ جُگت ؛ فنِّ بین الاقوامی سیاست ۔

diplomat, n. سفیر ؛ سیاست کار ؛ سیاست مدار ؛ دوسری قوموں اور بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ مذاکرات میں اپنی حکومت کی نمائندگی کرنے والا شخص ؛ کسی بھی صورت حال سے ہوشیاری کے ساتھ نمٹنے والا شخص ؛ ماہر فن سیاست ؛ ماہر حکمت عملی ؛ موقع شناس ؛ بین الاقوامی سیاست کا ماہر ؛ جوڑ توڑ کا ماہر ؛ سفارت کار ۔

diplomatic, a. سیاست کارانہ ؛ سفارتی ؛ کسی بھی طرح کے مذاکرات سے متعلق ؛ موقع شناسی اور ہوشیاری سے اپنا مقصد حاصل کرنے میں ماہر ؛ متعلّق بہ بین الاقوامی سیاست ؛ سفارت سے متعلّق ؛ حکمتِ عملی کے بارے میں ۔

diplomatically, adv. سیاست کاری کے لحاظ سے ؛ بین الاقوامی سیاست یا جوڑ توڑ کے نُقطۂ نظر سے ۔

diplomatics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) سفارت ؛ سیاست کاری ؛ استناد کی تصدیق کے لیے پُرانی مرمُوز تحریریں پڑھنے/عام خط میں لکھنے کا علم ؛ کتبہ خوانی ۔

diplomatist, n. سفارت کار ؛ ماہرِ سیاست کاری ؛ ماہرِ بین الاقوامی سیاست ؛ بین الاقوامی سیاست کار ۔ (برطانوی) ایسا شخص جو دفتر خارجہ میں بطورِ بین الاقوامی سیاست کار یا سفارت کار ملازم ہو ۔

dip needle, n. مائل سوئی ؛ عمودی سطح مستوی میں اپنے مرکز ثقل کے گرد آزادانہ گھومنے والی معلّق مقناطیسی سوئی ، جس کے جھکاؤ سے زمینی مقناطیسیت کا پتا چلتا ہے ۔

dipnoan, a. (سمکیات) مچھلیوں کی ایک قسم ، ڈپنوئی (Dipnoi) کے بارے میں/سے متعلّق ، جن کے گلپھڑے بھی ہوتے ہیں اور پھیپھڑے بھی ۔ (اسم) شش ماہی ؛ دو نفسی ماہی ۔

dipole,n. (طبیعیات) جُفت قطب ؛ دو قطبیہ سالمہ ؛ متخالف اور مساوی برقی باروں یا متخالف علامات کے مقناطیسی قطبین کا جوڑا ، جن کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ حائل ہو ؛ دو قطبی ہوائیہ ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن کا ایسا ہوائیہ جس پر رہنُما تار کے جوڑ سے دو افقی سلاخیں مخالف سمت پھیلی ہوں ۔ (کیمیا) مثبت اور منفی باروں کی علیحدگی ظاہر کرنے والا سالمہ ۔

dipolar, a. دو قطبہ (سالمہ رکھنے والا) ۔

dipper, n. غوطہ یا ڈُبکی لگانے والا شخص یا جھوک کھانے والی شے ؛ ڈبونے والا ؛ متعدّد غوطہ خور پرندوں میں سے کوئی ، خاص طور پر سنکلس (Cinclus) نوع سے متعلّق عام یورپی مرغابی (C. aquaticus) ؛ کفچہ ؛ شاما ؛ ڈوئی ؛ کفگیر ؛ مائع اشیا نکالنے کے لیے دستے والا برتن ۔

پھیرنا ؛ ہدایت یا معلومات کے ذریعے رہنمائی یا قیادت کرنا ؛ انضباط ، انتظام یا حکمرانی کرنا ؛ خطاب کرنا ، (خواہ زبانی تصریحات یا تحریری مراسلات کے ذریعے) ۔ (مجازاً) راستہ بتانا (جیسے : to direct her) ؛ کسی منزل کو جانے والے راستے کی طرف اشارہ کرنا ؛ کسی مخصوص مقام کی طرف رُخ کرنا (جیسے : to direct a broadside) ۔ (موسیقی) گانے میں طائفے کی رہنمائی کرنا ۔ (فعل لازم) رہنما ہونا ؛ رہبر ہونا ؛ حکم دینا ۔ (متعلّق فعل) خطِ مُستقیم میں سیدھے طریقے سے ۔

directly, adv. براہ راست ؛ بلاواسطہ ؛ صاف طور پر ؛ واضح طریقے سے ؛ فوراً ؛ فوری طور پر ؛ تھوڑی دیر میں ۔

directness, n. راستی ؛ سیدھا پن ؛ راست ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ استقامت ؛ صفائی ؛ بغیر ایچ پیچ ۔

direct action, n. راست اقدام ؛ عملی احتجاج ؛ عموماً کسی گروہ کی جانب سے مقتدرہ یا قُوّت مثلاً کسی ادارے کے خلاف ایسی کارروائی جس میں حصول مقصد کے لیے مؤثر ذرائع سے کام لیا جاتا ہے ، جیسے مقاطعہ ، دھرنا یا ہڑتالوں میں ۔

direct current, n. (برق) راست رَو ؛ یک سمت رو ؛ ایسی برقی رو جو برقی دور (سرکٹ) میں ایک جانب رواں ہو۔(مخفّف DC) ۔

directed, a. ہدایتی ؛ ہدایت یافتہ ؛ ممیّز ؛ ہدایت یاب ؛ ہدایت دادہ ؛ زیر اختیار ؛ مقررہ ؛ زیر ہدایت ؛ حکم یافتہ ؛ رہنمائی یافتہ ۔ (ریاضی) ایک مفوّضہ جہت یا قدر لیے ہوئے ، خواہ مثبت یا منفی (جیسے : a direct number) ۔

direction, n. سمت ؛ رُخ ؛ سُو ؛ طرف ؛ جانب ؛ پہلو ؛ ہدایت ؛ حُکم ؛ امر ؛ رہنمائی ؛ توجُّہ ؛ پتا لکھنے کا عمل ؛ پتے پر روانہ کرنے کا عمل ؛ نشانہ باندھنے کا عمل ؛ نگرانی ؛ انتظام ؛ وہ راستہ یا خط جس پر کوئی چیز حرکت کرے یا چلائی جائے ؛ وہ خطّہ جس کی جانب کسی چیز کا رخ ہو ، جیسے شُمال ؛ بندوبست ؛ سنگت سنگیت یا ناٹکی پیشکش کی ہدایات دینے کا عمل ؛ فکر یا عمل کا رُجحان (جیسے : the direction of modern drama) ؛ سرنامہ (پتا) ۔ (موسیقی) تحریری موسیقی کا طریق ادائیگی ظاہر کرنے والی تراکیب یا علامتیں ۔

directional, a. سمتی ؛ فضا میں سمت سے متعلّق یا سمت کا مظہر ؛ متعلّق بہ سمت/متعلق بہ ہدایت ۔ (ریڈیو) موصولہ اشارات کی سمت ظاہر کرنے کے لیے تطبیق شدہ ؛ کسی خاص سمت میں اشارات کی ترسیل کے لیے تطبیق شدہ ۔

direction finder, n. (ریڈیو) سمت شناس ؛ صوت گیر میں درآمد ریڈیائی امواج کی سمت معلوم کرنے والا آلہ ۔

direction indicator, n. سمت نُما ؛ پیشگی متعیّن کردہ راستے پر پرواز کے دوران ہوا باز کی مدد کے لیے ہوائی جہاز میں نصب قُطب نما ، جس کی دو سمت نُما سوئیوں میں سے ایک اصل اور دوسری مطلوبہ سمت کو ظاہر کرتی ہے ۔

directive, a. رہنمایانہ ؛ رہبرانہ ؛ رہنمائی کا اختیار لیے ہوئے ۔ (اسم) حُکمنامہ ؛ تحکمّانہ ہدایت یا حکم (جیسے : a directive to the employees from the foreman) ۔

direct lighting, n. راست روشنی ؛ نور اندازی کا ایسا نظام جس میں منبعِ روشنی سے روشنی کا بیشتر حصّہ منوّر رقبے پر ڈالا جاتا ہے ۔

directly, adv. براہ راست ؛ بلا واسطہ ؛ صاف طور پر ؛ راست طریقے سے ؛ خطِ مستقیم میں یا سیدھے راستے سے ؛ فوراً ؛ فی الفور ؛ جلدی ؛ بلاتاخیر ؛ ترنت ؛ ہیر پھیر یا ابہام کے بغیر ؛ واضح طریقے سے ۔ (ریاضی) بلاواسطہ تناسب میں ۔

direct object, n. (گرامر) مفعول اوّل ؛ ایسا لفظ ، جُملہ یا جزوِ جملہ جس پر فعل کا عمل ہو یا جس کی طرف فعل کے عمل کا رُخ ہو (جیسے : "ball" in "the boy threw the ball") ۔

director, n. ناظم ؛ مُنتظِم ؛ مُنصرِم ؛ مُہتمِم ؛ ہدایت کار ؛ اشارہ کار ؛ رہنمائی کرنے والا شخص یا شے ؛ نگرانی ، حکمرانی یا انصرام کرنے والا شخص ؛ بالخصوص کسی تجارتی ادارے کے امور کو چلانے ، ضبط میں رکھنے یا ان کی نگرانی کے لیے مقرر کردہ جماعت کا ایک رُکن ؛ اسٹیج ، فلم ، ٹی وی یا ریڈیو کے کسی کھیل کی کارروائی ، پیشکش اور موسیقی کی ہدایت دینے والا شخص ؛ رہنما ؛ رہبر ؛ نگران ؛ ہادی ؛ مجلسِ نگران کا رُکن ۔

directorate, n. نظامت ؛ ناظم کا دفتر یا عُہدہ ؛ مجلس نظما ۔

directorial, a. متعلّق بہ نظامت ؛ نظامت سے متعلّق ۔

directorship, n. نظامت ؛ عہدۂ ناظم ۔

directory, n. ڈائریکٹری ؛ معلومات نامہ ؛ ہدایت نامہ ؛ کتاب ٹیلی فون ؛ دستور العمل ؛ دینی مسائل کی کتاب ؛ کتاب معلومات ؛ کسی شہر یا قصبے کے باشندوں یا کسی پیشے کے لوگوں کی الفبائی فہرست ؛ کسی سرکاری عمارت کی ڈیوڑھی میں ایسا بورڈ جس پر مکینوں کے نام اور کمرہ نمبر درج ہوں ؛ مجلس نظما ؛ نظامت ۔ (بڑے D سے) انقلاب فرانس کے دوران ۱۷۹۵ء کی مؤتمر کے نتیجے میں بننے والی مجلس جس میں ۵ ارکان تھے ؛ پنج رُکنی نظامت ۔ (صفت) متعلّق بہ ناظم ۔

direct primary, n. ابتدائی سطح کا انتخاب جس میں کسی سیاسی پارٹی کے ارکان براہ راست رائے شماری کے ذریعے اپنے اُمیدوار چنتے ہیں ۔

directress, n. ناظمہ ؛ مُنتظمہ ؛ مُہتمِمہ ؛ خاتون سربراہِ محکمہ ؛ کسی کاروبار کو چلانے یا کسی پیشکش کی ہدایات دینے والی خاتون ؛ خاتون ناظم دفتر ؛ معاملات کی نگران خاتون ۔

directrix, n. (جیومیٹری) مرتّب ؛ ناظم خط ؛ ایسا خط مستقیم جو کسی قوس کے ٹھیک متناسب ہو ۔

direct tax, n. راست محصول ؛ آمدنی یا جائیداد ، عمومی یا فی کس محصول جو محصول دہندہ براہِ راست ادا کرتا ہے ۔

dirge, n. نوحہ ؛ مرثیہ ؛ بین ؛ اکثر تدفین کے موقعے پر سُنا جانے والا گیت یا دُھن ، جس کا مقصود غم ، افسوس اور سوگ کا اظہار ہوتا ہے ؛ اظہارِ الم کرنے والی موسیقی ؛ شیون ؛ ماتمی گیت یا دھن ۔

dirham, n. درہم ؛ بعض عرب ممالک میں رائج سکّہ ۔

dirigible, n. قابو غُبارہ ؛ ایسا غُبارہ جس کو مرضی سے راستے پر اڑایا جا سکے ؛ ایسا غُبارہ یا اِئر شپ جس میں موٹریں لگی ہوں اور جس کا راستہ سمت ران یا رہنما آلے کے ذریعے بدلا جا سکتا ہو ۔ (صفت) قابو کیے جانے کے قابل ؛ جیسے مرضی سے موڑا یا چلایا جا

نفع یا کسی اور بھلائی کو کوئی ضرر۔ (فعل متعدی) فائدے سے محروم کرنا۔

disadvantaged, n. محرومین ؛ پسماندہ لوگ ؛ اچھی سکونت ، طبّی دیکھ بھال اور تعلیم جیسے فوائد سے محروم لوگ ؛ محروم قسمت شخص ؛ بدحال آدمی ؛ مُفلس شخص ۔ (صفت) کم مراعاتی ؛ محرُوم ؛ پسماندہ ؛ بدقسمت ؛ بدحال (آدمی) ؛ مُفلس (شخص) ؛ مُبتلائے نقصان ۔

disadvantageous, a. باعثِ خسارہ ؛ نقصان دہ ؛ مضر ؛ جو خسارے/نقصان/خامی کے ساتھ ہو ؛ کامیابی یا خوش حالی کے لیے ناموافق ؛ مضرت رساں ؛ ناموافق ؛ باعثِ تنقیص ؛ خامی دار ؛ عیبی/عیب دار ؛ گھاٹے والا ۔

disadvantageously, adv. مُضرت رساں طریقے سے ۔

disadvantageousness, n. خسارہ ؛ نُقصان ؛ مضرت ؛ خامی ؛ عیب ؛ دقّت ؛ ضرر ؛ گھاٹا ۔

disaffect, v.t. کسی کی محبت کو گنوا دینا ؛ کم دوستانہ یا کم وفادار بنا دینا ، جیسے کسی شخص ، جماعت ، حکومت یا تحریک سے ؛ غیر مطمئن یا غیر دوستانہ بنانا ؛ بد دلی پیدا کرنا ؛ اطمینان یا دوستانہ ماحول سے محروم کرنا ۔

disaffection, n. بددلی ؛ عدمِ اطمینان ؛ محبت ، وابستگی یا خیر سگالی سے بیگانگی ؛ سردمہری ؛ قطعِ تعلّق خاص کر حکومت یا اربابِ اختیار سے ؛ اطاعت سے انحراف ؛ سیاسی بے چینی ۔

disaffiliate, v.t. الحاق ختم کرنا ؛ کسی الحاق یا انجمن سے الگ کرنا یا ہٹانا (جیسے : to disaffiliate oneself from an organization) ؛ قطعِ تعلّق کر لینا ۔ (فعل لازم) الحاق ختم ہونا ؛ قطعِ تعلّق ہونا ۔

disaffiliation, n. اختتامِ الحاق ؛ قطعِ تعلّق ۔

disaffirm, v.t. انکار کر دینا ؛ تردید کرنا ۔ (قانون) منسُوخ یا مسترد کرنا ؛ بالائی عدالت کے برعکس حکم کے ذریعے تنسیخ کرنا ، جیسے کسی عدالتی فیصلے کی ۔

disaffirmation,disaffirmance,n. انکار ؛ تردید ؛ تنسیخ ۔

disafforest, disforest, v.t. جنگل صاف کرنا ؛ جنگلوں یا درختوں سے محروم کرنا ؛ جنگل کاٹ دینا ۔ (قانون) جنگل کے طور پر ، قانونی اختصاص سے ہٹا لینا ؛ بحیثیّت جنگل غیر مختص کر دینا ۔

disagree, v.t. عدمِ اتفاق کرنا ؛ اختلاف رائے کرنا ؛ اختلاف کرنا ؛ مختلف رائے رکھنا ؛ مختلف ہونا (جیسے : The witnesses' stories disagree) ؛ مخالف یا مختلف رائے کا حامل ہونا ؛ ناموافق ہونا یا نُقصان کا باعث ہونا ، جیسے پیٹ کو ؛ کسی سے جھگڑنا ؛ نزاع کرنا ۔

disagreement, n. عدمِ اتّفاق ؛ اختلاف ؛ تفاوت یا یکسانیت کی کمی ؛ اختلاف رائے ؛ لڑائی ؛ پھڈا ؛ بے آہنگی ؛ ناموافقت ؛ نزاع ؛ جھگڑا ۔

disagreeable, a. ناموافقت پذیر ؛ مختلف ، عدمِ اتفاق کا حامل ؛ نامرغُوب ؛ ناپسند ؛ خوش کُن کے برعکس ؛ ناخُوشگوار ؛ ذہن یا حواس کے لیے ناگوار ؛ نفرت انگیز ؛ کریہہ ۔

disagreeableness, n. ناموافقت پذیری ؛ عدمِ اتفاقیت ؛ نزاع ؛ جھگڑا ؛ ناگواری ؛ بدمزاجی ؛ کجِ خُلقی ۔

disagreeably, adv. ناخوشگواری سے ؛ ناموافقانہ ؛ مخالفانہ ،

سکے ۔

dirk, n. کمانی دار چاقو ؛ ایک قسم کا خنجر ۔ (فعل متعدی) خنجر گھونپنا ۔

dirndl, n. زنانہ لباس کی ایک قسم جس میں پُورا سکرٹ اور چست چولی ہوتی ہے اور عموماً رنگا رنگ اور جاذبِ توجُہ نقش و نگار والے کپڑے سے بنایا جاتا ہے ؛ اس قسم کا پُورا سکرٹ ۔

dirt, n. گندگی ؛ غلاظت ؛ نجاست ؛ کیچڑ ؛ کوئی گندا یا غلیظ مادّہ جیسے فُضلہ ، کیچ ، دلدل ، گرد ؛ کثافت ؛ کُوڑا ؛ دھول ؛ بُھربُھری مٹّی یا خاک ؛ کوئی ایسی چیز جو کسی دوسری چیز پر چپک کر اسے گندا یا ناپاک کر دے ؛ تقریر ، تحریر یا تصاویر میں فحاشی ؛ پست یا گھٹیا گپ شپ ۔ (کنکر/ریت٭کان کنی) وہ مٹّی جس سے سونا علیحدہ کیا جائے ۔

pay dirt, وہ مٹّی جس میں سونا موجود ہو ۔

dirty, a. گندا ؛ فُحش ؛ غلیظ ؛ ناصاف ؛ غیر خالص ؛ گھٹیا ؛ تکلیف دہ ؛ ناجائز/بددیانتی پر مبنی (جیسے : a dirty trick) ؛ افسوسناک (جیسے : a dirty shame) ؛ غیر آبرومندانہ/غیر معقول ؛ پھیکا/ہلکا (جیسے : a dirty color) ؛ برف و باراں والا ، بارش بھرا یا گیلا ، جیسے موسم ؛ نجس ؛ کیچڑ بھرا ؛ میلا ؛ کثیف ؛ گرد آلود ؛ کُوڑا کرکٹ والا ؛ دُھول بھرا ؛ خاک آلودہ ؛ مٹّی میں لت پت ؛ گردوغبار والا ؛ بُرا ۔ (فعل متعدی) میلا یا گندا کرنا ؛ غلیظ کرنا ؛ خراب کرنا ۔

dirtily, adv. گندے طریقے سے ۔

dirtiness, n. میلا پن ؛ گندگی ؛ غلاظت ؛ نجاست ۔

disability, disablement, n. معذوری ؛ مجبوری ؛ نااہلیت ؛ ناقابلیت ؛ ذہنی یا جسمانی طور پر معذور یا ناقابل ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ کمزوری ؛ نامردی ؛ نااہلی ؛ جسمانی یا ذہنی کوتاہی کے باعث کسی خاص ملازمت پر برقرار رہنے کی نااہلیت ؛ قانونی اہلیّت کی کمی ؛ ناکارگی ؛ ناکارہ پن ۔

disable, v.t. معذور کرنا ؛ ناکارہ کرنا ؛ کافی یا حسب ضرورت جسمانی یا ذہنی طاقت یا قُوّت سے محروم کر دینا ؛ اس طرح نقصان پہنچانا کہ کوئی شخص بعض فرائض یا خدمات کے قابل نہ رہے ؛ مضروب/ مفلوج کرنا ؛ قانونی اہلیّت سے محروم کرنا ؛ مجبور بنا دینا ؛ جسمانی طور پر کوئی نقص پیدا کرنا ۔

disabled, a. نااہل بنایا ہُوا ؛ معذور ؛ مجبور ؛ نااہل ؛ ناقابل ؛ جسمانی عیب والا ۔

disabuse, v.t. تصحیح کرنا ؛ غلط فہمی دُور کرنا ؛ غلط یا نادرست خیالات یا عقائد سے چُھڑانا ؛ ٹھیک کرنا ؛ آنکھیں کھول دینا ؛ فریب خوردگی دور کر دینا ؛ وہم باطل ذہن سے نکال دینا ۔

disaccharide, n. شکروں کے ایک سلسلے کی کوئی شکر ، جس کی آب پاشیدگی سے سادہ شکر کے دو سالمے حاصل ہوتے ہیں ۔

disaccord, n. فُقدانِ ہم آہنگی ؛ عدمِ اتّفاق ؛ اختلاف ؛ ناموافقت ؛ ناسازگاری ؛ پُھوٹ ۔ (فعل لازم) اختلاف رائے ہونا ؛ مختلف الخیال ہونا ؛ اختلاف ہونا ؛ ناموافق ہونا ؛ پُھوٹ پڑنا ۔

disadvantage, n. عدمِ افادہ ؛ ناموافق صُورت حال ؛ دقّت ؛ دُشواری ؛ نُقصان ؛ خامی ؛ عیب ؛ فائدے کا فُقدان/سے محرومی ؛ جو کامیابی نہ ہونے دے یا اسے مُشکل بنا دے ؛ مفاد ، شہرت ، نیک نامی ،

ناگوار طور پر۔

disallow, v.t. اجازت نہ دینا ؛ قبول نہ کرنا ؛ منع کرنا ؛ روکنا ؛ نامنظور کرنا ؛ اجازت دینے سے انکار کرنا ؛ صحت یا سچائی ماننے سے انکار کرنا ، جیسے کسی دعوے یا بیان کی ؛ رد کرنا ؛ مسترد کرنا ۔

disallowance, n. ممانعت ؛ روک ؛ نامنظوری ؛ استرداد ؛ عدمِ قبولیت ؛ عدمِ اجازت ۔

disallowable, a. قبول نہ کرنے کے قابل ؛ قابلِ استرداد ۔

disappear, v.t. نظروں سے غائب ہو جانا ؛ نظروں سے دُور یا اوجھل ہو جانا ؛ بے وجود ہو جانا ؛ نظروں سے بتدریج اوجھل ہو جانا یا نظر آنا ختم ہو جانا ؛ کافور ہونا ؛ ناپید ہونا ؛ کھو جانا ؛ گُم ہو جانا ؛ مفقود ہو جانا ؛ غیر موجود ہونا۔

disappearance, n. غیوب ؛ غیر حاضری ؛ اوجھل ہو جانے کا عمل ؛ نظروں سے ہٹ جانے کا عمل ؛ غیر موجودگی ؛ گُم شُدگی ۔

disappoint, v.t. نااُمّید کرنا ؛ مایُوس کرنا ؛ اُمیّدوں یا توقُعات کی تکمیل میں ناکام رہنا ؛ امیدوں یا توقعات کی تکمیل میں روڑے اٹکانا ؛ توقُع پر پُورا نہ اُترنا ۔

disappointment, n. مایُوسی ؛ نااُمیدی ؛ توقُع ، امید ، خواہش یا ارادے کی شکست یا ناکامی ؛ دل شکستگی ۔

disappointed, a. محرُوم ؛ مایُوس ؛ مغموم ؛ دِل شکستہ ۔

disapprobation, n. نامنظوری ؛ ناپسندیدگی ؛ ملامت ؛ (اظہار شدہ یا غیر اظہار شدہ) اعتراض ؛ ناراضگی ؛ نارضامندی ؛ ناخوشی ۔

disapprobative, disapprobatory, a. نارضامندانہ ؛ معترضانہ ؛ ناپسندیدگی کا رویہ ؛ ملامتی ۔

disapprove, v.t. ناپسند کرنا ؛ غلط یا قابل اعتراض سمجھنا ؛ ملامت یا مذّمت کرنا ، نامنظور کرنا ؛ مسترد کرنا ۔ (فعل لازم) ناپسندیدگی ظاہر یا محسوس کرنا ؛ مفعول سے پہلے لفظ of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

disapproval, n. ناپسندیدگی ؛ نامنظوری ؛ ناخوشی ؛ استرداد ۔

disapprovingly, adv. ناپسندیدگی کے ساتھ ؛ ناخوشی سے ۔

disarm, v.t. غیر مسلّح کرنا ؛ ہتھیار لے لینا ؛ ہتھیار رکھوا لینا ؛ ہتھیار چھین لینا ؛ اَسلحہ ضبط کر لینا ؛ فوج کو زمانۂ امن کی حالت پر لے آنا ؛ جارحیت کے ناقابل بنا دینا ؛ اسلحہ یا ہتھیار لے لینا ، عموماً طاقت یا اختیار کے ذریعے ؛ گھٹا کر زمانۂ امن کے تناسب میں لانا ، جیسے بری/بحری فوج کو ؛ حملہ ، دفاع یا دہشت پیدا کرنے کی طاقت سے محروم کرنا؛ بے ضرر بنا دینا؛ شک و شبہ یا دشمنی کو دوستی میں بدل دینا (جیسے : His kindness disarmed us) ۔ (فعل لازم) ہتھیار رکھ دینا؛ مسلّح افواج کا خدمت سے سبکدوش ہونا؛ اسلحہ اور فوجوں کا زمانۂ امن کی سطح پر لے آنا؛ غیر مسلّح ہونا؛ ہتھیار بندی ختم کر دینا؛ فوجوں کا ہتھیار ترک کر دینا ۔

disarmament, n. تخفیفِ اسلِحہ ؛ اختتامِ اَسلِحہ ؛ غیر مسلّح ہونے کا عمل ؛ قومی اسلحہ بندی کی زمانۂ امن کے پیمانے تک تخفیف ؛ تخفیفِ فوج ۔

disarming, a. شُبہ یا دُشمنی کم کرنے پر مائل ؛ خوش کُن ؛ دل میں گھر کرنے والا ؛ پسندیدہ ؛ مسکت ؛ لاجواب کر دینے والا ؛ دل موہ لینے والا ۔

disarrange, v.t. غیر مرتّب کر دینا ؛ بے ترتیب کرنا ؛ ترتیب یا موزوں انتظام کو غیر تعینی بنانا یا درہم برہم کرنا؛ افراتفری پیدا کرنا؛ ابتری پیدا کرنا ؛ بدنظمی پیدا کرنا ؛ انتشار پیدا کرنا ۔

disarrangement, n. بے ترتیبی ؛ بدنظمی ؛ ابتری؛ انتشار۔

disarray, v.t. بدنظمی پیدا کرنا؛ بے ترتیبی پیدا کرنا/ ابتر کرنا ؛ بے لباس کرنا/برہنہ کرنا/ننگا کرنا/عُریاں کرنا ؛ کپڑوں سے محروم کرنا ۔ (اسم) بدنظمی ؛ بے ترتیبی؛ عُریانی۔

disarticulate, v.t. جوڑوں سے الگ کرنا۔ (فعل لازم) جوڑوں سے الگ ہو جانا۔

disarticulation, n. بتر مفصلی ؛ جوڑ جوڑ الگ کرنے کا عمل۔

disassemble, v.t. الگ الگ کر دینا ، جیسے کسی موٹر یا ڈھانچے کے ترکیبی حصّوں کو ؛ کسی مشین کے پُرزے یا حصّے الگ الگ کرنا۔

disassociate, v.t. لاتعلُق کرنا ، ترکِ تعلُق کرنا ، قطعِ تعلُق کرنا ؛ کسی بزم سے علیحدگی اختیار کر لینا ۔

disaster, n. مصیبت ؛ ہلاکت ، تباہی ، آفت ؛ کوئی ناخوشگوار واقعہ ، خاص کر بڑے پیمانے پر نُقصان یا تکلیف کا سبب بننے والا حادثہ ، بربادی ، سانحہ ، قہر۔

disastrous, a. تباہ کُن ؛ ہلاکت خیز ؛ تباہی کا باعث یا پیشرو ؛ آفت رساں/برباد کُن ؛ پُرآفت ؛ مصیبت والا ؛ حادثاتی ؛ سانحی ۔

disavow, v.t. انکار کرنا ؛ تسلیم نہ کرنا ؛ کسی چیز کے علم یا ذمّہ داری سے انکار کرنا ؛ مُکر جانا ؛ قطع تعلّق کر لینا ؛ مسترد کرنا ؛ ردّ کرنا۔

disavowal, n. تسلیم کرنے سے انکار ؛ اعلانِ قطع تعلّق ؛ تردید ؛ استرداد ۔

disband, v.t. توڑنا ، جیسے افراد کے جتھے یا جمعیت کو ؛ عسکری خدمت سے برخاست کرنا ؛ منتشر کرنا ؛ تتر بتر کرنا ؛ سَبُکدوش کرنا ؛ فوج کو خدمت سے فارغ کر دینا۔ (فعل لازم) منتشر ہونا ؛ سَبُکدوش ہونا۔

disbandment, n. سَبُکدوشی ؛ عسکری خدمت سے علیحدگی ؛ منتشر ہونے کا عمل۔

disbar, v.t. وکالت بدر کرنا ؛ جماعتِ وُکلا کے رُکن کی حیثیت سے یا قانونی پیشے سے خارج کر دینا ؛ کسی خاص عدالت کے جملہ وکلا سے خارج کر دینا ۔

disbelief, n. عدمِ یقین ؛ تشکیک ؛ بے اعتباری ؛ بے اعتقادی ؛ کُفر ؛ فُقدانِ ایمان ۔

disbelieve, v.t., v.i. عدم یقینی کرنا ؛ یقین نہ کرنا ؛ باور نہ کرنا ؛ متشکّک ہونا ؛ اعتقاد نہ رکھنا ؛ ایمان نہ رکھنا ؛ نادُرست یا بے وجود سمجھنا ؛ کسی صورتِ حال کی سچائی سے انکار کرنا ؛ بے اعتماد ہونا ؛ بے اعتقاد ہونا ؛ مُنکِر ہونا ۔

disbeliever, n. منکرِ یقین ؛ بے یقین ؛ متشکّک ؛ بے اعتقاد ؛ بے ایمان ۔

disburse, v.t. ادا کرنا ، جیسے روپیہ ؛ خرچ کرنا/صرف کرنا ؛ پھیلانا ؛ رقم تقسیم کرنا جیسے اُجرت یا تنخواہ ؛ بانٹنا ۔

disbursement, n. ادا کردہ رقم ؛ ادائی/ادائیگی ؛ تقسیمِ رقم ؛
خرچ ؛ صرف ۔

disburser, n. ادا کُنندہ ؛ رقم تقسیم کُنِندہ ؛ خرچ کُنندہ ؛
صرف کُنندہ ۔

disc, v.t., n. دیکھیے : disk ۔

discalced, discalceate, a. برہنہ پا ؛ بغیر جُوتوں کے ؛ ننگے پاؤں،
جیسے مردوں اور عورتوں کے بعض مذہبی اجتماعات ۔

discant, n., v.i. دیکھیے :descant ۔

discard, v.t. مسترد کرنا ؛ ترک کرنا ؛
رد کرنا ؛ مزید استعمال میں نہ آنے کے نا قابل سمجھ کر پھینک دینا
(جیسے : to discard old books) ؛ تاش کے کھیل میں، اپنے پتّوں میں
سے پھینک دینا یا ردّ کر دینا ؛ تاش کے بیکار پتے کو چھوڑ دینا ۔ (فعل
لازم)تاش کے کھیل میں ، اپنے ہاتھ کے ایک یا زیادہ پتّوں کا استعمال
نہ ہونا یا ترک ہونا۔ (اسم) ردّ کرنے کا عمل ؛ استرداد ؛ مسترد ؛ جسے رد
کیا جائے یا پھینک دیا جائے ؛ تاش میں ایک یا زیادہ ترک کردہ پتّے ؛
متروک ۔

discern, v.t. ادراک کرنا ؛ پانا ؛ انکشاف کرنا ؛
فہم کرنا ؛ مختلف ہونے کو سمجھ لینا یا دیکھ لینا ؛ آنکھ سے ، کسی
دیگر حس سے یا عقل سے امتیاز کرنا ؛ سمجھنا ؛ نُکتہ رسی کرنا ؛
امتیاز کرنا ؛ تمیز کرنا ؛ شناخت کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ معلوم کرنا ۔ (فعل
لازم) عدم مشابہتوں کو دیکھ لینا یا سمجھ لینا ؛ فرق یا امتیاز معلوم
ہونا ؛ دریافت ہونا ؛ شناخت ہونا ۔

discerner, n. معلوم کُنِندہ ؛ دریافت کنندہ ؛ ناظرِ صاف بیں ؛
اندازہ کُنِندہ ؛ شناخت کُنندہ ؛ نُکتہ رس ؛ تیز فہم ۔

discernible, discernable, a. ملاحظہ پذیر ؛
قابلِ امتیاز ؛ قابلِ معلوم ؛ قابلِ دریافت ؛ قابلِ شناخت ؛ قابلِ فہم ؛
قابلِ انکشاف ۔

discernibleness, discernableness, n. ملاحظہ پذیری ؛ انکشاف پذیری ؛ شناخت پذیری ۔

discernibly, discernably, adv. ملاحظہ پذیری سے ؛ انکشاف
پذیری سے ؛ قابلِ شناخت انداز سے ؛ قابلِ امتیاز ہونے کے لحاظ سے ۔

discerning, a. تیز فہم ؛ نُکتہ رس ؛ امتیاز کرنے کا اہل ؛
صاحبِ ادراک ؛ صاحبِ بصیرت ؛ دُور رس نگاہ والا ۔

discerningly, adv. تیز فہمی سے ؛ نُکتہ رسی کے لحاظ سے ۔

discernment, n. درک ؛ شناخت ؛ بصیرت ؛ فراست ؛ تیزفہمی ؛
نُکتہ رسی ؛ فیصلہ کرنے کی ذہانت ؛ اشیا یا خیالات میں امتیازات کے
ساتھ ساتھ ان کے رشتوں کے ادراک کی قُوّت ۔

discerptible, a. قابلِ تقسیم ، قابلِ علیحدگی ؛
ٹُکڑے کیے جانے کے قابل ؛ تقسیم پذیر ؛ قابلِ تجزیہ ۔

discharge, v.t., v.i. بجا لانا ؛ ادا کرنا ؛ سَبُکدوش کرنا ؛
برطرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ مقدّمہ ختم کر دینا ؛ کسی
فرض یا بوجھ سے نجات دینا ؛ کسی چیز سے نجات دینا یا رہا کرنا ؛ عُہدہ
برآ ہونا ، جیسے فرض یا ذمّہ داری سے ؛ فارغ یا محروم کرنا ، جیسے
کسی عُہدے یا ملازمت سے ؛ نوکری سے برخاست کرنا ؛ اتہام یا الزام سے
بری کرنا ؛ حراست یا قانونی پابندی سے آزاد کرنا ؛ بھیج دینا یا جانے دینا ؛
فوجی ملازمت سے فارغ کر دینا ؛ برقی بار ختم کرنا ؛ اُتارنا ، جیسے بارِ
جہاز کا ؛ چھوڑنا یا داغنا ، جیسے میزائل ؛ انڈیلنا ، جیسے پانی ؛ دینا ،
جیسے گالی ؛ قرض ادا کرنا/چکانا ؛ ادا کرنا ، جیسے قرض خواہ کو ؛
فرض یا وظیفہ پورا کرنا ؛ سرانجام دینا یا تعمیل کرنا ؛ پاک کرنا ، جیسے
کسی کپڑے کا رنگ سے ؛ رنگ اُتارنا جیسے کپڑے کا رنگ کاٹنا ۔
(قانون) برخاست کرنا ؛ مسترد یا منسوخ کرنا ، جیسے عدالت کے حکم
کا ؛ بوجھ یا وزن کا اُتر جانا/بوجھ کو اُتار پھینکنا ؛ کارِ متعلّقہ یا بوجھ
کا کسی کے حوالے کرنا ؛ مافیہ کو خالی کرنا ؛ انڈیلنا یا انڈیلا جانا ۔

dischargeable, a. قابلِ سرانجام دہی ؛ قابلِ اخراج ؛
مقدمے سے بری ہونے/کرنے کے قابل ؛ داغنے کے قابل ۔

discharger, n. بوجھ اُتارنے والا ؛ خارج کرنے والا ؛
مقدمے سے بری کرنے والا ؛ داغنے والا ؛ مخرجِ برق/بار رُبا ۔

discharge, n. رہائی ؛ بریّت ؛ خلاصی ؛ اخراج ؛ نکاس ؛ تعمیل ؛
بجاآوری ؛ جہاز سے مال اُتارنے ، بندوق داغنے کا عمل ؛ چھوڑنے یا
نکلنے کا عمل ، جیسے کسی پائپ سے پانی چھوڑنا یا نکلنا ؛ نکلنا ؛
خروج ؛ نِکلی ہوئی شے ؛ کسی شے کے نکلنے کی شرح یا نکلی ہوئی
مقدار ؛ احسان ، فرض یا ذمّہ داری سے عُہدہ برآری ؛ فرض کی تکمیل ؛
قرض کی ادائیگی ؛ فرض یا ذمّہ داری کی سرانجام دہی یا ادائیگی ؛
عُہدے ، ملازمت یا عسکری خدمت سے برطرفی ، فراغت یا برخواستگی ۔
(قانون) تنسیخ ، جیسے عدالتی حکم کی ؛ چُھٹکارا یا معافی ؛ ابرا ؛
حراست یا تحویل سے رہائی ؛ بھیج دیے جانے یا جانے دینے کا عمل ؛ ذمہ
داری سے سبکدوشی کا تصدیق نامہ ۔ (برق) برقی بار رُبائی یا اس کی
منتقلی ؛ دوسروں کی برقی قُوّت کے فرق کا تسویہ ؛ بے باری ۔

discifloral, a. (نباتیات) قُرص گُلہ ؛ ایسے پھول کا ،
جس میں سریرِ گُل پھیل کر ایک نمایاں قُرص کی شکل اختیار کر لیتا
ہے ، جیسے سُورج مُکھی ۔

disciple, n. مُرید ؛ چیلا ؛ مقلّد ؛ پیروکار ؛ شاگرد ؛ حواری ؛
کسی خاص مُعلّم کا پیرو ؛ کسی فکری رہنما کے اصولوں پر کاربند
شخص ، خاص کر حضرتِ عیسیٰ کے بارہ ذاتی حواریوں میں سے ایک ؛
بعض اوقات ، حضرت عیسیٰ کا کوئی مقلّد ۔

discipleship, n. مریدی ؛ تقلید ؛ شاگردی ؛ پیروکاری ؛ اتباع ۔

Disciples of Christ, n. عیسائیوں کا ایک فرقہ جس کی بُنیاد
امریکا میں انیسویں صدی کے اوائل میں الیگزنڈر کیمبل (۱۷۸۸ ــ
۱۸۶۶ء) نے رکھّی ، یہ فرقہ تمام ضابطوں اور اعتقادات کو مسترد کرتا
ہے اور صرف انجیل کو ایمان اور عمل کے لیے کافی اور حتمی ضابطہ
قرار دیتا ہے اور صرف پانی میں ڈبو کر بپتسمہ دینے کا قائل ہے ۔

disciplinable, a. انضباط پذیر ؛ تربیت پذیر ؛
نظم و ضبط یا اصلاح کا امکان رکھنے والا یا نظم و ضبط یا اصلاح کا
مستحق ؛ نظم و ضبط میں رکھے جانے یا ہدایت دیے جانے کے قابل ۔

disciplinarian, n. سخت نظم و ضبط کا قائل ؛ سخت گیر ؛ اُصول پسند ؛
نظم و ضبط سِکھانے والا یا نظم و ضبط کی سخت برقراری کا حامی ؛
تادیب پسند ۔ (صفت) انضباطی ؛ تادیبی ؛ نظم و ضبط سے متعلق ۔

disciplinary, a. انضباطی ؛ تادیبی ؛ نظم و ضبط کا/سے متعلق /
پر مُشتمل ۔

discipline, n. انضباط ؛ نظم و ضبط ؛ تادیب ؛ تربیت اور
نگرانی کے ذریعے برقرار رکھی ہوئی حالتِ نظم ؛ طرزِ عمل کے لیے وضع
کیے گئے ضوابط کا خاص نظام ؛ مناسب چلن یا عمل کی تربیّت کے لیے
وضع کردہ ہدایت اور مشق ؛ ہدایت اور نگرانی کے تحت باقاعدہ

تربیت ؛ فوجی قواعد ؛ اصلاح و تربیت کے لیے دی گئی سزا ؛ تجربہ ناسازگار ماحول وغیرہ کا تربیّتی اثر ۔ (کلیسیات) وہ طریق و قواعد جو کسی کلیسا کے ارکان کے طرزِ عمل کے انضباط کے لیے استعمال کیے جائیں ؛ کسی کلیسا کے رواجی طریقوں کو منضبط کرنے والا حکومتی نظام ، جو اس کے عقیدے سے الگ پہچانا جائے ؛ مذہبی ریاضت اور کفارہ ؛ آلۂ عقوبت خصوصاً کفارے کے واسطے تازیانہ ۔ (فعل متعدی) تربیت و نگرانی سے حالتِ نظم و اطاعت میں لانا ؛ نظم و ضبط یا سزا نافذ کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ سزا دینا ؛ تعلیم اور مشق کے ذریعے تربیّت دینا ؛ قواعد کروانا ۔

discipliner, n. نظم و ضبط لاگو کرنے والا ۔

disciplinal, a. متعلّق بہ نظم و ضبط ۔

disc jockey, n. دیکھیے : disk jockey ۔

disclaim, v.t., v.i. دست بردار ہونا ؛ لاتعلّقی ظاہر کرنا ؛ لاعلمی کا اظہار کرنا ؛ ذمّہ داری یا منظوری سے انکار کرنا ؛ اپنا کہنے سے انکار کرنا ؛ کسی چیز کے عِلم سے انکار کرنا ؛ کسی کی معقولیت یا استناد سے انکار کرنا (جیسے : to disclaim an accusation) ۔ (قانون) دعوے سے دستبردار ہونا یا دعویٰ چھوڑنا ۔

disclaimer, n. دعوے سے دست بردار ہونے والا شخص/ دعوے سے انکار کرنے والا ؛ دست برداری ؛ کوئی ذریعہ ، جیسے دست برداری کا تحریری بیان ۔ (قانون) دعوے سے دست برداری یا ترکِ دعویٰ ۔

disclamation, n. ترکِ دعویٰ ؛ دعوے یا تقاضے سے دست برداری ؛ دعوے سے انکار ؛ تردید/استرداد ؛ ترکِ تقاضا ۔

disclamatory, a. دست برداری سے متعلّق ؛ ترکِ دعوے سے متعلّق ۔

disclose, v.t. کھولنا ؛ انکشاف کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ دیکھنے (کی اجازت) دینا ؛ سامنے لانا ؛ ظاہر کرنا ؛ آشکار کرنا ؛ بتانا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنا ؛ پیش کرنا ؛ عِلم میں لانا ؛ واقف کرنا ۔

discloser, n. انکشاف کرنے والا ؛ مُنکشف کرنے والا ؛ افشا کرنے والا ؛ راز فاش کرنے والا ۔

disclosure, n. انکشاف ؛ افشا ؛ اظہار ؛ راز ظاہر/آشکار کرنے کا عمل ؛ وہ بات جس کا انکشاف کیا جائے یا جو ظاہر کی جائے ۔

disco, n. [Discotheque کا مرخّم] قُرصہ ؛ عوامی موسیقی بجانے والے کلب یا ایسی تقریبیں ۔

discobolus, n. قدیم یونان کا قُرص انداز ؛ قُرص باز ۔ (بڑے D سے) پانچویں صدی قبل مسیح کے قدیم یُونانی مجسمّہ ساز مائرن کا بنایا ہوا مشہور مجسمّہ ۔

discography, diskography, n. ریکارڈ نامہ ؛ صوت نگار آلے کے ریکارڈوں کی منظّم درجہ بندی ؛ اس قسم کی درجہ بندی میں استعمال ہونے والے طریقے ۔

discoid, discoidal, a. قُرص نُما ؛ قُرص کی شکل لیے ہوئے ؛ چپٹا اور گول ۔ (نباتیات) صرف ایک قُرص پر مشتمل مخلوط تارینۂ گُل کا/کے بارے میں ۔

discolor, discolour, v.t. بدرنگ کرنا ؛ بے رنگ کرنا ؛ رنگ بدلنا یا خراب کرنا ؛ رنگ اُڑانا ؛ رنگ کاٹنا ؛ رنگ رُبائی کرنا ۔ (فعل لازم) رنگ بدل جانا ؛ رنگ اُڑ جانا ؛ رنگ رُبائی ہونا ۔

discoloration, discolouration, n. بدرنگی ؛ بے رنگی ؛ رنگ کی خرابی ۔

discombobulate, v.t. (بول چال) بدحواس کر دینا ؛ حیران کر دینا ؛ پریشان کر دینا ۔

discomfit, v.t. ہزیمت دینا ؛ شکست دینا ؛ پاؤں اُکھاڑنا ، شکست دینا یا تتر بتر کر کے بھگا دینا ؛ منصوبے باطل ، ناکام یا رائیگاں کرنا ؛ مار بھگانا ؛ (تدبیر) اُلٹ دینا ؛ باطل کر دینا ؛ چلنے نہ دینا ؛ بدحواس کر دینا ؛ چھکّے چُھڑا دینا ۔

discomfiture, n. ہزیمت ؛ بدحواسی ؛ شکستِ فاش ؛ ہار ؛ محرومی ؛ مایوسی ؛ پریشانی ؛ چھکّے چھوٹ جانے کا عمل ۔

discomfort, n. بے آرامی ؛ معمولی تکلیف ؛ جھنجھلاہٹ ؛ دردِ صغیر یا گھبراہٹ ؛ بے چینی ؛ بے کلی ؛ اُلجھن ۔ (فعل متعدی) سکون یا خوشی میں خلل ڈالنا ؛ پریشان کرنا ؛ معمولی درد ہونا ؛ بے آرام کرنا ؛ بے چین کرنا ؛ بے کل کرنا ؛ اُلجھن میں ڈالنا ۔

discommend, v.t. الزام دینا ؛ اعتراض کرنا ؛ قصور وار ٹھہرانا ؛ مذّمت کرنا ؛ مذّمت یا برے احساس کا نشانہ بنانا ۔

discommendable, a. قابلِ الزام ؛ قابلِ اعتراض ۔

discommode, v.t. تکلیف میں ڈالنا ؛ زحمت میں مبتلا کرنا ؛ تنگ کرنا ۔

discommodious, a. تکلیف دِہ ؛ زحمت دینے والا ؛ تنگ کرنے والا ۔

discommodiously, adv. تکلیف دِہ طور پر ۔

discommodiousness, n. تکلیف دہی ؛ زحمت ؛ تنگی ۔

discompose, v.t. بے ترتیب کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ بے نظم ، درہم برہم یا بے ترتیب کرنا ؛ سکون و امن میں خلل ڈالنا ؛ مضطرب ، پریشان ، دِق یا تنگ کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ اظہارِ اضطراب کرنا ۔

discomposure, n. بے ترتیبی ؛ پریشانی ؛ بے نظم یا بے ترتیب ہونے کی حالت ؛ اضطراب ؛ گھبراہٹ ؛ سکون میں خلل اندازی ۔

disconcert, v.t. بے ترتیب کرنا ؛ گڑبڑ پیدا کر دینا ؛ بے نظمی یا ابتری پیدا کرنا ؛ منسوخ کرنا ، جیسے کسی متفقہ تجویز یا منصوبے کو ؛ مات کرنا ؛ ناکام کرنا ؛ متانت کو بے نظم یا درہم برہم کرنا ؛ بوکھلا دینا ؛ باطل کر دینا ؛ شکست دینا ؛ بدحواس کرنا ؛ گھبرا دینا ۔

disconcerting, a. بے ترتیب کرنے والا ؛ باطل کُن ؛ شکست دینے والا ؛ بدحواس کرنے والا ۔

disconcertingly, adv. باطل کرتے ہوئے ۔

disconcertingness, n. بے ترتیبی ؛ گڑبڑ ؛ ابطال ؛ اضطراب ؛ بدحواسی ؛ ابتری ۔

disconcertion, disconcertment, n. بے ترتیبی ؛ ابطال ؛ اِضطراب ؛ بدحواسی ؛ ابتری ۔

disconcerted, a. بے ترتیب ؛ مُضطرِب ؛ بدحواس ؛ مختل ؛ پریشان ؛ غیر مطمئن ؛ گھبرایا ہُوا ۔

disconcertedly, adv. بدحواسی سے ؛ پریشانی کے ساتھ ؛ گھبراہٹ کے لحاظ سے ؛ بے ترتیبی کے ساتھ ۔

disconcertedness, n. بے ترتیبی ؛ پریشانی ؛ بدحواسی ؛ گھبراہٹ ۔

disconformity, n. عدمِ تقلید ؛ عدمِ مُطابقت ۔ (ارضیات) متوازی چٹانی طبقات کی تقسیم جو عموماً مختلف طبقات کے مختلف رفتار سے کٹاؤ کے ذریعے بالائی سطح کی ساخت میں ظاہر ہوتی ہے ۔

disconnect, v.t. تعلّق توڑنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ درمیانی جوڑ الگ کرنا یا توڑنا ؛ غیر متّحد کرنا ؛ الگ کرنا ؛ جُدا کرنا ۔

disconnection, disconnexion, n. انفصال ؛ قطع سلسلہ ؛ انقطاع؛ علیحدہ

کرنے کا عمل ؛ علیحدگی ؛ عدمِ اتّحاد ؛ بے ربطی ؛ عدمِ تسلسل ۔

disconnected, a. منفصل ؛ بے ربط ؛ علیحدہ ؛ جُدا ؛ غیر مربُوط ؛ غیر مسلسل ۔

disconnectedly, adv. منفصل طور پر ۔

disconnectedness, n. انفصال ؛ عدمِ تسلسل ؛ بے ربطی ۔

disconsolate, a. غمگین ؛ شدید طور پر مایُوس ؛ بے کس ؛ دل جوئی سے محروم ؛ نومیدی سے دل شکستہ ؛ سخت غمزدہ ؛ اُداسی سے مِیّز یا اُداسی کا باعث ؛ مغموم ؛ بیچارہ ؛ عاجز ؛ نااُمّید ؛ نراس ۔ مایوسانہ ؛

disconsolately, adv. بے کسانہ ؛ بے چارگی سے ؛ غمگینی کے ساتھ ؛ غمزدگی سے ؛ عاجزانہ ۔

disconsolation, disconsolateness, n. شدید مایُوسی ؛ بے کسی ؛ بے چارگی ؛ غمگینی ؛ غمزدگی ؛ عاجزی ؛ نااُمیدی ؛ عدمِ تسلی ۔

discontent, وہ شخص جو غیر قانع ہو ؛ شورش پسند ؛ عدم قناعت ؛

discontentment, n. بے اطمینانی ؛ قناعت کی کمی ؛ ذہنی پریشانی ؛ عدم اطمینان ؛ بے چینی ؛ ناخوشی نیز discontentment ۔ (صفت) غیر قانع ؛ بے چین ؛ پریشان ؛ غیر مطمئن ؛ ناخوش ۔ (فعل متعدی) غیر قانع کرنا ؛ غیر مطمئن کرنا ؛ بے چین کرنا ۔

discontented, a. ناخوش ؛ بے چین ؛ بے اطمینان ؛ غیر قانع ؛ غیر مطمئن ؛ وہ جو اپنے حالات سے خوش نہ ہو ۔

discontentedly, adv. بے اطمینانی سے ؛ ناخوشی سے ؛ بے چینی کے ساتھ ۔

discontentedness, n. عدمِ قناعت ؛ بے اطمینانی ؛ بے چینی ؛ ناخُوشی ۔

discontinue, v.t. بند کر دینا ؛ ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ جاری نہ رکھنا ؛ ختم کرنا ؛ روک دینا ؛ خاتمہ کر دینا ۔ (قانون) قانونی چارہ جوئی کو ترک یا ختم کر دینا ۔ (فعل لازم) بند ہونا ؛ ختم ہونا ؛ رُک جانا ۔

discontinuance, n. اختتام ؛ موقوفی ؛ ترک یا بند کرنے کا کوئی عمل ؛ (تسلسل) ٹُوٹنا ؛ انقطاع ۔ (قانون) مدعی کی طرف سے عدمِ پیروئ مقدّمہ کے باعث یا تحریری درخواست کے ذریعے قانونی کارروائی/چارہ جوئی کا اختتام یا انقطاع ۔

discontinuation, n. ترک ؛ اِنقطاع ؛ اختتام ؛ موقوفی ۔

discontinuity, n. انفصال ؛ انقطاع ؛ عدمِ تسلسل ؛ تسلسل یا مسلسل رابطے کا فقدان ؛ اجزا کی ناموافقت ؛ عمل کی موقوفی ۔

discophile,diskophile, n. ڈسکو رسیا ؛ موسیقی کے ریکارڈوں کا رسیا ؛ عموماً ایک یا زیادہ اقسام موسیقی ، جیسے غنائیہ تک محدود صوت نگار آلے کے ریکارڈوں کا دلدادہ طالب علم اور فراہم کُنندہ ۔

discord, n. عدمِ اتفاق ؛ اختلاف ؛ ناموافقت ؛ ہم آہنگی ۔ یا اتفاق کا فقدان ؛ نااتفاقی ؛ حُجّت ؛ جھگڑا ؛ نزاع ؛ پھُوٹ ؛ مخالفت ۔ (موسیقی) بے سُرا پن ؛ بے تال پن ؛ بے آہنگی ؛ آواز کا ایسا امتزاج جو سماعت کو ناموافق یا ناگوار ہو ؛ ناہمواری ؛ کرختگئ آواز ؛ ناگواری ۔ (فعل لازم) اختلاف ہونا ؛ بے آہنگ یا ناموافق ہونا ؛ بھِڑنا ؛ جھگڑنا ؛ نزاع کرنا ؛ آرا کا الٹ ہونا ۔

discordance, discordancy, n. بے آہنگی ؛ اختلاف ؛ ناموافقت ؛ عدمِ اتفاق ؛ اختلافِ رائے ؛ مخاصمت ؛ غیر ہم آہنگی کی حالت ؛ ناہمواری ؛ نزاع ؛ جھگڑا ؛ پھوٹ ؛ مخالفت ؛ بے سُرا پن ؛ بے تال پنا ؛ کرختگئ آواز ؛ ناگواری ۔

discordant, a. غیر متفق ؛ بے محل ؛ مختلف ؛ بے سُرا ؛ سخت ؛ ناگوار ؛ ناموافق ؛ نزاعی ؛ جھگڑالُو ؛ بے آہنگ ؛ کرخت ۔

discordantly, adv. عدمِ اتفاقی سے ؛ اختلاف کے ساتھ ؛ ناموافقت کے لحاظ سے ؛ نزاعی طور پر ؛ جھگڑالو پن سے ؛ بے آہنگی کے ساتھ ؛ بے سُرے پن سے ؛ کرختگی کے ساتھ ۔

discotheque, discotheque, n. ۱۹۶۰ء کے عشرے میں ریاستہائے متحدہ امریکا میں مقبول ہونے والا چھوٹا اور غیر رسمی شبینہ کلب ، جہاں اراکین صوت بند موسیقی پر رقص کرتے ہیں ۔

discount, n. کٹوتی ؛ بٹا ؛ چُھوٹ ؛ اشیا کی واجبی قیمت میں سے کوئی منہائی ؛ فوری ادائیگی کی صورت میں بل کی رقم میں سے کچھ رقم کی منہائی ۔ (بینکاری) زرکاغذی پر کی گئی پیشگی سُودی کٹوتی ؛ چُھوٹ دینے کا عمل ۔ (مجازاً) رکھی گئی گنجایش ؛ بگاڑ ، خاص کر سچائی کا بگاڑ ۔

discountable, a. قابلِ کٹوتی ؛ قابلِ منہائی ؛ نظرانداز کرنے کے قابل ۔

discounter, n. کٹوتیا ؛ مِنہا کُنندہ ؛ رعایت دہندہ ۔

discount, n. بٹا ؛ متی کاٹا ؛ کسی تمسُّک کی اصل قیمت اور بعد ازاں بازار میں کم ہو کر مقرّر ہونے والی قیمت کے درمیان فرق ؛ عُرفی یا مساوی قدر سے کم تر وہ رقم جس پر کوئی تمسُّک فروخت ہو ۔

discount, v.t. پٹے پر بیچنا یا خریدنا ؛ ہُنڈی سکھارنا ؛ اصل زر میں سے سود منہا کرکے کچھ رقم اُدھار یا پیشگی کے طور پر دینا ؛ فوری یا پیشگی ادائیگی کی بنا پر بل میں سے کچھ رقم منہا کرنا ؛ رواجی قیمت کے مقابلے میں کم تر قیمت پر بکری کے لیے پیش کرنا ؛ پہلے سے اندازہ لگانا یا خیال رکھنا ۔ (مجازاً) خیال نہ رکھنا یا نظر انداز کرنا ؛ گنجایش رکھنا (جیسے : They discounted his statement because of his known predjudice) پہلے سے بیان کرکے (قصّے کو) باسی کر دینا ؛ پہلے سے بیان کرکے اثر زائل کر دینا ۔

discountenance, v.t. تائید سے انکار کرنا ؛ شرمندہ کرنا ؛ منفعل کرنا ؛ ہمّت شکنی کرنا ؛ باز رکھنا یا روکنا ۔ (اسم) ناپسندیدگی ؛ نامنظوری ۔

discount house, n. سستی دُکان ؛ ایسی پرچون دُکان جہاں اشیائے صرف معمول کی قیمتوں سے کم تر قیمت پر دستیاب ہوں ۔

discount rate, n. شرحِ منہائی ؛ شرح کٹوتی ؛ قرضوں کی وہ سودی شرح جو وفاقی محفوظہ بینک (فیڈرل ریزرو بینک) رُکن بینکوں سے وصول کرتا ہے ؛ سود کی وہ شرح جو تجارتی دستاویزات سے منہا کی جاتی ہے ۔

discourage, v.t. ہمّت شکنی کرنا ، ہمّت توڑنا ؛ خود اعتمادی سے محروم کرنا ؛ مشکلات بتا کر دبانے یا روکنے کی کوشش کرنا ؛ دِل شکستہ کرنا ؛ بد دِل کرنا ؛ تائید سے انکار کرنا ؛ باز رہنے کو کہنا ، عموماً from کے ساتھ ۔

discouragement, n. ہمّت شِکنی ؛ حوصلہ شِکنی ؛ دِل شکستگی ؛ بد دِلی ؛ ہمت توڑنے کا عمل ؛ کسی کام سے روکنے یا باز رکھنے کا عمل ہمّت شکن یا اشتیاق و اُمّید پر اوس ڈالنے والی شے ؛ حوصلہ شکنی کی حالت ۔

discouraging, a. ہمّت شِکن ؛ حوصلہ شکن ؛ دِل شِکن ۔

discouragingly, adv. حوصلہ شِکنی کے طور پر ؛ بددلی پیدا کرنے کے طریقے سے ۔

discourse, n. بیان ؛ گفتگو ؛ خُطبہ ؛ بحث ؛ مقالہ ؛ زبانی ابلاغ ، جیسے بات چیت یا تقریر ؛ کسی مضمون کا رسمی اور منظم امتحان خواہ زبانی ہو یا تحریری ۔ (فعل لازم) زبانی اظہارِ خیال کرنا ، جیسے کلام یا گفتگو کرنا ؛ ابلاغ کرنا ، خصوصاً کسی موضوع پر اپنے خیالات رسمی طور پر دوسروں تک پہنچانا ، on یا upon کے ساتھ ۔

discourteous, a. کج خُلق ؛ غیر مُہذّب ؛ بدتمیز ؛ بدتہذیب ؛ سخت ؛ غیر متمدن ؛ اکھڑ ۔

discourteously, adv. غیر خُوش خُلقی سے ؛ کَج خُلقی سے ؛ غیر مہذّب انداز سے ؛ بدتمیزی کے ساتھ ؛ بدتہذیبی سے ؛ سختی کے ساتھ ؛ غیر متمدن طریقے سے ۔

discourteousness, discourtesy, n. غیر خُوش خُلقی ؛ کَج خُلقی ؛ غیر مہذّب رویہ ؛ بدتمیزی ؛ بدتہذیبی ؛ سختی ؛ غیر متمدن طریقہ ؛ اکھڑ پن ۔

discover, v.t. دریافت کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ دفعتاً پتا چلنا ؛ انکشاف کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ افشا کرنا ؛ دیکھنا ؛ کھوج لگانا ۔

discoverable, a. قابلِ دریافت ؛ قابلِ معلوم ؛ قابلِ انکشاف ؛ قابلِ اظہار ؛ قابلِ افشا ؛ دیکھنے کے قابل ۔

discoverer, n. دریافت کُنِندہ ؛ معلُوم کنندہ ؛ یابندہ ؛ دفعتاً پتا چلانے والا ؛ انکشاف کُنِندہ ؛ ظاہر کنندہ ؛ افشا کُنِندہ ؛ کھوجی ۔

discovery, n. دریافت ؛ عِلم ؛ اچانک پتا چلنے کا عمل ؛ تحقیق ؛ کھوج ؛ انکشاف ؛ ظاہر ہونے کا عمل ۔ (قانون) کسی ہیئتِ حاکمہ جیسے عدالتی حاکم کے زیرحکم کوئی انکشاف/افشائے راز ۔

discredit, n. بدنامی ؛ رُسوائی ؛ بے اعتباری ؛ رُسوائی کی بات ؛ بداعتقادی ؛ ساکھ کا خاتمہ ۔ (فعل متعدی) اعتبار نہ کرنا ؛ جُھوٹا سمجھنا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ یقین نہ کرنا ؛ غیر معتبر سمجھنا ؛ بدنام کرنا ؛ بے اعتبار کرنا ؛ غلط جاننا ۔

discreditable, a. قابلِ رُسوائی ؛ بے اعتبار ؛ بدنام ؛ رسوا ؛ شرم ناک ؛ باعثِ بے اعتباری ؛ مُوجبِ بدنامی ؛ معیوب ۔

discreditably, adv. رُسوائی/ بدنامی یا ذِلّت سے ؛ شرم ناک طریقے سے ؛ بے اعتبارانہ ؛ بدنامی کے لحاظ سے ؛ ساکھ کھو کر ۔

discreet, a. مُحتاط ؛ ہوشیار ؛ دُور اندیش ؛ پردہ پوش ؛ صاحبِ سلیقہ ؛ چوکس ؛ عاقل ؛ دیکھ بھال یا سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے والا ۔

discreetly, adv. احتیاط سے ؛ مُحتاط طریقے سے ؛ عاقلانہ ؛ مُدبّرانہ ؛ دیکھ بھال کر یا سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے کے نقطہ نظر سے ۔

discreetness, n. احتیاط ؛ تدبُّر ؛ پردہ پوشی ؛ ہوشیاری ؛ محتاط رویہ ؛ سوچ سمجھ کر یا دیکھ بھال کر قدم اٹھانے کا عمل ۔

discrepancy, discrepance, n. تناقُض ؛ تضاد ؛ فرق ؛ اختلاف ؛ حقائق ، گواہی یا نظریات میں فرق ۔

discrepant, a. متناقض ؛ متضاد ؛ مختلف ؛ فرق والا ۔

discrepantly, adv. متناقض طُور پر ؛ متضاد طریقے سے ؛ مختلف طور پر ؛ تناقُض کے لحاظ سے ؛ تضاد کے ساتھ ؛ فرق سے ؛ اختلاف کے نقطۂ نظر سے ۔

discrete, a. علیحدہ ؛ الگ ؛ جُدا ؛ ممیّز ؛ غیر مسلسل ؛ مجرد ۔

discretion, n. صوابدید ؛ اختیارِ تمیزی ؛ قُوّتِ فیصلہ ؛ دُور اندیشی ؛ شعور ؛ ہوشیاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ خبرداری ؛ سوجھ بوجھ ؛ تمیز ؛ فرزانگی ؛ فرد کا فیصلہ کرنے کا حق (جیسے : The selection was left entirely to his discretion.) ۔

discretionary, discretional, a. صوابدیدی ؛ اختیار تمیزی پر مبنی ؛ اختیاری ۔

discriminant, n. (ریاضی) ممیز ؛ وہ رقم جو کسی دوسرے تفاعل یا نسبتی سیٹ کے طریق عمل کی بنیاد کا کام دیتی یا اسے ممیز کرتی ہے ۔

discriminate, v.t. تمیز کرنا ؛ امتیاز کرنا ؛ خصوصاً کسی بنا پر ایک شخص کے حق میں یا خلاف امتیاز برتنا ؛ جدا کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ فرق کرنا ؛ فرق پہچاننا ۔ (فعل لازم) فرق ہونا ؛ تمیز ہونا ؛ امتیاز ہونا ۔

discriminable, a. قابلِ تمیز ؛ قابلِ امتیاز ؛ پہچان کے قابل ۔

discriminate, a. ممیّز ؛ مُمتاز ۔

discriminately, adv. اِمتیاز کے ساتھ ؛ تمیز کے ساتھ ۔

discriminating, a. صاحبِ تمیز ؛ امتیاز کرنے والا ؛ تمیزی ؛ فرق کرنے والا ؛ ذِی شعور ۔

discriminatingly, n. تمیز کرتے ہوئے ؛ امتیاز کرنے کے نُقطۂ نظر سے ۔

discrimination, n. اِمتیاز ؛ تمیز ؛ فرق ؛ تفریق ؛ شعور ؛ پہچان ؛ بعض معاملات میں فرق برتنے کا عمل جیسے کسی شخص کے حق میں یا خلاف خصوصاً نسلی ، قومی یا مذہبی وجۂ تفریق ؛ قُوّتِ تمیز ۔

discriminative, discriminatory, a. متعلّق بہ امتیاز ؛ تمیز کرنے سے متعلق ؛ فرق برتنے کے بارے میں ۔

discriminatively, adv. امتیاز برتنے کے لحاظ سے ؛ تمیز کرنے کے نُقطۂ نظرسے ؛ فرق کے طور پر ۔

discriminator, n. امتیاز کُنِندہ ؛ تمیز کُنِندہ ؛ فرق کُنِندہ ۔ (برق) ممیّزہ ؛ وہ سرکٹ جسے اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ وہ مختلف قسم کے اشارات (سگنلز) قبول یا مسترد کر سکے ۔

discrown, v.t. تاج سے محروم کر دینا ؛ معزول کر دینا ۔

discursive, a. جَلد جَلد موضوع بدلنے والا ؛ غیر مسلسل ؛ عقلی ؛ استدلالی ؛ منطقی ؛ جملہ ہائے معترضہ درمیان لاتے ہوئے ؛ مبرہن ۔

discursively, adv. منطقی لحاظ سے ؛ عقلی طور پر ؛ استدلالی طریقے سے ؛ جلد موضوع بدلنے کے انداز سے ۔

discursiveness, n. منطقیت ؛ عقلیت ؛ استدلالیت ؛ جلد جلد تبدیلیٔ موضوع ۔

discus, n. قرص ؛ تھالی ؛ چکر ؛ ڈسکس ؛ کرتبی ورزش کے طور پر فاصلے پر پھینکنے کے لیے پتھر یا دھات کی بنی گول تھالی ، یہ کھیل قدیم یونان اور روما میں رائج تھا ؛ موجودہ دور کا مسابقتی کھیل جس میں قرص پھینکتے ہیں ۔

discuss, v.t. گفتگو کرنا ؛ بحث کرنا ؛ دلیل یا عقل کے ساتھ جائزہ لینا ؛ زبانی یا تحریری شکل میں رسمی طور پر غور کرنا ؛ غیر رسمی طور پر کلام کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ مذاکرہ کرنا ۔ (دیوانی قانون) کسی ایسے شخص کے خلاف جو قرضے کا ثانوی طور پر ذمّہ دار ہو ،

چارہ جوئی کرنے سے پہلے اصل قرض دار کے خلاف قانونی چارہ جوئی کے تمام پہلو ختم کرنا ۔

discusser, n. باحِث ؛ گُفتگُو کرنے والا ؛ کلام کرنے والا ؛ مذاکرہ کرنے والا ۔

discussible, discussable, a. قابل بحث ؛ قابلِ گُفتگُو ؛ قابل کلام ؛ قابلِ مذاکرہ ۔

discussant, n. باحِث ؛ گُفتگُو کرنے والا ؛ کلام کرنے والا ؛ مذاکرہ کرنے والا ۔

discussion, n. بحث ؛ گُفتگُو ؛ کلام ؛ مذاکرہ؛ مناظرہ ؛ حیص بیص ؛ تبادلۂ خیال ۔

disdain, v.t. حقیر سمجھنا ؛ تحقیر کرنا ؛ مکرُوہ سمجھنا ؛ نیچ سمجھنا ؛ بیکار سمجھنا ؛ حقارت سے مُسترد کرنا ؛ گِھن کھانا ۔ (اسم) حقارت؛ برتری کا رویّہ ؛ غرور ؛ کراہت ؛ تنفُر ؛ تکبُر ۔

disdainful, a. حقارت آمیز؛ تحقیر آمیز ؛ گھناؤنا ؛ متکبّر ؛ مغرور ؛ متنفّر ؛ مکروہ ؛ حقیر ۔

disdainfully, adv. حقارت آمیز طریقے سے ؛ تحقیر آمیز طور پر ؛ متکبّرانہ ۔

disdainfulness, n. حقارت آمیزی ؛ تحقیر آمیزی ؛ تکبُر ۔

disease, n. مرض ؛ بیماری ؛ روگ ؛ علالت ؛ بے آرامی ؛ آزار ؛ عارضہ ؛ دُکھ ؛ جسم/بدن کے کسی حصّے یا نظام کا فعلی تسابُل یا کمی (جانداروں یا پودوں میں) ۔ (فعل متعدی) بیمار کرنا ؛ مرض میں مبتلا کرنا ؛ روگ لگانا ۔

diseased, a. مریض ؛ بیمار ؛ روگی ؛ علیل ؛ مبتلائے عارضہ ۔

disembark, v.t. جہاز سے اُتارنا ؛ ساحل پر اُتارنا ۔ (فعل لازم)جہاز سے اُترنا ؛ ساحل پر اُترنا ۔

disembarkation, disembarkment, n. جہاز سے اُتارنے یا اُترنے کا عمل ۔

disembody, v.t. جسمانیت سے محروم کرنا؛ مادیّت ختم کرنا ؛ تجرید کرنا ؛ (فوج کو) خدمت سے فارغ کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ برخاست کرنا ۔

disembodiment, n. بے جسمیت ؛ تجرید ؛ جسمانیت سے محرومی ؛ مادیّت کا خاتمہ ؛ موقوفی ؛ برخاستگی ۔

disembogue, v.i. بہ کر گرنا جیسے نالے سے ؛ پانی کا انڈیلنا ؛ گرنا جیسے ندیوں اور دریاؤں کا بہ کر سمندر میں گرنا ؛ بہنا ۔ (فعل متعدی) گرانا ؛ بہانا ؛ انڈیلنا یا بہا کر خالی کرنا ۔

disemboguement, n. ندی وغیرہ سے پانی کا نکاس ؛ بہاؤ ؛ گراؤ ۔

disembowel, v.t. آنتیں نکالنا ؛ پیٹ کو خالی کرنا ؛ پیٹ چاک کر کے آنتیں نکالنا ۔

disembowelment, n. آنتیں نکالنے کا عمل ؛ پیٹ خالی کرنے کا عمل ؛ پیٹ چاک کر کے خالی کرنے کا عمل ۔

disenchant, v.t. طلسم رُبائی کرنا ؛ ازالۂ سحر کرنا ؛ جادُو کے اثر کا خاتمہ کرنا ؛ فسوں رُبائی کرنا ۔

disenchanter, n. طِلسم رُبا ؛ ازالۂ سِحر کرنے والا ؛ جادو کے اثر کا خاتمہ کرنے والا ؛ فسوں رُبا ۔

disenchantment, n. طِلسِم رُبائی ؛ ازالۂ سحر ؛ جادُو کے اثر کا خاتمہ؛فسوں رُبائی ۔

disencumber, v.t. سر کا بوجھ اُتارنا؛ رکاوٹ دُور کرنا ؛ راستے سے مزاحمتوں کا خاتمہ کرنا ؛ بوجھ سے نجات دلانا ۔

disenfranchise, v.t. محروم استصواب کرنا ؛ رائے دہی یا دیگر کسی شہری حق سے محروم کرنا ۔

disengage, v.t. چُھڑانا ؛ آزاد کرنا ؛ تخلیص کرنا ؛ علیحدہ کرنا؛ جدا کرنا ؛ الگ کرنا ؛ شمشیر زنی میں دو تلواروں کو ایک دوسرے سے جدا کرنا ؛ نسبت توڑ دینا ۔ (فعل لازم) چُھوٹنا ؛ جُدا ہونا ؛ الگ ہونا نسبت ٹوٹ جانا ؛ منگنی ٹوٹنا ۔

disengagement, n. علیحدگی ؛ بریّت ؛ چُھٹکارا ؛ سبکدوشی ؛ جُدائی ؛ انفصال ؛ رہائی ؛ آزادی ؛ تخلیص ؛ نسبت یا منگنی ٹوٹ جانے کا عمل ؛ نشست و برخاست کا بے تکلّفانہ اور بلاتصنُع انداز ؛ شمشیر زنی میں دو تلواروں کا ایک دوسرے سے جُدا ہونے/کرنے کا عمل ۔

disentail, v.t. (قانون) جائیداد کے معاملے میں قاعدۂ توارث سے ابرا کرنا ۔

disentangle, v.t. چُھڑانا ؛ نجات دلانا/دینا ؛ تخلیص کرنا ؛ خلاصی دینا؛ اُلجھاؤ دُور کرنا ؛ حل کرنا ؛ گُتھی سلجھانا؛ کسی مشکل صورت حال سے نکالنا ؛ عُقدہ وا کرنا ۔

disentanglement, n. سُلجھاؤ؛ حل ؛ رہائی ؛ نجات ؛ آزادی ؛ مشکل سے نکلنے کا عمل ۔

disenthrall, disenthral, v.t. آزاد کرنا ؛ غُلامی سے آزاد کرنا ؛ رہائی دینا ؛ قید سے چھوڑنا ؛ گرفت سے نکلنا ۔

disenthrallment, disenthralment, n. آزادی ؛ غلامی سے آزادی ؛ نجات ؛ رہائی ؛ تخلیص ؛ قید سے چُھوٹنے کا عمل یا حقیقت ۔

disequilibrium, n. عدم توازن خصوصاً اقتصادی معاملات میں ۔

disequilibrate, v.t. عدم توازن پیدا کرنا ؛ توازن ختم کر دینا ۔

disequilibration, n. عدم توازن کی حالت ؛ عدم توازن کی صورت حال ۔

disestablish, v.t. کسی نظام یا انتظام کو ختم کر دینا یا مسترد کرنا ؛ کلیسا وغیرہ کو حکومتی سرپرستی اور انتظام سے محروم کرنا ۔

disestablishment, n. خاتمۂ انتظام ؛ موقوفیٔ نظم و نسق ؛ کلیسا سے حکومتی سرپرستی اور انتظام کا خاتمہ ۔

disesteem, n. فُقدانِ احترام ؛ بے عزتی ؛ بے وقری ۔ (فعل متعدی) احترام نہ کرنا ؛ احترام کے قابل نہ سمجھنا ؛ بے وقار کرنا ۔

diseur, n. (فرانسیسی) قِصہ خواں ؛ پیشہ ور عوامی تماشا گر جو واحد کلامی اور قِصّہ خوانی سے محظوظ کرتا ہے ۔

diseuse, n. ایسی خاتون ، پیشہ ور عوامی تماشا گر جو واحد کلامی اور قصہ خوانی سے محظوظ کرتی ہے ۔

disfavor, disfavour, n. نامہربانی ؛ ناراضی ؛ نارضامندی ؛ ناپسندیدگی ؛ ناخوشی ؛ مخالفت ؛ نامہربان رویہ ۔ (فعل متعدی) مہربانی نہ کرنا ؛ دوستی یا حمایت سے ہاتھ کھینچ لینا ۔

disfigure, v.t. بدشکل کر دینا ؛ شکل بگاڑ دینا ؛ بدنُما کرنا ؛ بدہیئت کر دینا ؛ صورت خراب کر دینا ۔

disfiguration, disfigurement, n. بدشکلی ؛ بدنمائی ؛ بھونڈا پن ؛ بدہیئتی؛ زشتی ۔

disfranchise, v.t. محرومِ اِستصواب کرنا ؛ حُقُوق شہریت سے محروم

کر دینا ؛ کسی حق شہریت مثلاً حقِ رائے دہی سے محروم کرنا ۔

disfranchisement, n. استصواب سے محرومی ؛ حُقُوق شہریت سے محرومی ؛ نمائندگی یا حقِ رائے دہی سے محرومی ۔

disgorge, v.t., v.i. اُوکنا ؛ اُگلنا ؛ معدے ، گلے یا مُنہ سے نکالنا ؛ قے کرنا ؛ شدت سے خارج کرنا (جیسے : a volcano disgorges lava) ؛ معدے وغیرہ کی چیزیں اگل کر معدہ خالی کرنا ؛ پانی وغیرہ کا تیزی کے ساتھ غار سے پھوٹ بہنا ؛ لوٹا دینا جیسے لُوٹ اور چوری یا رشوت کا مال ؛ چُھپائی ہوئی چیزیں چھوڑ دینا یا باہر نکال پھینکنا ۔

disgrace, n. بے عزّتی ؛ بے قدری ؛ بے وقری ؛ تحقیر ؛ عزّت و احترام ، مرتبہ ، جاہ و حشمت سے محرومی ؛ تقرُّب سے محرومی؛ بدنامی ؛ شرم ؛ ذِلّت ؛ خواری ؛ رسوائی ؛ بے توقیری ؛ خفت ؛ فضیحتی ۔ (فعل متعدی) عزت و احترام ، مرتبہ ، جاہ و حشمت چھین لینا ؛ ذلیل کرنا؛ رُسوا کرنا ؛ مُوجبِ بدنامی ہونا ؛ مُوجبِ رُسوائی ہونا ۔

disgraceful, a. شرمناک ؛ باعثِ ذلت ؛ مُوجب رسوائی ۔

disgracefully, adv. شرمناکی سے ؛ ذِلّت کے ساتھ ؛ خواری کے انداز سے ۔

disgracefulness, n. شرمناکی ؛ ذِلّت و خواری ؛ رُسوائی ۔

disgruntle, v.t. شاکی ہونا ؛ شکوہ سنج ہونا ؛ آزردہ دل ہونا ؛ اداس ہونا ؛ برہم ہونا ؛ ناراض ہونا ۔

disgruntled, a. شاکی؛ شکوہ سنج ؛ آزردہ دِل ؛ اُداس ؛ برہم؛ ناراض ۔

disgruntlement, n. شکوہ ؛ شکوہ سنجی ؛ آزردہ دِلی ؛ اُداسی ؛ برہمی ؛ ناراضگی ۔

disguise, v.t. بھیس بدلنا ؛ بہرُوپ بھرنا ؛ تلبیس کرنا؛ اصل شکل چُھپانا ؛ چھپانا ۔ (اسم) بھیس ؛ بہروپ ؛ سوانگ ؛ اصل شکل کو چُھپانے کا عمل؛ تلبیس ۔

disguisable, n. قابلِ تلبیس؛ بھیس بدلنے کے قابل؛ بہروپ کے اہل؛ چھپانے کے قابل ۔

disguiser, n. بھیس بدلنے والا ؛ بہروپ بھرنے والا؛ اصل شکل چھپانے والا ؛ تلبیس کرنے والا ۔

disgust, n. تنفّر ؛ نفرت ؛ کراہت ؛ گھن ؛ اکراہ ؛ بیزاری ؛ طورطریقے ، کلام اور دوسروں کی آرا میں قابل نفرین چیز ۔ (فعل متعدی) قابلِ نفرت ٹھہرانا ؛ مکروہ ٹھہرانا ؛ کراہت پیدا کرنا ۔

disgusted, a. متنفر ؛ کراہت کرنے والا ؛ نفرت کرنے والا ؛ بیزار ۔

disgusting, dissgustful, a. قابل تنفُّر ؛ قابلِ نفرت ؛ قابل کراہت ۔

disgustfully, adv. قابل نفرت طریقے سے ؛ قابل کراہت ہونے کے لحاظ سے ؛ متنفرانہ انداز سے ؛ بیزاری سے ۔

dish, n. قاب ؛ ڈونگا ؛ ڈش ؛ طباق ؛ رکابی ؛ تھال ؛ بڑا کُھلا برتن جو کھانا تقسیم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کوئی بھی ایسا برتن جسے کھانا تیّار کرنے، تقسیم کرنے یا کھانے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کسی خاص قسم کا کھانا ؛ اتنا کھانا جو قاب میں آ سکے ؛ قاب بھر ؛ بعض قسم کے پہیوں میں قعریت جیسے گاڑیوں کے پہیوں کی ۔ (عوامی) کوئی عورت خصوصاً من موہنی صورت والی ؛ کوئی بھی پسندیدہ چیز یا ایسی چیز جو کسی کی مہارت کے مطابق ہو ۔ (فعل متعدی) قاب میں ڈالنا ؛ مرکز میں سے قعری شکل کا بنانا جیسے پہیّا ۔ (برطانوی، عوامی) ناجائز فائدہ اُٹھانا یا ٹھگنا ؛ گھوڑے کا اگلے پیر گھماتے ہوئے چلنا ؛ سیاست میں زک پہنچانا ؛ سبقت لے جانا ؛ حریف کے داؤ ہی سے مات دینا ۔

dish it out, (بول چال) پیش کرنا ؛ دینا خصوصاً غیر مادّی شے کا جیسے گالی ؛ تحسین یا خوشامد کرنا ۔

dish out, (بول چال) تقسیم کرنا ، دینا، خصوصاً کوئی مادّی شے جیسے رقم یا خصوصی مزیدار نُقل ۔

dish, n. (فلکیات) ریڈیو یا راڈار کا مکافی عاکس قسم کا ہوائیہ جسے خصوصاً ریڈیو دُوربین میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

dishabille, deshabille, n. ناکافی ملبوس ؛ نیم برہنگی ؛ ملبوسِ شب خوابی ؛ ڈھیلا ڈھالا لباس جو سوتے وقت پہنتے ہیں ؛ لاپروائی سے پہنا ہوا ڈھیلا ڈھالا لباس ۔ (مجازاً) بے ترتیبی ؛ پریشان حالی (جیسے : My mind is in a state of complete dishabille.) ۔

disharmonious, disharmonic, a. بے آہنگ ؛ بے سُرا ؛ غیر متجانس ؛ ناساز ؛ ان مِل ۔

disharmonize, v.t., v.i. بے آہنگ کرنا/ہونا ؛ بے سُرا کرنا/ہونا ؛ ناساز کرنا/ہونا ؛ غیر متجانس کرنا/ہونا ؛ اَن مل کرنا/ہونا ۔

disharmony, n. بے آہنگی ؛ بے سُرا پن ؛ غیر متجانس ہونے کی صفت ؛ ناسازی ؛ ان مِل ہونے کی صفت ۔

dish cloth, dish clout, n. صافی ؛ دُسہال ؛ قاب دھونے کا کپڑا ؛ قاب شو کپڑا ۔

dish cloth gourd, n. توری ؛ سبّی ؛ جُونا ؛ قاب دھونے کا چیتھڑا جو گھیا توری کو سُکھا کر بنایا گیا ہو ؛ وہ اسفنج جو گھیا توری یا کسی دوسری سبزی کو سُکھا کر بنایا گیا ہو ۔

dishearten, v.t. دل شکنی کرنا ؛ حوصلہ شکنی کرنا ؛ ہمّت توڑنا ؛ نااُمّید کرنا ؛ دل توڑنا ؛ آزُردہ کرنا ۔

disheartening, a. دِل شکن ؛ حوصلہ شکن ؛ ہمّت شکن ؛ ہمت توڑنے والا ؛ نااُمّید کرنے والا ۔

dishevel, v.t. بال کھسوٹنا ؛ بال نوچنا ؛ پریشان مو کرنا ؛ ژولیدہ مُو کرنا ؛ پریشان بال کرنا ؛ بال بکھرانا ؛ پریشان لباس ہونا ؛ آشفتہ حال ہونا ؛ کسی شخص کو گندا کرنا ۔

disheveled, dishevelled, a. پریشان مُو ؛ ژولیدہ مُو ؛ پریشان بال ۔

dishevelment, n. پریشان مُوئی ؛ ژولیدہ مُوئی ؛ پریشان بال یا بکھرے بال ؛ پریشان لباس ہونے کی حالت ؛ آشفتہ حالی ۔

dishonest, a. بے ایمان ؛ بد دیانت ؛ فریبی ؛ خائن ؛ بدنیت ۔

dishonestly, adv. بے ایمانی سے ؛ بد دیانتی کے ساتھ ؛ خیانت کے طور پر ۔

dishonesty, n. بے ایمانی ؛ بد دیانتی ؛ خیانت ۔

dishonor, (Brit.), **dishonour**, n. بے حُرمتی ؛ بے عزتی ؛ بے وقعتی ؛ بدنامی ؛ رُسوائی ؛ ذِلّت ؛ شرم ؛ بے اعتباری ؛ ذِلّت کی بات ؛ ننگ ؛ مُوجبِ رسوائی ؛ چیک یا ہنڈی سکھارنے سے انکار ۔ (فعل متعدی) بے عزّت کرنا ؛ بدنام کرنا ؛ رُسوا کرنا ؛ کردار کُشی کرنا ؛ جنسی تقدُّس یا حرمت کو پامال کرنا؛ چیک یا ہنڈی کو سُکھارنے سے انکار کرنا ؛ ذلیل کرنا ۔

dishonorable, a. قابل بے حُرمتی؛ قابلِ بے عزّتی؛ قابلِ شرم؛ بدنامی کے قابل؛ قابلِ ذِلّت؛ ذِلّت آمیز؛ قابلِ ننگ؛ شرم ناک؛ قابلِ رسوائی؛ بے اصول۔

dishonorableness, n. قابلِ بے حرمتی یا قابل بے عزّتی ہونے کی صفت؛ ذِلّت آمیزی؛ باعثِ ننگ ہونے کی صفت؛ فرومائیگی؛ ذلالت؛ رُسوائی؛ بدنامی۔

dishonorably, adv. رُسوا کُن طور پر؛ ذلیل کرتے ہوئے؛ بدنام کرتے ہوئے۔

dishonorable discharge, n. (عسکری) فوجی ملازمت سے بے عزّتی کے ساتھ برخاستگی؛ بارہ پتھّر باہر۔

dishrag, n. قاب شو چیتھڑا؛ برتن دھونے کے لیے کپڑے کا ٹُکڑا؛ صافی؛ جُونا۔

dishtowel, n. قاب خُشکِندہ، تولیے کا ٹُکڑا؛ برتن خشک کرنے کا کپڑا؛ قاب تولیہ۔

dishwasher, n. قاب شو؛ برتن دھونے والا شخص؛ برتن دھونے کی مشین۔

dishwater, n. قاب دھونے کا پانی؛ برتن دھونے کا پانی؛ پانی جس میں برتن دھوئے گئے ہوں۔

dull as dish water, (بول چال) بیزار کُن؛ غیر دلچسپ؛ دِل اُکتا دینے والا؛ اُچاٹ کُن۔

disillusion, v.t. ازالۂ التباس کرنا؛ آنکھیں کھول دینا؛ فریب سے نکالنا؛ دھوکے سے نکالنا؛ اثر زائل کرنا؛ فریب نظری کا ازالہ کرنا۔ (اسم) ازالۂ التباس۔

dis illusionment, n. ازالۂ التباس؛ اثر رُبائی؛ ازالۂ وہم؛ ازالۂ سِحر؛ آنکھیں کُھل جانے کا عمل؛ فریب خوردنی سے نکلنے کا عمل؛ دھوکے سے نکلنے کا عمل؛ فریب نظری سے چُھٹکارا۔

disincline, v.t. میلان یا رغبت ختم کر دینا؛ دل پھیر دینا؛ نارضامند کر دینا؛ متذبذب کر دینا۔

disinclination, n. خاتمۂ میلان/رغبت؛ عدم میلان/رغبت؛ بے رغبتی؛ عدم ارادہ؛ نارضامندی؛ تَذَبذُب؛ گریز؛ پرہیز؛ رُوکَشی۔

disinclined, a. بے میلان؛ بے رغبت؛ بے ارادہ؛ نارضامند؛ متذبذب؛ رُوکَش۔

disinfect, v.t. عفونت رُبائی کرنا؛ چھوت دُور کرنا؛ متعدی مرض کے جراثیم دُور کرنا؛ وبائی اثرات سے پاک کرنا؛ جراثیم رُبائی کرنا۔

disinfectant, n. عفونت رُبا؛ دافعِ تعدیہ؛ جراثیم رُبا؛ دافعِ عفونت؛ مزیل، جراثیمِ متعدی؛ دافعِ چھوت۔

disinflation, n. (معاشیات) ازالۂ افراطِ زر؛ حکومتی عمل کی وجہ سے منصوبہ بندی کے تحت افراطِ زر کے دباؤ کا ازالہ۔

disinformation, n. تلبیسِ معلومات؛ تلبیسِ اطلاعات؛ غلط معلومات نشر کر کے حقیقی معلومات کو چھپانے کا عمل۔

disinform, v.t., v.i. تلبیسِ معلومات کرنا/ہونا؛ معلومات چھپانا؛ تلبیسِ اطلاعات کرنا؛ غلط معلومات نشر کرنا۔

disingenuous, a. ابن الوقت؛ زمانہ ساز؛ نالائق؛ چالباز؛ ظاہر دار؛ دورنگا؛ دو رُخا؛ بدنیت؛ گُھنّا؛ غیر مخلص؛ کپٹی؛ کمینہ۔

disingenuously, adv. ابن الوقتی کے ساتھ؛ زمانہ سازی کے طریقے سے؛ ظاہر داری سے؛ دو رنگی لیے ہوئے؛ دو رُخے پن سے؛ بدنیتی سے؛ گُھنّا پن سے۔

disingenuousness, n. ابن الوقتی؛ چالبازی؛ زمانہ سازی؛ ظاہر داری؛ دو رنگی؛ دو رُخا پن؛ بدنیتی؛ گُھنّا پن؛ کمینگی۔

disinherit, v.t. عاق کرنا؛ محروم الارث کرنا؛ حقِ وراثت سے محروم کرنا جیسے وصیّت کے ذریعے؛ محجوب الارث کرنا۔

disinheritance, n. عاق؛ محروم الارث کرنے کا عمل؛ حقِ وراثت سے محرومی۔

disintegrate, v.t. پارہ پارہ کرنا؛ ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا؛ توڑنا؛ مُنتشر کرنا؛ جُدا کرنا؛ اجزا کو الگ الگ کرنا؛ سفوف بنا دینا؛ حصّے بخرے کر دینا؛ اتحاد پارہ پارہ کر دینا۔ (فعل لازم) ٹُکڑے ٹُکڑے ہونا؛ ٹُوٹنا؛ مُنتشر ہونا؛ جُدا ہونا؛ علیحدہ ہونا؛ اجزا کا الگ الگ ہونا؛ سفوف بننا؛ حصّے بخرے ہونا؛ اتحاد پارہ پارہ ہونا۔ (طبیعیات) تکسُّر کرنا؛ جوہری ترکیب میں تغیُّر قائم رکھنا/رہنا۔

disintegration, n. پارگی؛ عدمِ یک جہتی؛ ٹُکڑے ٹُکڑے ہونے کا عمل؛ ٹُوٹ پھوٹ؛ انتشار؛ جُدائی؛ علیحدگی؛ تجزیہ؛ سفُوف بننے کا عمل؛ حصّے بخرے ہونے کا عمل؛ اتحاد پارہ پارہ ہونے کا عمل؛ ماحولیاتی اثر کے تحت چٹانوں کی بتدریج ٹُوٹ پُھوٹ؛ تکسُّر؛ انشقاق۔

disintegrative, a. پارہ پارہ یا ٹُکڑے ٹُکڑے ہونے سے متعلّق؛ انتشاری؛ مُنتشر؛ اتحاد پارہ پارہ ہونے سے متعلّق؛ متعلّق بہ علیحدگی، متعلّق بہ تجزیہ۔

disintegrator, n. ٹُکڑے ٹُکڑے کرنے والا؛ توڑنے والا؛ جُدا کرنے والا؛ علیحدہ کرنے والا؛ حصّے بخرے کرنے والا؛ اجزا علیحدہ کرنے والا؛ سفُوف بنانے والا؛ اتّحاد پارہ پارہ کرنے والا؛ مِکسار؛ صد پارگی کرنے والا۔

disinter, v.t. اُکھاڑنا؛ قبر کھود کر نکالنا، جیسے لاش کو؛ زمین کھود کر نکالنا؛ تاریکی سے روشنی میں لانا؛ چُھپی ہوئی چیز کو عیاں کرنا؛ گڑی ہوئی چیز کو کھود کر نکالنا؛ تفتیش کر کے معلوم کرنا؛ کھود نکالنا۔

disinterment, n. قبر کھود کر نکالنے کا عمل؛ زمین کھود کر نکالنے کا عمل؛ تاریکی سے روشنی میں لانے کا عمل؛ چُھپی ہوئی چیز کو عیاں کرنے کا عمل؛ گڑی ہوئی چیز کو کھود کر نکالنے کا عمل۔

disinterest, n. عدمِ دلچسپی؛ فُقدانِ دلچسپی؛ بے پروائی؛ بے غرضی؛ بے تعلّقی۔

disinterested, a. بے تعصُّب؛ بے لوث؛ غیر جانبدار؛ بے غرض؛ بے طمع؛ بے تعلّق۔

disinterestedly, adv. بے تعصُّبی سے؛ بے لوثی کے ساتھ؛ غیر جانبدارانہ؛ بے غرضی سے؛ غیر دلچسپی کے ساتھ۔

disinterestedness, n. بے تعصُّبی؛ بے لوثی؛ غیر جانبداری؛ بے غرضی؛ عدمِ دلچسپی۔

disjoin, v.t. توڑنا؛ الگ کرنا؛ علیحدہ کرنا؛ جُدا کرنا۔ (فعل لازم) ٹوٹنا؛ الگ ہونا؛ علیحدہ ہونا؛ جُدا ہونا۔

disjoint, v.t. جوڑوں سے الگ کرنا؛ جوڑ الگ کرنا؛ بے ربط کرنا؛ سلسلہ توڑنا؛ اپنی اصل جگہ سے سرکانا؛ چیزوں کی

فطری ترتیب اور رشتوں کو مُنتشر کرنا ؛ الٹ پلٹ کرنا ؛ ابتر کرنا ۔ (فعل لازم) ٹکڑے ٹکڑے ہونا ؛ جوڑوں سے الگ ہونا ؛ سلسلہ ٹوٹنا ۔

disjointed, a. بے تعلُق ؛ بے ربط ؛ بے ترتیب ؛ بے آہنگ ؛ جوڑ یا جوڑوں سے الگ ۔

disjointedness, n. بے تعلُقی ؛ بے ربطی ؛ بے ترتیبی ؛ عدم تسلسل ۔

disjointly, adv. بے تعلقی سے ؛ بے ربطی سے ؛ بے ترتیبی کے ساتھ ؛ عدم تسلسُل سے ؛ بے آہنگی کے ساتھ ؛ جوڑوں سے الگ ہونے کے نُقطۂ نظر سے ۔

disjunct, n. (منطق) قضیۂ منفصلہ میں دونوں متبادلات میں سے ایک ؛ فارق ۔

disjunct, a. منفصل ؛ غیر مربوط ؛ مسلسل ۔ (حشریات) گہرے منقبض جوڑوں کے ذریعے علیحدہ سر ، سینے اور پیٹ والا ۔ (موسیقی) نغمے کے ایک ثانیے سے زائد وقفوں سے اُتار چڑھاؤ سے متعلّق ۔

disjunction, n. انفصال ؛ تفریق ؛ بے ربطی ؛ تفرّقہ ؛ مفارقت ؛ عدم تسلسل ۔ (منطق) قضیۂ منفصلہ کی حدود کے مابین تعلّق ؛ خود قضیۂ مُنفصلہ ۔

disjunctive, a. انفصالی ؛ تفریقی ۔ (گرامر) فارق ؛ حرف تردید ؛ ملانے والے الفاظ، جُملے یا فقرے جو بلحاظ مفہوم منفصل ہوں یعنی تردیدی حروفِ عطف مثلاً ''لیکن'' ''بلکہ'' اور ''تاہم'' ''یا'' اور ''نہ ہی'' ؛ متبادل ۔ (منطق) متبادل ، جیسے قضیۂ منفصلہ یعنی ایسا قضیہ جس میں یہ دعوی ہو کہ دونوں میں سے کوئی ایک بدل صحیح ہے ۔ (اسم) (گرامر) تردیدی حرفِ عطف ۔ (منطق) قضیۂ منفصلہ ، عمومی طورپر دو متبادلات پر مشتمل بیان ۔

disjunctively, adv. تردیداً ؛ جُدا کرتے ہوئے ؛ انفصالی طور پر ؛ تردیدی لحاظ سے ۔

disk, disc, n. ڈِسک قُرص ؛ طبق ؛ ٹِکیہ ؛ کوئی پتلی چپٹی پلیٹ یا شے ؛ صوت نگار آلے کا ریکارڈ ؛ فونو گراف ریکارڈ ؛ فضا میں کوئی ایسا رقبہ یا مقام جو گول اور چپٹا نظر آئے جیسے سورج ۔ (نباتیات ، حیاتیات) گول اور چپٹا ؛ بابونہ کے قسم کے پھُولوں میں پھول کے سرے کا نلی دار گُلچھے سے بنا ہوا مرکزی حصّہ ۔ (زراعت) قُرصی سراون پر مقعر اور مدوّر پھالا ۔ (کمپیوٹر) مقناطیسی ڈِسک جس پر معلومات بندی کی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کی صوت نگاری میں ریکارڈ تیّار کرنا ۔ (زراعت) سراون پھیرنا ۔

disklike, disclike, a. قُرصی ؛ ٹکیہ نُما ؛ طبق نُما ۔

disk jockey, disc jockey, n. وہ شخص جو ایسے ریڈیو پروگرام چلائے جس میں موسیقی کے ریکارڈ بجانے ، تجارتی اعلانات اور بے تکلّفانہ تبصرے کرنے کا امتزاج پایا جاتا ہو ۔

disk wheel, disc wheel, n. قرصی پہیّا ؛ اروں کے بغیر پہیّا جس میں ایک مرکزی فولادی قُرص ہوتی ہے جو نابھ پر چڑھی ہوتی ہے جسے عموماً گاڑیوں میں استعمال کرتے ہیں ۔

dislike, n. ناپسندیدگی ؛ نفرت ؛ دِل سے اترنے کا عمل ؛ اِعراض ؛ گریز ؛ تنفُر ؛ ناراضی ؛ کراہت ؛ گِھن ۔ (فعل متعدی) ناپسند کرنا ؛ نفرت کرنا ؛ دِل سے اتارنا ؛ بُرا جاننا ؛ گُریز کرنا ۔

dislikable, a. قابلِ ناپسندیدگی ؛ قابلِ نفرت ؛ دل سے اُتارنے کے قابل ۔

dislocate, v.t. سرکانا ؛ جگہ سے ہٹانا ؛ اصل جگہ سے ہٹا دینا ۔ (طِب) جوڑ جوڑ الگ کر دینا ؛ ہڈّی اُتار دینا ؛ نظم و ترتیب میں خلل ڈالنا ؛ اُتار دینا ؛ ٹلانا ۔

dislocation, n. سرکانے یا اصلی جگہ سے ہٹانے کا عمل ؛ نظم و ترتیب میں خلل ۔ (طِب) سلع ؛ تخلّل ؛ جوڑ اترنے کا عمل ۔ (ارضیات) سرکاؤ ؛ چٹانوں یا طبقات کے حصّوں کا اپنی اصل جگہ سے سرکنے کا عمل ۔

dislodge, v.t. مقرّرہ جگہ سے ہٹانا؛ نکال دینا؛ پاؤں جما کر بیٹھے ہوئے دشمن کو اس کی جگہ سے پیچھے دھکیل دینا؛ چُھپنے یا دفاع کی جگہ سے نکال باہر کرنا ؛ قابض کو مقبوضہ مقام سے نکال دینا ؛ اُٹھا دینا ۔ (فعل لازم) مقامِ رہایش سے چلے جانا ۔

dislodgment, dislodgement, n. نکاسی ؛ مقرّرہ جگہ سے ہٹا دینے یا نکال دینے کا عمل ؛ پاؤں جما کے بیٹھے ہوئے دشمن کو اس کی جگہ سے پیچھے دھکیل دینے کا عمل ؛ چُھپنے یا دفاع کی جگہ سے باہر کرنے کا عمل؛ قابض کو مقبوضہ مقام سے نکال دینے کا عمل ؛ مقامِ رہایش ترک کرنے کا عمل ؛ انخلا ؛ نقلِ مکانی ؛ انخلائے مکان ۔

disloyal, a. غیر وفادار ؛ بے وفا ؛ غیر صادق ؛ غیر مخلص ؛ نمک حرام ؛ باغی ؛ غدار ؛ سرکش ۔

disloyally, adv. غیر وفاداری سے ؛ بے وفائی کے ساتھ ؛ غیر صادقانہ ؛ غیر مخلصانہ طور پر ؛ نمک حرامی سے ؛ باغیانہ انداز سے ؛ غدارانہ ۔

disloyalty, n. غیر وفاداری ؛ بے وفائی ؛ عدمِ اخلاص ؛ نمک حرامی ؛ بغاوت ؛ غدّاری ؛ سَرکشی ۔

dismal, a. تاریک ؛ اندھیرا ؛ افسُردہ ؛ آزُردہ ؛ مایوس ؛ مغموم ؛ محزون ؛ بہت بُرا ؛ آلام زدہ ؛ اداس ؛ غمگین ؛ دل گیر ؛ رنجیدہ ۔ (متروک) بدقسمت ۔ (اسم) (جنوبی امریکا) دلدلی علاقہ ۔ (صیغہ جمع ، بول چال) بے کیفی ؛ افسُردگی ؛ اُداسی ؛ غمگینی ؛ گھبراہٹ ۔

dismantle, v.t. منہدم کرنا ؛ گرانا ؛ بے لباس کرنا ؛ ننگا کرنا ؛ اُکھاڑنا ؛ محروم کرنا ؛ فرنیچر، ساز و سامان ، قلعہ بندی وغیرہ سے محروم کر دینا ؛ الگ الگ کرنا ؛ توڑ دینا ؛ سامان اُتار لینا ؛ بے آرایش کر دینا ۔

dismast, v.t. مستُول توڑ ڈالنا ؛ مستُولوں سے محروم کرنا ۔

dismay, v.t. دھمکانا ؛ ڈرانا ؛ مایوس کرنا ؛ حوصلہ یا ہمّت توڑ دینا ؛ عزم ختم کر دینا ؛ خوفزدہ یا دہشت زدہ کر دینا ؛ ہیبت زدہ کر دینا ؛ غمزدہ کر دینا ۔ (اسم) ہمّت شکنی ؛ حوصلہ شکنی ؛ ہیبت ؛ تراس ؛ خوف ؛ حُزن ۔

dismayingly, adv. ہیبت کے ساتھ ؛ حوصلہ شکنی سے ۔

dismember, v.t. عضو عُضو الگ کرنا ؛ ہر حصّۂ جسم کو کاٹ کر الگ کر دینا ؛ جسم کا بند بند الگ کر دینا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا ؛ اعضائے جسم کو کاٹ دینا ؛ کسی چیز کے حصّے کاٹ کر بانٹ دینا ؛ کسی مُلک کو مختلف علاقوں میں تقسیم کر دینا ؛ تقسیمِ مُلک کرنا ۔

dismemberment, n. علیحدگیٔ اعضا ؛ جسم کا عُضو عُضو کاٹ کر الگ کر دینے کا عمل ؛ ہر حصّۂ جسم کو کاٹنے کا عمل ؛ بند بند جسم سے الگ کر دینے کا عمل ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینے کا عمل؛ اعضائے جسم کو کاٹ دینے کا عمل ؛ کسی چیز کے حصّے کاٹ کر بانٹ دینے کا

عمل ؛ کسی مُلک کو مختلف علاقوں میں تقسیم کر دینے کا عمل؛ حصے بخرے؛ تقسیم ملک۔

dismiss, v.t. بھیج دینا؛ جانے کی اجازت دینا ؛ ترک کرنا ؛ عہدے ، خدمت ، ملازمت سے ہٹا دینا ؛ نظر انداز کرنا ؛ سبکدوش کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ برخاست کرنا ۔ (قانون) مقدمّہ خارج کر دینا ۔

dismissal, dismission, n. برخاستگی ؛ سُبکدوشی ؛ موقُوفی ؛ بھیجنے کا عمل ؛ جانے کی اجازت دینے کا عمل ؛ ترک کرنے کا عمل ؛ عہدے ، خدمت یا ملازمت سے ہٹا دینے کا عمل ؛ نظر اندازی ؛ معزولی ؛ برطرفی ؛ اخراج ۔

dismount, v.i. اُترنا ؛ سواری سے اُترنا جیسے گھوڑے سے ۔ (فعل متعدی) اُونچی جگہ سے نیچے گرانا ؛ گھوڑے سے اُتارنا ؛ کسی چیز کو اس کی اُونچی جگہ سے گرا دینا جیسے ٹائر کو رم سے نکال کر گرانا ؛ پٹکنا ؛ مختلف اجزا کو الگ الگ کرنا ۔ (اسم) اُتارنے کا عمل یا طرز ۔

disobedience, n. نافرمانی ؛ حُکم عدولی ؛ سرکشی ۔

disobedient, a. نافرمان ؛ حکم عدُول؛ سَرکَش؛ بے لگام ؛ منھ زور ۔

disobediently, adv. نافرمانی سے ؛ حکم عدُولی سے ؛ سرکشی کے ساتھ ۔

disobey, v.t., v.i. نافرمانی کرنا ؛ نا فرمان ہونا ؛ حُکم عدولی کرنا ؛ حُکم عدول ہونا ؛ سرکشی کرنا ؛ سرکش ہونا ۔

disobeyer, n. نافرمانی کرنے والا؛ حکم عدُولی کرنے والا؛ سرکش ؛ نافرمان ۔

disoblige, v.t. کسی کی مرضی اور خواہش کے خلاف کام کرنا ؛ احسان اور دوستانہ کام کرنے سے قاصر رہنا ؛ ناراض کرنا ؛ مروت نہ کرنا ؛ پاس لحاظ نہ کرنا ؛ رُکھائی برتنا ۔

disobliging, a. بدلحاظ ؛ بے مُرَوت ؛ رُوکھا ۔

disobligingly, adv. بدلحاظی سے ؛ بے مروّتی کے ساتھ ؛ رُکھائی کے ساتھ ۔

disorder, n. بے ترتیبی ؛ بدنظمی ؛ بے قاعدہ تقسیم ؛ انتشار ؛ شوروغل ؛ بدامنی ؛ جسم یا ذہن کے نارمل اور صحت مندانہ وظائف میں خلل یا تعطُل ؛ مرض ؛ بیماری ؛ عارضہ ؛ علالت ؛ اختلال ؛ فتور ؛ ماندگی ؛ پراگندگی ؛ کھلبلی ؛ ہلچل ؛ ابتری ؛ شور ؛ ہنگامہ ؛ بلوہ ؛ ہڑبونگ ۔ (فعل متعدی) بے ترتیبی پیدا کرنا ؛ اختلال پیدا کرنا ؛ انتشار پیدا کرنا ؛ کسی چیز کے فطری وظائف میں خلل ڈالنا ؛ علیل کرنا ؛ عقل و دانش کو مختل کرنا ؛ بکھیرنا ؛ منتشر کرنا ؛ ابتری پیدا کرنا ؛ درہم برہم کرنا ؛ اُلٹ پُلٹ کرنا ؛ تتر بتر کرنا ۔

disordered, a. بے ترتیب ؛ پریشان ؛ پراگندہ ؛ جسمانی یا ذہنی اختلال میں مُبتلا ؛ مختل ؛ ماندہ ؛ ابتر ۔

disorderedly, adv. بے ترتیب طریقے سے ؛ ابتری سے ؛ پریشانی کے لحاظ سے ؛ پراگندگی سے ؛ جسمانی یا ذہنی بیماری کے لحاظ سے ۔

disorderedness, n. بے ترتیبی ؛ پریشانی ؛ ابتری ؛ پراگندگی ؛ انتشار ؛ ہڑبونگ ؛ شوروغُل ؛ عقل و دانش کا اختلال ۔

disorderly, a. بے ترتیب ؛ ابتر ؛ درہم برہم ؛ پریشان ؛ ژولیدہ ؛ بے تکا ؛ اُلٹ پُلٹ ؛ بے ڈھنگا ؛ تتر بتر ؛ پراگندہ ؛ پریشان حال ؛ پریشان خیال ؛ بے سلیقہ ؛ بے لگام ؛ سرکش ؛ مفسد ؛ مُنھ زور ؛ بے ضابطہ ؛ امن میں خلل والا ؛ شوریدہ سر ؛ قوانینِ امن و اخلاقیات کے خلاف ۔ (متعلّق فعل) بے سلیقہ طریقے سے ۔

disorderliness, n. بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ ژولیدگی ؛ پراگندگی ؛ پریشان حالی؛ پریشان خیالی ؛ بے سلیقگی ؛ بے لگامی؛ مُنھ زوری ؛ بے ضابطگی ؛ نقض امن ؛ خللِ امن ؛ شوریدہ سری ؛ خلاف ورزئ قوانین امن و اخلاقیات ۔

disorderly conduct, n. (قانون) بے ضابطہ طرز عمل ؛ عموماً غیر معینہ حد جس سے امن و امان عامہ یا اخلاق عامہ کے منافی کسی جُرم کا احتمال ہو ۔

disorderly house, n. چھلّا کوٹھی ؛ ایسا مکان جہاں اخلاق باختگی اور جوئے کا کاروبار ہوتا ہو ؛ پاپ منڈلی ؛ گناہ گھر ؛ اڈّا ۔

disorganize, v.t. بے ترتیب کرنا ؛ کسی چیز کی عضویاتی ساخت یا ترتیب میں گڑبڑ پیدا کرنا ؛ انتشار یا ابتری میں مبتلا کرنا ؛ بدنظمی پیدا کرنا ۔

disorganization, n. بدنظمی ؛ ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ فقدان ہم آہنگی ؛ بے ضابطی ؛ عدم تنظیمی ۔

disorient, disorientate, v.t. بے سمت کرنا ؛ ہوش و حواس مختل کرنا ؛ چکرا جانا ؛ ماحول سے تعلّق میں گڑبڑ پیدا ہو جانا ؛ سمت یا موقعے کے بارے میں شُبہے میں ڈالنا ۔

disorientation, n. ہوش و حواس کا اختلال ؛ چکرا جانے کا عمل ؛ ماحول سے تعلّق میں گڑبڑ ؛ سمت یا موقعے کے بارے میں شبہہ ؛ بے سمتی ۔ (طبّ نفسی) کسی میں وقتی طور پر یا مستقل طور پر ادراک مکان ، دوران یا شناخت کا اتلاف ۔

disown, v.t. تسلیم نہ کرنا ؛ قبول کرنے سے انکار کرنا ؛ نہ ماننا ؛ تردید کرنا ؛ دست بردار یا دست کش ہونا ؛ منکر ہونا ۔

disparage, v.t. تحقیر کرنا ؛ بدنام کرنا ؛ استخفاف کرنا ؛ مرتبے میں کمی کرنا ؛ عزّت و احترام میں کمی کرنا ؛ کم قدری کرنا ؛ اہانت کرنا ؛ بُرا بھلا کہنا ۔

disparagement, n. تحقیر ؛ بدنامی ؛ اہانت ؛ استخفاف ؛ مرتبے میں کمی ؛ عزت و احترام میں کمی ؛ کم قدری ؛ ہتک ؛ ذلّت ۔

disparate, a. مُختلف ؛ مُتفاوت ؛ غیر مُتساوی ؛ مُختلف النوع ؛ مختلفُ الاصل ؛ بے جوڑ ۔

disparately, adv. مختلف طور پر ؛ متفاوت لحاظ سے ؛ غیر متساویانہ ؛ مختلف النوع/مختلف الاصل ہونے کے لحاظ سے ؛ بے جوڑ ہونے کے نُقطۂ نظر سے ۔

disparateness, n. اختلاف ؛ تفاوُت ؛ اختلاف نوع ؛ اختلاف اصل ؛ عدم مساوات ؛ بے جوڑ پن ۔

disparity, n. اختلاف ؛ تفاوُت ؛ عدم مساوات ؛ اختلاف نوع ؛ اختلاف اصل ؛ فرق ؛ بے جوڑ پن ؛ درجے ، عمر ، مرتبے ، حالت یا فضیلت میں فرق ؛ تمیز ۔

dispassion, dispassionateness, n. غیر جانبداری ؛ عدمِ تعصُّب ؛ عدم طرفداری ؛ بے تعصبی ؛ جذبات سے ماورا ہونے کی صفت ؛ حلم ؛ راستبازی ۔

dispassionate, a. غیر جانبدار ؛ غیر متعصب ؛ بے تعصُّب ؛ جذبات سے ماورا ؛ حلیم ؛ راستباز ؛ مُنصِف ۔

dispassionately, adv. غیر جانبداری سے ؛ عدمِ تعصبی /بے تعصّبی کے

نقطۂ نظر سے ؛ جذبات سے ماورا ہونے کے لحاظ سے ؛ عادلانہ ؛ مُنصِفانہ ۔

dispatch, (Brit.), **despatch,** v.t. بھیجنا ؛ ارسال کرنا ؛ ترسیل کرنا ؛ روانہ کرنا ,عموماً کسی خاص مہم پر اور جلدی میں ؛ قتل کرنا ؛ مارنا ؛ ختم کرنا ۔ (اسم) قتل ؛ خاتمہ ؛ فیصلہ ؛ جلد/فوری فیصلہ ؛ مستعجل کارکردگی ؛ جلدی ؛ جلدی میں بھیجا ہوا پیغام خصوصاً سفارتی یا عسکری قاصد کے ذریعے ارسال کردہ مراسلہ ۔ (صحافت) خبری کہانی جِسے نامہ نگار یا اخباری خدمت کے ذریعے ارسال کیا جائے ؛ مکتوب ؛ پیغامات و مال کو جلد بھیجنے کے لیے تنظیم یا ذرائع ۔

dispatcher, despatcher, n. مُرسِل ؛ ارسال کُنندہ ؛ ترسیل کُنندہ ؛ ترسیل کار ؛ بھیجنے والا ؛ مراسلات روانہ کرنے والا؛جہازوں ، گاڑیوں ، بسوں ، ٹرکوں یا ٹیکسیوں کو روانہ کرنے والا یا ان کے نظام الاوقات بنانے والا ۔

dispel, v.t. زائل کرنا ؛ رفع کرنا ؛ دُور کرنا ؛ بادلوں ، شُبہات یا خوف کا خاتمہ کرنا۔

dispensable, a. قابلِ استثنا ؛ استثنا پذیر ؛ جس کے بغیر گزارا ہو سکے ؛ غیر ضروری ؛ تقسیم پذیر بطور دوا ۔

dispensability, dispensableness, n. قابلیّت استثنا ؛ استثنا پذیری ؛ غیر ضروری پن ؛ تقسیم پذیری بطور دوا ۔

dispensary, n. فروش گاہ ادویہ ؛ دواخانہ ؛ ڈسپنسری ؛ شفا خانہ ؛ دوا فروش کی دُکان ؛ عطار کی دُکان ؛ مَطب ؛ مُفت دواخانہ ؛ خیراتی شفا خانہ ۔

dispensation, n. تقسیم بطورِ دوا ؛ بانٹ ؛ تقسیم ؛ بٹوارا ؛ بانٹی جانے والی شے ؛ نظم و نسق اور انتظام کا منصوبہ اور نظام ۔ (الٰہیات) تقدیر ؛ مقسوم ؛ نظامِ فطرت ؛ خُدا کی طرف سے نازل شُدہ اخلاقی اور شرعی نظام جیسے مَوسوی شریعت یا عیسوی شریعت وغیرہ ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) اجازت یا اجازت نامہ برائے افعالِ غیر شرعی ؛ اوامر و نواہی سے استثنا کا اجازت نامہ ۔

dispensational, a. متعلّق بہ تقسیم ؛ متعلّق بہ تقدیر ؛ بانٹ سے متعلّق ؛ متعلّق اوامر و نواہی ۔

dispensatory, n. کتاب الادویہ ؛ قرابادین ۔

dispense, v.t. تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ؛ دوا وغیرہ دینا ؛ حصّے کر کے بانٹنا ؛ قوانین وغیرہ کا اطلاق کرنا ؛ دوا تیّار کرنا ؛ دوا دینا ؛ نُسخے کی ہدایت کے مطابق دوا تیّار کر کے استعمال کرانا یا دینا ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) کسی کو حکم دینا ؛ امر یانہی دینا ؛ مستثنے قرار دینا ؛ احسان سے سبکدوش قرار دینا ؛ بخشے ہوئے قرار دینا ۔

dispense with, (محاورہ) غیر ضروری سمجھتے ہوئے چھوڑ دینا ؛ ترک کر دینا ۔

dispenser, n. نسخہ ساز ؛ دوا ساز ؛ عطّار ؛ کوئی ایسی ترکیب یا مشین جو کسی چیز کو معیّنہ مقدار میں تقسیم کرے ؛ مقسّم ۔

disperse, v.t. مُنتشر کرنا ؛ مختلف سمتوں میں بھیج دینا ؛ تتّر بتّر کرنا ؛ بھگا دینا ؛ پراگندہ کرنا ؛ بکھیرنا ۔ (کیمیا ، طبیعیات) انتشار میں ڈالنا ؛ طیف بنانا ؛ سفید روشنی کو مختلف رنگوں میں تقسیم کرنا ۔ (فعل لازم) مُنتشر ہونا ؛ مختلف سمتوں میں جانا ؛ بھاگ جانا ؛ پراگندہ ہونا ؛ بکھرنا ؛ طیف بننا ۔

dispersedly, adv. منتشر ہونے کے انداز سے ؛ مختلف سمتوں میں بھیجنے یا جانے کے نُقطۂ نظرسے ؛ بکھرنے کے لحاظ سے ۔

disperser, n. منتشر کرنے والا ؛ مختلف سمتوں میں بھیجنے یا جانے والا ؛ بکھیرنے یا بکھرنے والا ۔

dispersible, a. قابلِ انتشار ؛ مُنتشر ؛ پراگندہ ؛ مختلف سمتوں میں بھیجنے یا جانے کے قابل ؛ بکھیرنے یا بکھرنے کے قابل ۔

dispersion, n. انتشار ؛ پھیلاؤ ؛ پراگندگی ؛ بکھراؤ ؛ طیف ؛ انتشارِ نُور ۔ (بڑے D کے ساتھ) یہودیوں کا اپنے وطن سے نکل کر بکھرنے کا عمل ۔ (طبیعیات) امواجِ نُور ؛ اشعاعِ نور ؛ مُرکّب امواجِ صوت وغیرہ کی اس کے اجزائے ترکیبی میں تقسیم جیسے سفید رُوشنی کا منشور کے ذریعے اس کے ترکیبی رنگوں میں تجزیہ ، طیف ۔ (کیمیا) ٹھوس ، مائع یا گیس جیسے دودی دُھند یابلوئے ہوئے دودھ میں معلّق چھوٹے چھوٹے علیحدہ علیحدہ ذرّات کا نظام ۔ (شماریات) کسی متغیرہ کے ، اقدار کی تقسیم کی اوسط کے گردا گرد ، بعض رشتوں کی ترتیب کاری ۔

dispersive, a. انتشاری ؛ متعلّق بہ انتشار ۔

dispersively, adv. انتشار کے نُقطۂ نظر سے ؛ بکھرنے کے لحاظ سے ۔

dispersiveness, n. انتشاریت ۔

dispersoid, n. (کیمیا) منتشرہ ؛ وہ کیمیاوی تشکیل جو اس وقت واقع ہوتی ہے جب ایک شے کے نفاست سے تقسیم شُدہ ذرّات دُوسری شے میں منتشر تعلیق کی حالت میں ہوتے ہیں ۔

dispirit, v.t. ناأمّید کرنا ؛ ہمّت توڑنا ؛ مایُوس کرنا ؛ حوصلہ شکنی کرنا ؛ دِل توڑنا ۔

dispirited, a. ناأمّید ؛ ہمت توڑے ہوئے ؛ مایُوس ؛ شِکستہ دل ۔

dispiritedly, adv. نا اُمّیدانہ ؛ مایُوسانہ ؛ شکستہ حوصلے کے ساتھ ؛ شکستہ دلی سے ۔

dispiritedness, n. نااُمّیدی ؛ مایُوسی ؛ ہمّت/حوصلہ شکنی ۔

displace, v.t. اپنی جگہ سے ہٹانا ؛ سرکانا ؛ بے محل کرنا ؛ منتقل کرنا ؛ بے گھر کر دینا ؛ کسی کو ہٹا کر اس کی جگہ لے لینا ؛ ایک چیز کو ہٹا کر اس کی جگہ دُوسری چیز رکھنا ؛ برطرف کر دینا ؛ مرتبے یا عُہدے سے ہٹا دینا ۔

displaceable, a. قابلِ منتقلی ؛ اپنی جگہ سے ہٹانے کے قابل ؛ سرکانے کے قابل ؛ قابلِ برطرفی ؛ جس کا متبادل مل سکے ۔

displacement, n. سرکاؤ ؛ جُنبش ؛ اپنی جگہ سے ہٹانے یا ہٹنے کا عمل یا اس کی حقیقت ؛ منتقلی ؛ تبدیلیِ مقام ؛ بے گھر ہونے کا عمل ؛ برطرفی ۔ (طبیعیات) بحری جہاز کی مانند کسی تیرنے والے جسم کی وجہ سے ہٹے ہوئے پانی کا وزن یا حجم جس کا وزن تیرتے ہوئے جسم کے مساوی ہوتا ہے ۔ (مشین) فشارہ (پسٹن) کی واحد حرکت سے ہٹی ہوئی جگہ کا حجم ۔ (تحلیلِ نفسی) کسی فرد کے اندر کسی شخص یا شے کے ساتھ اس کی جذباتی وابستگی کی کسی کم تر شخص یا شے کی طرف مُنتقلی کا عمل ؛ غیر وضعیت ۔

displaced person, بے گھر شخص ؛ بے خانماں یا بے آباد شخص ؛ مہاجر ؛ ایسا شخص جو فوجی یا سیاسی وجوہ کی بنا پر اپنے آبائی وطن

کو نہ لوٹ سکے ۔

display, v.t. مظاہرہ کرنا ؛
نمایش کرنا ؛ دکھانا ؛ پھیلانا ؛ پسارنا ؛ ظاہر کرنا ؛ عیاں کرنا ؛ نمایاں
کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ نُمود کرنا ؛ اظہار کرنا ۔ (طباعت) طباعت میں نمایاں
کرنا جیسے بڑی سرخیوں کے ذریعے ؛ جلی کرنا ۔ (اسم) مظاہرہ ؛ نمایش ؛
دکھاوا ؛ اظہار ؛ پھیلاؤ ؛ تماشا ؛ نُمود ؛ منفی شعاعوں کی نلی یا کوئی
بصری مواصلاتی آلہ ۔

display type, n. (طباعت) جلی ٹائپ ؛ نمایشی ٹائپ ؛
بڑے ناپ کا ٹائپ جسے خصوصاً قارئین کی توجُہ مبذول کرانے کے لیے
سُرخیوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

displease, v.t. ناراض کرنا ؛ ناخُوش کرنا ؛ آزُردہ کرنا ؛
خفا کرنا ۔ (فعل لازم) ناراض ہونا ؛ ناخُوش ہونا ؛ خفا ہونا ۔

displeasure, n. ناراضگی ؛ ناخوشی ؛ خفگی ؛
ناپسندیدگی ؛ آزُردگی ؛ بیزاری ؛ رنجش ۔

disport, v.t., v.i. دل بہلانا ؛ دل لگی کرنا ؛ کلیلیں کرنا ؛
تماشا کرنا ؛ اٹکھیلیاں کرنا ؛ کھیل کُود میں مشغول ہونا ۔

disposable, a. قابلِ نکاسی ؛ قابلِ ضیاع ؛ تصفیہ پذیر ؛ تلف پذیر ؛ قابلِ تلف

disposable personal income, n. ذاتی محصولات کی منہائی کے بعد
کسی مخصوص سال میں خرچ کے لیے دستیاب آمدنی ۔

disposal, n. نکاسی ؛ تصفیہ ؛ خاتمہ ؛ ضیاع ؛ علیحدگی ؛
بندوبست ؛ سپردگی ؛ تفویض ، فروخت ؛ بیع ؛ انتظام و انصرام ؛ ترتیب ؛
آراستگی ۔

disposer, n. فروخت کُنندہ ؛ نکاس کرنے والا ؛ تصفیہ کُنندہ ۔

disposability, disposableness, n. نکاس پذیری ؛ قابلیتِ ضیاع ؛
تصفیہ پذیری ۔

dipose, v.t., v.i. انتظام کرنا ؛ مناسب طریقے سے رکھنا
یا دینا ؛ تقسیم کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ کسی خاص مقصد کی طرف راغب یا
مائل کرنا ؛ ذہن میں کوئی خاص رجحان پیدا کرنا ، مرتّب کرنا ؛ آراستہ
کرنا ؛ سجانا ، سنوارنا ؛ ضابطہ بندی کرنا؛ تعیین کرنا ؛ طے کرنا۔

dispose of, (محاورہ) مُحروم ہونا ؛
علیحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ اجنبی بن جانا ؛ فروخت کرنا ؛ کسی کے حوالے
کرنا ؛ بیچ ڈالنا ؛ عطا کرنا ؛ استعمال کرنا ؛ نجات حاصل کرنا ۔

disposition, n. [لاطینی:ترتیب] ٹھکانے لگانے کا عمل ؛ ٹھکانے لگائے
جانے کی حالت ؛ طریقِ ترتیب ؛ فطری موزونیت یا رُجحان ؛ طبیعت یا
ذہن کی ہیجانی ساخت ؛ مزاج ؛ برتاؤ ؛ بناوٹ ؛ آراستگی ؛ سجاوٹ ؛
شوق ؛ التفات ؛ جُھکاؤ ؛ خصلت ؛ عادت ؛ سرشت ؛ افتادِ طبع ؛
میلان ؛ رغبت ؛ فوج کی تقسیم ؛ فوج کی ترتیب ؛ امر الٰہی ؛ برکت
(عیسائیت) ۔

dispossess, v.t. محروم کرنا ؛ بے دخل کرنا ؛
قبضے سے کوئی چیز لے لینا ؛ نکال دینا ؛ بُھوت پریت کو جسم سے نکال
دینا ؛ آسیب سے نجات دلانا ؛ مقام سے ہٹا دینا ؛ تصرُّف کرنا ۔

disproof, n. ابطالِ ثبوت ؛ ردِّ دلیل ؛ تردید ؛ بطلان ؛ ردّ ؛ استرداد ۔

disproportion, n. عدمِ تناسُب ؛ غیر موزونیّت ؛ عدمِ تشاکُل ؛
بے اعتدالی ؛ بے آہنگی ؛ عدم مساوات ؛ نابرابری ۔ (فعل متعدی) خلافِ
تناسب ہونا ؛ غیر متناسب ہونا ؛ غیر موزوں ہونا ؛ بے ڈھنگا ہونا ۔

disproportional, disproportionate, a. غیر متناسب ؛ نامتناسب ؛
بے ڈھنگا ؛ غیر موزوں ؛ بے آہنگ ؛ بے اعتدال ؛ غیر مساوی ۔

disproportionateness, n. عدمِ تناسب ؛ غیر موزونیت ؛
عدم تشاکل ؛ بے اعتدالی ؛ بے آہنگی ؛ عدمِ مساوات ؛ نابرابری ؛
بے ڈھنگا پن ۔

disproportionately, disproportionally, adv. غیر متناسب طریقے سے ؛ غیر
موزوں طور پر ؛ بے آہنگی سے ؛ عدمِ مساوات کے لحاظ سے ۔

disprove, v.t. باطل ثابت کرنا ؛ غلط ثابت کرنا ؛ غلط ٹھہرانا ؛
بطلان کرنا ؛ جُھٹلانا ؛ تردید کرنا ؛ ردّ کرنا ؛ استرداد کرنا ۔

disprovable, a. قابلِ بطلان ؛ قابلِ ابطال ؛
قابلِ تغلیط ؛ قابلِ تردید ؛ قابلِ ردّ ؛ جُھٹلانے کے قابل ۔

disputable, a. قابلِ تنازُع ؛ متنازع فِیہ ؛ مشتبہ ؛ مشکوک ؛
اعتراض پذیر ؛ غیر مسلّمہ ؛ لائقِ بحث ؛ قابلِ حُجّت ؛ قابلِ تکرار ۔

disputability, n. تکرار پذیری ؛ حجت پذیری ؛
متنازع فیہ ہونے کی صفت ۔

disputant, n. فریقِ تنازُع ؛ مباحث ؛ مناظر ؛ جھگڑا کرنے والا ؛
معترض ؛ جھگڑالو ؛ تکراری ؛ حُجّتی ۔

disputation, n. مباحثہ ؛ مناظرہ ؛ تنازع ؛ جھگڑا ؛
بحث ؛ حجّت ؛ دلیل ؛ تکرار ؛ نزاع ۔

disputatious, disputative, a. جھگڑالُو ؛ حُجّتی ؛ تکراری ؛
بحث و مناظرے کا رسیا ۔

dispute, v.i., v.t. بحث کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ مناظرہ کرنا ؛ جھگڑنا ؛
جھگڑا کرنا ؛ تنازُع کرنا ؛ اختلاف رائے کرنا ؛ ردّ و قدح کرنا ؛ حُجّت کرنا ؛
تکرار کرنا ؛ کسی چیز پر اعتراض کرنا ؛ کسی چیز کے بارے میں حق
جتلانا ؛ کسی کے حق کی مخالفت کرنا ۔ (اسم) تنازُع ؛ بحث ؛ مناظرہ ؛
جھگڑا ؛ اختلاف رائے ؛ تکرار ۔

disputer, n. بحث کرنے والا ؛ مناظر؛مباحث ؛ تنازُع کرنے والا ؛
جھگڑا کرنے والا ؛ اختلاف کُنندہ ؛ تکرار کُنندہ ۔

disqualify, v.t. نااہل قرار دینا ؛ ناموُزوں قرار دینا ؛
ناموافق قرار دینا ؛ ناسزاوار کرنا ؛ ناقابل بنانا یا ٹھہرانا ؛ محروم کر دینا ؛
ممنوع کرنا ؛ کسی مقصد کے لیے مطلوب صفات یا خصوصیات جن کی
غیر موجودگی سے کسی شخص کا نااہل قرار پانا(جیسے: weakness
disqualified him for labour) ؛ قواعد کی خلاف ورزی کی بنا پر مقابلے
سے خارج کرنا ؛ قانونی اہلیت ، اختیار یا حق سے محروم کرنا ۔

disqualification, n. نااہلیّت ؛ ناقابلیت ؛ ناسزاواری ؛ ناموافقت ؛
عدم صلاحیت ؛ نامُوزونیت ؛ نقص ؛ خامی ؛ امتناع ؛ قانونی نااہلیت ؛
قواعد کی خلاف ورزی کی بنا پر مُقابلے سے اخراج ۔

disquiet, n. بے چَینی ؛ بیقراری ؛ بیتابی ؛
پریشانی ؛ بے کلی ؛ بے آرامی ؛ گھبراہٹ ؛ تردُّد ؛ اضطراب ؛ اضطرار ۔
(فعل متعدی) آرام و سکون چھین لینا ؛ بے چَین کرنا ؛ بیقرار کرنا ؛ بے
تاب کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ بیکل کرنا ۔

disquieting, a. بے چَین کُن ؛ بیقرار کُن ؛ بیتاب کُن ؛
پریشان کُن ؛ بیکلی پیدا کرنے والا ۔

disquietly, adv. بے چینی سے ؛ بیقراری کے ساتھ ؛
بیتابی کے لحاظ سے ؛ پریشانی سے ؛ بے کلی کے ساتھ ۔

disquietude, n. فُقدانِ چین ؛ فُقدانِ قرار ؛ بے کلی ؛ بے تابی ؛
اضطرار ؛ بے چینی ۔

disquisition, n. کسی موضوع پر اثر انداز ہونے والے حقائق اور حالات پر بحث کرتے ہوئے تفتیش و تحقیق ؛ مقالہ ؛ مضمون ۔

disregard, n. نظر انداز کرنے کا عمل ؛ اعراض ؛ صَرفِ نظر ؛ بے مروّتی ؛ بے لحاظی ؛ غفلت ؛ اغماض ؛ بے اعتنائی ؛ بے پروائی ؛ بے توجہی ؛ بے التفاتی ؛ عدمِ توجہی ۔ (فعل متعدی) نظر انداز کرنا ؛ اعراض کرنا ؛ صرفِ نظر کرنا ؛ بے پروائی کرنا ؛ عدمِ توجہی کرنا ؛ اغماض کرنا ؛ بے التفاتی کرنا ؛ توجّہ نہ دینا ؛ غفلت کرنا ؛ طرح دینا ۔

disregardful, a. بے/لاپروا ؛ بے توجُّہ ؛ بے اعتنا ؛ بے مروّت ؛ بے التفات ۔

disrelation, n. فقدانِ تعلّقات ؛ مناسب رابطے کا فُقدان ؛ عدمِ تعلّق ۔

disremember, v.t., v.i. (بول چال) (زیادہ تر جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا میں) یاد نہ کرنا ، یاد نہ آنا ؛ بُھلانا ؛ بُھولنا ۔

disrepair, n. فُقدانِ مرمّت ؛ مرمّت طلبی ؛ بوسیدگی ؛ شِکست و ریخت ۔

disreputable, a. بدنام ؛ بُری شہرت کا ؛ بدحیثیت ؛ بے آبرو ؛ ذلیل ؛ رُسوا ؛ بدذات ؛ نیچ ؛ کمینہ ؛ ناشایستہ ؛ رذیل ۔

disreputableness, direputability, n. بدنامی ؛ بُری شہرت ؛ بے آبروئی ؛ ذلالت ؛ بدحیثیتی ؛ بدذاتی ؛ نیچ پن ؛ کمینگی ؛ ناشایستگی ۔

disreputably, adv. بدنامی سے ؛ بُری شہرت کے ساتھ ؛ بدحیثیتی سے ؛ بدذاتی کے نُقطۂ نظر سے ؛ نیچ پن کے نُقطۂ نظر سے ؛ ناشایستگی کے ساتھ ۔

disrespect, n. بے ادبی ؛ گُستاخی ؛ بدتہذیبی ؛ عدمِ تعظیم ؛ ترک ادب ۔ (فعل متعدی) بے ادبی سے پیش آنا ؛ تعظیم نہ کرنا ؛ گُستاخی سے پیش آنا ؛ بدتہذیبی کا مظاہرہ کرنا ۔

disrespectable, a. قابلِ بے ادبی ؛ قابلِ گستاخی ؛ قابلِ بدتہذیبی ؛ تعظیم کے ناقابل ۔

disrespectful, a. بے ادب ؛ گُستاخ ؛ بدتہذیب ؛ تعظیم نہ کرنے والا ۔

disrespectfully, adv. بے ادبی سے ؛ بے ادبانہ ؛ گستاخانہ ؛ گستاخی کے ساتھ ؛ بد تہذیبی کے طور پر ؛ عدمِ تعظیم کے لحاظ سے ۔

disrespectfulness, n. بے ادبی ؛ گُستاخی ؛ بدتہذیبی ؛ عدمِ تعظیم ۔

disrobe, v.t., v.i. برہنہ کرنا/ہونا ؛ ننگا کرنا/ہونا ؛ بے لباس کرنا/ہونا ؛ عریاں کرنا/ہونا ؛ خلعت اُتروانا/اُتارنا ؛ مراتب و مراعات کا واپس لینا ۔

disrupt, v.t. تہ و بالا کرنا ؛ خلل ڈالنا ؛ منتشر کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ چیرنا ؛ تفرقہ ڈالنا ؛ کسی چیز کے عمومی تسلسُل میں رُکاوٹ ڈالنا یا اس کو روکنا ۔

disruption, n. تہ و بالا کرنے/ہونے کی حالت ؛ خلل انگیزی ؛ خلل ڈالنے کا عمل ؛ انتشار ؛ توڑ پھوڑ ؛ انقطاع ؛ کسی چیز کے عمومی تسلسُل میں رُکاوٹ ۔

disruptive, a. تہ و بالا کرنے والا ؛ خلل انگیز ؛ تعطُّل انگیز ؛ مُوجبِ تفریق ؛ قاطِع ؛ انتشاری ؛ کسی چیز کے عام تسلسل میں رُکاوٹ ڈالنے والا ؛ شق انگیز ؛ شقاقی ۔

disruptiveness, n. تہ و بالا کرنے/ ہونے کی حالت ؛ خلل انگیزی ؛ انتشاریت ؛ شق انگیزی ؛ شقاقیت ۔

disrupter, n. تہ و بالا کرنے والا ؛ خلل ڈالنے والا ؛ انتشار پیدا کرنے والا ؛ کسی چیز کے عام تسلسُل میں رُکاوٹ ڈالنے والا ؛ قاطع ؛ انتشار انگیز ؛ تعطُّل انگیز ؛ تفرقہ پرداز ۔

dissatisfaction, n. ناپسندِ خاطر ؛ عدمِ اطمینان ؛ عدمِ تسکین ؛ عدمِ تسلّی ؛ ناراضی ؛ ناگواری ؛ بے اطمینانی ۔

dissatisfactory, a. غیر اطمینان بخش ؛ غیر تسکین بخش ؛ ناراض کُن ؛ ناگوار ؛ ناپسندیدہ ۔

dissatisfy, v.t. غیر مُطمئِن کرنا ؛ تسکین نہ دینا ؛ ناراض کرنا ۔

dissect, v.t. عملِ تشریح کرنا ؛ چیر پھاڑ کرنا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا ؛ تجزیہ کرنا ؛ کسی حیوان یا پودے کے اعضائے جسم کو سائنسی تحقیق کے لیے کاٹنا ؛ چاک کرنا ؛ تنقید کے لیے تفصیلی تجزیہ کرنا (جیسے : The editor dissected his manuscript) ۔

dissected, a. ٹُکڑے ٹکڑے کیا ہُوا ؛ چیرا پھاڑا ہُوا ؛ عملِ تشریح شدہ ۔

dissection, n. عملِ تشریح ؛ چیر پھاڑ ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے کرنے کا عمل ؛ تنقید کے لیے تفصیلی تجزیہ ؛ تقطیع ۔

dissector, n. عمل تشریح کرنے والا ؛ چیر پھاڑ کرنے والا ؛ تجزیہ کار ؛ قاطع ؛ تقطیع کار ؛ مِقطاع (آلہ) ۔

disseize, (Brit.) disseise, v.t. (قانون) قبضۂ مخالفانہ کر لینا ؛ ناجائز طور پر کسی کو محروم کرنا ؛ بے دخل کر دینا ؛ نکال دینا ؛ خارج کرنا ۔

disseizee, disseisee, n. ناجائز طور پر محروم شُدہ ؛ جس کی جائیداد پر کسی نے مخالفانہ قبضہ کر لیا ہو ۔

disseizor, disseisor, n. قبضۂ مخالفانہ کرنے والا ؛ کسی کو ناجائز طور پر محروم کرنے والا ؛ بے دخل کرنے والا ؛ نکالنے والا ؛ خارج کُنِندہ ۔

dissemblance, n. بہانہ سازی ؛ فریب دہی ؛ چُھپانے کا عمل ؛ عدمِ مشابہت ؛ بھیس ؛ بہرُوپ ؛ تلبیس ۔

dissemble, v.t., v.i. چُھپانا ؛ بھیس بدل کر اصلیت کو چُھپانا ؛ تلبیسِ شخصی کرنا ؛ اصل شخصیّت کی بجائے کُچھ اور بننے کی کوشش کرنا ؛ کُچھ اور ظاہر ہونا ؛ اصل حقائق چُھپانا ؛ اصل ارادہ ، نیت یا جذبے کو چُھپانا ؛ ظاہر داری کرنا ۔

dissembler, n. اپنی اصلیت کو چُھپانے والا ؛ حیلہ ساز ؛ بہروپیا ؛ مکّار ؛ ریاکار ؛ منافق ؛ کپٹی ۔

disseminate, v.t. بکھیرنا ؛ پھیلانا ؛ منتشر کرنا ؛ بیج پھینکنا ؛ نشرو اشاعت کرنا ؛ معلومات ، عِلم یا نظریات کی تبلیغ کرنا ؛ پسارنا ؛ چھترانا ۔

dissemination, n. بِکھراؤ ؛ پھیلاؤ ؛ انتشار ؛ بوائی ؛ نشرواشاعت ؛ تبلیغ ؛ چھتراؤ ۔

disseminative, a. بکھیرنے والا ؛ پھیلانے والا ؛ مُنتشر ہونے والا ؛ نشرواشاعت سے متعلق ؛ تبلیغی ۔

disseminator, n. بکھیرنے والا ؛ پھیلانے والا ؛ منتشر کرنے/ہونے والا ؛ بیج بونے والا ؛ نشرواشاعت کرنے والا ؛ تبلیغ کرنے والا/مبلّغ ؛ ناشر ؛ نشر کار ۔

disseminule, n. (نباتیات) کسی پودے کے تناسلی حِصّوں میں سے کوئی جیسے شگوفہ ، تخمک یا بیج ۔

dissension, n. نزاع ؛ جھگڑا ؛ اختلافِ رائے ؛ رنجش ؛ شکررنجی ؛ پُھوٹ ؛ اَن بَن ؛ قضیّہ ؛ تکرار ؛ نااتفاقی ؛ تنازُع ۔

dissentious, a. نزاعی ؛ متعلق بہ نزاع ؛ جھگڑے سے متعلّق ؛ اختلاف رائے لیے ہوئے ۔

dissent, v.i. اختلاف رائے ہونا ؛ اختلاف ہونا ؛ مخالفت ہونا ۔ (کلیسیات) مسلّمہ مذہب سے عقائد، رسوم یا حکومت کے بارے میں اختلاف کرنا/ہونا ۔ (اسم) اختلاف ؛ اختلاف رائے ؛ اظہار اختلاف ؛ مسلّمہ مذہبی عقائد سے اختلاف ؛ کسی مُنصف کا اپنے رفقائے کار مُنصفین سے اختلاف رائے ؛ عدمِ تقلید ؛ ناموافقت ۔ (کلیسیات) کسی مسلّمہ کلیسائی عقیدہ سے اختلاف یا علیحدگی ۔

dissenting, a. اختلاف کرنے والا ؛ اختلاف رائے رکھنے والا ؛ مذہبی اختلاف رائے رکھنے والا ۔

dissenter, n. اختلاف کرنے والا ؛ اختلاف رائے کرنے والا ؛ غیر مقلّد ۔(کلیسیات) کسی مسلمہ مذہبی روایت سے انحراف کرنے والا ؛ رافضی ۔

dissentient, a. اکثریتِ رائے سے غیر متفق ؛ اختلاف رائے کا اظہار کرنے والا ؛ مختلف طریقے سے رائے دینے والا ۔ (اسم) اختلاف کُنندہ ۔

Dissenting, a. (برطانوی) پروٹسٹنٹ فرقے کے اس پیرو سے متعلق جو انگلستانی گرجا سے متفِق نہ ہو ۔

Dissenter, n. ایسا اختلاف کُنندہ ؛ مختلفُ الرّائے ۔

dissepiment, n. علیحدگی ؛ انفصال ۔ (نباتیات ، حیوانیات) جدار ؛ حجاب ؛ پردہ ؛ وہ جھلّی جو آڑ کا کام دیتی ہے ؛ حیوانات اور پودوں کے بعض خلا دار حصّوں میں کوئی پردہ ؛ بعض پودوں کی بیضہ دانیوں یا پھلوں کی جھلّیوں میں سے کوئی ایک ، جو پیوستہ پھل پتے سے وجود میں آتی ہے ۔

dissertate, v.i. کسی موضوع پر گُفتگُو کرنا ؛ مقالہ لِکھنا ؛ بیان کرنا ؛ تقریر کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ جواب دعویٰ دینا ۔

dissertation, n. مقالہ ؛ بیان ؛ گُفتگُو ؛ توضیح ؛ کسی موضوع پر رسمی گُفتگُو ؛ تحریری مقالہ خصوصاً ڈاکٹریٹ کے اُمیّدوار کا ؛ جوابِ دعویٰ ۔

dissertator, n. توضیح کُنندہ ؛ بیاَن کُنندہ ؛ گُفتگُو کُنندہ ؛ مقالہ نگار ۔

disserve, v.t. عدمِ خدمت کرنا ؛ خلاف خدمت کام کرنا ؛ بدسلوکی کرنا ؛ نُقصان رسانی کرنا ؛ زیاں کاری کرنا ۔

disservice, n. عدمِ خدمت ؛ خلاف خدمت کام ؛ بدسلوکی ؛ نُقصان رسائی ؛ زیاں کاری ۔

dissever, v.t. حصّے کرنا ؛ کاٹنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ پارہ پارہ کرنا ؛ توڑنا ؛ پھوڑنا ۔

disseverance, disseverment, n. حصّے کرنے کا عمل ؛ کاٹ ؛ توڑ پھوڑ ؛ پارگی ؛ علیحدگی ؛ تقسیم ۔

dissident, a. مُختلف الرّائے ؛ اختلاف رائے رکھنے والا ؛ اکثریتِ رائے کا مخالف ۔ (اسم) مُختلفُ الرّائے شخص ؛ مخالفِ دین ۔

dissidence, n. اختلاف رائے ؛ اکثریتِ رائے سے مخالفت ۔

dissilient, a. چٹکتا ؛ قُوّت سے پُھوٹ پڑنے والا ، جیسے کسی پودے کا خشک ڈوڈا یا کویا ۔

dissimilar, a. غیر مشابہ ؛ مختلف ؛ متفاوت ؛ متفرق ۔

dissimilarity, n. عدم مشابہت ؛ اختلاف ؛ تفاوُت ؛ فرق ۔

dissimilarly, adv. عدم مشابہت کے ساتھ ؛ اختلاف سے ؛ تفاوُت سے ؛ فرق سے ۔

dissimilate, v.t., v.i. غیر تمثیلی کرنا/ہونا ؛ متفرق کرنا/ہونا ؛ مختلف کام کرنا/ہونا ۔

dissimilation, n. عدمِ تمثُل ؛ تفرُق ؛ تفاوت ۔ (حیاتیات) تُفرّق ۔(صوتیات) ایسی دو مشابہ آوازوں (جو کسی لفظ میں نزدیک نزدیک واقع ہو سکتی ہیں) میں سے ایک کی تبدیلی ؛ تبادلۂ اجزا/ احصا ۔

dissimilative, dissimilatory, a. غیر تمثلی ؛ متفرّق ؛ دو مشابہ آوازوں میں سے ایک کی تبدیلی رکھتا ہُوا ۔

dissimilitude, n. عدم مشابہت ؛ تفرّق ؛ اختلاف ۔

dissimulate, v.t., v.i. چُھپانا ؛ منافقت کرنا ؛ بہانہ سازی کرنا ؛ مکروفریب کرنا ؛ منافق ہونا ؛ بہانہ ساز ہونا ؛ زمانہ سازی کرنا ۔

dissimulation, n. منافقت ؛ ریاکاری ؛ بہانہ ؛ مکروفریب ؛ زمانہ سازی ۔

dissimulative, a. منافقانہ ؛ ریاکارانہ ؛ بہانہ سازی سے متعلّق ؛ متعلّق بہ مکروفریب ؛ زمانہ سازی کرتے ہُوئے ۔

dissimulator, n. منافق ؛ ریا کار ؛ بہانہ ساز ؛ مکّار ؛ فریبی ؛ زمانہ ساز ۔

dissipate, v.t. منتشر کرنا ؛ مختلف سمتوں میں پھیل جانا ؛ روپیہ پیسہ ضائع کرنا ۔ (فعل لازم) رفع ہونا ؛ غائب ہونا ؛ پارہ پارہ یا ریزہ ریزہ کرنا یا ہونا ؛ منتشر ہونا ؛ ضائع ہونا ؛ بکھر جانا ؛ عیّاشی کرنا ؛ فضول خرچی اور لہو و لعب میں مبتلا ہونا ۔

dissipated, a. عیّاش ؛ مُنتشر ؛ پراگندہ ؛ ریزہ ریزہ یا پاش پاش ؛ برباد ؛ اوباش ؛ بدچلن ۔

dissipatedly, adv. عیّاشانہ طریقے سے ؛ انتشاری انداز سے ۔

dissipatedness, n. عیّاشی ؛ اسراف ؛ لہوولعب میں مُبتلا ہونے کی حالت ۔

dissipative, a. عیّاشانہ ؛ اختلاف رائے سے متعلّق ؛ منتشر کُنندہ ؛ ضائع کُنندہ ۔

dissipator, n. عیّاش ؛ انتشار کُنندہ ؛ ضائع کُنندہ ؛ اختلاف کُنندہ ۔

dissipation, n. لہو و لعب ؛ تضیع اوقات ؛ عیّاشی ؛ تباہی (معاشرتی زندگی کی) ؛ انتشار ؛ اسراف ؛ فضول خرچی ؛ اختلاف رائے ؛ حرام کاری ۔

dissocial, dissociable, a. خلافِ مُعاشرہ ؛ غیر سماجی ؛ علیحدگی پسند ؛ معاشرے سے مجتنب یا مجلسی زندگی کے ناقابل ؛ افتراق پذیر ؛ علیحدگی پذیر ؛ غیر مُہذّب ؛ اکھل کُھرا ۔

dissociability, n. مخالفتِ معاشرہ ؛ غیر سماجی پن ؛ مخالفتِ سماج ؛ اجتنابِ معاشرہ ؛ ناقابلیت مجلسی زندگی ؛ افتراق پذیری ؛ علیحدگی پسندی ؛ اکھل کُھرا پن ۔

dissociate, v.t. قطعِ تعلّق کرنا ؛ ترک تعلّق کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ جُدا کرنا ۔ (کیمیا) تجزیہ کرنا ؛ تحلیل کرنا ۔ (فعل لازم) قطع تعلق ہونا ؛ علیحدہ ہونا ؛ تجزیہ ہونا ؛ تحلیل ہونا ۔

dissociative, a. قطعِ تعلّق کرنے سے متعلّق ؛ ترکِ تعلّق سے متعلّق ؛ علیحدگی سے متعلّق ؛ تجزیاتی ؛ تحلیلی ۔

dissociation, n. قطع تعلّق ؛ ترکِ تعلّق ؛ افتراق ؛ احتباس ؛ جدائی ؛ علیحدگی ؛ تجزیہ ؛ تحلیل ۔ (کیمیا) اصل مادّہ بنانے کے لیے ایسے حالات کے تحت ، جو کم از کم جُزوی مُکرر ملاپ کو قبول کرتے

ہوں ، کسی مُرکّب مادّے کی دو یا زیادہ نئے مادّوں میں تبدیلی جیسے آکسیجن اور ہائیڈروجن بنانے کے لیے پانی کی تحلیل یا پاشیدگی ؛ برق پاش کے سالمے کی علیحدگی کر کے اس کی برق پاروں میں تقسیم ۔ (نفسیات) وہ ذہنی کیفیّت جب کوئی خاص خیال یا جذبہ مجموعی شخصیت سے علیحدہ کام کر رہا ہو مثلاً عملِ تنویم نفسی یا عُضویاتی بیماری کی حالت میں ۔

dissoluble, a. تحلیل شُدنی ؛ تجزیہ پذیر ؛ حل پذیر ؛ علیحدگی پذیر ؛ انتشار پذیر ؛ تحلیل پذیر ۔

dissolubility, n. تحلیل/تجزیہ پذیری ؛ انتشار پذیری ؛ علیحدگی پذیری ۔

dissolute, a. آوارہ منش ؛ بدکار ؛ عیّاش ؛ بدچلن ؛ اوباش ؛ لُچّا ؛ شُہدا ؛ تماش بین ۔

dissolutely, adv. آوارہ منشی سے ؛ بدکاری کے طریقے سے ؛ عیّاشانہ ؛ بدچلنی کے طور پر ؛ رندانہ ۔

dissoluteness, n. آوارہ منشی ؛ بدکاری ؛ عیّاشی ؛ بدچلنی ۔

dissolution, n. تحلیل ؛ تجزیہ ؛ پگھلاؤ ؛ تنسیخ ؛ منسُوخی ؛ مائع پذیری ؛ گلاَئی ؛ برخاستگی ؛ فسخ ؛ موت ؛ ہلاکت ؛ فنا ؛ خاتمہ ؛ اختتام ؛ زوال ۔

dissolve, v.t. پگھلانا ؛ گلانا ؛ مائع بنانا ؛ رقیق کرنا ؛ تحلیل کرنا ؛ تجزیہ کرنا ؛ توڑنا ؛ فسخ کرنا ؛ منسُوخ کرنا ؛ حل کرنا ؛ رفع کرنا ، جیسے شک کا ؛ کالعدم کرنا ؛ ختم کرنا ؛ غائب کرنا ؛ جذبات اُبھارنا ؛ برخاست کرنا جیسے پارلیمان کو ؛ کسی چیز کی قُوّت کو زائل کرنا یا بے اثر کرنا جیسے جادو کو ؛ فنا کرنا ؛ صرف کرنا یا حِصّے بخرے کرنا ۔ (فعل لازم) پگھلنا ؛ مائع بننا ؛ تحلیل ہونا ؛ تجزیہ ہونا ؛ ٹُوٹنا ؛ فسخ ہونا ؛ منسُوخ ہونا ؛ حل ہونا ؛ رفع ہونا جیسے شک ؛ ختم ہونا ؛ غائب ہونا ؛ جذبات اُبھرنا ؛ برخاست ہونا جیسے پارلیمان ؛ زائل یا بے اثر ہونا جیسے جادو کا ؛ فنا ہونا ؛ صرف ہونا یا حصّے بخرے ہونا ؛ آہستہ آہستہ منظر سے غائب ہونا یا محو ہونا ۔ (اسم) کسی متحرّک فلم یا ٹی وی پر کسی منظر کا دوسرے منظر کے ساتھ ساتھ پردے سے غائب ہونا ۔

dissolver, n. محلّل ؛ مُتحلّل ؛ تحلیل کرنے والا ؛ تجزیہ کرنے والا ؛ پگھلانے والا ؛ مائع بنانے والا ؛ خاتمہ کرنے والا ؛ منسُوخ /تنسیخ کرنے والا ؛ فنا کرنے والا ۔

dissolvable, a. قابلِ تحلیل ؛ پگھلانے کے قابل ؛ قابلِ تجزیہ ؛ قابلِ تنسیخ ؛ قابلِ فسخ ؛ قابلِ فنا ؛ فنا پذیر ؛ قابلِ برخاست ۔

dissolvent, a. محلّل ؛ مُتحلّل ؛ دوسرے مادّوں کو تحلیل کرنے یا پگھلانے کی قُوّت رکھنے والا ۔ (اسم) کوئی بھی ایسی چیز جس میں یہ خاصیت ہوتی ہے کہ وہ کسی ٹھوس شے کو مائع میں تبدیل کر دے یا اس کے اجزا کو علیحدہ کر دے جس کے نتیجے کے طور پر یہ کسی مائع میں حل ہو سکے ۔

dissonance, n. ناہمواری ؛ ناموزونیت ؛ کھٹراگ ؛ بے سُرا پن ؛ بھونڈے اور غیر اہم سُروں کا آمیزہ ؛ ناسازگاری ؛ بے میل پن ؛ بے جوڑ پن ۔

dissonant, a. ناہموار ؛ بے سُرا ؛ کرخت ؛ بھونڈے اور غیر آہنگ سُروں کے آمیزے والا ؛ ناسازگار ؛ بے میل ؛ بے جوڑ ؛ ناموافق ؛ بے تال ؛ اَن میل ۔

dissonantly, adv. ناہموار/کرخت طور پر ؛ بے سُرے پن سے ؛ بے آہنگی کے ساتھ ؛ ناسازگاری کے ساتھ ؛ بے میل طریقے سے ۔

dissuade, v.t. مزاحمت کرنا ؛ باز رکھنا ؛ منع کرنا ؛ کسی کام سے دلیل کے ذریعے روکنا ؛ سمجھانا بُجھانا ؛ کسی کام کے نہ کرنے کا مشورہ دینا ۔

dissuader, n. مزاحم ؛ مانع ؛ باز رکھنے والا ؛ منع کرنے والا ؛ روکنے والا ؛ سمجھانے بُجھانے والا ؛ کسی کام کے نہ کرنے کا مشورہ دینے والا ۔

dissuasion, n. باز رکھنے کا عمل ؛ مناعی ؛ ممانعت ؛ روک ؛ روکنے کا عمل ؛ سمجھانے بجھانے کا عمل ؛ بازداشت ؛ مزاحمت ؛ مناعت ۔

dissuasive, a. مزاحم ؛ مانع ؛ باز رکھنے والا ؛ روکنے والا ؛ سمجھانے بُجھانے والا ۔

dissuasively, adv. مزاحمتی طور پر ؛ مانع ہونے کے نقطۂ نظر سے ؛ باز رکھنے کے لحاظ سے ؛ روکنے کے انداز سے ؛ سمجھانے بُجھانے کے طور پر ۔

dissuasiveness, n. ممانعت ؛ رُکاوٹ ؛ مزاحمت ۔

dissymmetric,
dissymmetrical, a. غیر مُتشاکل ؛ متقابل شکلی ؛ عدم متشاکل ۔

dissymmetry, n. عدم تشاکُل ؛ مُتقابل شکلی ؛ مناظری تشاکل ۔

distaff, n. پُونی ؛ وہ لکڑی جس کا سرا چیرا دے کر پھاڑ دیا گیا ہو اور جسے پشم ، اُون یا سن ہاتھ سے کاتنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ وہ چھڑی جس پر پہلے زمانے میں رُوئی ، اُون یا سن لپیٹ کر اس سے دھاگا یا رسّی بٹتے تھے ؛ چرخے کا اس قسم کا حِصّہ جس پر کاتنے کے لیے سن کو لپیٹتے تھے ؛ روایتی طور پر عورتوں کا ایسا کوئی بھی کام ؛ عورتوں کا اوزار ہونے کی وجہ سے اس آلے کے حوالے سے اس کا مطلب طبقۂ نسواں بھی ہے ؛ خواتین ؛ وارثہ ؛ زنانہ وارث ۔ (صفت) خواتین سے متعلق جیسے خاندان کا حصّۂ خواتین ۔

distal, a. بعیدی ؛ واسطہ ؛ دُور پھیلا ہوا ؛ پودوں اور حیوانات میں مقام اِتّصال سے بہت دور واقع ہڈّی ، عضو بدن یا حصّۂ جسم کے آخری سرے سے متعلق ؛ آخری سرے پر واقع ؛ مرکز سے بعید ترین ۔

distance, n. فاصلہ ؛ دُوری ؛ بُعد ؛ مُدّت ؛ عرصہ ؛ فصل ؛ فرق ؛ دو اشیا کے درمیان جگہ ؛ دو جُدا اشیا ، مقامات اور محلاّتِ وقوع ؛ قلیل ترین خط کی طوالت ؛ آشنائی سے مؤدّبانہ اجتناب ؛ کم آمیزی ؛ حفظ مراتب ۔ (موسیقی) انتر/پچ : دو سُروں کے درمیان کا وقفہ ۔ (فنُون) تصویر یا نقاشی کا وہ رقبہ جس میں اشیا کو علیحدہ علیحدہ دکھایا جائے ۔ (گھُڑ دوڑ) پلہ/ٹپّا : ابتدائی یا آزمایشی مقابلوں میں مقام اختتامِ دوڑ سے ۲۴۰ گز دُور وہ مقام جہاں اگلے ابتدائی یا آزمایشی مقابلے کے لیے اہل ثابت ہونے کے واسطے کسی جیتنے والے گھُڑ سوار کو پہنچنا لازم ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) فاصلے پر رکھنا ؛ بہت فاصلے پر چھوڑنا ؛ بہت زیادہ سبقت لے جانا ؛ دُور رکھنا ؛ پرے کرنا ؛ الگ ہٹا کر رکھنا ۔

distant, a. دُور ؛ بعید ؛ فاصلے پر ؛ متغائر ؛ زمانی و مکانی طور پر دُور ؛ متبائن ؛ مُبہم ؛ پھیلا ہُوا ؛ الگ ؛ علیحدہ ؛ صُلبی طور پر دور ؛ قسم یا فطرت کے لحاظ سے علیحدہ جیسے دُور کی مشابہت ؛ تکبّر یا لاپروائی کی خصوصیّات سے مُتّصف ؛ کم آمیز ؛ شرمیلا ؛ فاصلے کا ۔

distantly, adv. فاصلے سے ؛ دُوری سے ؛ سرد مہری کے ساتھ ؛ کم آمیزی سے ؛ تکلُّف سے ۔

distaste, n. ناپسندیدگی ؛ ناگواری ؛ کراہت ؛ کھانے یا پینے کی چیزوں کی ناپسندیدگی ؛ بے ذوقی ۔

distasteful, a. ناپسندیدہ ؛ ناگوار ؛ مکروہ ؛ کراہت آمیز ۔

distastefully, adv. ناپسندیدگی سے ؛ ناگواری سے ؛ کراہت کے ساتھ ۔

distastefulness, n. ناپسندیدگی ؛ ناگواری ؛ کراہت ۔

distemper, n. بدمزاجی ؛ بداخلاقی ؛ جانوروں کے بہت ہی زیادہ متعدی امراض میں سے ایک ، خصوصاً چھوٹے کُتّوں کو لگ جانے والے ؛ سیاسی بے چینی ؛ بلوہ ؛ فساد ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کے جسمانی افعال یا ذہنی اعمال میں اختلال پیدا ہونا ؛ علیل کرنا ۔

distemper, v.t. ڈسٹمپر کرنا ۔ (اسم) رنگ یا کھریا کرنے کا ایک طریقہ جس میں رنگ کی رال مثلاً گوند یا سریش ملائی جاتی ہے تاکہ اس کے پھیرنے سے سطح کی ہمواری حاصل ہو اور یہ جلد خشک ہو جائے ؛ اس طرح سے چڑھا ہُوا رنگ یا تہ ؛ اس طریقے سے تیّار کی گئی تصویر ؛ ڈسٹمپر ۔

distemperoid, a. سگ تامینی ؛ کُتّے کے عارضے سے تامین کے لیے تیّار کیے جانے والے مادے سے متعلّق ۔

distend, v.t. پُھلانا ؛ اندر سے ہوا بھرنا ؛ پھیلانا ؛ مثانے یا پھیپھڑوں کا ہَوا بھرنے کی وجہ سے پُھولنا ۔ (فعل لازم) پُھولنا؛ پھیلانا ۔

distensibility, n. انتفاخ پذیری ؛ پُھلانے کی صلاحیّت ۔

distensible, a. قابل انتفاخ ؛ پُھلانے یا پُھولنے کے قابل ۔

distension, distention, n. پُھلاؤ ؛ انتفاخ ؛ تمدُّد ۔

distich, n. شعر ؛ بیت ؛ مِصرع ؛ دوہا ؛ وہ شعری بیان جس میں ایک بات مُکمل ہو جائے ۔

distichal, a. شعری ؛ مصرعی ؛ بیت سے متعلّق ۔

distill, distil, v.t. کَشید کرنا ؛ عرق کھینچنا ؛ مُقطّر کرنا ؛ ست یا جوہر نکالنا ؛ قطرہ قطرہ ٹپکانا ؛ رِسنا ۔

distillable, a. قابلِ کَشید ؛ قابلِ تقطیر؛ تقطیر پذیر ؛ عرق پذیر ؛ ست یا جوہر نکالنے کے قابل ۔

distilled, a. کشید کردہ ؛ مُقطّر شُدہ ؛ ست یا جوہر نکالے ہوئے ؛ قطرہ قطرہ ٹپکایا ہُوا ۔

distillation, n. عملِ کشید ؛ عرق کَشی ؛ تقطیر ؛ ست یا جوہر نکالنے کا عمل ؛ قطرہ قطرہ ٹپکانے کا عمل ۔

distillate, n. عرق کشیدہ ؛ عرق مُقطّر ؛ ست یا جوہر ۔

distiller, n. مقطار ؛ آنبیق ؛ آلۂ کَشید ؛ شراب کَشید کرنے والا ؛ سمندر کے پانی کو نمک سے صاف کرنے کی مشین ۔

distillery, n. کَشید گاہ ؛ آبکاری ؛ شراب کا کارخانہ ؛ شراب کی بھٹّی ۔

distinct, a. علیحدہ ؛ جُدا ؛ جُداگانہ ؛ مُمیّز ؛ واضح ؛ یقینی ؛ مُختلف ؛ مُمتاز ؛ مخصوص ؛ ظاہر ؛ صاف ؛ صریحی ؛ بیّن ؛ مُعیّن ؛ قطعی ؛ حتمی ؛ نیارا ۔

distinctly, adv. علیحدہ طور پر ؛ صراحتاً ؛ صاف صاف ؛ جدا گانہ لحاظ سے ؛ واضح طور پر ؛ قطعی طور پر ؛ صریحی طور پر ۔

distinctness, n. وضاحت ؛ صراحت ؛ تمیز ؛ امتیاز ؛ فرق ؛ پہچان ۔

distinction, n. امتیاز ؛ فرق ؛ تفرِیق ؛ تمیز ؛ اختلاف ، مابہ الامتیاز ؛ خطاب ؛ اعزاز ؛ نشانِ اعزاز ؛ فضیلت ؛ شرف ؛ مرتبہ ؛ رُتبہ ؛ نُدرت ؛ فصل ؛ تفاوُت ۔

distingue, a. وجیہہ ؛ پُرشوکت ؛ شان دار ۔

distinguish, v.t. امتیاز کرنا ؛ شناخت کرنا ؛ فرق کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ اپنے آپ کو مُمتاز یا نمایاں کرنا ؛ جوہر دکھانا ؛ مُشخّص کرنا ۔ (فعل لازم) مُمتاز ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ فرق ہونا ؛مشخّص ہونا ۔

distinguishable, a. قابلِ امتیاز ؛ تشخص پذیر ؛ قابلِ شناخت ؛ مُمیّز ؛ جُدا ؛ الگ ۔

distinguishableness, n. امتیاز پذیری ؛ شناخت پذیری ۔

distinguishably, adv. قابلِ امتیاز ہونے کے لحاظ سے ؛ قابلِ شناخت ہونے کے نُقطۂ نظر سے ۔

distinguished, a. مُمتاز ؛ نمایاں ؛ علیحدہ ؛ مُمیّز ؛ مخصوص ؛ معزّز ؛ سربرآوردہ ؛ غیر معمولی ؛ مشہور ؛ معروف ؛ سرفراز ؛ نامور ؛ نامی ۔

Distinguished Conduct Medal, n. تمغہ برائے نمایاں کارکردگی ؛ برطانوی عسکری اعزاز جو جنگ میں شجاعت پر عطا کیا جاتا ہے ۔ (مخفف D.C.M) ۔

Distinguished Flying Cross, n. اعلیٰ تمغہ برائے ہوا بازی ؛ ایک فوجی اعزاز جو فضائی جنگ میں بہادری یا غیر معمولی کارکردگی پر عطا کیا جاتا ہے ۔

Distinguished Service Cross, n. تمغہ برائے غیر معمولی خدمات ؛ ایک عسکری اعزاز جو کسی فوجی کو دُشمن کے خلاف جنگ میں غیر معمولی بہادُری پر دیا جاتا ہے ۔

Distinguished Service Medal, n. تمغہ برائے غیر معمولی خدمات ؛ ایک عسکری اعزاز جو اشخاص کو بھاری ذمّہ داری کے فرائض کی انجام دہی میں غیر معمولی نمایاں خدمات پر عطا کیا جاتا ہے ۔

Distinguished Service Order, n. ممتاز آرڈر برائے خدمات ؛ ایک برطانوی اعزاز جو ۱۸۶۶ سے جنگ میں نمایاں خدمات پر عطا کیا جاتا ہے ۔

distort, v.t. توڑنا ؛ مڑورنا ؛ بگاڑنا ؛ کج کرنا ؛ مسخ کرنا ؛ شکل یا حُلیہ بگاڑنا ؛ معنی بدلنا ؛ کچھ اور معنی پہنانا ؛ تحریف کرنا ؛ اینٹھنا ۔ (برقیات) برآمدی موج کے تعدّد میں تبدیلی کے ذریعے اشاروں کا غلط طور پر پیدا کرنا ۔

distorted, a. توڑا مروڑا ہُوا ؛ بگاڑا ہُوا ؛ کج کردہ ؛ مسخ شُدہ ؛ شکل یا حلیہ بگاڑا ہوا ؛ تحریف شُدہ ؛ معنی بدلا ہوا ؛ کچھ اور معنی پہنائے ہوئے ۔ (برقیات) برآمدی موج کے تعدُّد میں تبدیلی کے ذریعے اشاروں سے غلط طور پر باز آوُردہ ۔

distortion, n. توڑنے مروڑنے کا عمل ؛ بگاڑ ؛ کجی ؛ مسخ شُدگی ؛ شکل یا حلیے کا بگاڑ ؛ تحریف ؛ معنی بدلنے کا عمل ؛ کچھ اور معنی پہنانے کا عمل ۔ (برقیات) برآمدی موج کے تعدُّد میں تبدیلی کے ذریعے اشاروں کی غلط طور پر بازآوُردگی ۔ (بصریات) عدسے کے عدمِ ارتکاز کی وجہ سے عکس میں تناسُب کا فُقدان ۔

distortional, a. متعلّق بہ بگاڑ ؛ متعلّق بہ کجی ؛ مسخ شُدگی سے متعلّق ؛ شکل یا حلیہ بگاڑنے کے بارے میں ؛ تحریف سے متعلّق ۔

distributary, n. شاخِ دریا ؛ راجباہ ؛ نہر ؛ دریا کی ایسی شاخ جو ایک دفعہ دریا سے نکلنے کے بعد دوبارہ اس میں شامل نہیں ہوتی بمقابلہ معاون دریا کے جو دریا میں جا گرتا ہے

distribute, v.t. تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ؛ حصّے یا اجزا کی صورت میں عطا کرنا یا دینا ؛ حوالے کرنا جیسے اخبارات مقررّہ جگہ پر لے جانا ؛ جماعت بندی کرنا جیسے جماعتوں، مراتب اور جنسوں میں ۔ (منطق) پوری جماعت پر محیط ہونا ؛ کُلّی حد کے طور پر استعمال کرنا ۔ (طباعت) ٹائپ تقسیم کرنا ؛ ٹائپ کے حُرُوف وغیرہ کو علیحدہ کر کے ان کے خانوں میں رکھنا ۔

distributable, a. قابل تقسیم ؛ بانٹنے کے قابل ؛ قابلِ دہش ؛ قابلِ حوالگی ؛ تقسیم پذیر ۔

distributee, n. (قانون) تقسیمِ جائیداد میں حصّے کا حقدار ۔

distributor, n. قاسِم ؛ مُقسِم ؛ تقسیم کُنِندہ ؛ تقسیم کار ؛ بانٹنے والا ؛ نظامِ تقسیم ؛ اشیا یا فلموں کا گاہکوں تک پہنچانے والا ؛ ڈسٹری بیوٹر ۔

distribution, n. تقسیم ؛ بانٹ ؛ حصّۂ رسدی ؛ حوالگی ؛ جماعت بندی ؛ کسی علاقے میں کسی چیز یا اشخاص کی ترتیب یا مقامی تعیناتی جیسے فوجوں کی تقسیم یا ستاروں کی کہکشاں میں تقسیم ؛ کسی نوع کی جُغرافیائی وُسعت ؛ جائیداد کی ورثا میں بانٹ ؛ کسی شے کی منڈی میں ترسیل ؛ خیراتی تقسیم ؛ لنگر ۔

distributional, a. تقسیم سے متعلّق ۔

distributive, a. تقسیمی ؛ تقسیم سے متعلّق ۔ (گرامر) حرفِ تقسیم ؛ وہ حرف جو کسی گروہ کے ہر فرد کو ظاہر کرے ، (جیسے every , each) ۔ (منطق) حد کے کلی استعمال سے متعلّق ۔ (ریاضی) قاسِم ؛ اس عمل سے متعلّق جس سے بحیثیّتِ مجموعی وہی نتیجہ نکلے جو ہر جزوی عمل سے نکلے ؛ تقسیم کنندہ ۔

distributively, adv. تقسیمی لحاظ سے ۔

distributiveness, n. تقسیمی ہونے کی حالت یا صورت ۔

distributive education, انقسامی تعلیم ؛ ایسی تعلیم جو براہِ راست کام کی تربیت سے مربوط ہو ۔

district, n. ضلع ؛ علاقہ ؛ کاؤنٹی ؛ وہ علاقہ جو کسی مُلک ، ریاست یا کاؤنٹی کی انتخابی، انتظامی یا دیگر مقاصد سے بذریعہ تقسیم علیحدہ علیحدہ ظاہر کیا جائے ؛ حلقہ یا مقام ۔ (برطانوی) امریکا میں وارڈ یا پَری سِنکٹ کی طرز پر شہر یا کاؤنٹی ۔ (فعل متعدی) ضلعوں میں تقسیم کرنا ۔

district attorney, n. ضلعی سرکاری وکیل ؛ ضلعی مُختار ؛ وفاقی عدالتی ضلعے ، ریاست یا ریاست کے ضلعے کا افسرِ استغاثہ ۔

distrust, v.t. بے اعتمادی کرنا ؛ بے اعتباری کرنا ؛ شبہ کرنا ؛ بدگُمانی کرنا ؛ شک کرنا ؛ اعتماد نہ کرنا ؛ اعتبار نہ کرنا ؛ بھروسا نہ کرنا ۔ (اسم) عدمِ اعتمادی ؛ بے اعتباری ؛ بدگُمانی ؛ شبہ ؛ شک ۔

distrustful, a. بے اعتماد ؛ بے اعتبار ؛ بدگُمان ؛ شکّی ؛ بدظن ؛ وہمی ۔

distrustfully, adv. عدم اعتمادی سے ؛ بے اعتباری کے ساتھ ؛ بدگُمانی کے ساتھ ؛ شُبہے یا شک سے ۔

distract, v.t. پھیرنا ؛ موڑنا ؛ رُخ بدلنا ؛ اصل نُقطے یا راستے سے ہٹانا ؛ بھٹکانا ؛ خیال منتشر کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ الجھن میں ڈالنا ؛ گھبرا دینا ؛ متضاد ہیجانات سے ہراساں کرنا ؛ دیوانہ بنا دینا ؛ بَولا دینا ۔

distractingly, adv. رُخ بدلنے کے انداز سے ؛ توجُّہ اصل نُقطے سے ہٹانے کے لحاظ سے ؛ خیال منتشر کرنے کے نُقطۂ نظر سے ؛ پریشان کرنے کے طور پر ۔

distracted, a. بدحواس ؛ پریشان ؛ مخبوط الحواس ؛ توُجّہ ہٹی ہوئی ؛ مجنون ؛باؤلا ؛ خبطی ؛ سودائی ۔

distractedly, adv. بدحواسی سے ؛ پریشانی کے ساتھ ؛ مخبوط الحواسی سے ؛ توجُّہ ہٹے ہُوئے انداز سے ؛ مجنونانہ ؛ باؤلے پن سے ۔

distraction, n. انتشارِ توجُّہ ؛ اختلالِ توجُّہ ؛ بدحواسی ؛ خبط ؛ جنُون ؛ سودا ؛ باؤلا پن ؛ بیکلی ؛ اضطرار ؛ اضطراب ؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ ؛ بوکھلاہٹ ؛ ارتکازِ توجُّہ میں مخل ہونے والی چیز ؛ وہ ذہنی پراگندگی جو ذہن پر بیک وقت ان بے شمار چیزوں کی یلغار سے پیدا ہوتی ہے جن میں سے ہر ایک تَوَجُّہ کو مختلف سمتوں میں کھینچتی ہے ؛ تفریح ۔

distractive, a. انتشاری ؛ اختلالی ؛ متعلّق بہ بدحواسی ؛ متعلّق بہ پریشانی ؛ گھبراہٹ سے متعلّق ؛ بوکھلاہٹ سے متعلّق ؛ اضطرار کُن ۔

distrain, v.t. (قانون) قُرقی کرنا ؛ واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے جائیداد منقولہ ضبط کرلینا ؛قرض کی بازادائی کے لیے مقروض کا مال و متاع ضبط کر لینا ۔ (فعل لازم)(قانون) قُرقی ہونا ؛ قرض یا واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے مال و متاع یا جائیدادِ منقولہ ضبط ہونا ۔

distrainable, a. قابلِ قُرقی ؛ قابلِ ضبطی ۔

distrainer, distrainor, n. قُرق امین ؛ قُرق کُنِندہ ۔

distraint, n. (قانون) قُرقی ؛ ضبطی ۔

distrait, a. غیر متوجّہ ؛ عدمِ توجہی کی حالت میں ؛ بے خیالی کے عالم میں ؛ خیالوں کے ہجوم میں ڈوبا ہُوا ۔

distraught, a. مخبُوط الحواس ؛ پریشان خیال ؛ گھبرایا ہُوا ۔

distress, n. کرب ؛ تکلیف ؛ مصیبت ؛ درد ؛ غم و اندوہ ؛ افلاس ؛ تنگدستی ؛ تنگی ؛ آفت ؛ بپتا ؛ بدبختی ؛ جسمانی یا ذہنی پریشانی ؛ پریشان حالی ؛ مفلسی ؛ انتہائی خطرہ ؛ ابتلا ؛ باعث آزار ؛ آفت ۔ (قانون) قرقی ؛ ادائیگی قرض کے لیے ضبطیٔ جائیداد ۔ (فعل متعدی) کرب دینا ؛ تکلیف دینا ؛ مصیبت میں مُبتلا کرنا ؛ اذیّت دینا ؛ دُکھ پُہنچانا ؛ ایذا پُہنچانا ؛ تشویش میں مُبتلا کرنا ؛ متردّد کرنا ؛ ہراساں کرنا ؛ رنج دینا ؛ ستانا ۔

distressful, a. تکلیف دِہ ؛ المناک ؛ اذیت ناک ؛ دردناک ؛ خطرناک ۔

distressfully, adv. تکلیف دہ طور پر ؛ المناک/اذیت ناک/ دردناک طریقے سے ۔

distressfulness, n. تکلیف دہی ؛ المناکی ؛ اذیّت ناکی ؛ دردناکی ؛ خطرناکی ۔

distress, a. اُس جائیداد سے متعلق جو نُقصان اٹھا کر فروخت کی جائے ؛ زیر قُرقی مال سے متعلّق ۔

distrustfulness, n. عدم اعتمادی ؛ بے اعتباری ؛ بدگُمانی ؛ شبہ ؛ شک ؛ ظن ۔

disturb, v.t. خلل ڈالنا ؛ مزاحم ہونا ؛ ابتر کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ خلل اندازی کرنا ؛ مضطرب کرنا ؛ ہنگامہ آرائی کرنا ؛ درہم برہم کرنا ؛ شورش پیدا کرنا ؛ بے چین کرنا ؛ الٹ پلٹ کرنا ؛ بدحواس کرنا ؛ حارج ہونا ؛ حائل ہونا ؛ تشویش میں ڈالنا ؛ اُلجھن پیدا کر دینا ؛ بے قاعدگی پیدا کر دینا ۔

disturber, n. پریشان کُنندہ ؛ خلل ڈالنے والا ؛ مُضطرب کرنے والا ؛ ہنگامہ آرا ؛ درہم برہم کرنے والا ؛ خلل انداز ؛ مُفسِد ؛ فسادی ؛ حارج ؛ مزاحم ؛ شورش پیدا کرنے والا ؛ بے چین کرنے والا ؛ اُلٹ پُلٹ کرنے والا ؛ بدحواس کرنے والا ؛ تشویش میں ڈالنے والا ؛ اُلجھن پیدا کرنے والا ؛ بے قاعدگی پیدا کرنے والا ۔

disturbance, n. پریشانی ؛ خلل ؛ اضطراب ؛ افراتفری ؛ کھلبلی ؛ ہنگامہ ؛ بے چینی ؛ اُلٹ پُلٹ ؛ بدحواسی ؛ تشویش ؛ اُلجھن ؛ اختلال ؛ دست اندازی ؛ گڑبڑ ؛ شورش ؛ بلوہ ؛ فساد ؛ مداخلت ؛ مزاحمت ۔

disturbed, a. مختل ؛ ذہنی طور پر اضطراب کا شکار ؛ مضطرب ؛ مضطر ؛ اختلالِ ذہنی کی علامات لیے ہوئے ؛ فساد زدہ (علاقہ) ۔

disulfate, n. (کیمیا) ڈائی سلفیٹ تیزاب کا ایک نمک ؛ ایک بائی سلفیٹ ؛ کوئی پائروسلفیٹ ۔

disulfide, n. (کیمیا) ڈائی سلفائڈ ؛ کوئی غیر نامیاتی مُرکّب ، عُنصر یا اصلیہ (جزو مستقل) کے ذریعے جڑے ہوئے سلفر (گندھک) کے دو جوہروں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

disulfuric acid, n. (کیمیا) ایک قلمی تیزاب جو اس وقت حاصل ہوتا ہے جب سلفر ٹرائی آکسائڈ کو سلفیورک ایسڈ میں حل کیا جاتا ہے ؛ پائروسلفیورک ایسڈ ۔

disunion, n. عدم اتّحاد ؛ عدم اتِفاق ؛ پُھوٹ ؛ نااتّفاقی ؛ نزاع ؛ جُدائی ؛ علیحدگی ؛ جھگڑا ؛ مفارقت ؛ تفرقہ ۔

disunite, v.t. غیر مُتحّد کرنا ؛ نااتِفاقی کرنا ؛ پُھوٹ ڈالنا ؛ نزاع کرنا ؛ علیحدگی اختیار کرنا ؛ جھگڑا کرنا ۔ (فعل لازم) غیر مُتحّد ہونا ؛ نااتِفاقی ہونا ؛ پُھوٹ کا شکار ہونا ؛ علیحدہ ہونا ۔

disunity, n. عدم اتّحاد ؛ عدم اتِفاق ؛ نااتّفاقی ؛ پُھوٹ ؛ نزاع ؛ جُدائی ؛ علیحدگی ؛ جھگڑا ۔

disunionist, n. عدم اتّحادی ؛ عدم اتِفاقی ؛ حامئ نظریۂ عدم اتّحاد ؛ قائلِ نظریۂ عدم اتِفاقیت ؛ خانہ جنگی کے دوران امریکی سیاسیات میں علیحدگی پسند خیالات رکھنے والا شخص ۔

disuse, n. عدم استعمال ؛ تعطُّل ؛ بے رواجی ؛ ترک ؛ تیاگ ؛ بے رسمی ؛ بیکاری ۔ (فعل متعدی) استعمال نہ کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ ترک کر دینا ؛ مشق میں نہ لانا ۔

disutility, n. عدمِ افادیّت ؛ عدم افادہ ؛ باعثِ زحمت ؛ تھکاوٹ یا نُقصان ہونے کی حالت ؛ نُقصان دہی ۔

disyllable, dissyllable, n. دو رُکنی ؛ دو ارکان پر مشتمل لفظ ؛ وہ لفظ یا رُکن بحر جس میں دو ہجا یا بول ہوں ۔

disyllabic, dissyllabic, a. دو رُکنی ؛ متعلّق بہ دو ارکان ۔

dit, n. ڈِٹ ؛ ریڈیو یا بین الاقوامی مَورس کوڈ میں کَلِک یا تیز آواز جو نُقطے کو ظاہر کرتی ہے ۔

ditch, n. خَندق ؛ کھائی ؛ کھاڑی ؛ گڑھا ؛ ایسا نالا جو سیم کا پانی سُونتنے ، کسی قلعے کی حفاظت کرنے یا دُشمن کی پہنچ روکنے کے لیے کھودا جاتا ہے ؛ پانی ڈال کر رکھنے کے لیے مصنوعی نہر یا کھاڑی ۔ (فعل متعدی و لازم) خندق کھودنا ؛ کھائی کھودنا ؛ کھاڑی بنانا ؛ گڑھا کھودنا ؛ نالا تیّار کرنا ؛ بد رو بنا دینا ؛ پانی کے سُونتنے کا انتظام کرنا ؛ گاڑی کو کھائی میں گرا دینا ؛ ریل گاڑی کا پٹڑی سے اُتر جانا ؛ ہوائی جہاز کا ہنگامی طور پر اُتارنا اور اسے چھوڑ دینا ۔ (عوامی) کسی شخص خصوصاً طالبِ علم کا بلا وجہ غیر حاضر ہونا ۔

ditcher, n. خندق کھودنے والا ؛ کھائی کھودنے والا ۔

ditch reed, giant reed, n. کھائی نرسل ؛ شُمالی امریکا کے مرطُوب علاقوں میں پایا جانے والا چوڑے چپٹے پتّوں والا طویل القامت نرسل جسے جالیاں ، چٹائیاں اور چقّیں بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

dither, n. لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ جوش ؛ گھبراہٹ ۔ (فعل لازم) ہچکچا کر یا مُتذَبذِب ہو کر کام کرنا ؛ گھبرا کر یا ہراساں ہو کر کام کرنا ۔

dithyramb, n. انتہائی جذباتی اور جوشیلے انداز سے ترتیب دی ہوئی قدیم یونانیوں کی مناجات ؛ جوش بھری بے قاعدہ نظم ۔

dithyrambic, a. جذباتی جوشیلی مناجات کے انداز کی ؛ پُرجوش انداز کی (کوئی نظم) ؛ جوش بھرا/بھری ۔

ditto, n. ایضاً ؛ مُکرّر ؛ مذکورہ بالا ؛ بہ شرحِ صدر ؛ علیٰ ہٰذا القیاس ؛ ویسا ہی ؛ وہی ؛ حسابات میں مستعمل اصطلاح (ditto mark) تا کہ لمبی عبارتوں کو دُہرانا نہ پڑے ۔ (بول چال) مثنیٰ یا نقل ۔ (متعلّق فعل) ''جیسا کہ پہلے ہی بیان کیا جا چکا ہے''۔ (فعل متعدّی) نقل کرنا ؛ مثنیٰ تیّار کرنا ۔

dittograph, n. مُکرّر ؛ طباعت یا نقل نویسی میں غلطی سے مکرر لِکّھا ہوا حرف یا حُرُوف ؛ حرف جو غلطی سے دوبارہ لِکھ دیا جائے یا وہ حُرُوف جن کی غلطی سے تکرار ہو جائے ۔

ditto mark, n. (عموماً جمع) علامتِ ایضاً ؛ پہلے سے لِکّھے ہوئے جُملے کے نیچے بنائی ہوئی علامت ('') جس سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے کہ اِسے دُہرایا جائے ۔

ditty, n. ایک مُختصر سادہ گانا ، گیت یا نظم ؛ ٹپّا ؛ ترانہ ۔

ditty bag, n. بُقچی ؛ وہ تھیلا جس میں ملّاح اور جہاز ران اپنے کپڑے سینے کا سامان رکھتے ہیں ۔

ditty box, n. صندوقچہ ؛ وہ صندوقچہ جسے ملّاح سینے کے سامان اور دیگر قسم کے اوزار رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

diuretic, a. مُدرِ بول ؛ پیشاب آور ۔ (اسم) وہ دوا جو زیادہ پیشاب لانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

diuresis, n. (طِبّ) ادرارِ بول ؛ کثرتِ پیشاب ۔

diurnal, a. یَومیہ ؛ یَومی ؛ روزانہ ؛ روزنامچہ ؛ دن سے متعلّق ؛ روز کا ۔ (نباتیات) ان پُھولوں سے متعلّق جو دن کو کِھلتے اور کُھلتے ہیں اور رات کو بند ہو جاتے ہیں ؛ روز خیز ؛ گُل دوپہری ۔ (حیاتیات) حشرۂ روز یعنی وہ حشرات جو دن کو مُتحرّک ہوتے ہیں ۔

diunrally, adv. روزانہ ؛ یومیہ ؛ دن کے وقت ۔

diva, n. (اطالوی دیوی) عظیم خاتون گایک ؛ عظیم مُغنّیہ خصوصاً اوپیرا کی گایک؛ باکمال مُطربہ ۔

divagate, v.i. آوارہ ہونا/پِھرنا ؛ بھٹکنا ؛ گُمراہ ہونا ؛ بہکنا ؛ راستہ بُھول جانا ؛ مُنحرف ہونا ۔

divagation, n. آوارگی ؛ بھٹکنے کا عمل ؛ گُمراہی ؛ بہکاوا ؛ راستہ بُھولنے کا عمل ؛ اِنحراف ۔

divalent, a. (کیمیا) دو گرفتہ ؛ دو جُزوی عُنصر والا مرکب ؛ وہ مرکب جس میں کسی عُنصر کے دو حصّے ہوں ۔

divan, diwan, n. [ترکی ، فارسی ، اردو] دیوان: لمبا گدّے دار تخت ؛ مسندِ حکومت ؛ کافی گاہ ؛ کمرۂ سِگارنوشی ؛ تُرکی اور دیگر مُسلم مُمالک میں مجلسِ حکومت ؛ مجلسِ شوریٰ ؛ کابینہ ؛ اُطاقِ عدالت ؛ اردو یا فارسی میں کسی شاعر کا مجموعۂ کلام ۔

divaricate, v.i. پھیلنا ؛ شاخیں پُھوٹنا ؛ مختلف سمتوں میں نکلنا ؛ شق ہونا ؛ پھٹنا ۔ (نباتیات ، حیاتیات) کُشادہ زاویوں میں شاخیں پھوٹنا ؛ سڑک یا ڈال کی کئی شاخیں نکلنا ۔

divaricately, adv. پھیلنے کے لحاظ سے ؛ شاخیں پھوٹنے کے نُقطۂ نظر سے ۔

divarication, n. انتشار ؛ شاخیں پُھوٹنے کا عمل ؛ انشعاب ؛ انشقاق ۔

dive, v.i. غوطہ لگانا ؛ ڈُبکی لگانا ؛ اچانک پانی میں ڈُوب جانا ؛ پانی میں پہلے سر ڈُبونا ؛ پانی میں جسم ڈُبونا ؛ کسی چیز کی گہرائی میں جانا ؛ اچانک کسی چیز میں نفُوذ کرنا ؛ کسی مشغلے میں مگن ہونا ؛ بحث میں گہرے طور پر منہمک ہونا ؛ تیزی سے بُلندی سے پستی کی طرف آنا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کا غوطہ لگانا ۔ (فعل متعدی) غوطہ دینا ؛ ڈُبونا ؛ کسی چیز میں نفُوذ کرنا ۔ (اسم) غوطہ ؛ ڈُبکی ؛ جہاز یا آبدوز کا نیچے کی طرف غوطہ ۔ (بول چال) بدنام شراب خانہ و جُوا خانہ ۔ (عوامی) مُکّہ بازی کے مُقابلے میں پیشگی طے شُدہ جُھوٹ مُوٹ شکست ۔

diver, n. غوطہ خور ؛ غوّاص ؛ ڈُبکی مارنے والا ؛ ڈُوبنے والا ؛ پانی میں خصوصی لباس میں کام کرنے والا ؛ غوطہ خور جانوروں میں سے کوئی ۔ (برطانوی) غواصہ ؛ اسفرود ؛ پَن ڈُبی : ایک قسم کی مُرغابی ۔

dive bomber, n. غوطہ خور بمبار ۔

dive-bomb, v.t., v.i. غوطہ خور بمبار سے بم پھینکنا ۔

diverge, v.i. پُھوٹنا ؛ پھیلنا ؛ کُھلنا ؛ ایک مرکز سے باہر کی طرف پھیلنا ؛ مُنتشر ہونا ؛ منحرف ہونا ؛ راستے سے ہٹ جانا ؛ منفرج ہونا ؛ بھٹک جانا ۔ (فعل متعدی) پھیلانا ؛ کھولنا ؛ منتشر کرنا ؛ منحرف کرنا ۔

divergence, divergency, n. پھیلاؤ ؛ انتشار ؛ انحراف ؛ انفراج ؛ کُھلنے /باہر کی طرف پھیلنے ، پُھوٹنے کا عمل ؛ راستے سے ہٹنے /بھٹکنے کا عمل ؛ اِتّساع ؛ اختلاف ۔

divergent, a. منتشر ؛ پھیلنے والا ؛ کُھلنے والا ؛ مُنفرج ؛ مُنفَرِجہ ؛ مرکز سے باہر کی طرف پھیلنے والا ؛ پُھوٹنے والا ؛ راستے سے ہٹ جانے والا ؛ بَھٹکنے والا ؛ مُنحَرِف ۔

divergently, adv. انتشاری لحاظ سے ؛ بھٹکنے کے انداز سے ؛ مُنفرِجہ طور پر ۔

divers, diverse, a. کئی ؛ چند ؛ مُتعدّد ؛ بوقلموں ؛ مُتنوّع ؛ مختلف ؛ گُوناگُوں ؛ رنگا رنگ ؛ طرح طرح کے ؛ رنگ برنگ ۔

diversiform, a. گُوناگُوں ؛ مختلف الشکل ؛ رنگا رنگ ؛ متنوع ۔

diversify, v.t. بوقلموں بنانا ؛ مختلف رنگوں کا بنانا ؛ مختلف کرنا ؛ مُتنوّع بنانا ؛ قدرے تبدیل کرنا ؛ ترمیم کرنا ؛ مختلف الشکل بنانا ۔ (مالیات) تمسّکات مختلف تجارتی اور صنعتی اداروں میں خریدنا ۔

diversified, a. گُونا گُوں ؛ مختلف الشکل ؛ مختلف رنگوں کا ؛ مُتنوّع ؛ تبدیل شُدہ ؛ ترمیم شُدہ ۔

diversion, n. موڑ ؛ تبدیل شُدہ راستہ ؛ ضِمنی راستہ ؛ متبادل راستہ ؛ انحراف ؛ پھیر ؛ اجتنابِ تفرُّج ۔ (عسکری) حریف کو مغالطے میں ڈالنے کے لیے چال یا دھوکا ؛ کھیل ؛ مشغلہ ؛ بہلاوا ؛ جُل ؛ تفریح ؛ مُغالطہ ۔

diversionary, diversional, a. موڑ کا ؛ تبدیل شُدہ راستے سے متعلّق ؛ حریف کو مغالطے میں ڈالنے سے متعلّق ؛ کھیل سے متعلّق ؛ مشغلے کے بارے میں ؛ تفریح سے متعلّق ۔

diversionist, n. متبادل راہِ عمل کا قائل ؛ حریف کو مغالطے میں ڈالنے کے نظریے کا قائل ؛ نظریۂ مشغلہ کا مؤید ؛ کھیل کود کے نظریات کا ماننے والا ۔

diversity, n. تنُوع ؛ گُونا گونی ؛ عدمِ مشابہت ؛ اختلاف ؛ رنگا رنگی ؛ جُدا گانہ حیثیّت ؛ بھانت ۔

divert, v.t. موڑنا ؛ راستہ بدلنا ؛ رُخ پھیرنا ؛ منحرف کرنا ؛ پہلُو بچانا ؛ توجُّہ بدلنا ؛ دل بہلانا ؛ تفریح مہیّا کرنا ؛ خُوش کرنا ۔

diverter, n. انحراف کُنندہ ؛ موڑنے والا ؛ راستہ بدلنے والا ؛ رُخ پھیرنے والا ؛ منحرف کرنے والا ؛ توجّہ بدلنے والا ؛ دل بہلانے والا ؛ تفریح مہیّا کرنے والا ۔

diverting, a. انحرافی ؛ موڑنے کا باعث ؛ راستہ بدلنے کا باعث ؛ منحرف کرنے کا سبب ؛ توجُّہ بدلنے کا سبب ؛ باعثِ تفریح ۔

divertingly, adv. انحرافی انداز سے ؛ موڑنے کے لحاظ سے ؛ راستہ بدلنے کے نُقطۂ نظر سے ؛ منحرف کرنے کے طور پر ؛ تفریح کے نُقطۂ نظر سے ۔

diverticulum, n. (تشریح الاعضا) عطفہ ؛ کسی نالی یا شگاف سے شاخ کی صورت میں پُھوٹنے والی اندھی نالی دار تھیلی یا عمل ۔

divertimento, n. خیالی منصوبے کی طرح ، کئی حرکات میں مختلف، ہلکے سازوں کی ایوانی موسیقی میں سے کوئی ایک ۔

divertissement, n. مختصر تفریح ؛ وقفۂ تفریح ، خصوصاً بیلے ۔

divertive, a. دلچسپ ؛ پُرتفریح ؛ باعثِ دل لگی ۔

divide, v.t. تقسیم کرنا ؛ ٹُکڑے کرنا ؛ اجزا میں بانٹنا ؛ دو یا زائد حصّوں میں بانٹنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ جماعت بندی کرنا ؛ الگ کرنا جیسے کاٹ کر یا خیالی خط یا حد کے ذریعے ؛ کسی عدد کے اجزا بنانا ؛ رائے یا دلچسپی میں وحدت ختم کرنا ؛ مختلف بنانا ؛ پُھوٹ ڈالنا ۔ (فعل لازم) علیحدہ ہونا ؛ مشترکہ دلچسپی یا نظریے سے الگ ہونا ؛ دو یا زیادہ حصوں میں تقسیم ہونا جیسے سڑک ؛ ریاضیاتی تقسیم ہونا ؛ قانون ساز ایوان میں مختلف رائے کا اظہار ہونا جیسے 'ہاں' اور 'نہیں'؛ دو حصّوں میں بٹ کر رائے کا اظہار کرنا ؛ دھڑوں میں تقسیم ہونا؛نفاق

پڑنا ؛ مختلف الرائے ہونا ۔ (اسم) کسی خطے کی ہن ڈھال یا مقسم آب ۔

dividable, a. قابلِ تقسیم ؛ بانٹنے کے قابل ؛ تقسیم پذیر ۔

divided, a. مُنقسَم ؛ تقسیم شُدہ ؛ بانٹا ہُوا ۔

divider, n. تقسیم کُنِندہ ؛ قاسِم ؛ (آلہ)۔کمپاس (جمع) خطوط کو تقسیم کرنے والا آلہ ۔

dividend, n. (ریاضی) مقسُوم ؛ مقسومہ ؛ عددِ مقسوم ؛ کچھ زائد از توقّع ؛ حصّۂ منافع جو کوئی تجارتی کمپنی کماتی ہے اور جو حصّہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے ؛ وہ حصّہ جو ہر ایک کو ملتا ہے ؛ حِصّۂ رسدی ؛ حِصّہ بخرا ۔ (قانون) سرمائے کا وہ حصّہ جو دیوالیے کی جائیداد بیچ کر حاصل کیا جاتا ہے اور اس میں سے ہر ایک قرض خواہ کو اس کے قرض کی رقم کی مناسبت سے تقسیم کیا جاتا ہے ؛ وہ رقم جو بیمہ کمپنی اپنے بیمہ داروں کو واپس ادا کرتی ہے ۔

dividend yield, n. منقسمہ یافت ؛ جاریہ سالانہ راس المالی منافع جوواجب الادا راس المال کے ہر ایک حصّے پر اس کی موجودہ بازاری قیمت کو تقسیم کر کے دیا جاتا ہے ۔

divination, n. پیش گوئی ؛ غیب دانی ؛ تفال ؛ غیر حاضر چیزوں کو جاننے کا علم ؛ وجدانی ادراک ؛ غیر معمولی قُوّتِ اِدراک ؛ عِلمِ غیب ۔

divinatory, a. غیب دانی سے متعلِق ؛ متعلّق بہ پیش گوئی ؛ عِلمِ غیب کا ۔

divine, a. خدائی ؛ خدائی صفات والا ؛ ربّانی ؛ الٰہی ؛ سماوی ؛ آسمانی ؛ غیبی ؛ متبرک ؛ مقدّس ؛ دِینی ؛ مافوقُ البشری ، مَلَکوتی ۔ (بول چال) بہت مسرُور کُن ؛ حیرتناک ۔ (اسم) رُوحانی شخص؛ غیب دان؛ پادری ؛ خدا رسیدہ ؛ عالِمِ دین ۔ (فعل متعدی) وجدانی طور پر معلُوم کرنا ؛ بُوجھنا ؛ غیب کی کہنا ؛ بھید کہنا پیشینگوئی کرنا ۔ (فعل لازم) وجدانی طور پر معلوم ہونا ؛ پیشگی علم ہو جانا ؛ غیب جاننا ۔

divinely, adv. خدائی طور پر ؛ ربّانی لحاظ سے ؛ مقدسّ طریقے سے ؛ مافوقُ البشری انداز سے ۔

divineness, n. خُدائی ؛ الٰہیت ؛ تقدیس ؛ مافوقُ البشریت ؛ غیب دانی ؛ پیشینگوئی کی صفت ۔

Divine Liturgy, n. مشرقی قدامت پسند گرجا میں عشائے ربّانی سے متعلّق عبادت کی مُقرّرہ شکل ۔

divine right of kings, n. سماوی حقّ شاہی؛ عقیدۂ الٰہی حُقُوقِ شاہان؛ یہ عقیدہ کہ بادشاہوں کے حُقُوقِ سلطنت براہِ راست خدا کی طرف سے عطا کیے گئے ہیں؛ عقیدۂ ظِلِّ سُبحانی ۔

diving bell, n. غواصیہ؛ غوّاص آلہ ؛ ایک ایسا سازوسامان یا آلہ جو ابتداً گھنٹی کی شکل کا ہوتا تھا جس میں بیٹھ کر انسان پانی میں اُتر کر کافی دیر تک زیر آب رہ سکتا ہے، اس میں سطح آب پر موجود معاونین فشردہ ہوا پمپ کے ذریعے پہنچاتے ہیں ۔

divining rod, dowsing rod, n. بُوجھ چھڑی ؛ طِلسمی چھڑی ؛ غیبی ڈنڈی ؛ طِلسمی سلاخ ؛ وہ دو شاخہ چھڑی جسے لے کر غیب دان چلتا ہے اور جہاں زیر زمین پانی/معدنیات موجود ہوں وہاں وہ جُھک جاتی ہے ، اِس طریقے سے زیر زمین معدنیات کا پتا چلایا جاتا ہے ۔

divinity, n. (کبھی بڑے D سے) الوہیت؛ خُدائی؛ ذات باری تعالیٰ؛ صفات باری تعالیٰ ؛ سماوی مخلوق ؛ مرعوب کن خصوصیت یا اثر؛ تقدِیس ؛ الٰہیات ؛ دینیات ؛ لاہُوت ۔

divinize, v.t. الوہیت قرار دینا ؛ الٰہ قرار دینا ؛ خُدا بنانا؛ معبُود بنانا؛ دیوتا بنانا؛ خُدائی درجہ دینا ۔

divisible, a. قابلِ تقسیم ؛ قابلِ علیحدگی؛ تقسیم پذیر ۔

divisibility, n. قابلیّتِ تقسیم؛ قابلیّتِ علیحدگی ؛ تقسیم پذیری ۔

divisibly, adv. قابلِ تقسیم ہونے کے لحاظ سے ۔

divisibleness, n. قابل تقسیم ہونے کی صفت ۔

division, n. تقسیم ؛ انقسام ؛ بانٹ ؛ بٹوارا ؛ فصل ؛ باب ؛ قِسمت ؛ اجزا میں بانٹنے کا عمل ؛ علیحدگی ؛ کوئی ایسی چیز جو حد قائم کرے ؛ خطِّ تقسیم ؛ کسی مُلک ، صُوبے ، کمپنی یا حکومت کا کوئی حصّہ جو انتظامی ، سیاسی یا دیگر وجوہ سے الگ کیا گیا ہو : قسمت/کمشنری/ڈویژن؛ عملِ تقسیم ؛ جُز جو کسی کُل سے علیحدہ کیا گیا ہو ؛ نااِتّفاقی ؛ عَدمِ اِتّحاد ؛نزاع ؛ اختلاف ، جیسے رائے معلوم کرنے کے لیے مُقنّنہ میں؛دھڑا ۔ (حیاتیات) کسی بڑے گروہ ، جماعت یا زمرے کے اندر شامل پودوں یا جانوروں کی کُچھ تعداد ۔ (گُلبانی) قلم : وہ عمل جس کے تحت کسی پودے کی ٹہنی کو ایک نیا پودا بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (حساب) تقسیم : کسی عدد کے مقسوم علیہ کے حساب سے حاصلِ تقسیم معلوم کرنے کا عمل ۔ (عسکری) ڈویژن : جیش (کور) سے چھوٹا ، بریگیڈ سے بڑا فوج کا کوئی ایسا حصّہ جو انتظامی اور تدبیراتی لحاظ سے خُود مکتفی ہو۔ (بحریہ)اسکویڈرن میں شامل بحری جہازوں کا تدبیراتی گروہ ۔

division of labor, n. تخصیصِ کار؛ تقسیمِ کار۔

divisional, a. تقسیمی ؛ قِسمتی ؛ متعلّق بہ تقسیم ؛ ڈویژنل ۔

Divisionism, n. (بعض اوقات چھوٹے d سے) (فنون لطیفہ) مکتبِ نُقاطی مصوّری ؛ خالص رنگ کے چھوٹے چھوٹے نُقاط استعمال کرنے کا نقاطی مصوّری کا نظریہ اور عمل ؛ ان رنگوں کو بعد میں مشاہد کی آنکھ ملا لیتی ہے جب کہ تصویر کو فاصلے سے دیکھا جائے ۔

divisive, a. باعثِ تقسیم ؛ باعثِ تفریق ؛ انقسامی ؛ بانٹنے کا سبب ؛ باعثِ تنازُع ؛ باعثِ نزاع ؛نزاع انگیز۔

divisively, adv. باعثِ تقسیم ہونے کے لحاظ سے ؛ باعثِ تفریق ہونے کے نُقطۂ نظر سے ؛ باعثِ تنازُع ہونے کے طور پر۔

divisiveness, n. باعثِ تقسیم ہونے کی صفت؛ باعثِ تفریق ہونے کی خصوصیّت ؛ باعثِ تنازُع ہونے کی صفت ؛ باعث نزاع ہونے کی خصوصیت ؛ انقسامیت ؛ تفریقیت ؛ نزاع انگیزی ۔

divisor, n. (حساب) قاسِم ؛ مقسوم علیہ؛ وہ عدد جس پر کسی عدد کو تقسیم کیا جائے۔

divorce, n. طَلاق ؛ فسخِ نکاح ؛ خُلع ؛ علیحدگی ؛ اختتامِ شادی ؛ ترک تعلق ۔ (فعل متعدی) طَلاق دینا ؛ زوج کو علیحدہ کرنا ؛ ترک تعلُق کرنا ؛ طَلاق کے ذریعے مکمّل طور پر علیحدگی اختیار کرنا ۔

divorceable, a. قابل طَلاق ؛ قابلِ خُلع ؛ قابل علیحدگی ؛ ترکِ تعلّق کے قابل ۔

divorce, n. طَلاق یافتہ مرد ؛ مطلَّق ۔

divorcee, n. طَلاق یافتہ عورت ؛ مُطلّقہ ۔

divorcement, n. طَلاق دہی ؛ طَلاق دہندگی ؛ طَلاق ۔

divot, n. فن تعمیر ؛ ڈلا ؛ دوب والی گیلی مٹّی کا پیڑا جسے جھونپڑیوں کی چھت پر استعمال کرتے ہیں ۔ (گالف) گالف

کھیلنے کے دوران چھڑی کی ضرب سے کٹنے والی زمین کا ڈلا ـ

divulge, v.t. انکشاف کرنا ؛ اِفشا کرنا ؛ فاش کرنا ؛
ظاہر کرنا ؛ راز کا افشا کر دینا ـ

divulgence, divulgement, n. انکشاف ؛ افشائے راز ؛ اظہار ـ

divulger, n. انکشاف کُنندہ ؛ اِفشا کُنندہ ـ

divulsion, n. پھاڑنے یا علیحدہ کرنے کا عمل ؛ قَلع ـ

divulsive, a. پھاڑنے والا ؛ قَلع کرنے کی خاصیت رکھنے والا ؛
پھاڑ کر الگ کرنے والا ـ

diwan, divan, n. [اردو] دیوان ؛ مجموعۂ کلام ؛
کسی شاعر کی شاعری کا مجموعہ ـ

Dixie, Dixie Land, n. ڈِکسی ؛ ریاستہائے مُتّحدہ امریکا کی
جنوبی ریاستیں خصوصاً خانہ جنگی کے دور میں (وفاقیہ) میں شامل
ریاستیں ؛ ۱۸۵۹ء میں ڈی ڈی ایمیٹ کے لکھّے ہوئے نہایت ہی ہر دلعزیز
گیت ـ

Dixiecrat, n. جنوبی ریاستہائے مُتّحدہ امریکا کا ڈیموکریٹ،
خصوصاً وہ جس نے ۱۹۴۸ء میں ڈیموکریٹک پارٹی کو اس لیے خیر باد
کہہ دیا تھا تا کہ وہ شہری حقوق کی مخالف ریاستوں کے حقوق کی
حامی جماعت کی حمایت کر سکے ـ

Dixieland, a. نیواورلینز کے جاز کے طرز سے متعلّق
جس کو عموماً چھوٹا طائفہ بجایا کرتا تھا اور جس کی خصوصیت دو
ضرب یا چہار ضرب کی تال اور انفرادی یا گروہی برجستہ نغمہ طرازی
ہوتی تھی ـ

dizygotic, a. اخوانی توأموں کا/کی تشریح کرنے والا ـ

dizzy, a. چکرایا ہُوا ؛ دوران سر میں مُبتلا ؛
بدحواس ؛ سراسیمہ ؛ سرگراں ؛ چکرا دینے والا جیسے چکرا دینے والی
بُلندی ـ (بول چال) احمق ـ (فعل متعدی) چکرا دینا ؛ دورانِ سر میں
مُبتلا کر دینا ؛ بدحواس کر دینا ؛ سراسیمہ کر دینا ؛ سرگراں کر دینا ـ

dizzily, adv. چکرائے ہوئے انداز سے ؛
بدحواسی سے ؛ سراسیمگی سے ؛ سرگرانی سے ـ

dizziness, n. چکرّ ؛ گھمیر ؛ دورانِ سر ؛ بدحواسی ؛ سراسیمگی ؛
سرگرانی ـ

D layer, n. 'د' طبقہ ؛ ڈی طبقہ ؛ 'د' تہ ؛ ڈی تہ ؛
کرۂ روانیہ/آیَونیہ کی ایک تہ جس کے 'د' یا 'ڈی' خطّے میں بننے کا
رُجحان ہوتا ہے اور جس میں عموماً رواں کردہ گیسوں کی کچھ
مقداریں شامل ہوتی ہیں ـ

do, v.t. کرنا ؛ بجا لانا ؛ کام کرنا ؛ ادا کرنا ؛
تکمیل کرنا ؛ پُورا کرنا ؛ بنانا ؛ عمل کرنا ؛ ارتکاب کرنا ؛ تعمیل کرنا ؛
انجام دینا ؛ عمل میں لانا ؛ اختتام کرنا ؛ حل کرنا ؛ نکالنا (سوال) ؛ بسر
کرنا ؛ پُورا کرنا ؛ کردار ادا کرنا ؛ (فاصلہ وغیرہ) طے کرنا ؛ بنانا جیسے
بال وغیرہ ؛ کافی ہونا ؛ کچھ وقت کے لیے کسی مقام یا مرتبے پر رہنا ؛
کسی تصنیف کی ہیئت و اسلوب بدلنا
(جیسے: They are doing Cervante's novel in musical form) ـ (فعل
لازم) ہونا ؛ بسر ہونا ؛ پیش ہونا ؛ واقع ہونا ؛ کافی ہونا ؛ بہتر ہونا
(جیسے : The patient is doing as well as expected) ـ (معاون فعل)
استفہامیہ ؛ سلبیہ یا مقلوب/معکوس ساخت میں یہ لفظ کئی معنوں
میں بولا جاتا ہے ـ

do away with, (محاورہ) خاتمہ کرنا ؛ موقوف کرنا ؛
منسوخ کرنا؛ توڑ دینا ؛ دفع کرنا ؛ ردّ کرنا ؛ الگ کرنا ـ

do by, (محاورہ) سلوک کرنا ـ

do one proud, (محاورہ) قابلِ فخر ہونا ؛ باعث فخر ہونا ـ

do or die, (محاورہ) بہت زیادہ کوشش کرنا ؛
جان توڑ کر کوشش کرنا ـ

do out of, (محاورہ) دھوکا دینا ؛ دغا دینا ؛
جُل دینا (جیسے : the peddler did him out of five dollars) ـ

do over, (محاورہ) دُہرانا ؛ مُکرّر کرنا ـ

do up, (محاورہ) بنانا ؛ دَرُست کرنا ؛ مرمّت کرنا ؛
تھکا دینا ـ

do without, (محاورہ) کسی چیز کے بغیر گُزارا کر لینا ؛
کام چلا لینا ؛ ترک کرنا ـ

have to do with, (محاورہ) تعلّق رکھنا ؛ نباہنا ؛
برداشت کرنا ؛ سروکار رکھنا ؛ غرض یا مطلب رکھنا ،
(جیسے : What does that have to do with the problem?) ـ

make do, (محاورہ) کام چلا لینا ؛ کمی کے باوجود
گزارا کر لینا (جیسے: to make old clothes do) ـ

do's and don'ts, (محاورہ) اوامر و نواہی ؛ قواعد و ضوابط ـ

do, n. (موسیقی) سرگم کے اصول سے ترتیب دینے کے
عمل میں مستعمل رُکنِ تہجّی میں سب سے اوّل کو دیا ہُوا نام ؛ ہشت
سُرے سرگم کے پیمانے میں پہلا یا کلیدی سُر ـ

doable, a. کرنے کے قابل ؛ قابل بجا آوری ؛ قابلِ کارروائی ـ

dobbin, n. لدُّو گھوڑا ؛ کھیتی باڑی یا گھر میں کام آنے
والا خاموش طبع محنت و مشقّت کرنے والا گھوڑا ؛ چھکڑا یا ہل چلانے
والا گھوڑا ـ

Doberman pinscher, n. جرمنی میں ترقی دادہ درمیانے سے
بڑے قد کا چھوٹے بالوں والا کُتّا جس کے بالوں کا رنگ عموماً بُھورا ،
سیاہ یا نیلگوں مٹیالا ہوتا ہے جس پر زنگ کے رنگ کے نشانات ہوتے
ہیں ـ

dobson, n. ڈوب سن ؛ ہیل گرامائٹ ؛ اسی خاندان
کے کئی حشرات میں سے کسی کا پہل رُوپ یا لاروا ـ

dobson fly, n. ڈوبسن مکھّی ؛ بالغ حشرہ جس کے جھلّی دار پر
ہوتے ہیں اور نروں میں بڑے بڑے سینگوں کی طرح جبڑے ـ

docent, n. اُستادِ جامعہ ؛ عجائب گھر یا
فنّی تصویر خانہ کا رہنما ـ

Docetism, n. عقیدہ عدمِ بشریت ؛ قدیم عیسائی عقیدہ
کہ حضرت عیسیٰ صرف نُورانی اور رُوحانی جسم رکھتے تھے اس لیے
وہ جسمانی درد و کرب سے مبرّا تھے ـ

Docetic, a. قائلِ عدم بشریت ؛ اس عقیدے کا حامل کہ
حضرت عیسیٰ رُوحانی جسم رکھتے تھے اور وہ جسمانی درد و کرب سے
مبرا تھے ـ

doch-an-dorrach, doch-an-dorris, n. رقاب پیالہ ؛ جامِ ہجر ؛ الوداعی جام ـ

docile, a. تغیُّر پذیر ؛ تبدیلی پذیر ؛ قابلِ رسائی ؛ اطاعت
گزار ؛ اصلاح پذیر ؛ تربیّت پذیر ؛ قابلِ تعلیم ؛ فرمان بردار ؛ آسانی سے
بات ماننے والا ؛ آسانی سے ڈھلنے والا ـ

dock, n. ریواس ؛ تُوشک ؛ ایک سدا بہار بُوٹی جو عموماً ناگوار گھاس پھونس کی طرح ہوتی ہے جس کی جڑیں مضبوط ، تنا سیدھا اور پتّے چوڑے ہوتے ہیں ۔

dock, n. دُمچی ؛ دُم کا گوشت اور ہڈّی والا حصّہ بمقابلہ بالوں والے حصّے کے ؛ دُم کے بال کاٹنے کے بعد بچا ہوا حصّہ ۔ (فعل متعدی) دُم کے بال کاٹنا ؛ فالتو بال کاٹ دینا جیسے کُتّے کی دم کے بال کاٹنا ؛ عموماً بطور جرمانہ فوائد سے محروم کر دینا جیسے کسی ملازم کی تنخواہ سے رقم کاٹ لینا؛ تخفیف کرنا ؛ بال تراشنا ۔

dock, n. گودی ؛ بندر ؛ گھاٹ ؛ بندرگاہ یا دریا کے کنارے پر جہازوں کی آمد کو مُمکن بنانے کے لیے مصنوعی تیّار کردہ احاطہ ؛ ہر قسم کی گاڑیوں کے سامان لادنے اور اتارنے کا مقام جیسے ٹرکوں اور گاڑیوں کے پلیٹ فارم ؛ مرمّتی چھپر یا (ہوائی جہازوں کی) طیّارہ گاہ ۔ (فعل متعدی) گودی میں لانا ۔ (فعل لازم) گودی میں آنا ۔

dock, n. کٹہرا ؛ عدالت کا کٹہرا ؛ عدالت میں وہ مقام جہاں ملزم کو کھڑا کیا جاتا ہے ۔

dock, v.t. (فضائیات) فضائے بسیط میں محور کے گرد چکر لگانے والے دو یا زیادہ اجسام کا آپس میں ملنا اور یکجا ہو جانا ۔

docking, n. فضا میں چکر لگانے والی اشیا کا آپس میں اِتّصال اور مقام اِتّصال ۔

dockage, n. کرایۂ گودی ؛ جہاز کو گودی میں لنگرانداز کرنے کی سہولت ؛ جہاز کو گودی میں کھڑا کرنے کا عمل ؛ اجرت سے منہائی ؛ تخفیفِ اجرت ؛ غلے کا بُھوسا جو کئی ذرائع سے الگ کیا جاتا ہے ۔

docker, n. گودی مزدور ؛ بندرگاہ کا مزدور ؛ قاطع ؛ کاٹ کر چھوٹا کرنے والا ۔

dockyard, (Brit.)
navy yard, n. احاطۂ گودی ؛ گودی کا وہ حصہ جہاں بحری ذخائر ہوں اور بحری جہاز بنانے یا ان کی مرمت کا انتظام ہو ۔

docket, n. پروانہ ؛ خُلاصہ ؛ عدالت میں زیر سماعت مقدّمات کی یا فریقینِ مقدمہ کی فہرست ۔ (بیشتر برطانوی) عدالتی مقدمے کی کارروائی کی سرکاری یادداشت یا اندراج کا رجسٹر ؛ کسی پیکٹ سے لف کوائف کا کیفیت نامہ ؛ لیبل ؛ ٹکٹ ۔ (فعل متعدی) پروانے میں اندراج کرنا ؛ مشمولات کی یادداشت تیّار کر کے لگانا ؛ پرچی سے اندراج مکمّل کر دینا ؛ خُلاصہ لکھنا ؛ ڈاکِٹ کرنا ۔

dock hand, n. گودی مزدور ؛ بندرگاہ مزدور ۔

doctor, n. ڈاکٹر ؛ طبیب ؛ حکیم ؛ عالِم ؛ معالج ؛ دندان ساز یا بیطار ؛ جامعہ سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرنے والا ۔ (فعل متعدی) کسی کے لیے بطورِ طبیب کام کرنا ؛ علاج کرنا ؛ مُرمّت کرنا ؛ پیوند کاری کرنا ؛ جُھٹلانا ؛ دوا ملانا ؛ ملاوٹ کرنا ، جیسے خوراک یا شراب میں ملاوٹ کرنا ۔ (فعل لازم)بطور طبیب کام کرنا ؛ بطور معالج ، دندان ساز یا بیطار کام کرنا ۔ (بولی) دوا لینا یا کھانا ۔

doctoral, a. ڈاکٹری سے متعلّق ؛ متعلّق بہ ڈاکٹری ؛ ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لیے مطلوبہ مطالعے کا لائحۂ عمل ۔

doctorate, n. ڈاکٹریٹ کی ڈگری جو جامعہ کی طرف سے عطا کی گئی ہو ۔

doctorship, n. ڈاکٹر کی ڈگری ؛ ڈاکٹریٹ ۔

doctrinaire, n. نظریہ پرست ؛ اصول پسند ؛ غیر عملی نظریہ پرست ؛ وہ شخص جو عملی پُہلو کا لحاظ کیے بغیر سیاسی یا معاشرتی معاملات میں اہم تبدیلیوں کے نظریے کا پرچار کرے ۔ (صفت) اصول پرستانہ ؛ ناقابلِ عمل ۔

doctrine, n. نظریہ ؛ اصول ؛ عقیدہ ؛ مسئلہ ؛ تعلیم ؛کسی خاص موضوع سے متعلّق تعلیمات کا مجموعہ یا نظام ؛ نظام عقائد ؛ کوئی خاص اصول جس کا پرچار کیا جائے (جیسے : Monroe doctrine) ۔

doctrinal, a. متعلّق بہ نظریہ ؛ نظریاتی ؛ اعتقادی ۔

doctrinally, adv. نظریاتی لحاظ سے ؛ اعتقادی طور پر ۔

doctrine of descent, n. (حیاتیات) نظریۂ توارُث ؛ یہ نظریہ کہ موجودہ پودے اور حیوانات براہِ راست سابقہ پودوں اور حیوانات کی نسل سے ہیں ۔

docudrama, n. دستاویزی تمثیل/ڈراما ؛ حقیقی صورت حال کی ڈرامائی تشکیل ۔

document, n. دستاویز ؛ قانُونی تحریر ؛ نوشتہ ؛ سند ؛ تمسُّک ۔ (فعل متعدی) دستاویزی یا تحریری شہادت سے ثابت کرنا ؛ دستاویزِ شہادت وغیرہ پیش کرنا ۔

documental, a. دستاویزی ؛ تحریری ۔

documentary, a. دستاویزی ؛ تحریری ؛ متعلّق بہ نوشتہ ۔ (اسم) دستاویزی چیز ۔

documentarily, adv. دستاویزی لحاظ سے ؛ تحریری طور پر ؛ نوشتہ کے نُقطۂ نظر سے ۔

documentation, n. دستاویز کاری ؛ دستاویزی ثبوت کا استعمال ؛ مستند دستاویزات کی پیش کاری ؛ ثبوت بذریعہ دستاویزات ؛ دستاویزی شہادت کی فراہمی ؛ تحشیہ نگاری ؛ حوالہ نگاری ۔

dodder, love vine, n. کُشوث ؛ افتیمون ؛ آکاس بیل ؛ ایک قسم کی بے پتّی کی بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے جس کا رنگ گلابی یا سفید ہوتا ہے ۔

doddered, a. آکاس بیل زدہ ؛ شاخ بُریدہ ؛ پھننگ یا ڈالیاں کٹا ہُوا ؛ سربُریدہ ؛ مُرجھائی ہوئی ڈالیوں یا پُھننگوں والا ۔

dodder, v.i. لرزنا ؛ کانپنا ؛ رعشہ زدہ ہونا ۔

doddered, doddering, dodderly, a. ضعیف ؛ کمزور ؛ لرزاں ؛ ڈگمگاتا ہُوا ؛ رعشہ زدہ ؛ ضعیفانہ ؛ کانپتا یا لرزتا ہوا ۔

dodderer, n. لرزتا ہُوا ؛ لرزنے والا ؛ ضعیف ؛ کمزور ؛ لرزاں ۔

dodecagon, n. بارہ ضلعی/زاویائی شکل ؛ دوازدہ کون ؛ دوازدۃ الاضلاع ؛ دوازدہ اضلاعی شکل ؛ بارہ کونیا شکل ۔

dodecagonal, a. دوازدہ ضلعی/زاویائی ؛ بارہ کونیا ۔

dodecahedron, n. بارہ سطحی ؛ دوازدہ سطحی مُجسّم ۔

dodecahedral, a. بارہ سطحی جسمی ؛ دوازدہ سطحی ؛ بارہ کُھنٹا ۔

dodecaphonic, a. بارہ صدائی ؛ متعلّق بہ دوازدہ آواز ؛ دوازدہ صدائی ۔

dodecaphonism, n. نظریۂ بارہ صدائی ؛ نظریۂ دوازدہ صدائیت ؛ نظریۂ دوازدہ آواز ۔

dodecaphonist, n. حامل نظریۂ دوازدہ صدائیت ۔

dodecaphony, n. دوازدہ صدائیت ؛ دوازدہ آواز ۔

dodge, v.t., v.i. کترانا ؛ اِدھر اُدھر یا آگے پیچھے ہونا ؛

اِدھر اُدھر ہٹ کر بچنا ؛ آڑ میں ہو جانا ؛ بچ کر نکل جانا ؛ اچانک جگہ بدلنا ؛ اُچھل کر ایک طرف ہو جانا ؛ حیلے بہانے کرنا ؛ بات گھما کر کرنا ؛ اچانک جگہ بدل کر یا تدبیر کے ذریعے بچ نکلنا ؛ دھوکا دینا ؛ چوری چُھپے پیچھا کرنا ؛ روپُوش ہونا ؛ دغا کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ ٹالنا ؛ ہیر پھیر کرنا ؛ حیلہ بہانہ کرنا؛ اِدھر اُدھر ہوتے رہنا ـ (اسم) چال ؛ حیلہ ؛ داؤ اچھل کر ایک طرف ہونے کا عمل ؛ فریب ؛ دھوکا ـ (بول چال) ماہرانہ مصلحت یا تدبیر ـ

dodger, n. چال باز؛ اُچھل کر بچ نکلنے والا ؛ چھلیا ؛ دم باز ؛ حیلہ ساز ؛ فریبی ؛ چھوٹا سا دستی اشتہار ـ

dodgery, n. جھانسا ؛ چھل ؛ جُل ؛ حیلہ ؛ فریب ؛ اُچھل کر پہلو بچانے کا عمل ـ

dodgy, a. چال باز ؛ حیلہ ساز ؛ فریبی ـ

dodo, n. ڈو ڈو ؛ ماریشس کا بھدا ؛ بے پر ناپید پرندہ ، کبوتروں کی قِسم کا لیکن جسامت میں ٹرکی سے مِلتا جُلتا ـ (بول چال) غبی ؛ پسماندہ ذہانت والا ـ

doe, n. ہرنی ؛ بَکری ؛ خرگوشنی ؛ مادہ آہو ـ

doeskin, n. ہرنی کی کھال ؛ ہرنی کا چمڑا ؛ گاڑھا/ گھنا نفیس کپڑا ـ

doer, n. فاعل ؛ مُرتَکِب ؛ کرتا ؛ کرنے والا ؛ کِردار کا دھنی بمقابلہ گُفتار کا دھنی ؛ کرتا دھرتا ـ

doesn't, ''does not'' کی مرخَم شکل ـ

doff, v.t. لباس وغیرہ اُتارنا ؛ ہیٹ وغیرہ سلام کے لیے اتارنا ؛ ٹوپی اُتارنا ؛ کپڑے اُتارنا ؛ ختم کرنا یا نجات حاصل کرنا ؛ ملتوی کرنا ـ

dog, n. کُتّا ؛ سگ ؛ کُوکر ؛ کَلب ؛ اس نوع کا نر ؛ قابلِ نفرین شخص ؛ عام کم اہم انسان ؛ مردود ؛ ذلیل ـ (بڑے D کے ساتھ) دو مجمع النجوم ؛ کَلبِ اکبر اور کلَب اصغر ؛ اگن ٹیک ؛ کسی چیز کو پکڑے رکھنے یا گرفت میں لینے کے لیے کوئی پُرزہ جسے کتا کہتے ہیں مثلاً رہٹ کے کُتّے یا سائیکل کے کُتّے ؛ آنکڑا ؛ کانٹا ؛ گیرا ـ (فعل متعدی) پیچھا کرنا ؛ تعاقُب کرنا ؛ بُری نیت سے کسی کے پیچھے لگے رہنا ؛ کُتّے یا کُتّوں سے تعاقب کرنا ؛ مشینی کُتّے یا آنکڑے سے روکنا یا اٹکانا ـ (متعلِق فعل) مکمل طور پر ؛ کُلّی طور پر عموماً کسی اور لفظ کے ساتھ (جیسے : dog tired)؛ کُلّی طور پر تھکا ہُوا ـ

dog in the manger, n. قِصّے کے روایتی کُتّے کی طرح وہ شخص جو بُخل سے کسی ایسی چیز پر اپنا قبضہ جمائے رکھتا ہے جو اس کے کسی فائدے یا کام کی نہ ہو ـ

to go to dogs, (محاورہ) تباہ ہونا ؛ جہنم رسید ہونا ؛ برباد ہونا ـ

dog bane, n. کُچلہ ؛ کُتّے مار ؛ پیاز حضرتی ؛ خانِقِ الکلب ـ

dog berry, n. چیچبی ؛ زُغال آختہ ؛ ایک قسم کی بیری ـ

dog cart, n. کُتّا گاڑی ؛ ٹم ٹم ؛ گھوڑوں سے کھینچی جانے والی وہ گاڑی جس میں سواریاں پُشت بہ پُشت بیٹھتی ہیں ؛ تانگہ ؛ یَکّہ ـ

dog catcher, n. کُتّے پکڑنے والا ؛ کُتّا گیر؛ وہ اہل کار جسے بلدیہ آوارہ کُتّے اور آوارہ مویشی پکڑ کر بند کرنے پر معمور کرتی ہے ـ

dog collar, n. کُتّے کا پٹا ـ (عوامی) پادَری کا کالر ؛ زنانہ گلوبند جو اُونچے کالر کی مانند ہو ـ

dog days, n., pl. ایامِ باخور ؛ وہ ایام جب کلبُ الجبار سورج کے ساتھ طلوع و غروب ہوتا ہے یعنی تقریباً ۳ جولائی سے ۱۱ اگست کے درمیانی ایام یا وسطِ گرما کا زمانہ ـ

doge, n. وینس (۶۹۷ء تا ۱۷۹۷ء) اور جنیوا (۱۳۳۹ء تا ۱۷۹۷ء) کے زمانے کی سابقہ جمہوریتوں کا مُنصفِ اعلیٰ یا صدر مجسٹریٹ ـ

dog-ear, n. گوشک ؛ کتاب کے ورق کا مُڑا ہوا گوشہ ـ (فعلِ متعدّی) کتاب کے ورق کا کونا موڑنا ـ

dog-eared, a. گوشکی کتاب ؛ بداحتیاطی سے استعمال کی وجہ سے مڑے ہوئے کونوں والی کتاب ـ

dog-eat-dog, a. بے رحمانہ یا شدید مسابقت کی خصوصیت لیے ہوئے ـ

dogface, n. (عوامی) امریکی فوج کا سپاہی خصوصاً پیادہ فوج کا سپاہی ـ

dog fennel, n. بابُونہ ؛ بدبُودار پُھول ـ

dogfight, n. گُھمسان کی لڑائی ؛ سخت لڑائی ؛ دو لڑاکا طیاروں کے مابین جنگ ـ

dogfish, n. سگ ماہی ؛ چھوٹی شارک مچھلی ـ

dogged, a. سگ طینت ؛ سگ صِفت ؛ جم کر محنت کرنے والا ؛ ضِدّی ؛ ہٹیلا ؛ سینہ زور ؛ مستقل مزاج ؛ چمچچڑ ؛ مضبوط ارادے کا ؛ دُھن کا پکّا ـ

doggedness, n. سگ طینتی ؛ جم کر محنت کرنے کی خاصیت ؛ سینہ زوری ؛ ضِد ؛ ہَٹ ؛ مستقل مزاجی ؛ چم چچڑ پن ؛ اَکھڑ پن ـ

doggerel, a. تُک بندی ؛ زَٹَل قافیہ ؛ ڈھیلی ڈھالی بے قاعدہ بحر والی مزاحیہ زٹل شاعری ؛ آج کل ناقص وزن اور مفہوم والی شاعری ـ (اسم) تُک بند شاعری ـ

doggish, a. لینڈی کُتّے کی مانند ؛ کٹکھنا ؛ اکل کُھرّا ؛ بظاہر وضع دار بننے والا ؛ سگ طینت ؛ سگ سرشت ـ

doggishness, n. لینڈی کُتّے کی خصوصیت ؛ کٹکھنا پن ؛ اکل کُھرّا پن ؛ وضع داری کی بہانہ سازی ـ

doggone, v.t. (عوامی) لعنت بھیجنا ـ (اسم) (عوامی) لعنت یا بددُعا یا کوسنے کے لیے استعمال ہونے والا لفظ ؛ تحقیر کے لیے استعمال کیا جانے والا لفظ ـ

doggoned, a. (عوامی) ملعُون ـ

doghouse, n. کُتّا خانہ ؛ کُتّا گھر ؛ کُتّے کے لیے بنایا ہُوا ڈربہ جو چھوٹے گھر کی مانند ہوتا ہے ـ (فضائیات ، عوامی) راکٹ کی ہموار سطح پر اُبھار جس میں کوئی آلہ چُھپا ہو ـ

dogie, n. مغربی گلہ مویشیاں میں ''یتیم بچھڑا'' ـ

dogleg, a. کُتّے کی ٹانگ کی طرح تنگ زاویہ ـ (اسم) (فضائیات) راکٹ داغنے کے وقت خطِ حرکت/مسیر میں زیادہ بہتر مداری جُھکاؤ حاصل کرنے کے لیے اختیار کردہ سمتی موڑ ـ (گالف) گالف کے میدان کا صاف راستہ جس میں تنگ دایاں یا بایاں موڑ شامل ہو ـ

dogma, n. غَطرسہ ؛ اِذعانی اصول ؛ کٹّر مذہبی عقیدہ ؛ راسخ عقیدہ ؛ مذہبی اصول ؛ تجربے سے قائم شُدہ رائے کے برخلاف کسی کی سند کی بنا پر قائم کردہ رائے ؛ قول ـ

dogmatic, domatical, a. غطریسی ، اذعانی اُصول سے متعلّق ؛ کٹّر مذہبی عقیدے سے متعلّق ؛ کسِی کی سند کی بنا پر قائم کردہ رائے سے متعلّق ؛ تحکمّانہ انداز سے اظہار رائے سے متعلّق ؛ آمرانہ ؛ مُطلقُ العنانہ ؛ راسخ الاعتقاد ۔

dogmatically, adv. غطریسانہ ؛ اِذعانی اصول کی بنا پر ؛ کٹّر مذہبی عقیدے کے لحاظ سے ۔

dogmaticalness, n. غطریسیت ؛ اذعانی اصُول ؛ کٹّر مذہبی عقیدہ ۔

dogmatics, dogmatic theology, n. غطریسیات ؛ علمِ اذعانی اصول ؛ راسخ الاعتقادی ؛ کٹّر مذہبی عقیدے کا علم ۔

dogmatism, n. نظام غطریسیت ؛ اذعانی اصولوں کا نظام ؛ کٹّر مذہبی عقائد کا دعویٰ ؛ راسخ الاعتقادی ۔ (فلسفہ) تشکک کے برعکس قیاسی استدلال کا نظام جو استدلال علِّت تامعلول پر مبنی ہوتا ہے ۔

dogmatist, n. غطریسی ؛ اذعانی اُصُولوں کے نظام کا قائل ؛ کٹّر مذہبی عقائد کا ماننے والا ؛ آمرانہ نظریات کا حامل ؛ راسخُ الاعتقاد ۔

dogmatize, v.i., v.t. حتمیّت اور قطعیت کے ساتھ کوئی بات بلاثبوت کہنا ؛ جُرأت اور بلاجواز تیقُن سے کسی رائے کی تبلیغ یا اظہار کرنا ؛ کٹّر مذہبی عقیدے کو بیان کرنا یا اس کا اظہار کرنا ۔

dogmatizer, n. حتمیّت اور قطعیت کے ساتھ بلا ثبوت بات کہنے والا ؛ جراُت اور بلاجواز تیقن کے ساتھ کسی رائے کا بیان کرنے والا ۔

dogmatization, n. حتمیت اور قطعیّت سے کوئی بلاجواز باتْ کہنے کا عمل ؛ جرأت اور بلاجواز تیقّن کے ساتھ کسی رائے کا بیان اور اظہار ۔

do-gooder, n. مُصلح ؛ فلاحی کام کرنے والا ؛ فلاح کار ؛ معاشرتی کارکُن ؛ اصلاحِ مُعاشرہ کا کام کرنے والا ۔

dog rose, n. جنگلی گلاب ؛ سُچا گلاب ؛ سدا گلاب ۔

dog sled, dog sledge, (Canadian) dogtrain, n. کُتّا گاڑی ؛ سلیج ؛ برف پر چلنے والی گاڑی جسِے کُتّے کھینچتے ہیں ۔

Dog Star, n. شعرالعبور ؛ کَلبُ الجبار ؛ اوّلین جسامت کا ستارہ ؛ کلبِ اکبر میں واقع شعریٰ یمانی ۔

dog tag, n. کُتّے کا شناختی چھلاّ ؛ وہ قُرص جو کُتّے کے کالر سے باندھتے ہیں جس پر کُتّے کا شناختی لائسنس نمبر درج ہوتاہے ، یہ نمبر مقامی بلدیاتی یا شہری انتظامیہ جاری کرتی ہے ؛ شناختی چھلّوں کے جوڑے میں سے ایک جسِے مسلّح افواج کا کوئی رُکن پہنتا ہے ۔

dogtooth, n. ناب ؛ انیاب ؛ کُچلی ؛ دندان سگ ؛ تیز نوکیلا اِنسانی دانت جو ثنیہ (قاطع دانت) اور پیش داڑھ کے درمیان واقع ہوتا ہے ؛ کُکر دنتی ؛ ایک پودا جس کے پتّے اور پُھول چتّی دار ہوتے ہیں ؛ نارمن اور قدیم انگریزی طرز تعمیر میں چھوٹے آرایشی مینار ۔

dogtooth violet, dog's tooth violet, n. جنگلی بنفشہ ؛ ایک قسم کی بے بُو بنفشہ ؛ بنفشہ کی وہ قسم جس پر صرف ایک ارغوانی پُھول کھِلتا ہے ؛ امریکی جنگلی بنَفشہ جس پر پیلے یا سفید اور اُودے رنگ کے پُھول کھِلتے ہیں ۔

dogtrot, n. کُتّا چال ؛ کُتّے کی طرح کی تیز چال ؛ کُوکر چال ؛ دُلکی ؛ آہستہ دوڑ ۔ (فعل لازم) آہستہ روی سے ترقّی کرنا ۔

dogwatch, n. (جہاز رانی) ۴ تا ۶ بجے شام کے درمیان اور ۶ تا ۸ بجے شام کے درمیان کے دو دو گھنٹوں کے دو پہروں میں سے ایک ؛ رات کی باری ؛ رات کا پہرا ۔ (صحافت ، عوامی) وہ وقت جب کہ کسِی اخبار کی عام اشاعتیں چھاپے خانے میں چلی جائیں اور جب تخفیف شدہ عملہ کام پر رہ جائے ۔

dogwood, n. زغال آختہ ؛ چیچپی ؛ جذع /گِنٹھی کی جنس کی جھاڑیوں میں سے کوئی ایک ، ان میں سے بعض پر چھوٹے پُھول لگتے ہیں جو شوخ سفید تا سُرخ پتیّوں گی مانند ہوتے ہیں ۔

doily, n. چھوٹا زیرانداز جو اُنگلیاں دھونے کے برتن کے نیچے رکھّا جاتا ہے ؛ ایک چھوٹی آرایشی کپڑے کی چٹائی ؛ ایک چھوٹی چٹائی یا آرایشی میزی بیل ۔

doing, n. کارروائی ؛ کارستانی ؛ ذاتی کوشش ؛ کام یا سبب ۔ (جمع) مُعاشرتی سرگرمیاں ؛ واقعات ؛ کارنامے ؛ کرتُوت ؛ حرکات ؛ معاملات ۔

do-it-yourself, a. خود کیجیے ؛ ان رسدات یا مواداتِ سے متعلّق جو بنا کر برائے فروخت منڈی میں رکھ دی جائیں خصوصاً اہل شغل یا اہل مشاغل کے استعمال کے لیے ۔

do-it-yourselfer, n. وہ شخص جو رسدات یا موادات بنا کر اہلِ مشغلہ کے استعمال کے لیے برائے فروخت منڈی میں رکھ دے ۔

dojo, n. ڈوجو ؛ جاپانی تکنیک کی مدافعتی تربیّت دینے والا ادارہ ۔

dolce, a. (موسیقی) شِیریں ؛ ملائم ۔ (اسم) موسیقار کو موسیقی شیریں اور ملائم لہجے میں بجانے کی ہدایت ۔

doldrums, n., (جہاز رانی) خطِّ استوا کے نزدیک سمندر کے وہ حصے جن میں بکثرت سکون ، چیختے چنگھاڑتے طوفان اور ہلکی حواس باختہ کر دینے والی ہوائیں یکے بعد دیگرے مشاہدے میں آتے ہیں ؛ منطقاتِ سکون و ہوا ؛ اُداسی ؛ افسُردگی ؛ عدم فعلیت ؛ بے کیفی ۔

dole, n. (قدیم) رنج ؛ غم ؛ الم ؛ درد ۔

doleful, a. رنج دہ ؛ غمناک ؛ المناک ؛ غمگین ؛ مغمُوم ؛ اُداس ؛ ملُول ؛ رنجیدہ ؛ دردناک ؛ پُردرد ۔

dolefully, adv. رنجیدگی سے ؛ غمناکی کے ساتھ ؛ اُداسی کے طور پر ؛ ملال سے ۔

dolefulness, n. رنجیدگی ؛ غمناکی ؛ المناکی ؛ غمگینی ؛ اداسی ؛ ملال ۔

dolesome, n. (قدیم) رنج دہ ؛ غمناک ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ اداس ؛ ملول ؛ پُردرد ؛ دردناک ۔

dole, n. بہ کفایت تقسیم ؛ ہاتھ روک کر بانٹ ؛ بچا بچا کر تقسیم کی جانے والی چیز ؛ وہ چیز جو خیرات میں دی جائے ؛ وظیفہ انعامیہ یا وہ رقم جو حکومت بے روزگار شخص کو عطا کرتی ہے ؛ ایسی خیرات جسَ میں بہت زیادہ کفایت برتی جائے ؛ نصیب ؛ قسمت ۔ (فعل متعدی) بہ کفایت تقسیم کرنا ؛ ہاتھ روک کر بانٹنا ؛ تھوڑی تھوڑی مقدار میں دینا ۔

dolerite, n. ڈولیرائیٹ ؛ کُھردرے دانے دار سنگِ سیاہ کی ایک قسم ؛ دیگری قسم کی آتشیں چٹانوں میں سے کوئی ایک ؛

کُھردرے دانے دار سنگ سیاہ کی قسم کی کوئی آتشیں چٹان جس کی ساخت صرف خوردبین کے ذریعے معلوم کی جا سکتی ہے ۔

doleritic, a. کُھردرے دانے دار سنگ سیاہ سے متعلّق ؛ آتشیں چٹان سے متعلّق ۔

dolichocephalic, dolichocephalous, a. طویل الرّاس ؛ دراز سر ؛ لمبوترے یا بیضوی سر والا ؛ لمبوتری کھوپڑی کا ۔

dolichocephaly, n. دراز سری ؛ طویل الرّاسیت ؛ لمبوترا سر ہونے کی حالت ۔

dolichocephalism, n. دراز سری ؛ طویل الرّاسیت ؛ لمبوترا سر ہونے کی صفت یا بیماری ۔

dolichocranic, a. ۷۵ سے کم قحفی یا جُمجُمی اشاریے والی کھوپڑی کا حامِل ؛ لمبوتری کھوپڑی والا ؛ ایسی کھوپڑی یا ایسے سر والا جس کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو ۔

doll, n. لُعبت ؛ گُڑیا ؛ گُڈّا ؛ خوبصورت مگر چہرے پر جذبات کے اظہار سے عاری عورت ۔ (عوامی) صنفِ مخالف کی نظروں میں من موہنا شخص ؛ موہنی صورت ۔

doll up, (عوامی) ٹھاٹھ باٹھ سے یا بھڑکیلے طریقے سے لباس پہننا یا پہنانا ؛ گُڈّا سجانا ۔

dollish, doll-like, a. گُڑیا سا ؛ گُڑیا سی ؛ گُڑیا کی مانند ؛ گڑیا کی سی ۔

dollishly, adv. گُڑیا کی طرح سے ۔

dollishness, n. گڑیا پن ؛ گُڈّا پن ۔

dollar, n. ڈالر ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کا سِکّہ ؛ امریکی نظامِ زر کی بُنیادی اِکائی ؛ کینیڈا ، آسٹریلیا اور دیگر کئی ممالک کا سِکّہ یا نوٹ ۔

dollar diplomacy, n. مالیاتی سفارت کاری ؛ ڈالری سفارت ؛ ایسی خارجہ حکمتِ عملی جس کا بُنیادی مقصد غیر ممالک میں نِجی سرمایہ کاری کا فروغ اور تحفظ ہو ؛ ایسی حکمتِ عملی جس میں یہ عقیدہ شامل ہوتا ہے کہ اپنے عزائم پورا کرنے کے لیے مالی وسائل استعمال کر لینے چاہئیں ۔

dollar sign, dollar mark, n. علامت ڈالر یعنی $ جیسے $5 یعنی ۵ ڈالر ۔ انگریزی میں یہ علامت رقم سے پہلے یعنی بائیں طرف لِکھی جاتی ہے ۔

dollop, n. لوندا ؛ لُقمہ ؛ ڈھیلا ؛ پیڑا ۔

dolly, n. گُڑیا کے لیے پیار کا نام ؛ گُڈّو ؛ ڈَولی ؛ پہیوں والا نیچا پلیٹ فارم جو بھاری سامان منتقل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ٹیلی وژن سیٹ یا کیمرا رکھنے کا چھوٹے پہیوں والا پلیٹ فارم ؛ ریل گاڑیوں کے احاطوں یا مقاماتِ تعمیر پر اِدھر اُدھر کے مخصوص استعمالات کے لیے چھوٹا ریلوے انجن ؛ انبار کے اُوپر رکھّا ہوا دھات یا لکڑی کا ٹُکڑا تا کہ منتقلی کے دوران انبار دھچکوں سے بکھر نہ جائے ؛ ضامن ؛ وہ اوزار جو ریِٹ (دونوکی کیل) کے سرے کو کُوٹتے وقت تک دُوسرا سرا پکڑنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ بلانی ؛ ٹب میں کپڑے دھوتے وقت انھیں بلانے کے لیے لکڑی کی چھڑی ؛ کچھدھات بلانی ۔ (فعل متعدی) ڈولی پر منتقل کرنا ۔ (فعل لازم) ٹیلی وژن یا کیمرے کا مختلف مقامات پر منتقل ہونا تا کہ صحیح زاویہ بن سکے ۔

dolman, n. لمبا تُرکی چوغہ جو سامنے سے کھُلا ہوتا ہے ؛ کُھلے آستین کا اُوپر پہننے والا نسوانی لباس ؛ زنانہ لبادہ ۔

dolman sleeve, n. زنانہ لبادے میں کُھلی آستین جو کندھے کے پاس چوڑی ہوتی ہے لیکن کلائی کی طرف تنگ ہوتی جاتی ہے ۔

dolmen, n. (آثاریات) بھدّی سی قدیم طرز کی عمارت غالباً مقابر کی طرز کی عمارت جو ایک ایسے بڑے ان گھڑ پتھّر پر مشتمل ہوتی تھی جو دو یا زائد سیدھے کھڑے ہوئے پتھّروں پر ٹِکا ہوتا تھا ، اس کا اطلاق دیگر ایسی عمارات پر بھی ہوتا تھا جن میں کئی بلاک ستونوں پر بلند کیے جاتے ہیں جس سے گیلری بن جاتی ہے ۔

dolomite, n. موتی بلّور ؛ ایک قسم کی چٹان ڈولومیٹ ؛ کیلسیم اور میگنیشیم کا کاربونیٹ جسے ڈولومیٹ سنگ مرمر کہا جاتا ہے جب کہ وہ دانے دار بلوری چٹان کی شکل میں ہو ۔

dolomitic, a. موتی بلّوری ؛ ڈولومیٹ کا ۔

dolor, (Brit.) dolour, n. رنج ؛ الم ؛ ماتم ، درد ؛ وجع ؛ غم ؛ اُداسی ؛ دُکھ ؛ تکلیف ۔

dolorous, n. رنجیدہ ؛ اَلمناک ؛ پُرماتم ؛ دردناک ؛ غمناک ؛ غمگین ؛ اُداس ۔

dolorously, adv. رنجیدگی سے ؛ المناک طریقے سے ؛ پُرماتم طور پر ؛ دردناک انداز سے ؛ غمناکی کے ساتھ ؛ اُداسی سے ۔

dolorousness, n. رنجیدگی ؛ المناکی ؛ پُرماتمی ؛ دردناکی ؛ غمناکی ؛ غمگینی ؛ اُداسی ۔

dolphin, n. ڈولفِن ؛ خُوکِ بحری ؛ بنت البحر ؛ ایک قسم کا سمندری حیوان میمل جس کی تھوتھنی چونچ کی مانند پتلی ہوتی ہے، یہ بحیرۂ رُوم اور بحراوقیانوس میں بکثرت پائی جاتی ہے ؛ اس مچھلی کی خاصیت یہ ہے کہ جب اسے پانی سے باہر نکالتے ہیں تو یہ کئی رنگ بدلتی ہے ۔ (جہاز رانی) وہ کھمبا یا ترنا (Buoy) جس سے جہاز باندھتے ہیں ۔ (فلکیات) شُمالی مجمع النجوم دُلفین ۔

dolphin striker, (جہاز رانی) بادبان کو تھامنے والے شہتیر کے سرے کے نیچے سہارے کی رسّی کی چوب یا بَلّی ۔

dolt, n. کُند ذہن ؛ غبی ؛ کُودن ؛ بے وقوف ۔

doltish, a. کُند ذہن سا ؛ غبی سا ؛ کُودن سا ؛ بے وقوف سا ۔

doltishness, n. کُند ذہنی ؛ غبی پَن ؛ کُودن پن ؛ بے وقوفی ۔

Dom, n. خطاب جو بعض پُرتگالی اور برازیلی اعلیٰ ہستیوں کے ناموں سے پہلے بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے ؛ تعظیمی خطاب جو رومن کیتھولک پادریوں اور راہبوں کے ناموں سے پہلے بطورِ سابقہ استعمال ہوتا ہے ۔

domain, n. اقلیم ؛ ممالکِ محرُوسہ ؛ قلمرو ۔ (مجازاً) حلقۂ اثر ؛ دائرۂ اختیار ؛ مِلک ؛ عمل داری ؛ خیال و عمل کا میدان ۔

domanial, a. اقلیمی ؛ متعلّق بہ ممالک محروسہ ؛ قلمرو سے متعلّق ؛ حلقۂ اثر یا دائرۂ اختیار سے مُتعلّق ؛ متعلّق بہ عملداری ۔

dome, n. گُنبد ؛ قُبّہ ؛ بڑی نیم کُروی چھت ؛ گنبدی شکل کی کوئی چیز ۔ (قلمیات) ایسی شکل جس کی سطحیں اُفقی محور کو قطع کرتی ہوں لیکن کسی ایک جانبی محور سے متوازی ہوں ۔ (فعل متعدی) گنبد بنانا ؛ گنبد کی شکل دینا ۔ (فعل لازم)

حکومت ؛ اثر۔

dominant, a. غالب ؛ مُسلّط ؛ مُقتدِر ؛ زبردست ؛ حاکم ؛ مؤثّر ۔ (جینیات) وہ تولیدی خاصیت جو کسی عضویے میں مغلوب خواص پر غالب آ جائے ۔ (ماحولیات) وہ پودا یا حیوان جس کی موجودگی کی وجہ سے کسی علاقے میں دیگر جاندار چیزیں متاثّر ہوں ۔ (موسیقی) غالب سُر سے متعلّق ۔ (اسم) ہشت سُرے سرگم میں پانچواں سُر ۔ (جینیات) وہ خاصیت جو دوسرے خواص پر غالب ہو ۔

dominantly, adv. غالب انداز سے ؛ مُقتدرانہ طور پر ۔

dominate, v.t., v.i. غلبہ حاصل کرنا ؛ تسلُّط حاصل کرنا ؛ بُلَندی سے نیچے دیکھنا ؛ حکومت کرنا ؛ سربرآوردہ ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ حاوی ہونا ؛ غالب ہونا ؛ غلبہ رکھنا ؛ سلطنت کرنا ۔

domination, n. غلبہ ؛ تسلُّط ؛ اقتدار ؛ حکومت ؛ فرماں روائی ؛ اثر ؛ مطلق العنانی ؛ عملداری ؛ سلطنت ؛ حاکمیّت ۔

dominations, n. (الٰہیات) فرشتوں کے درجات میں چوتھا درجہ ۔

dominative, a. غلبہ آمیز ؛ پُرتسلُّط ؛ مُقتدِر ؛ حاکِم ؛ فرماں روا ؛ اثر انداز ؛ ملوکانہ ؛ تحکّمانہ ۔

dominator, n. مسلط ؛ غلبہ حاصل کرنے والا ؛ تسلّط حاصل کرنے والا ؛ حکومت والا ؛ فرمان دار ؛ حاکم ؛ مُقتدِر ۔

domineer, v.i., v.t. جبر سے حکومت کرنا ؛ جابرانہ راج کرنا ؛ تحکّمانہ لہجہ اختیار کرنا ؛ حکومت چلانا ؛ زبردستی کرنا ۔

domineering, a. جبری ؛ جابرانہ ؛ تحکُّمانہ ۔

domineeringly, adv. جابرانہ انداز سے ؛ تحکّمانہ طور پر ؛ زبردستی سے ۔

domineeringness, n. غالبیّت ؛ اقتدار ؛ جبریّت ؛ مُطلِق العنانی ۔

dominical, a. عیسوی ؛ مسیحی ؛ حضرت عیسیٰ سے متعلّق ؛ یوم سبت یا اتوار سے متعلّق ۔

dominical letter, n. عیسوی حرف ؛ انگریزی الفبا کے پہلے سات حروف یعنی G, F, E, D, C, B, A میں سے کوئی جنھیں عیسوی تقویم میں سال کے دوران اتوار کے دن کی نشاندہی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Dominican, a. ڈومینیکی ؛ سینٹ ڈومی نی کن (۱۱۷۰ء تا ۱۲۲۱ء) سے متعلّق ؛ ڈومینکی راہبوں کے بارے میں ؛ ڈومینکی راہب یا درویش سے متعلّق ؛ ویسٹ انڈیز کی جمہوریہ ڈومی نی کن سے متعلّق ۔ (اسم) سینٹ ڈومی نک کے مسلک کا رُکن ؛ سیاہ راہب ؛ جمہوریہ ڈومی نی کن کا باشندہ ۔

dominie, n. وِلندیزی اصلاح یافتہ گرجا کا پادری ۔ (بولی) پادری ۔ (اسکاٹ لینڈ) مُدرّس ؛ مُعلّم ؛ اسکول ماسٹر ۔

dominion, n. عملداری ؛ قلمرو ؛ سلطنت ؛ حکومت ؛ فرمانروائی ؛ تسلُّط ؛ ریاست ؛ مقبوضات ؛ اقتدار ؛ سوراج ۔ (جمع) (الٰہیات) اقتدارات ۔ (قانون) حق ملکیّت ۔

dominium, n. (قانون) ملکیّت ؛ بلاشرکت غیرے حقّ قبضہ یا استعمال ۔

domino, n. بہروپی لباس جو ڈھیلے ڈھالے جُبّے پر مشتمل ہوتا ہے اور ساتھ ہی عموماً نیم نقاب یا مصنوعی چہرہ ہوتا ہے ؛ نیم مصنوعی چہرہ ؛ نیم نقاب ؛ بہروپیا لباس میں ملبوس شخص ؛ ڈومینو کا کھیل ؛ ایک چھوٹا چپٹا مستطیل بلاک جو ڈومینو میں استعمال ہوتا

گنبد کی مانند چڑھنا یا پُھولنا ۔

domesday, n. doomsday کی قدیم صُورت ۔

Dome's day Book, n. کتابِ بندوبست ؛ ۱۰۸۶ء کے لگ بھگ شاہ ولیم فاتح کے زیر حُکم تیّار کی جانے والی کتاب بندوبست ، جس میں املاک اورجائیدادوں کی مِلکیّت ، حدود اور مالیت درج کی جاتی تھیں ۔

domestic, a. گھریلو ؛ خانگی ؛ خانہ داری ؛ خاندانی ؛ اندرونی ؛ داخلی ؛ دیسی ؛ اندرون مُلکی ؛ خانہ ساز ؛ پالتو ؛ انسان کے ساتھ رہنے والا (جانور) ؛ سِدھایا ہوا ۔ (اسم) خانگی ملازم ۔ (جمع) گھریلو مصنوعات ۔

domestically, adv. گھریلو/خانگی طور پر ۔

domestic animal, n. گھریلو جانور ؛ پالتُو جانور ؛ ایسے جانور جو پہلے جنگلی تھے مگر بعد میں انسان کے ساتھ رہنے لگے مثلاً گھوڑا ، گائے ، کُتّا وغیرہ ۔

domesticate, v.t. گھریلو بنانا ؛ خانگی بنانا ؛ گھریلو استعمال کے قابل بنانا ؛ پالتُو بنانا ؛ سِدھانا ؛ مُلکی یا شہری حُقُوق دینا ؛ خانگی زندگی بسر کرنے کے لائق بنانا ۔

domesticable, a. قابلِ خانہ داری ؛ پالتو بنانے کے قابل ؛ سدھائے جانے کے لائق ؛ مُلکی یا شہری حُقُوق دینے کے اہل ۔

domestication, n. تألُّف ؛ پالتو بنانے کا عمل ؛ تربیّت ؛ سِدھانے کا عمل ؛ گھریلو بنانے کا عمل ؛ خانگی بنانے کا عمل ۔

domesticator, n. گھریلو بنانے والا ؛ خانگی بنانے والا ؛ پالتُو بنانے والا ؛ سِدھانے والا ؛ تربیت دہندہ ؛ مُلکی یا شہری حُقُوق دینے والا ۔

domestic fowl, n. گھریلو پرندے ؛ خانگی جانور ؛ پالتُو پرندے جیسے مُرغیاں ، فیلمُرغ ، پیلو یا بطخ ۔

domesticity, n. گھریلو پن ؛ پالتو پن ؛ سدھائے جانے کی صفت ؛ گھریلو زندگی کا رسیا پن ؛ خانہ نشینی ۔ (جمع) گھریلو کام ۔

domesticize, v.t. گھریلو بنانا ؛ خانگی بنانا ؛ پالتو بنانا ؛ سِدھانا ۔

domestic science, n. عِلمِ خانہ داری ؛ گھریلو معاشیات ؛ خانگی مُعاملات کا عِلم ۔

domical, a. گنبدی ؛ قُبّہ سا ؛ قُبّے کی مانند ؛ قُبّہ دار/گنبد دار ۔

domically, adv. گُنبد کے لحاظ سے ؛ قُبّے کے نُقطۂ نظر سے ۔

domicile, n. وطن ؛ توطُّن ؛ مسکن ؛ جائے بُود و باش ؛ سکونت ۔ (قانون) وہ مقام جہاں کسی کی مُستقِل سکونت ہو اور اگر وہ وہاں سے کہیں اور چلا جائے تو وہاں مراجعت کا ارادہ رکھتا ہو ۔ (فعل متعدی) توطُّن اختیار کرنا ؛ سکونت اختیار کرنا ؛ بُودوباش اختیار کرنا ؛ آباد کرنا ۔ (فعل لازم) متوطّن ہونا ؛ سکونت پذیر ہونا ؛ رہنا ۔

domiciliary, a. متعلّق بہ توطُّن ؛ متعلِّق سکونت ؛ بودوباش سے متعلّق ۔

domiciliate, v.t., v.i. متوطّن کرنا یا ہونا ؛ سکونت پذیر کرنا یا ہونا ۔

domiciliation, n. توطُّن پذیری ؛ سکونت پذیری ؛ بودوباش اختیار کرنے کا عمل ۔

dominance, dominancy, n. غلبہ ؛ تسلُّط ؛ غالبیّت ؛ اقتدار ؛

ہے ، یہ دو اسے مساوی حصّوں میں منقسم ہوتا ہے جو یا تو خالی ہوتے ہیں یا پانسے کی طرح نُقطہ دار ہوتے ہیں ۔ (جمع) وہ کھیل جو اٹھائیس ایسے چپٹے بلاکوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے جو مخصوص تعداد میں نُقطوں کے حامل پانسے کی مانند نقطہ دار ہوں ۔

domino theory, n. نظریۂ عملداری ؛ یہ سیاسی نظریہ کہ کسی مُلک کے سقوط یا انحطاط سے ہمسایہ مُلک میں بھی انحطاط شروع ہو جاتا ہے ۔

don, n. (بڑے D سے) ہسپانوی خطاب جو مردوں کے نام کے ساتھ بطور سابقہ کے استعمال ہوتا ہے ۔(چھوٹے d سے) ہسپانوی نواب یا معزز شخص ؛ اہم شخصیت ؛ انگلستانی جامعات میں سربراہ ، رفیق یا کالج کا اتالیق ۔

don, v.t. پہننا ؛ ملبوس ہونا ؛ اختیار کرنا ۔

doña, dona, n. کسی خاتون کے نام سے پہلے استعمال کیا جانے والا القابِ احترام ؛ اعلیٰ مرتبے کی عورت ؛ محبوبہ ۔

donate, v.t. عطیہ دینا ؛ ہدیہ کرنا ؛ تُحفہ دینا ؛ ہبہ کرنا ۔ (فعل لازم) حِصّہ ڈالنا ۔

donation, n. عطیہ ؛ ہدیہ ؛ تُحفہ ؛ حِصّہ ؛بخشیش ؛ نذرانہ ۔

donative, a. متعلّق بہ عطیہ ؛ متعلّق بہ ہدیہ ؛ متعلّق بہ تُحفہ ؛ متعلّق بہ حصّہ ؛ متعلّق بہ ہبہ ۔ (اسم) عطیہ ؛ ہدیہ ؛ نذرانہ ۔

donator, n. مُعطی ؛ ہدیہ دہندہ ؛ تحفہ دہندہ ؛ مہب ۔

done, a. کِیا گیا ؛ ہو چکا ؛ تکمیل دادہ ؛ طے شُدہ ؛ اختتام کو پہنچایا ہُوا ؛ کافی حد تک پکایا ہُوا ؛ گھسا ہوا ۔

donee, n. مُعطی لَہ ؛ موہوب اِلیہ ؛ عطیہ گیر ۔

donjon, n. قلعے کا بڑا مینار جسے عموماً قید خانے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Don Juan, n. ہسپانوی داستانوں کا آوارہ منش اور عیّاش جاگیردار ؛ آزاد خیال یا اوباش ۔

donkey, n. گدھا ؛ خر ؛ حِمار ؛ بے وقوف ؛ احمق ۔

donkey engine, n. ڈونکی انجن ؛ چھوٹا دُخانی انجن جو ان جگہوں پر استعمال ہوتا ہے جہاں زیادہ توانائی کی ضرورت نہ پڑتی ہو اور اکثر ضمنی کام کی انجام دہی کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

donnish, a. انگلستانی جامعہ کے سربراہِ شُعبہ ڈون کی طرح یا اس سے مشابہ ؛رسمی ؛تکلف برتنے والا ؛ ظاہری(عَالِم)۔

donnishness, n. انگلستانی جامعہ کے سربراہِ شعبہ ڈون سے مشابہت ؛ رسمیت ؛ تکلّف ؛ ظاہری عِلمیّت/علامہ پن ۔

donny brook, n. اندھا دُھند ہنگامہ/لڑائی ؛ ہنگامہ آمیز جھگڑا ؛ دنگا فساد ۔

donor, n. مُعطی ؛ واہب ؛ ہبہ کُنندہ ؛ حصّہ دہندہ ؛ ہدیہ کُنندہ ۔ (قانون) جائیداد ہبہ کُنندہ ؛ وصی ؛ اختیار دہندہ ۔ (طِبّ) وہ شخص یا حیوان جس کا خون یا کوئی عضو کسی دوسرے انسان یا حیوان کے لیے دیا جائے ۔

donorship, n. عطیہ دہندگی ؛ ہدیہ کُنندگی ؛ مُوصی ؛ حصّہ دہندہ ۔

do-nothing, n. بے کاری ؛ نکھٹو پن ؛ کاہلی ۔(صفت) بے کار ؛ نکھٹو ؛ کاہل ۔

Don Quixote, n. ارفع اور بلند لیکن ناقابل عمل نظریات کا حامل شخص ۔

don't, n. نہ کرنے کے لیے ہدایت ؛ do not کا مُرخّم ۔

dontopedalogy, n. کلام کرتے وقت پریشان کُن فاحِش غلطیاں کرنے کا رُجحان ۔

doodad, n. (بول چال) ذرا سا زیور یا ذرا سی زیبایشی شے ؛ کوئی چھوٹا سا کل پُرزہ ۔

doodle, n. (بول چال) کِرم کانٹے ؛ بے مقصد نقش و نگار ؛ آڑا ترچھا خاکہ ؛ چیستان ؛ بے مقصد نمونہ یا ڈیزائن ۔ (فعل لازم و متعدی) ایسے میں جب کہ ذہن پہلے سے مصروفِ کار ہو ؛ کرم کانٹے یا نقش و نگار بنانا یا قلم سے کُچھ لِکھنا یا تصویریں بنانا ؛ بُھول بُھلیار بنانا؛ چیستان بنانا ۔

doom, n. فیصلہ یا عدالتی سزا ؛ اجرائے فیصلۂ سزا ؛ حُکم ؛ فتوی ؛ انجام ؛ عاقبت ؛ تقدیر ؛ قسمت ؛ بدقسمتی ؛ تباہی ؛ ہلاکت ؛ فنا ؛ موت ۔ (فعل مُتعدّی) سزا دینا ؛ سزا کا فیصلہ سُنانا ؛ عقوبت کا حکم سنانا ؛ کسی پر سزا کا فیصلہ سُنانا یا سزا کا اعلان کرنا ؛ جُرمانے کا حکم سنانا ؛ عدالتی فیصلہ سنانا ۔

crack of doom, اختتامِ فِطرت ؛ خاتمۂ نظامِ فِطرت ؛ حشر ۔

doomsday, n. یومِ قیامت ؛ یُوم الجزا ؛ قیامت ؛ سزا یا عَقُوبت کا دِن ؛ اختتامِ نظامِ کائنات ۔

Doomsday Book, n. کتابِ بندوبست ۔

door, n. دروازہ ؛ در ؛ باب ؛ کسی کمرے یا عمارت کے اندر آنے اور باہر جانے کا راستہ ؛ داخلہ ؛ گُزر ؛ رسائی ؛ کواڑ ۔

next door to, (مجازاً) نزدیک ؛ قریب ۔

out of doors, باہر ؛ بیرون خانہ ؛ گھر سے باہر ۔

indoors, اندر ؛ درُونِ خانہ ؛ گھر کے اندر ۔

doorway, دروازہ ؛ در ؛ باب ؛ داخلے کا راستہ ۔

doorjamb, n. دروازے کی چوکھٹ یا دہلیز کی عمودی لریں جو سردل کو سہارا دیتی ہیں ۔

doorknob, n. دروازے کا دستہ ؛ دروازے کی مُوٹھ جس کی مدد سے دروازے کی چٹخنی کھلتی ہے اور دروازہ کھولا جا سکتا ہے ؛ لٹّو ؛ ہتّا ۔

doormat, n. پاانداز ؛ درنمدا ؛ پاؤں صاف کرنے کی چٹائی جو دروازے پر رکھتے ہیں اور کمرے میں داخل ہونے والے لوگ اس پر جُوتے کا تلا صاف کرتے ہیں ۔ (عوامی) بدسلوکی کو بلااحتجاج برداشت کرنے والا شخص ؛ سنگِ در ۔

doornail, n. موٹے سِروں والی کیلیں جنھیں اَزمنۂ قدیم میں مَضبُوطی یا آرایش کے لیے دروازے کے کواڑوں میں جڑتے تھے اور دستک دینے کے لیے ان پر کُنڈی کھڑکاتے تھے ۔

dead as door nail, قطعی مردہ ۔

doorsill, n. سنگِ آستان ؛ دہلیز ؛ وہ پتھّر یا تختہ جو دروازے یا کھڑکی کی چوکھٹ کے آگے ہوتا ہے ؛ سنگِ در ۔

doorstep, n. زینۂ در ؛ دروازے کا زِینہ ؛ دروازے کا قدمچہ ؛ زمین سے دروازے تک جانے والا زِینہ ۔

dope, n. گاڑھی مائع یا لئی کی طرح کی کوئی چیز مثلاً چٹنی ، تیل ، چِکنائی وغیرہ ۔ (عوامی) شیرہ یا راب کی طرح کا افیون سے تیّار شُدہ مادّہ جسے نشے کے لیے پیا جاتا ہے ؛ کوئی بھی نشہ

dopester (continued)
اور دوا ؛ کوئی بھی افیون سے تیّار کردہ چیز جو سگرٹ نوشی کے کام میں لائی جائے ؛ سُلفا ؛ کوئی بھی ایسی نشہ آور دوا جس کی عادت پڑ جائے ؛ کوئی بھی مُحرّک نشہ آور شے جیسے وُہ مہیّج یا محرّک نشہ آور دوا جو دوڑ میں حصّہ لینے والے گھوڑوں کو دیتے ہیں تاکہ وُہ زیادہ تیز دوڑیں ؛ معلومات یا حقائق جیسے دوڑ میں حصّہ لینے والے گھوڑے کی سابقہ کارکردگیوں کے بارے میں ؛ اس قسم کی معلُومات اور حقائق پر مبنی حساب یا پیشگوئیاں ؛ نشہ آور اشیا کے زیر اثر یا ان کا عادی شخص ؛ ذہانت سے عاری شخص ؛ ایک جاذب موادّ جو کسی مائع کو جذب کرنے اور اسے سنبھالے رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے ڈائنا مائٹ کے بنانے میں ۔ (فعل متعدی) (عوامی) بے ہوش کرنے یا تہیّج پیدا کرنے والی نشہ آور دوائیوں سے متأثّر کرنا ؛ حِساب کتاب کرنا، نتیجہ نکالنا یا استنتاج وغیرہ کرنا جیسے کسی مسئلے یا منصوبے کا ۔ (فعل لازم) (عوامی) بے ہوش کرنے یا تہیّج پیدا کرنے والی دوا استعمال کرنا ۔

dope fiend, n. (عوامی) نشہ آور دوائیں یا منشیّات کا رسیا یا ان کا عادی شخص ؛ افیمی ؛ چرسی ۔

dopester, n. کھیلوں کے ایسے مقابلوں یا انتخابات وغیرہ کی پیشینگوئیاں کرنے والا شخص جن کا نتیجہ غیر یقینی ہو ۔

dopey, dopy, a. (عوامی) نشہ آور دوا سے متأثرہ ؛ کُند ذہن ؛ کاہل ۔

dopiness, n. نشہ آور دوا سے متأثّر ہونے کا عمل ۔

doping, n. (کیمیا) کسی خالص بلّور میں شامل آلایش جو مطلُوبہ برقی خواص پیدا کر سکے خصوصاً لیزر کے لیے بلّوروں اور نیم مُوصلوں میں ۔

doping, n. نشہ آور یا مُنشّی شے کا استعمال ۔

doppelganger, n. زندہ شخص کی روحانی ثنویّت اور اس کا مثنّی ۔

Doppler effect, Doppler shift, n. ڈاپلر اثر ؛ تغیُّر آواز ؛ حرکت کی بنا پر اوج آواز میں تغیّر ؛ صوتی لہروں کے تعدّد میں تغیّر ، جب لہروں کا منبع ، مشاہدہ کرنے والے کی طرف یا اس سے دُور حرکت کرتا ہے ، جیسے قریب آتی ہوئی ریل گاڑی کی سیٹی رفتہ رفتہ باریک اور دُور ہٹنے کی صورت میں بھاری گونج دار ہو جاتی ہے ۔

Dorcas society, n. انجمن ڈورکس ؛ کلیسا میں انجمن خواتین جو غربا میں کپڑے تقسیم کرتی ہے ۔

Doric, Dorian, a. ڈورین ؛ قدیم یونان کے ضلع ڈورس کا یا اس سے متعلّق ؛ ڈورس کا طرز تعمیر ۔ (اسم) ڈورس کی زبان ، ڈورین بولی ؛ قدیم یُونان کے ضلع ڈورس کی زبان یا بولی ۔

Doric order, (فنِ تعمیر) قدیم ترین یُونانی طرز تعمیر جس کی خصوصیت بغیر بُنیاد کے نالی دار ستون ، چند بڑی پایاں خیاریتیں اور سرستُون ہوتے ہیں ۔

Dorian mode, Doric mode, (موسیقی) وہ راگ جس میں ایسی سُرتیوں کو کام میں لایا جاتا ہے جن کو پیانو پر سفید کلیدوں سے ظاہر کیا جاتا ہے جو صعودی ترتیب میں ڈی سے ڈی تک پھیلی ہوئی ہوتی ہیں ۔ (اکثر بڑے D سے)

dorking, n. ڈورکنگ ؛ سرے کاؤنٹی کے شہر ڈورکِنگ سے منسوب گھریلو مُرغی نُما جانور کی ایک نوع جس کے ہر پاؤں میں پانچ اُنگلیاں ہوتی ہیں ۔

dormant, a. خوابیدہ ؛ مُعطّل ؛ مخفی ؛ ساکت ؛ سویا ہوا ؛ کاہِل ؛ سُست ؛ نیم جان ؛ بے حس و حرکت ۔ (نقابت) ایسے جانور سے متعلّق جو اپنا سر اگلے پنجوں میں چھپائے بے حِس و حرکت سو رہا ہو ۔

dormancy, n. حالت خوابیدگی ؛ تعطّل ؛ اخفا ؛ سکوت ؛ کاہلی ؛ سستی ؛ بے حسی ۔ (نقابت) جانور کے اگلے پنجوں میں سر رکھ کر سونے کی حالت ۔

dormer, n. دریچۂ خوابگاہ ؛ کھپریل کی یا ڈھلوان چھت میں باہر کو نکلا ہوا دریچہ ؛ ڈھلوان چھت کی کھڑکی ۔

dormered, a. ڈھلوان میں کھڑکی رکھنے والی چھت ۔

dormer window, n. ڈھلوان چھت میں بنائی گئی تظلیل/ تسطیح میں عمودی کھڑکی ؛ تظلیلی ڈھانچا بحثیت مجموعی ۔

dormie, dormy, n. (گالف) اس کھلاڑی یا فریق سے مُتعلّق جو دُوسرے کھلاڑی یا فریق سے اتنے ہی سوراخ آگے ہو جتنے سوراخ ابھی کھیلنے باقی ہوں ۔

dormient, a. خُفتہ ؛ سویا ہُوا ؛ خوابیدہ ۔

dormitory, dorm, n. سونے کا بڑا کمرہ ؛ عام خوابگاہ ؛ کئی بستروں والی خوابگاہ ؛ کسی مدرسے یا کالج میں اقامتی ایوان ؛ اجتماعی خوابگاہ ۔

dormouse, n. درمُوش ؛ خرموش ؛ زبابہ ؛ سوتڑچوہا ؛ گلہری کی قسم کا ایک چوہا جو لمبی مُدّت کے لیے بے حِس و حرکت پڑا رہتا ہے ۔

dornick, n. چھوٹا پتھّر یا چٹان کا ٹُکڑا ؛ جُزو سنگ ؛ دَبیز ؛ دمشقی لینن ، کپڑا جِسے قالین کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

dorp, n. گاؤں ؛ دیہات ؛ ڈھوک ؛ ڈیرا ۔

dorsad, adv. (تشریح الاعضا) عقبی ؛ ظَہر رُویہ ۔

dorsal, a. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) عقبی ؛ پُشتی ؛ ظَہری (جیسے : the dorsal fin of a fish) ۔ (نباتیات) دور از محور ۔

dorsally, adv. عقبی لحاظ سے ؛ پُشتی طور پر ؛ ظَہری نقطۂ نظر سے ؛ پچھلی طرف ؛ عقبی جانب ۔

Dorset Horn, n. ڈورسیٹ ہارن ؛ انگلستان کی کاونٹی ڈورسیٹ کی مناسبت سے بھیڑوں کی ایک قسم جن کے جسم پر درمیانی طوالت کی گھنی اُون ہوتی ہے ۔

dorsiventral, a (نباتیات) کسی پتّے کے اُوپر اور نیچے کے رُخوں کی ساخت میں فرق ، جیسا کہ اکثر پتّوں میں ہوتا ہے ۔ (حیوانیات) ظَہری بطنی ۔

dorsiventrally, adv. پتّے کے اُوپر اور نیچے کے رُخوں میں فرق کے لحاظ سے ؛ ظَہری بطنی لحاظ سے ۔

dorsiventrality, n. پتّے کے اُوپر کے رُخ اور نیچے کے رُخ کی ساخت کا فرق ؛ ظَہری بطنیّت ۔

dorsolateral, a. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) پُشتی و جانبی ؛ ظَہری و جانبی ؛ متعلّق بہ پُشت و پہلو ۔

dorsoventral, a. (حیوانیات) ظَہری بطنی ؛ پُشتی شکمی ؛ جسم کے پچھلے حصّے سے اندر کی طرف پھیلی ہوئی (کوئی چیز) ۔ (نباتیات) ظَہری بطنی ۔

dorsoventrally, adv. ظَہری بطنی طور پر ؛ ظَہری بطنی لحاظ سے ۔

dorsum, n. (تشریح الاعضا) ظَہر ؛ پُشت ؛ عقب ؛ عضو بدن کی پچھلی یا اُوپر کی سطح ـ

dory, n. چپٹے پیندے کی اُونچے اور نمایشی پہلوؤں والی چھوٹی کَشتی جسے مچھلیاں پکڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ـ

dory, doree, n. خُوراک کے طور پر استعمال ہونے والی مچھلیوں کی قسم ؛ خوردنی مچھلی ؛ شمالی امریکا اور یورپ میں پائی جانے والی خُوردنی مچھلی ـ

dosage, n. مقدارِ خوراک ؛ مُعتاد خوراک ؛ مقدارِ دوا ؛ مُعتادِ دوا ـ

dose, n. خُوراک (دوا کی) : دوا کی وہ مِقدار جو ایک وقت میں استعمال کے لیے مُقرّر کی جائے ؛ تجویز کردہ مقدار دوا ؛ دوا کی مانند کسی چیز کی معیّنہ مقدار ؛ کسی کراہت آمیز اور ناپسندیدہ چیز کا حِصّہ یا تعیین ؛ شراب کو مخصوص خاصیّت دینے کے لیے اس میں شامل کی جانے والی شکر یا دیگر مَواد کی مقدار ؛ کسی مخصوص مواد میں جذب ہونے والی اشعاع کی مقدار ـ (عوامی) آتشی مرض کا مریض ؛ آتشِ سوزاک کا مریض ـ (فعلِ مُتعدّی) خوراکوں کی شکل میں دینا ؛ کسی کو دوا کی خوراک دینا ؛ شراب سے متعلّق کسی چیز میں خوراک شامل کرنا ـ (فعل لازم) دوا کی خوراک لینا ـ

do-si-do, n. (مُربّع رقص) رقص میں ایسی شکل جب کہ دو رقاص پُشت بہ پُشت چکر لگاتے ہوئے ایک دوسرے کے پاس سے گزر جاتے ہیں ؛ ایسی گاڑی جس میں سوار پُشت بہ پُشت بیٹھتے ہیں جیسے تانگہ ؛ کوئی ایسا ڈھانچا یا فرنیچر جس میں پُشت بہ پُشت بیٹھا جائے جیسے عموماً انتظار گاہ میں ـ

dosimeter, n. مُعتاد پیما ؛ خوراک پیما ؛ گھان پیما ؛ وہ آلہ جس کی مدد سے اشعاع یا ایکس ریز کی چھوٹی یا حقیر ترین مقدار کو ناپا جا سکے ـ

dosimetry, n. مُعتاد پیمائی ؛ خُوراک پیمائی ؛ اِشعاع کی مقدار ؛ اشعاع کی مقدار جانچنے کا طریقِ کار ـ

dosimetric, a. مُعتاد پیما ؛ خوراک پیما ـ

doss, n. (برطانوی ، عوامی) پلنگ یا بستر ، خصوصاً ایک سستی اقامت گاہ میں ـ (فعل لازم) وقت کے وقت تیّار شدہ بستر میں سونا ـ

dossal, dossel, n. قربان گاہ ، تخت یا نشست کے پیچھے لٹکایا/ ڈالا ہوا آرایشی کپڑا ـ

dossier, n. مسلِ کارکردگی ؛ کسی شخص یا موضوع کے بارے میں مفصّل معلومات لیے ہوئے دستاویزات/کاغذات کا مجموعہ ؛ کسی کی کارکردگی اور چال چلن کے بارے میں خُفیہ رپورٹوں کی مسل ـ

dot, n. نُقطہ ؛ بِندی ؛ جزئیہ ؛ بُندکی ؛ یورپی زبانوں میں وقف کامل کا نشان ـ (تار برقی) مورس کوڈ کا مُختصر صدائی اشارہ جو ڈیش سے کم لمبا ہوتا ہے ـ (موسیقی) وقت کی پیمایش کو ظاہر کرنے والی علامت : جب یہ علامت کسی نغمے کے اُوپر یا نیچے لگائی جائے تو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ نغمہ جُدا جُدا بجایا جائے گا ـ (فعل متعدی و لازم) نُقطے لگانا ؛ نُقطوں سے نشان دہی کرنا ؛ بِندی یا نقطے بنانا ـ

dotter, n. نقطہ لگانے والا شخص ـ

dotty, a. (عوامی) مخبوط ؛ سودائی ؛ مجنون ـ

dot, n. جہیز ؛ وہ سامان یا رقم جو زوجہ بوقتِ شادی خاوند کے گھر لے کر آتی ہے اور جس کی آمدنی خاوند کے اختیار میں ہوتی ہے ـ

dotal, a. متعلّق بہ جہیز ـ

dotage, n. خَرَف ؛ پیرانہ سالی ؛ سٹھیاپا ؛ بڑھاپا ؛ تکلیف دہ شفقت ؛ پیرانہ سالی میں طفلانہ پن ؛ خلل دماغ ـ

dotard, n. خرف ؛ پیرِ فرتوت ؛ سٹھیایا ہُوا ؛ سترا بہترا ـ

dote, doat, v.i. سٹھیانا ؛ مبتلائے عِشق ہونا ؛ کسی پر لٹّو ہونا ؛ سٹھیا جانا ؛ بڑھاپے سے کم عقل ہو جانا ؛ بڑھاپے میں عقل کا مارا جانا ـ

doter, n. مبتلائے عِشق ہونے والا ؛ کسی پر لٹّو ہونے والا ؛ سٹھیا جانے والا ـ

dotingly, adv. مبتلائے عشق ہونے کے لحاظ سے ؛ کسی پر لٹّو ہونے کے نُقطۂ نظر سے ؛ سٹھیا جانے کے طور پر ـ

dotted swiss, Swiss muslin, n. نُقطہ دار باریک چِکن ؛ سوئس ململ ؛ سوئس سوتی کپڑا/ململ ـ

dotterel, dottrel, n. زقزاق اَبلہ ؛ طیرباران ؛ سادہ لوح پرندہ جسے آسانی سے پکڑ لیا جاتا ہے ، جو ایشیا و یورپ میں بلندیوں پر رہتا ہے اور بحیرۂ قلزم کے ساحلوں کی طرف ہجرت کر جاتا ہے ـ

Douay Version, Douay Bible, Douay Rheims Bible, n. نسخہ دووے ؛ وُلگیٹ انجیل کا انگریزی ترجمہ ، جو رومن کیتھولک فرقے کے لیے مستند نُسخہ ہے اور رِھیمز اور دُووے میں ۱۶۱۰ء میں مکمّل ہُوا ـ

double, a. دُگنا ؛ دُہرا ؛ مضاعِف ؛ جُفت ؛ مُکرّر ؛ دوگانہ ؛ جوڑا ؛ دُونا ؛ دو چند ؛ شکل ، جسامت ، مقدار یا وُسعت یا حد میں دُگنا ؛ دو یکساں اجزا یا اعضا پر مشتمل ؛ بڑی جسامت یا وزن والا ـ (نباتیات) بہت زیادہ بڑھی ہوئی پتّیوں والا ـ (موسیقی) آلات موسیقی سے متعلّق ، وہ آلۂ موسیقی جو بیک وقت سرگم سے مَدھر سُرتیاں پیدا کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہے ـ (مجازاً) کردار ، مفہوم یا چلن میں دُہرا ؛ مُبہم ؛ ذُومعنی ؛ پُرفریب ؛ منافقانہ ؛ بے خلوص ـ (کیمیا) مرکب نمک کی نوعیّت کا ـ

doubleness, n. دُہرا پن ؛ دُگنا پن ـ

double, n. دگنی/دُہری/دوچند شے ؛ مثنیٰ ؛ پیچھے کی طرف گہرا موڑ ، جیسے سڑک کا ؛ راستے کا اچانک پیچھے کی طرف موڑ ؛ مدِّمقابل ؛ ہمزاد ـ (فلکیات) جُفت ستارے ؛ مثنّیٰ نجوم ـ (عسکری) تیز قدم چال ـ (جمع) ٹینس کا کھیل جس میں دونوں طرف دو دو کھلاڑی کھیل رہے ہوں ـ (فلم) اصل فنکار کی جگہ پر کام کرنے والا فنکار ـ (تھیٹر) وُہ فن کار جو ڈرامے میں دو کردار ادا کرے ـ (بیس بال) دو بُنیاد ضرب ـ (باؤلنگ) یکے بعد دیگرے دو ضربیں ـ (برج کا کھیل) : مخالف کی بولی سے دُگنا بڑھا کر دی گئی بولی ـ (متعلّق فعل) دُگنا ہونے کے لحاظ سے ؛ دُہرا ہونے کے نقطۂ نظر سے ؛ دو چند ہونے کے طور پر ـ

double, v.t. دُگنا کرنا ؛ دُہرا کرنا ؛ دو چند کرنا ؛ تعداد ، مقدار ، جسامت یا قیمت میں دو چند کرنا ؛ دو سے ضرب دینا ؛ جوڑا بنانا ؛ مُثنّیٰ بنانا ؛ ایک حصّے کو موڑ کر دوسرے حصّے پر کرنا ؛ بھینچنا جیسے مُٹھی ؛ بحری سفر کر کے کسی مقام کے گرد چکر لگانا ـ (موسیقی) بُلند یا مدھّم سرگم شامل کرنا ـ (فعلِ لازم) دُہرا یا دُوگنا ہونا ؛ جوڑا ہونا ؛ راستے پر مُڑنا ؛ دھوکا دینا ؛ کسی کے ساتھ رہایش میں

اشتراک کرنا ؛ تیز قدم چال چلنا ؛ دو حیثیتوں میں کام کرنا۔

doubler, n. جوڑا بننے والا ؛ دُہرا ہونے والا ؛ تیز قدم چلنے والا۔

double bass, double basson, n. دوہرا الغوزہ۔

double boiler, n. دو طبقہ برتن ؛ دوہرا برتن ؛ کھانا پکانے والا دو حصّوں پر مشتمل برتن جن میں سے ایک بڑا ہوتا ہے دوسرا چھوٹا، جو بڑے میں رکھّا جا سکتا ہے ، بڑا حِصّہ پانی سے بھرا ہوتا ہے جو ابلتا ہے تو اس سے چھوٹے حِصّے میں رکھا کھانا پکتا ہے ؛دوہرا جو شارہ۔

double-breasted, a. دہرے پیش کے کوٹ یا واسکٹ سے متعلّق جس پر بٹنوں کی دُہری قطار ہوتی ہے لیکن کاج ایک ہی قطار میں ہوتے ہیں۔

double counter point, n. (موسیقی) دوہرا امدادی نغمہ جس میں دو آوازیں ایک دُوسرے کی جگہ لے سکتی ہیں۔

double cross, n. کسی شخص کا دھوکا خصوصاً کسی رفیقِ کار یا دوست کا دھوکا ؛ فریب کاری ؛ دھوکا دہی ؛ غدّاری ؛ دغا ؛ نمک حرامی ؛ خیانت۔ (جینیات) پہلی دوغلی نسلوں کے درمیان تزویج جس میں چاروں اصیل نسلیں شامل ہوتی ہیں ؛ دُہرا/دوغلا۔

double-cross, v.t. نوسر بازی سے دھوکا دینا۔

double dagger, diesis, n. (ٹائپ سازی) دو خنجری نشان/علامت ؛ دُہری خنجری علامت جس سے حوالہ ظاہر کیا جاتا ہے۔

double-dealing, n. منافقت ؛ مکّاری ؛ دغا بازی ؛ فریب ؛ گندم نما جو فروشی ؛ ایک چیز کا دکھاوا لیکن دراصل دوسری چیز کا کاروبار۔ (صفت) منافق ؛ مکّار ؛ دغا باز ؛ فریبی ؛ گندم نُما جو فروش۔

double-dealer, n. منافق شخص ؛ مکّار آدمی ؛ دغا باز انسان ؛ فریب کار شخص ؛ گندم نُما جو فروش آدمی۔

double-decker, n. ڈبل ڈیکر ؛ دو عرشہ ؛ دو منزلہ بس یا جہاز ؛ ایسی بس یا ایسا جہاز جس کی دو منزلیں ہوں ؛ دو پرت سینڈوچ ؛ ایسا سینڈوچ جس میں تین ٹُکڑے اور اس کی دو بھری ہوئی تہیں ہوں ؛ دو پرت کیک ؛ دو پرت آئس کریم۔

double entendre, n. ذُومعنویت ؛ ایسا ذُومعنی لفظ یا جملہ جس کے ایک معنی ناشایستہ ہوں ؛ ذُومعنی۔

double entry, n. دُہرا اندراج ؛ اندراج مُکرّر ؛ کھاتہ داری کا وہ طریقہ جس میں ہر سودے کے دو جگہ اندراجات کیے جاتے ہیں ، ایک اندراج ایک حساب کے جمع کھاتے میں دوسرا اندراج دوسرے حساب کے منہا کھاتے میں تا کہ ایک اندراج سے دُوسرا اندراج متوازن ہو جائے۔

double-faced, a. دورُخا ؛ منافق ؛ ریاکار۔

double header, n. (کھیل) ایک ٹکٹ دو کھیل ؛ ایک ہی دن یکے بعد دیگرے دو کھیل جن کے لیے تماشائیوں سے فیس ایک ہی دفعہ وصول کی جائے۔

double image, ghost, n. (ٹیلی وژن) دو تصویریں ؛ دُہری تصویر ، جو پردۂ ٹیلی وژن پر جُزوی طور پر غیر منطبق ہو جس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ تصویر کا اشارہ دونوں یعنی براہ راست اور معکوس راستوں سے وصول ہوتا ہے اس بنا پر ایک اشارہ پہلے موصول ہوتا ہے دُوسرا ذرا دیر بعد اور اس طرح پردے پر دو تصویریں نمودار ہوتی ہیں ؛بھوت۔

double indemnity, n. دُہرا تاوان ؛ دُہرا ہرجانہ ؛ بیمۂ زندگی یا بیمۂ حادثہ میں ایسی شق جس کی بنا پر حادثے کی وجہ سے موت کی صُورت میں بیمے کی اصل مالیت یا قدرِ عرفی سے دُگنی رقم ادا کی جاتی ہے۔

double jeopardy, n. دُہرا مُقدّمہ ؛ کسی شخص پر ایک ہی جُرم کی بنا پر دو مختلف مواقع پر مقدّمہ چلانے کا غیر قانونی طریقہ۔

double-jointed, a. سہل الحرکت جوڑ دار ؛ ایسے جوڑوں کا حامل جن کی وجہ سے حرکت میں آسانی ہو۔

double negative, n. دُہرا منفی ؛ ترکیبِ نحوی میں ایسی ساخت جس میں ایک ہی جُملے میں دو منفی الفاظ یا اجزائے جُملہ استعمال کیے جائیں لیکن ان کا مقصد ایک ہی منفی مفہوم ادا کرنا ہو ، یہ انگریزی زبان میں تو جائز نہیں البتہ دوسری زبانوں میں اس کی اجازت ہے۔

double play, n. (بیس بال) دُہرا کھیل ؛ ایک ایسا دفاعی کھیل جس کے ذریعے دو رنر یا بھاگنے والے گیند کی ایک ہی چال سے آؤٹ کر دیے جاتے ہیں۔

double-breed, a. (موسیقی) الغوزے اور نفیری کی قسم کے مُنھ کی ہوا سے بجائے جانے والے ساز سے متعلّق جس میں دو مُرلیاں ایک دوسرے کے ساتھ بندھی ہوئی ہوں۔

double refraction, n. (بصریات) انعطاف مضاعِف ؛ دُہرا تکسیرِ نُور ؛ دُہرا تکسیر شعاع۔

double salt, n. (کیمیا) مُرکّب نمک ؛ دو نمکوں کا مخلوط مُرکّب ؛ ایسا آمیزہ جس میں دو نمک شامل ہوں۔

double standard, n. دُہرا معیار ؛ دُہرا معیار اخلاق جس میں دو فریقوں میں امتیار روا رکھّا جائے خصوصاً مردوں اور عورتوں کے مُعاملے میں روا رکھّا جانے والا اخلاقی معیار۔

doublet, n. مردانہ چُست صدری ؛ مشابہ چیزوں کا جوڑا ؛ جُفت ؛ مثنی ؛ جوڑا ؛ کسی زبان کے دو مُتّحد الاشتقاق مگر مختلف المعانی الفاظ یا ان میں سے کوئی ایک ؛ مطبوعہ مواد میں بلا ارادہ تکرار لفظی۔ (جمع) پانسے کے کھیل میں وہ چال جس میں دونوں پانسوں میں برابر کے نُقطے آئیں ؛ کوئی ایسی چیز جو دو مشابہ چیزوں کے جوڑ سے بنے جیسے جعلی ہیرا جو بِلّور کے دو ٹُکڑوں سے بنایا جائے جن کے درمیان رنگ کی ایک تہ ہو۔

double take, n. وہ دُوسری نظر جو ذرا دیر سے ڈالی جائے اور جس میں تحیّر شامل ہو جبکہ پہلی سرسری نظر میں تحیُّر کی کوئی چیز نظر نہ آئے۔

double time, n. دُہری معیاری رفتار ؛ دُہرا معیاری قدم (چار میل فی گھنٹہ رفتار)۔ (عسکری) تیز چال کی وہ رفتار جس میں فی منٹ ۱۸۰ قدم چلیں جب کہ ہر قدم تین فُٹ کا ہو ؛ معمول کی شرح اُجرت سے دُگنی شرحِ تنخواہ۔ (فعل لازم) دُہری معیاری رفتار سے چلنا ؛ دُہرے معیاری قدم سے چلنا۔

doubloon, n. ہسپانیہ اور ہسپانوی امریکی نوآبادیوں کا طلائی سِکّہ۔

doubly, adv. دوگنا ؛ دو چند ؛ دوہرے طور پر ؛ دُہرا۔

doubt, v.i. شک ہونا ؛ شبہ ہونا ؛ ریب ہونا ؛ بے یقینی ہونا ؛ اشتباہ ہونا ؛ تأمُّل ہونا ؛ پس و پیش ہونا ؛ تذَبذُب ہونا ؛ عدمِ فیصلہ کی کیفیت میں ہونا ؛ شش و پنج میں ہونا ؛ دبدھا ہونا ؛ اندیشہ ہونا ؛ احتمال ہونا ؛ وسواس ہونا۔ (فعلِ متعدی) شک کرنا ؛ شبہ کرنا ؛ بے یقینی ظاہر

dourness, n. اداسی ؛ غمگینی ؛ سخت مزاجی ؛ تند خُوئی ؛ درُشتی ۔

douse, v.t. پانی میں ڈبونا ؛ پانی میں ڈالنا ؛ پانی یا کوئی اور مائع چھینٹوں یا دھار سے ڈالنا ۔ (جہاز رانی) جلدی میں جُھکانا جیسے بادبان ؛ اچا نک سست کرنا ۔ (بول چال) بُجھانا ؛ گل کرنا ۔ (فعل لازم) اُچانک پانی میں گرنا یا ڈُوبنا ۔ (اسم) بھیگنے کا عمل ؛ تری ؛ تربتر ہونے کی کیفیت ۔

dove, n. قُمری ؛ فاختہ ؛ پیغامبرِ امن کی علامت ؛ امن کی علامت ، جِسے عموماً شاخِ زیتون چونچ میں لیے دکھایا جاتا ہے ۔ (بڑے D کے ساتھ) روح القدس ۔

dovecote, dove-cot, n. کبوتر خانہ ؛ بُلندی پر بنائی ہُوئی ایسی کابُک جو پالتو کبوتروں اور فاختاؤں کے رہنے کے لیے بنائی جاتی ہے ۔

dove kie, n. آکچہ ؛ آکِ صغیر ؛ بحرِ منجمد شمالی کا آبی پرندہ جس کے پر چھوٹے ہوتے ہیں ۔ (برطانوی) سیاہ گلی موٹ آبی پرندہ ۔

dovetail, n. (نجّاری) قُلفی ؛ فاختہ دُم چول ؛ فاختہ کی دُم کی سی چول ؛ اُلٹا خانہ ؛ وہ سُوراخ جس میں اس قسم کا فانہ پورا آتا ہو ؛ اس قسم کے فانوں کی وجہ سے بننے والا جوڑ یا گانٹھ ؛ گٹھ جوڑ ؛ گٹھ چول ۔ (فعل متعدی و لازم) گٹھ جوڑ کرنا ؛ گیرہ چول بٹھانا ؛ گٹھ چول بیٹھنا ؛ گُٹھی ہوئی شکل ہونا ۔ (مجازاً) ٹھیک ٹھیک اور ہم آہنگی سے پُورا آنا یا چُست ہونا ۔

dowager, n. شوہر سے ورثے میں جائیداد پانے والی بیوہ ؛ رئیس بیوہ ؛ خطاب یافتہ بیوہ ؛ وہ القاب جو زندہ رئیس کی بیوی کے مُقابلے میں مرحوم رئیس کی بیوہ کو دیا جاتا ہے ؛ عِزّت و وقار کی حامل عُمر رسیدہ بیوہ ۔

dowdy, a. گندی ؛ پھوہڑ ؛ بدوضع ؛ بدلباس ؛ بدقطع لباس والی ۔ (اسم) بدلباس عورت ؛ بھدے لباس والی عورت ۔

dowdyish, a. بدوضع/بدلباس سی ؛ قدرے گندی/بدقطع (عورت) ۔

dowdily, adv. گندے پن سے ؛ بدوضعی سے ؛ بدلباسی کے ساتھ ؛ بدقطعی کے انداز سے ۔

dowdiness, n. گندا پن ؛ بد وضعی ؛ بدلباسی ؛ بدقطعی ؛ پھوہڑ پن ۔

dowel, n. گٹّی ؛ گُچھی ؛ کیل ؛ لوہے یا لکڑی کی بے نوک کیل ، جس سے کسی چیز کے دو ٹکڑوں کو فانہ دار جوڑا جاتا ہے ؛ لکڑی کی گٹّیاں جو کیلوں کو جڑنے کے لیے دیوار میں ٹھونکتے ہیں ۔ (فعل متعدی) دو تختوں کو لکڑی یا لوہے کی بے سِرے کی کیلوں سے جوڑنا ۔

dowel pin, n. تختے جوڑنے والی بے سِرے کی کیل ؛ گٹّی ؛ لکڑی یا لوہے کا بے سِرا فانہ جس سے دو تختے جوڑے جائیں ۔

dower, n. جہیز ؛ اِستری دَھن ؛ کنیا دان ۔ (قانون) مُتوفّی خاوند کی جائیداد میں بیوہ کا حصّہ جو عمر بھر اس کے قبضے میں رہتی ہے ۔ (فعل متعدی) جہیز دینا ؛ مُتوفّی خاوند کی جائیداد کا حصّہ بیوہ کو دینا ۔

dowitcher, n. (طیوریات) ساحلی پرندہ ؛ چہا اور ٹٹیری سے مِلتا جُلتا ساحلی پرندہ جس کی لمبی چونچ چہے کی مانند ہوتی ہے جِسے وہ عمودی طور پر دلدل میں گھونپتا ہے ۔

کرنا ؛ پس و پیش کرنا ؛ اندیشہ کرنا ۔

doubt, n. دُبدھا ؛ اندیشہ ؛ احتمال ؛ کسی بیان یا رائے کی حقیقت یا کسی فعل کی موزونیّت کے بارے میں عدمِ یقینی ، شک و شُبہ ۔

doubtable, a. قابلِ شک ؛ مشکوک ؛ قابل شبہ ؛ مشتبہ ۔

doubter, n. شکّی ؛ شک کُنندہ ؛ مُبتلائے شک ؛ مُتذبذِب ؛ پس و پیش کرنے والا ۔

doubtingly, adv. شک کرنے کے انداز سے ؛ شبہ ظاہر کرتے ہوئے ؛ مُتذبذِب طور پر ۔

doubtful, a. مشکوک ؛ مشتبہ ؛ مبہم ؛ مذبذب ؛ غیر وّاضح ؛ غیر متعیّن ؛ قابلِ شُبہ ؛ قابل اشتباہ ۔

doubtfully, adv. مشکوک طور پر ؛ مشتبہ طریقے سے ؛ تذبذُب کے انداز سے ؛ مُبہم طور پر ۔

doubtfulness, n. مشکوکیت ؛ اشتباہ ؛ تَذبذُب ؛ ابہام ۔

doubtless, adv. بے شک ؛ بلا شبہ ؛ لاریب ؛ یقینی طور پر ؛ یقیناً ؛ قطعاً ۔

doubtlessly, adv. بلا شبہ طور پر ؛ لاریب انداز سے ؛ یقینی طور پر ۔

douche, n. نطول ؛ آبریزش ؛ پچکاری ؛ تیزی سے پانی چھوڑنے کا عمل یا آلہ ۔ (فعلِ متعدی) نطول سے دھونا ؛ آبریزش کرنا ؛ پچکاری کرنا ۔

dough, n. عجین ؛ خمیر ؛ گُندھا ہوا آٹا ؛ نرم و ملائم چپچپا ڈھیر ۔ (عوامی) روپیہ پیسہ ؛ رقم ۔

dough boy, n. جنگ عظیم اوّل کے دوران ریاستہائے متحدہ امریکا کی پیدل فوج کے سپاہی کا عُرف ۔ (برطانوی) ہوا ؛ کلچا ؛ خمیر گندھے ہوئے آٹے کا ہریرا ؛ بریسہ ۔

doughnut, n. میٹھی پُوری ؛ چھوٹی سی گول ٹکیہ عموماً جس کے مرکز میں سوراخ ہوتا ہے اور چربی ، تیل یا گھی میں تلی ہوئی ہوتی ہے ؛ بالو شاہی ۔

doughty, a. بہادُر ؛ شُجاع ؛ دلیر ؛ نڈر ۔

doughtily, adv. بہادُری سے ؛ دلیری کے ساتھ ، نڈر طریقے سے ؛ شُجاعانہ ۔

doughtiness, n. بہادُری ؛ شجاعت ؛ دلیری ؛ نڈر پن ۔

Douglas spruce, fir or pine, n. صنوبر ڈگلس ؛ کون دار درخت ؛ صنوبریہ درخت جو شمالی امریکا کے مغربی حصّے میں پایا جاتا ہے اور اکثر ۲۰۰ فٹ سے بھی زیادہ بُلند ہوتا ہے ، اس سے مضبوط پایدار عمارتی لکڑی حاصل ہوتی ہے ۔

Doukhobors, Dukhobors, n. ڈوخوبورس : ایک روسی عیسائی مذہبی فرقہ جس کے پیروکار زیادہ تر کِسان تھے جو اٹھارویں صدی میں شروع ہوا اور جس کا ایک بڑا حِصّہ ۱۸۹۹ء میں کینیڈا نقل مکانی کر گیا ، یہ ہر قسم کے شہری اور مذہبی احکامات کے منکر تھے اور صرف ضمیر کی آواز پر عمل کرنے کا عقیدہ رکھتے تھے ۔

dour, a. اُداس ؛ غمگین ؛ مغمُوم ؛ سخت مزاج ؛ تند خو ؛ درُشت ؛ ضدی ۔

dourly, adv. اُداسی سے ؛ غمگینی کے ساتھ ؛ مغمُوم طریقے سے ؛ سخت مزاجی سے ؛ تند خونی کے ساتھ ؛ درشتی سے ۔

Dow-Jones averages, n. (امریکی بازارِ حصص) ڈو جونز معیارات ؛ سرمایہ کاروں کی رہنمائی کے لیے روزانہ رپورٹ جس میں تیس سربرآوردہ صنعتوں ، ۲۰ بڑی بڑی ریلوے کمپنیوں اور ۱۵ بڑے بڑے عوامی بہبود کے اداروں کے تمسّکات کی اضافی قیمتوں کے بارے میں امریکی معاشیات دانوں چارلس ایچ ڈو اور ایڈورڈ ڈی جونز کے ترقی دادہ کُلیے کے مطابق اطلاعات شامل ہوتی ہیں ۔

down, adv. نیچے ؛ تلے ؛ زیر ؛ تحت ؛ نِچلی طرف ؛ اُوپر سے نیچے کی طرف ؛ پستی کی طرف ؛ نِچلے درجے میں ۔ (گالف) مدّمقابل سے مخصوص سوراخوں کی حد تک پیچھے ؛ افتادہ ؛ مردہ باد ؛ مایوس ؛ دل شکستہ ۔ (اسم) نزولی حرکت ؛ تنزلی حرکت ۔ (مجازاً) پسِ پائی ؛ شِکست ؛ پچھاڑ ۔ (فٹ بال) فٹ بال کو بیرون میدان اور متروک قرار دینا ۔ (فعل متعدی) گرانا ؛ پچھاڑ دینا ؛ شکست دینا ؛ نیچے کر دینا ۔ (فعل لازم) نِیچے گرنا ؛ گرنا ۔

down, n. رواں ؛ روئیں ؛ نرم بال ؛ پشم ؛ پرندوں کے پَروں کے نیچے مہین اور نرم بال خصوصاً مرغابیوں کے سینے کے باریک بال ؛ سبزۂ خط ؛ چہرے کے نرم اور باریک بال ؛ پودوں کی روئیں ؛ سبزی کی نشوونما کے دوران ان پر اُگنے والے باریک روئیں ۔ (فعل متعدی) روئیں سے ڈھانپنا ۔

down, n. (قدیم) سمندر کے قریب ریت کا ٹیلہ ۔ (جمع) کُھلا ، مواج ، گیاہ دار قطعۂ زمین ۔ (بڑے D کے ساتھ) جنوبی انگلستان کے نیچے واقع میدانوں میں پیدا ہونے اور پالی جانے والی بھیڑوں کی نسل ۔

downbeat, n. (موسیقی) کسی گت کی پہلی ضرب ؛ بینڈ ماسٹر کے عصا کا نیچے کی طرف جھٹکا جس سے کسی گت کے سُر پر زور دینا ظاہر کیا جاتا ہے ۔

down-bow, n. (موسیقی) تار منڈھے آلۂ موسیقی بجانے میں لگائی جانے والی ضرب جس میں گز کی حرکت نیچے کی طرف یا ساز بجانے والے کی طرف ہو ۔

downcast, a. نیچے کی طرف ؛ سرنگوں ؛ جُھکا ہُوا یا جھکی ہُوئی ؛ زمین کی طرف ؛ پژمردہ ؛ بُجھا ہوا ۔(اسم) تازہ ہوا کے لیے کان میں جانے والا راستہ ۔

downfall, n. زوال ؛ تنزُّل ؛ تباہی ؛ بربادی ؛ زوال کا باعث چیز ؛ کسی چیز کا زور سے نیچے آ رہنا ؛ گرنا جیسے برف کا یا بارش کا ؛ ہبُوط ۔

downfallen, a. زوال زدہ ؛ تنزُّل کردہ ؛ گِرا ہُوا ۔

downgrade, n. ڈھال ؛ آمدنی ، مرتبے یا اخلاقی قوّت میں بتدریج کمی ۔ (فعلِ متعدّی) کسی چیز یا شخص کا مرتبہ گھٹانا ؛ معیار کم کرنا ؛ کسی شخص کی شُہرت یا معاشرتی مرتبہ گھٹانا ۔ (صفت) کم مرتبہ ؛ کم رُتبہ ؛ گِرا ہُوا معیار ۔ (متعلق.فعل) مرتبہ گھٹانے کے لحاظ سے ؛ کم معیاری کے ساتھ ۔

down haul, n. (جہاز رانی) بادبان کو کھینچ کر نیچے کرنے والا رَسا ۔

downhearted, a. مغموم ؛ پژمردہ ۔

downheartedly, adv. غمگینی سے ؛ پژمُردگی کے ساتھ ۔

downheartedness, n. غمگینی ؛ پژمُردگی ۔

downhill, n. ڈھلوان ؛ نشیب ؛ ڈھال ؛ تنزُّل ؛ اُتار ؛ زوال ؛ برف پر پھسلنے کی دوڑ(اسکی انگ) ۔ (متعلق فعل) نیچے کی طرف ؛ پہاڑی کی ڈھلوان ؛ اُترائی ؛ صحت یا معاشی حالت کی پستی کی طرف مائل ۔ (صفت) ڈھلوانی ؛ نشیبی ۔

downpour, n. مُوسلا دھار بارش ؛ شِدّت کی بارش ۔

downrange, a. مضافِ چاند ماری ؛ اُس فضائی علاقے یا مقام سے متعلّق جو راکٹ کی آزمایش کے لیے مخصوص چاند ماری سے آگے پھیلا ہوا ہو ۔ (متعلق فعل) باہر کو پھیلا ہُوا ہونے کے لحاظ سے ۔

downright, adv. سیدھا ؛ کھرا ہونے کے طور پر ؛ عموداً ؛ قطعی ؛ پُورا ؛ مکمّل طور پر ۔ (صفت) صریح ؛ صاف ؛ کُھلا کُھلا ۔

downrightly, adv. سیدھا ہونے کے انداز سے ؛ کھرا ہونے کے نُقطۂ نظر سے ؛ عموداً ؛ قطعی لحاظ سے ؛ صریحاً ۔

downrightness, n. سیدھا پن ؛ عمودیت ؛ کھرا پن ؛ صراحت ۔

downstage, n. (تھیٹر) قدمی روشنیوں کے عقب میں ان سے ملحقہ اسٹیج کا اگلا حِصّہ ۔ (صفت) اسٹیج کی اگاڑی ؛ آگے ۔(متعلق فعل) اسٹیج کے اگلی طرف ۔

downstairs, n. نچلی منزل ۔ (متعلق فعل) پائین زینہ ؛ زینے کے نیچے کی طرف ؛ سیڑھیوں سے اُترتے ہوئے ؛ نیچے کی منزل کی طرف ۔ (صفت) نیچے کی منزل سے متعلّق ؛ نیچے کی منزل کا ۔

downstream, adv. دریا/ندی کے بہاؤ کی طرف ؛ بہاؤ رخ ۔

downswing, n. (گالف) آگے کی طرف گُھماؤ ۔ (تجارت) کاروبار میں مندے کا رُجحان ۔

down throw, n. نیچے کی طرف پھینکنے کا عمل ۔ (ارضیات) چٹان کی تہ کے رخنے کے ایک طرف کو نیچے دب جانے کا عمل ؛ چٹان کے دھنسنے کی کیفیت یا حالت ؛ نچوار ۔

downtime, n. بیکار وقت ؛ وقفہ ؛ باقاعدہ اوقاتِ کار کے دوران وقفہ جب کہ غیر متوقع صورت حال مثلاً مشین کی خرابی یا بجلی کی رَو کے چلے جانے کی بنا پر کوئی کارخانہ ، شُعبہ یا ملازم بیکار ہو کر پیداوار بند کر دے ۔

down-to-earth, a. حقیقت پسندانہ ؛ عملی ۔

downtown, n. اندرون شہر ؛ کسی شہر یا قصبے کا اصل حصّہ یا تجارتی علاقہ ۔ (صفت) شہر یا قصبے کے اصل حصے یا تجارتی مرکز سے متعلّق ۔ (متعلق فعل) کسی شہر یا قصبے کے اصل یا تجارتی علاقے کے نُقطۂ نظر سے ۔

downtrend, n. نیچے کی طرف جانے کا رُجحان ؛ مندے کا رُجحان ۔

downtrodden, downtrod, a. پسماندہ ؛ مظلوم ؛ پِسا ہُوا ؛ پامال ۔

downturn, downtrend, n. مندے کا رُجحان ؛ تجارت میں تنزُّل ؛ نچوار ۔

downward, downwards, downwardly, adv. نچوار ؛ نچلی طرف کو ؛ نشیب کی طرف ؛ بلندی سے نیچے کی طرف ؛ مائل بہ پستی ؛ آباؤ اجداد سے بعد کی نسلوں کی طرف ۔ (صفت) نچلا/نچلی ۔

downwardness, n. نچوار ؛ بلندی سے پستی ؛ نچلی طرف ؛ پستی ۔

downwind, a., adv. (جہاز رانی) ہوا رُخ ؛ ہوا کے ساتھ ساتھ ؛ ہوا پیچھے سے چلتے ہوئے ؛ ایسے میں جب کہ ہوا پیچھے سے چل رہی ہو ۔

downy, a. رُواں دار ؛ رُوئیں دار ؛ ملائم ؛ نرم ؛ جہاں کھریا مٹّی کی پہاڑیاں بکثرت ہوں ؛ کھریا مٹّی کی پہاڑیوں کی طرح ۔

downiness, n. رُواں داری ؛ رُوئیں داری ؛ کھریا مٹّی پن ۔

downy mildew, n. کوئی سی کُھمبی جس کی وجہ سے میزبان پودے پر پتّـوں کی نچلی طرف روئیں دار مادّہ پیدا ہو جاتا ہے ؛ روئیں دار پھپھوندی سے پیدا شدہ پودوں کی بیماری ۔

dowry, dowery, n. جہیز ؛ کنیا دان ؛ فطری صلاحیت ؛ پیدایشی قابلیت ؛ خداداد صلاحیت ۔

dowse, v.i. طلسمی چھڑی کے ذریعے زیر زمین پانی یا تیل کا سُراغ ملنا ۔

dowsing rod, n. طلسمی چھڑی جس کی مدد سے پانی ، تیل یا معدنیات کے زیر زمین ذخائر کا پتا چلایا جاتا ہے ۔

doxology, n. مناجات ؛ گرجا کی مناجات ۔

doxological, a. مناجاتی ؛ متعلّق بہ مناجات ۔

doyen, n. عمیدِ شعبہ ؛ کسی تنظیم ، جماعت یا پیشے کا مُقدّم رُکن ؛ ڈین ۔

doyenne, n. عمیدۂ شُعبہ ؛ کسی تنظیم ، جماعت یا پیشے کی مقدّم رُکن ۔

doyley, doily, n. چھوٹا زیر انداز جو انگلیاں دھونے کے لیے نیچے رکھ دیا جاتا ہے ؛ دیکھیے : doily ۔

doze, v.i. اُونگھنا ؛ اُونگھ جانا ؛ غنودگی طاری ہونا ؛ جھپکی لینـا ؛ ہلکی نینـد سونا ۔ (فعل متعدی) غنودگی طاری کرنا ؛ ہلکی نیند طاری کرنا ؛ سُن کرنا ؛ سُست کرنا ۔ (اسم) اُونگھ ؛ غُنودگی ؛ ہلکی نیند ؛ جھپکی ۔

dozer, n. اونگھنے والا ؛ غنودہ ؛ ہلکی نیند سونے والا ؛ جھپکی لینے والا ۔

dozy, a. اُونگھ میں ؛ غنودہ ؛ سوتڑ ۔

dozily, adv. اُونگھ سے ؛ غنودگی کے ساتھ ۔

doziness, n. اُونگھ ؛ غنودگی ؛ ہلکی نیند ؛ جھپکی ۔

dozen, n. درجن ؛ بارہ ۔ (صفت) بارہ ۔

dozenth, a. بارہواں ۔

dozer, n. (بول چال) بلڈوزر یا ٹریکٹر سے کھینچی جانے والی مشین جو مٹّی ہٹانے کے کام آتی ہے ۔

drab, n. ہلکے بادامی رنگ کا موٹا اُونی کپڑا ؛ مٹیالا رنگ ؛ ہلکا بادامی و پیلا رنگ ۔ (صفت) ہلکے رنگ کا ؛ پھیکا ؛ بے لُطف ؛ یکساں ؛ اُچاٹ ؛ اُکتا دینے والا ۔

drably, adv. بے لُطفی سے ؛ یکسانی کے ساتھ ؛ اُکتاہٹ سے ۔

drabness, n. بے لُطفی ؛ یکسانی ؛ پِھیکا پن ؛ اُکتاہٹ ۔

drab, n. پھوہڑ ؛ بدسلیقہ ؛ کسبی ؛ طوائف ؛ رنڈی ؛ بیسوا ۔ (فعل لازم) کسب کرنا ؛ پیشہ کرنا ؛ رنڈیوں یا طوائفوں سے میل جول رکھنا ۔

drabble, v.i. پانی میں چھپ چھپ کرتے ہوئے چلنا ؛ بھیگتے ہوئے چلنـا ؛ کیچڑ اور گندے پانی میں لتھڑنا ۔ (فعل متعدی) بھگونا ؛ لتھیڑنا ۔

drabbler, n. بھیگنے/لتھڑنے والا ؛ بھگونے/لتھیڑنے والا ۔ (جہاز رانی) بادبان کی گہرائی بڑھانے کے لیے اس کے بونٹ کے تلے سے بندھا ہوا کرمیچ (کینوس) ۔

dracaena, n. جنس دُمُ الاخوین ؛ سوسن کے خاندان سے تعلق رکھنے والا استوائی پودا جس کی ننگی شاخوں کے سروں پر خنجر نُما پتّے ہوتے ہیں ۔

drachm, (Brit.) dram, drachma, n. درہم ؛ درم ؛ قدیم یونانی سِکّہ ؛ جدید یونان کا سِکّہ ؛ قدیم یُونان کا وزن ڈرام ٦٠ گرین یا ١/١٦ اونس ۔

draconian, a. سخت ظالمانہ ؛ استبدادانہ ؛ سخت گیر ؛ سفاکانہ ۔

draft, draught, n. بوجھ کھینچنے کا عمل ؛ بوجھ کھینچنے والے جانوروں کا گلّہ ؛ مچھلی پکڑنے کے جال کو کھینچنے کا عمل ؛ جال میں مچھلی آنے کا عمل ؛ سانس اندر کھینچنے کا عمل ؛ وہ جس کو سانس کے ساتھ اندر کھینچا جائے ؛ ظرف سے کوئی مائع نکالنے کا عمل جیسے صراحی سے شراب ؛ شرب ؛ پینے کا عمـل ؛ شراب یا جُرعۂ مشروب ؛ کسی بند مقام میں ہوا کا جھونکا جیسے کمرے میں ؛ ہوا کے بہاؤ کو منضبط کرنے کے لیے آلہ جیسے آتشدان میں ؛ مُقرّرہ ذریعے سے رسد ، افـواج یا رقم لینے کا عمـل ؛ لازمی فوجی خدمت کے لیے لوگوں کا انتخاب ؛ کسی چیز کے لیے سخت تقاضا ؛ رقم کی ادائیگی کے لیے ایک شخص کا دُوسرے شخص کے خلاف حاصل کردہ حُکم نامہ ؛ پانی کی وہ مقدار جو کسی خاص وزن کو لیے ہوئے کوئی جہاز ہٹاتا ہے ؛ تعمیری منصوبے کے طور پر نقشہ ، خاکہ یا نمونہ ؛ کسی تحریر کا مُسوّدہ ؛ کسی تحریر کی پہلی یا ابتدائی شکل جس پر نظر ثانی کی جا سکتی ہو اور اس کی نقل کی جا سکتی ہو/تسویدی شکل ۔ (کھیل) پیشـہ ورانہ ٹیموں میں ہونہار کھلاڑیوں کی تقسیم کا طریق کار ۔ (فلزّیات) کسی نمونے کو دی گئی مخروطی شکل تاکہ سانچے کو نقصان پہنچائے بغیر اسے ریت میں سے نکـالا جا سکے ۔ (معماری) سطحوں کو ہموار کرنے میں رہنمائی کے لیے پتھر کے کنارے کے ساتھ ساتھ تراشا ہوا خط یا حاشیہ ؛ تلچھٹ ؛ دُرد ؛ وہ فُضلہ جو شراب بنانے کے بعد بچ رہتا ہے ؛ باورچی خانے کا وہ دھووَن جو سُوروں وغیرہ کو پلایا جاتا ہے ؛ بڑی جماعت کی ٹولی جو خصوصی کام پر مامُور کی جائے ؛ کسی ؛ ستے کا خصوصی فرائض کے لیے انتخاب ؛ ہُنڈی ۔ (صفت) بھاری بوجھ کھینچنے کے لیے موزوں ؛ عارضی مُسوّدہ ہونے کی صفت/تسویدی ۔ (فعل متعدی) کھینچنا ؛ گُھونٹ یا جُرعے کے ذریعے پینا یا لینا ؛ خصوصی فرائض پر مامُور کرنا جیسے فوجی خدمات پر مامُور کرنا ؛ مُسوّدہ تیّار کرنا ؛ تسوید کرنا ؛ خاکہ تیّار کرنا ؛ ابتدائی منصوبہ بنانا ؛ پتّھر کے کناروں کو چھینی سے تراشنا ۔

on draft, مہربند ڈبے یا بوتل کی بجائے کھلے برتن سے لی جانے والی بیئر ۔

drafter, (Brit.) draughter, n. مُسوّدہ نِگار/نویس ؛ مامُور کُنندہ ۔

draft dodger, n. فوجی خدمت سے بہانہ سازی کر کے بچنے والا ؛ بہانہ سازی کے ذریعے فوج میں بھرتی یا خصوصی فوجی خدمت سے بچ نکلنے والا ۔

draftee, n. مامُور شُدہ ؛ کسی مخصوص کام مثلاً خصوصی فوجی کام کے لیے مامور شدہ شخص ۔

draft horse, n. لَدُو گھوڑا ؛ بوجھ کھینچنے والا گھوڑا ۔

draftsman, draughtsman, n. نقشہ نویس ؛ مُسوّدہ نویس ؛ مُسوّدۂ قانون کا مُرتّب ؛ ڈرافٹسمین ؛ مشینوں وغیرہ کا خاکہ تیّار کرنے والا ؛ خاکہ نگار ۔

draftsmanship, draughtsmanship, n. نقشہ نویسی ؛ مُسوّدہ نویسی ؛ خاکہ نگاری ۔

drafty, draughty, a. ہوا کے جھونکوں کو اندر لانے

draghound, n. ایسا شکاری کُتّا جسے کُھرے یا مصنوعی بُو کا پیچھا کرنے کی تربیّت دی گئی ہو۔

drag hunt, n. ایسا شِکار جس میں کُتّے اور گھڑ سوار مصنوعی بُو کا پیچھا کرتے ہیں۔

drag link, n. (مشین) دو متوازی لاٹھوں کے گردانوں کو جوڑنے کے لیے استعمال کی جانے والی کڑی۔

dragnet, n. کھینچواں جال ؛ ایسا جال جسے کسی چیز کو پکڑنے کے لیے پانی یا زمین پر گھسیٹتے ہیں ؛ کوئی بھی نظام جس کے ذریعے کسی شخص خصوصاً بھگوڑے مُجرم کو پکڑا جائے۔

dragoman, n. مشرق قریب کے ممالک میں ترجمان ، رہنما یا کارندہ ؛ کسی سفارت خانے یا قونصل خانے سے منسلک ترجمان۔

dragon, n. اژدہا ؛ اُڑن چھپکلی ؛ مارِ گنج ؛ خزانے کا سانپ ؛ خزانے یا عصمت کا محافظ ؛ تند خُو مرد یا عورت ؛ کینہ پرور نگران عورت ؛ لڑکیوں کی نگران عورت ؛ چھوٹی بندوق جسے اصل رسالے کے سوار لے کر چلتے ہیں ؛ غضبناک آتشیں آنکھوں ، کلغی دار سر ، بڑے بڑے پنجوں والا اور اکثر منہ سے آگ کے شعلے نکالتے ہوئے ، پردار مگر مچھ سے مِلتا جُلتا افسانوی دیو پیکر جانور۔

dragonish, a. اژدہا کا سا ؛ اُڑن چھپکلی کی مانند۔

dragonet, n. چھوٹا اژدہا ؛ پایاں پانی ، استوائی اور معتدل گرم پانیوں میں رہنے والی شوخ رنگوں والی بحری مچھلی۔

dragon fly, n. بھنبھیری ؛ کابلی مکّھی ؛ سنجاقک ؛ اُڑنے والا ایک چھوٹا جانور یا کیڑا جس کا جسم لمبا اور پتلا ہوتا ہے لیکن پر بڑے ہوتے ہیں۔

dragon lizard, komodo dragon or lizard, giant lizard, n. ایک وَرَل / وَرَن چھپکلی جو کوموڈو اور اس کے ملحقہ انڈونیشی جزیروں میں پائی جاتی ہے اور معلومہ چھپکلیوں میں سب سے بڑی ہوتی ہے۔ یہ ۱۰ سے ۱۱ فٹ تک لمبی ہوتی ہے۔

dragon's blood, n. دَمُ الاخوین ؛ خُونِ سیاوشان ؛ پانی میں حل نہ ہونے والے گہرے سُرخ بیروزوں میں سے کوئی جسے بطورِ صِبغہ استعمال کیا جاتا ہے ، خصوصاً ملایائی رتن تاڑ کے پَھل سے حاصل کیا جانے والا بیروزہ جسے وارنش کو رنگ دینے اور عکسی کندہ کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

dragon tree, n. شجرِ امُ الاخوین ؛ درخت خُونِ سیاوشیان ؛ جزائر کناری کا سدابہار درخت جس سے خون سیاؤ شان یا دَمُ الاخوین حاصل ہوتا ہے۔

dragoon, n. چھتر پرند ؛ سوار ؛ رسالے کا ملازم ؛ غُصّہ ور ، وحشی آدمی ؛ کبوتر کی ایک قسم۔ (فعل متعدی) فوج کی مدد سے تشدُّد کر کے مطیع بنانا ؛ ہراساں کرنا ؛ ڈرانا دھمکانا ؛ ظُلم و استبداد کرنا ؛ تشدُّد کے ذریعے مجبور کرنا۔

drain, v.t. نکاس کرنا ؛ پانی یا کوئی اور مائع بتدریج پائپ یا نلی کے ذریعے نکالنا ؛ مکمّل طور پر نکال لینا ؛ کسی چیز سے مائع نکالنا ؛ نچوڑنا ؛ کوئی مائع نکال کر خالی یا خُشک کرنا ؛ بتدریج نکال کر مقبوضات یا وسائل سے محرُوم کرنا ؛ مکمّل طور پر خالی کرنا ؛ کھوکھلا کرنا۔ (فعل لازم) بتدریج بہ جانا ؛ نمی کے بتدریج بہاؤ سے خالی یا خُشک ہو جانا۔

drainer, n. نکاس کُنندہ ؛ نکاس کرنے والا ؛ خالی یا خُشک کے انتظام والا ؛ ہوادار۔

draftily, draughtily, adv. ہواداری سے ؛ ہوا کے جھونکوں کو اندر لانے کے لحاظ سے۔

draftiness, draughtiness, n. ہواداری ؛ ہوا کے لیے انتظام۔

drag, v.t. کھینچنا ؛ زور سے کھینچنا ؛ زور لگا کر پیچھے کھینچنا ؛ گھسیٹنا ؛ زنبور ، قلاب ، چمٹے ، کانٹے یا چنگال سے تلاش کرنا ؛ سُہاگے یا سراوَن کے ساتھ زمین کھودنا ؛ تہ میں نقش کرنا ؛ تہ کی مٹّی نکالنا ؛ پہیّے یا گاڑی کی رفتار کم کرنے کے لیے روک لگانا۔ (مجازاً) گفتگو میں خوامخواہ کھینچ لینا ؛ کوئی غیر متعلقہ موضوع زیر گفتگو لانا ؛ کسی معاملے یا گفتگو کو لٹکانا یا طُول دینا۔ (فعل لازم) کھنچنا ؛ گھسٹنا ؛ گِھسٹتے ہوئے چلنا ؛ بمشکل چلنا ؛ سہاگہ یا سراون پھیرنا ؛ پانی کی تہ سے مشین کے ساتھ سونت سونت کر گارا ، گاد یا گند نکالنا ؛ بھاری قدموں سے چلنا ؛ تھکے ہُوئے انداز سے چلنا۔

draggingly, adv. کھنچتے یا کھینچتے ہوئے ؛ گھسٹتے یا گھسیٹتے ہوئے۔

drag one's feet, (عوامی) (محاورہ) نیم دلی سے کوئی کام کرنا ؛ پس و پیش کے ساتھ کچھ کرنا ؛ جان بوجھ کر کام کرنے میں تاخیر کرنا ؛ بچر مچر کرنا۔

drag, n. سہاگہ ؛ سراون ؛ گاد نکالنے والی مشین ؛ جال ، کانٹا وغیرہ جسے پانی میں سے کوئی چیز تلاش کرنے کے لیے پھیرتے یا کھینچتے ہیں ؛ لنگر ؛ چنگال ؛ روک ؛ جر ؛ کھنچاؤ ؛ گھسیٹ ؛ برف گاڑی جسے برف پر کھینچتے ہیں ؛ چار گھوڑوں کی گاڑی جس کے اندر اور چھت پر نشستیں ہوں۔ (مجازاً) کوئی ایسی چیز جو ترقی یا آگے بڑھنے یا پیش رفت میں روک بنے ؛ آہستہ یا سست رو کارکردگی ؛ لُومڑی یا کسی ایسے جانور کی بُو یا کُھرا جس کا شکار کرتے ہیں ؛ سونف یا بادیان کی قسم کی کوئی چیز جسے زمین پر پوتتے یا پھیرتے ہیں تا کہ اس کی مصنوعی خوشبو قائم رہے ؛ اس قسم کی خوشبو سے شکار کرنا۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کی پرواز کی سمت کے متوازی اور مخالف کام کرنے والی ہوا کی کُلّی قُوّت ؛ سگریٹ کا گھونٹ یا کش۔ (عوامی) بیزار کرنے والی شے یا شخص ؛ خِلط لباسی۔ (عوامی) مرد کا وعدۂ ملاقات۔ (عوامی) گلی ؛ کوچہ۔

drag race, n. دو یا زیادہ گاڑیوں کے درمیان مختصر دوڑ جس کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ کونسی کار زیادہ سرعت سے تیزی پکڑتی ہے۔

dragee, n. قندی بادام ؛ چاکلیٹ اور میٹھی/شکر لپٹی مغز یا بادام کی مٹھائی ؛ گیند کی شکل کی ''قندی'' جو عموماً نُقرئی رنگ کی ہوتی ہے اور جسے کیکوں کے لیے بطورِ آرایش استعمال کیا جاتا ہے ؛ شکر لپٹی دوا۔

dragger, n. کھینچنے یا گھسیٹنے والا شخص/والی شے ؛ پھینکواں جال پھیرنے والی کشتی۔

draggle, v.t. لتیھڑنا ؛ نم آلود زمین یا گارے یا گیلی گھاس پر کھینچ کر گیلا اور گندا کرنا۔ (فعل لازم) زمین پر گھسٹنا یا گھسیٹا جانا ؛ نم آلود زمین یا گارے یا گیلی گھاس پر کھینچے جانے کی بنا پر گیلا اور گندا ہونا۔

draggletail, n. پھوہڑ ؛ گندی ؛ غلیظ شخص ؛ گیلے اور گندے کپڑے پہنے ہوئے کوئی شخص۔

کرنے والا ؛ کوئی مائع نکالنے والا ۔

drain, n. عملِ نکاس ؛ کھینچ نکالنے کا عمل ؛ رسنے ، خرچ ہونے یا اخراج ہونے کا بتدریج یا مُسلسل عمل ؛ ایسے اخراج کی باعث چیز ؛ وہ شے جس کے ذریعے اخراج یا نکاس عمل میں آئے ؛ بدررَو ؛ مسیل ؛ نالی ؛ موری ؛ نکاسی کا پائپ ۔

drainable, a. قابلِ نکاس ؛ بہاؤ کے قابل ؛ نکاس پذیر ؛ رس رس کر خالی ہونے کے قابل ۔

drainage, n. نکاس ؛ پن بہاؤ ؛ آب نکاسی ؛بدررَو؛ موری ؛ بدرآبی ؛ نظام نکاسِ آب ؛ نالیاں ؛ قدرتی نالے یا مصنوعی نالیاں ۔ (جرّاحی) زخموں وغیرہ سے مائع وغیرہ کا آہستہ بہاؤ ۔

drain pipe, n. نکاس نالی ؛ پرنالہ ۔

drake, n. بطخا ؛ نر بطخ ؛ نر مُرغابی ؛ نر بط ۔

drake, drakefly, n. ازمنۂ قدیم میں ، ایک چھوٹی پیتل کی بنی ہوئی توپ ؛ موسمی کیڑوں کی اقسام میں سے کوئی ایک جسے مچھلی کے شکاری مچھلیاں پکڑنے کے لیے طعمے کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

dram, n. (عطاری) ڈرام ؛ ایک اونس کے آٹھویں حصّے کے برابر یا ۶۰ گرین کا وزن ؛ دوا ساز کے عام برطانوی پیمانے کے مطابق اونس کے سولھویں حِصّے کے برابر وزن ؛ شراب کا تھوڑا سا گھونٹ ؛ کوئی چھوٹی رقم ۔

dramshop, n. سابقاً شراب خانہ ؛ مے خانہ ۔

drama, n. ڈراما ؛ تمثیل ؛ سوانگ ؛ ناٹک ۔

Dramamine, n. دوران حرکت جی متلانے کا علاج ؛ ڈائی مین ہائیڈرینٹ (تجارتی نشان) ۔

dramatic, a. ڈرامے کا یا ڈرامے سے متعلّق ؛ ڈرامائی ؛ تمثیلی ؛ سوانگی ؛ ناٹکی ؛ پُر اَثر ؛ اچانک ؛ ناگہانی ۔

dramatically, adv. تمثیلی انداز سے ؛ سوانگ کے طور پر ؛ ناٹک کے طور پر ؛ ڈرامائی لحاظ سے ؛ ناگہانی طور پر ؛ پُراثر انداز سے ۔

dramatics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) فنِ ڈراما ؛ فنِ ناٹک ؛ تھیئٹر کی شوقیہ پیشکش ؛ بے جا یا حد سے بڑھی ہوئی جذباتیّت ؛ کھیل تیّار کرنے یا اداکاری کرنے کا فن ۔

dramatis personae, n., pl. کسی ڈرامے کے مجموعی کردار ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ڈرامے کے کرداروں کی فہرست ۔

dramatist, n. ڈراما نگار ؛ تمثیل نگار ؛ ڈراما نویس ۔

dramatization, n. ڈراما کاری ؛ تمثیل کاری ؛ ڈرامے یا تمثیل کی شکل میں ڈھالنے کا عمل ؛ ڈرامے کی شکل میں ڈھالنے کا عمل ؛ (کہانی کی) تمثیلی شکل یا ڈرامائی صورت ۔

dramatize, v.t., v.i. تمثیل کی شکل میں ڈھالنا ؛ ڈرامے کی شکل دینا ؛ تمثیل یا ڈرامے کی شکل میں قابل قبول ہونا ؛ ڈرامائی انداز میں پیش ہونا ؛ مبالغہ آمیز انداز میں بولنا ، لِکھنا یا طور طریق اختیار کرنا ۔

dramaturgy, n. فن تمثیل نگاری و تمثیل کاری ؛ ڈراما لکھنے اور اسٹیج پر پیش کرنے کا فن ۔

dramaturgic, dramaturgical, a. تمثیل نگاری و تمثیل کاری سے متعلّق ۔

dramaturgically, adv. تمثیل نگارانہ یا تمثیل کاری کے لحاظ سے ۔

dramaturgist, n. تمثیل نگار و تمثیل کار ؛ ناٹک کا مُصنِّف ؛ ڈراما نویس ۔

drammock, drum mock, dram mach, n. گھولن ؛ پانی ملی کچی خوراک ۔

drape, v.t. لباس یا کپڑے کو خوشنما فولڈ یا سلوٹوں کی صورت میں ڈھانپنا یا لٹکانا ؛ پردوں سے آراستہ کرنا ؛ پردوں یا کپڑے کا خوشنما فولڈ یا سلوٹوں کی صورت میں ترتیب دینا ۔ (فعل لازم) فولڈ یا سلوٹوں کی صورت میں لٹکنا یا ترتیب پانا ۔ (اسم) کھڑکیوں کو ڈھانپنے والے پردے ؛ کپڑوں یا پردوں کے لٹکنے کا انداز ۔

draper, n. (برطانوی) پردہ ساز ؛ پردوں کے کپڑے بیچنے والا ؛ بزاز ؛ کپڑا اور خشک اشیا بیچنے والا دُکاندار ۔

drapery, n. پردے ؛ ڈھیلے خوشنما فولڈ یا سلوٹوں کے ساتھ یا آرایشی نُقطۂ نظر سے ترتیب دادہ کپڑے ، پردے یا پوشش ؛ لٹکانے والی جھالریں یا پارچات ؛ سنگ تراشی یا مصوّری میں ظاہر کردہ لٹکن پردے یا فولڈ یا سلوٹ دار کپڑے ؛ پارچات کی خوشنما فولڈوں میں ترتیب ۔ (برطانوی) پردوں کے کپڑوں کا کاروبار یا تجارت ؛ خُشک اشیاء ۔

drastic, a. انتہا پسندانہ ؛ قُوّت اور تشدُّد سے کام لیتے ہوئے ؛ سخت ؛ شدید ؛ انتہائی ۔

drastically, adv. انتہا پسندی سے ؛ متشددّانہ طور پر ؛ قُوّت سے ۔

draught, n. [draft کی قدیم صورت] یہ لفظ آج بھی برطانیہ میں مستعمل ہے (جیسے (a draught of fish, a ship's draught, a draught of all or bear : دیکھیے : draft ۔

draughty, a. رَو گزار ؛ جہاں سے ہوا کی رو گزرے ۔

draughts, n. (برطانوی) چوپڑ کا کھیل ؛ ڈرافٹ ۔

draughtsman, n. چوپڑ کا مہرہ ؛ خاکہ نگار ؛ مُسودّہ تیّار کرنے والا ؛ نقشہ نویس ۔

draught board, draughts board, n. چوپڑ کی بساط ؛ ڈرافٹ کی بساط ۔

Dravidian, a. دراوڑی ؛ جنوبی بھارت اور سری لنکا میں رہنے والی نسل سے متعلّق ؛ دراوڑی زبان کا جس میں تامل ، تیلگو ، کناری اور ملیالم شامل ہیں ۔ (اسم) دراوڑی نسل کا رُکن ؛ دراوڑی زبانیں ۔

draw, v.t. کھینچنا ؛ گھسیٹنا ؛ اُٹھانا ؛ باربرداری کرنا ؛ ہٹانا ؛ حاصل کرنا ؛ نکالنا جیسے پانی ؛ کھینچ کر نکالنا جیسے کارک ؛ کشید کرنا جیسے شراب یا عرق ؛ کشش کرنا (جیسے : Honey draws flies) ؛ سانس یا ہوا اندر کو کھینچنا ؛ چُوس لینا ؛ نتیجہ وغیرہ نکالنا ؛ استنباط کرنا . (جیسے : to draw a conclusion) ؛ کسی ذریعے سے حاصل کرنا ؛ اخذ کرنا ؛ آہستہ آہستہ پانی وغیرہ نکالنا ؛ آنتیں وغیرہ نکالنا (جیسے : to draw a chicken) ؛ لکیروں یا الفاظ سے خاکہ کھینچنا ؛ نقشہ کھینچنا ، (جیسے : to draw images with poetry) ؛ بھرنا (جیسے : to draw a bath) ؛ (پردے وغیرہ) کھینچ کر گرانا ؛ اِتّفاق یا قُرعہ اندازی سے حاصل کرنا ؛ ہتھوڑوں وغیرہ سے تار وغیرہ بنانا ؛ جُھرّیاں ڈالنا ؛ سکیڑنا ؛ جمع کرنا یا فائدے میں پانا جیسے منافع ؛ مُرتّب کرنا ؛ قانونی شکل میں تصریح کرنا جیسے وصیّت ؛ مقابلہ برابر ٹھہرانا ۔ (تیر اندازی) جُھکانا جیسے کمان ۔ (جہاز رانی) تیرنے کے لیے پانی کی

معینّہ مقدار۔

draw, v.i. کھنچنا ؛ (حرکت کر کے) قریب آنا ؛ آہستہ آہستہ حرکت کرنا ، جانا یا گزر جانا (جیسے : the night draws near) ؛ تلوار یا پستول نکال لینا ؛ سانچے سے باہر آنا ؛ ہوا کا جھونکا لینا یا پیدا کرنا ؛ نکاس عمل میں لانا ؛ مقابلہ برابر رہنا ؛ پانی میں بیٹھ جانا جیسے کشتی ؛ رقم یا رسد حاصل کرنا ؛ سکڑنا ؛ جُھرّیاں پڑنا ؛ نقشہ کَشی کا فن زیر عمل ہونا ؛ لکیریں یا خاکہ کھینچنا ؛ تصویر کشی کی مشق کرنا ۔ (طِبّ) خون یا پیپ کو ایک مقام پر جمع ہونے دینا ۔ (تیر اندازی) کمان کا چِلّا کھینچنا ۔

draw, n. کھینچ ؛ کشش ؛ زور ؛ جھٹکا ؛ کھینچی ہوئی یا کشید کردہ چیز ؛ قرعہ اندازی ؛ قُرعہ ؛ برابر یا غیر فیصل شُدہ مقابلہ ؛ طاسِ جس میں سے پانی بہے یاجہاں پانی بہ کر جمع ہو جائے ؛ کوئی ایسی چیز جو توجُّہ کھینچے یا سَرپرستی کی طرف مائل کرے ؛ تاش کے کھیل پوکر میں ترک کردہ پتّے کی جگہ لینے والا پتّا ؛ وہ خشک نالہ جو ندی چھوڑ جاتی ہے ۔ (تیر اندازی) کمان کے چِلّے کو پُورا کھینچنے کے لیے درکار قُوّت اور پورا فاصلہ جو کمان کی ہتھی سے تانت کے کھچاؤ تک ہوتا ہے ۔

drawback, n. خرابی ؛ عیب ؛ نقص ؛ خامی ؛ کمی ؛ منہائی ؛ مجرائی ؛ کوئی ایسی چیز جس کی وجہ سے منافع یا مسرّت میں کمی ہو جائے ؛ اشیا کے ادا شُدہ درآمدی محصول کا وہ حصّہ جو برآمد کے موقعے پر واپس ادا ہو جائے : محصول قابل واپسی ۔

drawbar, n. جری سلاخ ؛ لوہے کی ایسی سلاخ جس کے دونوں سروں پر ناکہ یا سوراخ ہو تا کہ اس کے ساتھ ریل کے ڈبّوں کو جوڑا جا سکے ؛ باڑ میں ایسی سلاخ جسے ایک طرف ہٹا کر باڑ میں گزرنے کا راستہ بن جائے ؛ ٹریکٹر کے پیچھے جُڑا شہتیر جس سے آلات جوڑے جا سکتے ہیں ۔

drawbore, n. (نجّاری) چول میں کیا ہُوا سوراخ تا کہ جب اس میں سے پِنّی گزاری جائے تو چُول کے حصّے اچھی طرح بیٹھ جائیں ۔

drawbridge, n. اُٹھواں پُل ؛ متحرّک پُل ؛ اٹھاؤ پُل ؛ ایسا پُل جو جہاز گُزرتے وقت اٹھایا جا سکے یا جہازوں ، کشتیوں وغیرہ کا راستہ روکنے کے لیے گرایا جا سکے ۔

drawee, n. مجریٰ اِلیہ ؛ مُرتّب الیہ ؛ ہُنڈی پانے والا ؛ وہ شخص جس کو ادائیگی واجب الادا ہو ۔

drawer, n. اجرا کُنندہ ؛ مُرتّبِ ہُنڈی ؛ ہُنڈی نویس ؛ دراز ؛ فرنیچر کا وہ حِصّہ جسے باہر نکالا جا سکے یا اندر دھکیلا جا سکے اور جسے اشیا رکھنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (جمع) جانگیہ ؛ زیر جامہ ؛ لباس کے نیچے پہننے والا حِصّہ لباس جسے زیر ناف ستر پوشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

drawing, n. ڈرائنگ ؛ نقشہ کَشی ؛ نقشہ ؛ خاکہ ، تصویر ؛ بے رنگ تصویر ؛ یک رنگی تصویر ؛ تار کَشی ؛ قُرعہ اندازی ؛ قُرعہ اندازی یا ریفل کے انتخاب کا وقت ۔

drawing card, n. مجمع باز ؛ ایسا مُقرّر ، تماشا گر یا تماشا جس کے ذریعے بڑا مجمع جمع کرتے ہیں ؛ کوئی بھی ایسی چیز جس کی مدد سے عوامُ النّاس ، گاہکوں وغیرہ کو کھینچتے ہیں ۔

drawing room, n. بیٹھک ؛ کمرہ ملاقات ؛ دیوان خانہ ؛ گول کمرا ؛ دربار ۔

drawl, v.t. چبا چبا کر گفتگو کرنا ؛ آہستہ آہستہ کلام کرنا ؛ حُروفِ عِلّت کو کھینچ کھینچ کر بولنا ۔ (اسم) چبا چبا کر باتیں کرنے کا انداز ۔

drawler, n. چبا چبا کر گفتگو/کلام کرنے والا ۔

drawlingly, adv. چبا چبا کر گُفتگُو/کلام کرنے کے طور پر ۔

drawn, a. وحشت زدہ ؛ پریشان حال ؛ تناؤ کا شکار ؛ تنا ہُوا ؛ غیر فیصلہ شُدہ جیسے ایسا مُقابلہ جس میں فریقین میں سے کوئی بھی نہ جیتا ہو ؛ برابر مُقابلہ ؛ آنتیں صاف کیا ہُوا جیسے کوئی پرندہ ؛ پگھلا ہُوا یا چٹنی بنا ہُوا جیسے مکھّن ۔

drawn work, کشیدہ کاری کا ایسا کام جس میں کپڑے میں سے دھاگے کی قطاریں کھینچ کر نکال لی جاتی ہیں ۔

draw out, v.t. کھلا لینا ؛ آزادی سے دل کی بات کہنے پر مائل کرنا ؛ باتوں میں لگا کر اُگلوا لینا ؛ مائل کلام کرنا ؛ لمبا کرنا ؛ کسی چیز کے لیے زیادہ وقت لینا ؛ مقام امانت مثلاً بینک سے رقم نکالنا ۔

drawplate, n. تارکَش ؛ جَنتری ؛ بارا ؛ سخت فولاد کی پٹری جس میں مخرُوطی سوراخ ہوتے ہیں ، ان میں سے تار گزار کر اِس کی موٹائی کم سے کمتر کی جاتی ہے اور وہ لمبا ہوتا جاتا ہے ۔

draw poker, n. تاش کا ایسا کھیل پوکر جس میں کھلاڑیوں میں سے ہر ایک کو پانچ پانچ پتّے بانٹے جاتے ہیں اور بولی دینے کے بعد ان کو اجازت ہوتی ہے کہ تین تین پتّے بدل لیں ۔

drawstring, draw string, n. ازاربند ؛ وہ ڈوری جو تھیلے ، شلوار ، پاجامے یا پردے کے نیفے میں سے گزارتے ہیں جس کو کھینچنے پر وہ بند ہو جاتا ہے ۔

draw up, v.t. صفیں مُرتّب کرنا ؛ تیّاری کی حالت میں ترتیب دینا جیسے فوجوں کو ؛ سیدھے تن کر کھڑے ہونا ؛ کھڑا کر دینا ؛ قانونی شکل میں مُرتّب کرنا ؛ دوڑ میں برابر آ پہنچنا ؛ آ لینا یا جا لینا ۔

dray, n. ٹھیلا ؛ چھکڑا ؛ بھاری بوجھ کی باربَرداری کے لیے مستقل پہلوؤں کے بغیر ، کم بُلندی والا مضبُوط گڈا یا گاڑی ؛ برف گاڑی ۔ (فعل متعدی) کم بلند کُھلی گھوڑا گاڑی پر لاد کر لے جانا ۔

drayage, n. کم بلند کُھلی گاڑی پر باربرداری ؛ ایسی گاڑی پر باربرداری کا کرایہ ۔

drayhorse, n. ٹٹّو ؛ پست قد مضبوط گھوڑا ؛ گُٹھے جسم کا گھوڑا ۔

drayman, n. شراب کا ٹھیلا یا گاڑی بان ۔

dread, v.t., v.i. خوفزدہ ہونا ؛ ڈرنا ؛ ہیبت زدہ ہونا ؛ خائف ہونا ؛ مبہُوت ہونا ؛ لرزہ براندام ہونا ؛ مرعُوب ہونا ؛ ہیبت یا خوف میں مُبتلا ہونا ؛ خوف زدہ ہونا ؛ دہشت زدہ ہونا ؛ مشوش ہونا ؛ اندیشہ ہونا ۔ (اسم) خوف ، ڈر ؛ ہیبت ؛ لرزہ ؛ دہشت ؛ اندیشہ ؛ رُعب ؛ جلال ۔ (صفت) خوفناک ؛ دہشتناک ۔

dreadful, a. خوفناک ؛ مُہیب ؛ رُعب دار ؛ دہشت ناک ؛ مرعُوب کُن ؛ پُرجلال ۔ (اسم) (برطانوی) عام قسم کی خوفناک کہانی جیسے جرم یا مہم جوئی کی کہانی ؛ ایسا رسالہ جس میں سنسنی خیز مواد چھپتا ہو ۔

dreadfully, adv. خوفناک طریقے سے ؛ ہیبتناکی سے ؛

دہشتناکی کے لحاظ سے ۔

dreadfulness, n. خوفناکی ؛ ہیبتناکی ؛ دہشتناکی ۔

dreadnought, n. مُہیب جنگی جہاز ؛ ہیبتناک جَنگی بحری جہاز جس میں دس انچ یا زیادہ دہانے کی توپیں نصب ہوں ؛ بھاری یا مُوٹا کَپڑا ؛ موٹے کپڑے کا لباس ۔

dream, n. خواب ؛ سپنا ؛ رویا ؛ خام خیال ؛ آزاد تخیّل ؛ اُمّید ؛ نصبُ العین ؛ ارادہ ؛ بعض اوقات ہوائی قلعے ؛ شیخ چلی کے تصوُّرات ؛ خواب میں دیکھی گئی کوئی شے ؛ حقیقت کی بجائے خوابوں کی دنیا کا سا حسن یا خُوبصورتی ۔

dreamful, a. خوابناک ؛ سپنوں سے متعلّق ۔

dreamfully, adv. خوابناکی سے ؛ سپنوں کی دنیا کے لحاظ سے ۔

dreamfulness, n. خوابناکی ؛ سپنوں کی دُنیا ۔

dreamless, a. بے خواب ؛ گہری نیند ۔

dreamlessly, adv. بے خوابی کے لحاظ سے ۔

dreamlessness, n. بے خوابی ؛ خوابوں سے مُبرّا گہری نیند کی حالت ۔

dream, v.i., v.t. خواب دیکھنا ؛ سپنا دیکھنا ؛ سوتے میں تخیّلات میں مبتلا ہونا ؛ جاگتے کے خواب دیکھنا ؛ خام خیالی میں مُبتلا ہونا ؛ ہوائی قلعے بنانا ؛ خیالی پلاؤ پکانا ؛ کسی چیز کو خواب میں دیکھنا ؛ کسی چیز کے بارے میں خواب دیکھنا ؛ تخیُّل میں اس طرح لانا جس طرح کہ خواب میں ؛ تصوُّرات کی دنیا میں کھونا ؛ مبہم اور غیر واضح انداز میں قیاس کرنا ؛ خام خیالی میں وقت ضائع کرنا (اکثر بعد میں away آتا ہے)۔

dreamer, n. خواب دیکھنے والا ؛ تخیّلات میں مُبتلا شخص ؛ ہوائی قلعے تعمیر کرنے والا ؛ خام خیالی کا شکار۔

dreamland, n. خوابوں کی دنیا ؛ عالمِ رویا ؛ حالتِ خواب ؛ خیالی دنیا ۔

dreary, a. بے لُطف ؛ بے کیف ؛ اُداس ؛ افسردہ ؛ ملُول ؛ دِلگیر؛ تیرہ و تار ۔

drear, a. (ادب) تیرہ و تار ؛ اُداس ۔

drearily, adv. بے لُطفی سے ؛ بے کیفی کے ساتھ ؛ افسُردگی سے ؛ اُداسی سے ۔

dreariness, n. بے لُطفی ؛ بے کیفی ؛ اُداسی ؛ افسُردگی ؛ ملال ؛ دِلگیری ۔

dredge, n. کاوَندہ ؛ جاروفہ ؛ ایسی مشین جو سمندر ، دریا ، ندی یا تالاب کی تہ سے کُھرچ کر گاد یا ڈُوبی ہوئی اشیا نکالتی ہے ۔ (فعل متعدی) سمندر ، دریا ، ندی یا تالاب کی تہ سے کُھرچ کر یا جال وغیرہ تہ میں گھسیٹ کر گاد یا ڈُوبی ہوئی اشیا نکالنا ؛ کاوَندہ مشین سے گہرا کرنا یا صاف کرنا ۔ (فعل لازم) کاوَندہ مشین چلنا ۔

dredger, n. کاوَندہ مشین چلانے والا ؛ کاوَندہ مشین ۔

dredge, v.t. (طبّاخی) آٹا یا سفوف بُرکنا ؛ سفوف چھڑکنا ۔

dredger, n. آٹا برکنے /چھڑکنے کے لیے چھلنی دار بالائی سطح والا برتن ۔

dreg, n. (عموماً جمع) دُرد ؛ گاد ؛ تِلچھٹ ؛ رسُوب ؛ کیٹ ؛ فُضلہ ؛ بیکار یا فضول چیز ۔ (واحد) ذرا سا بچا ہوا حِصّہ ؛ ریزہ ۔

dreggy, a. گاد والا ؛ تلچھٹ والا ؛ دُرد آمیز ؛ بیکار ۔

D region, n. د طبقہ ؛ سطحِ زمین سے تقریباً ۲۵ تا ۴۰ میل بلندی پر موجود کرۂ آیونیہ کا سب سے نچلا طبقہ ۔

drench, v.t. بھگو دینا ؛ تر بہ تر کر دینا ؛ بھیگ جانا ؛ تر بہ تر ہو جانا ؛ پانی نُچڑنا ؛ جانور کو دوا پلانا ۔ (اسم) جانور کی دوا کی خوراک ؛ مُعتادِ حیوان ؛ بڑا گُھونٹ ۔

drencher, n. موسلادھار بارش ؛ شرابور/تر بہ تر کرنے والا ؛ کثرت سے پلانے والا ۔

dress, v.t., v.i. لباس پہننا ؛ لِباس پہنانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ مُرغ وغیرہ کو کھانے یا بیچنے کے لیے صاف کرنا ؛ سیدھا کرنا ؛ صف بندی کرنا یا صف میں ترتیب دینا جیسے فوج کو ؛ خصوصی عمل سے تیّار کرنا جیسے کھالوں ، پارچات ، عمارتی لکڑی ، پتھّر وغیرہ کو ؛ کاشت کرنا جیسے زمین ؛ بالوں کو کنگھی پٹّی سے بنانا یا جمانا ؛ پٹّی کرنا ؛ دوا لگانا ؛ صف بند ہونا ؛ صف بندی کی ترتیب دینا ؛ کپڑے پہننا ؛ سجنا ؛ رسمی یا شاہانہ لباس پہننا ۔

dress, n. لباس ؛ پوشاک ؛ بھیس ؛ پہناوا ؛ لڑکیوں اور عورتوں کا بیرونی لباس ، لہنگے اور کُرتی پر مشتمل ایک اکائی کی شکل میں ؛ فراک ؛ رسمی کپڑے ؛ بیرونی پوشش جیسے پرندوں کے بال و پر؛ کوئی خاص زاویہ یا وضع ۔ (صفت) متعلّق بہ لباس ؛ لباسوں سے متعلّق ؛ رسمی معاملات کے لیے موزوں ؛ رسمی لباس کی تصریح کرتے ہوئے ۔

dressage, n. سوار کے تقریباً ناقابل شناخت اشاروں کی اطاعت کرتے ہوئے بہت ہی زیادہ ماہرانہ کرتب کرنے کے لیے گھوڑے کی تربیّت کا طریق کار۔

dress circle, n. ڈریس گیلری ؛ تھیٹر یا تماشا گاہ میں نَشِستوں کی مدوّر یا مُنحنی تقسیم ، عموماً پہلی گیلری ؛ ابتدا میں اسے ان گاہکوں کے لیے مخصوص کیا جاتا تھا جو شام کا رسمی لباس پہنے ہوئے ہوتے تھے ۔

dress down, v.t. سختی سے ڈانٹنا ؛ خبر لینا ۔

dressing down, n. ڈانٹ ؛ ڈانٹ ڈپٹ ؛ زجرو توبیخ ۔

dresser, n. کپڑوں کے لیے دراز ، اکثر آئینے کے ساتھ ؛ سنگھار میز؛ کھانے پکانے کے برتنوں کی الماری ۔

dresser, n. لباس پہننے میں مدد دینے والا ؛ لباس پہنانے والا ، جیسے مُلازم ؛ وہ مُلازم جو اداکاروں کو لباس بدلنے میں مدد دیتا ہے ؛ مرہم پٹّی کرنے والا ، نمایاں لباس پہننے والا ، جیسے جدت والا ، نمایشی لباس پہننے والا ؛ آسی ؛ کِسوت بند ؛ مشاطہ ؛ ڈریسر؛ کوبہ ؛ پتھّر وغیرہ کوٹنے والا اوزار ؛ تراشندہ ۔

dressing, n. کِسوت ؛ مرہم پٹّی ؛ لباس پہننے کا عمل ؛ کھاد ؛ آراستگی ؛ گھڑائی ؛ تراش ؛ دریسی ؛ زدوکوب ؛ گوشمالی ؛ ڈانٹ ڈپٹ ؛ مسالا ؛ آٹے اور مسالے کا آمیزہ جسے مُرغ یا پرندے کے پیٹ میں بھرتے ہیں ؛ کھانے کے ساتھ شامل چٹنی ، سلاد وغیرہ ؛ سلاد کی سجاوٹ ۔

dressing gown, n. ڈھیلا ڈھالا چوغہ جو گھر پر نہانے کے بعد یا سنگھار یا کنگھی پٹّی کرتے وقت پہنا جاتا ہے ۔

dressing room, n. کمرۂ لباس ، لباس بدلنے کا کمرہ ؛ خوابگاہ سے مُلحِقہ وہ چھوٹا کمرہ جس میں لباس تبدیل کیا جاتا ہے ۔

dressing station, n. (عسکری) مرہم پٹّی مرکز ؛ کِسوت گاہ ؛ جنگ میں زخمی ہونے والے کے لیے فوری طِبّی امداد کا مرکز۔

dressing table, n. سنگھار میز ؛ آئینہ لگی اور درازوں والی سنگھار میز جس کے سامنے خواتین بیٹھ کر کنگھی پٹّی اور سنگھار کرتی ہیں۔

dress maker, n. زنانہ پوشاکیں تیّار کرنے والا ؛ عورتوں کے لباس سینے اور بیچنے والا۔ (صفت) سادہ طریقے سے سِلا ہونے کی بجائے نرم نرم گول بَخیوں اور نازُک جزئیات والا زنانہ لباس۔

dress making, n. عورتوں کے کپڑے سینے کا عمل یا پیشہ ؛ زنانہ پوشاکیں بنانے کا عمل۔

dress parade, n. باوردی پریڈ ؛ تقریباتی وردی میں پریڈ۔

dress rehearsal, n. ملبُوس مشق ؛ کسی کھیل یا تمثیل کی اصل کی مانند اور عوام کے سامنے پیش کاری سے پیشتر مکمّل لباسوں (پوشاکوں) زیب و زینت ، بہرُوپ ، مناظر ، سہاروں اور روشنی سمیت نمایشی مشق۔

dress shirt, n. نیم رسمی یا رسمی پہناوے کے لیے کلف سے سخت کیے ہوئے یا چُنٹ دار اگلے حصے اور فرانسیسی کف والی مردانہ قمیص۔

dress suit, n. شام کے لیے مردانہ رَسمی لباس۔

dress uniform, n. تقریباتی وَردی ؛ تقریبات پر یا رسمی سماجی مواقع پر پہنی جانے والی فوجی وردی۔

dressy, a. (بول چال) لباس کے معاملے میں بہت زیادہ شوقین مزاج ؛ نئے نئے لباسوں کا رسیا ؛ اپنے لباس کا بہت خیال رکھنے والا ؛ خُوش لباس ؛ جامہ زیب ؛ خُوش وضع ؛ وضعدار ؛ طرحدار ؛ لباس کے معاملے میں نفاست پسند ؛ بھڑکیلا لباس پہننے والا۔

dressily, adv. لباس کے مُعاملے میں شوقین مزاجی سے ؛ وضعداری سے ؛ طرحداری کے ساتھ ؛ پرتمکنت طریقے سے ، لباس میں ظاہرداری کے انداز سے۔

dressiness, n. خوش لباسی ؛ جامہ زیبی ؛ لباس کے معاملے میں بہت زیادہ شوقین مزاجی ، نئے نئے لباسوں کا رسیا پن؛ اپنے لباس کا بہت زیادہ خیال؛ وضعداری؛ طرحداری ؛ لباس کے مُعاملے میں چُستی اور تمکنت ؛ لباس کے مُعاملے میں ظاہرداری ؛ لباس کے معاملے میں نفاست پسندی۔

drib, v.i., v.t. تقطر ہونا ؛ بول کرنا ؛ قطرہ قطرہ ٹپکنا/بہنا ؛ قطرہ قطرہ بہانا ؛ گیند وغیرہ کو ٹپے دینا۔ (اسم) ایک قطرہ ؛ حقیر سی مقدار ؛ تھوڑی رقم۔

dribs and drabs, حقیر مقداریں۔

dribble, v.i. قطروں یا تھوڑی تھوڑی مقدار میں گرنا ، ٹپکنا یا بہنا ؛ قطرہ قطرہ گرنا ؛ رال ٹپکنا۔ (فعل مُتعدّی) قطرہ قطرہ گرانا ؛ ٹپکانا ؛ تھوڑا تھوڑا دینا ؛ بانٹنا۔ (کھیل) گیند وغیرہ کو پاؤں سے چھوٹے چھوٹے ٹپے دینا یا ٹھکورے دینا۔ (اسم) گرنے کا عمل ؛ قطرہ قطرہ بہنے یا ٹپکنے کا عمل ؛ چھوٹی آہستہ آہستہ چلنے والی/سُبک خرام ندی ؛ کسی مائع کی تھوڑی سی مقدار۔ (کھیل) ہاکی یا فُٹ بال میں گیند کو مقابل سے نکال کر لے جانا ؛ ٹھکورا یا ٹپّا۔

dribbler, n. ٹھکورنے والا ؛ ٹپے دینے والا ؛ پٹخنے والا۔

driblet, dribblet, n. چھوٹے چھوٹے اجزا یا ٹُکڑوں میں سے کوئی بھی ؛ کسی سلسلے کی حقیر یا چھوٹی سے رقم۔

dried-up, a. خُشک کردہ ؛ خُشک ؛ جس کے چہرے اور جسم پر عمر سے جُھریاں پڑ گئی ہوں۔

drier, dryer, n. خُشکندہ ؛ خُشک ساز ؛ جاذِب نم ؛ سُکھانے والا/والی ؛ وارنش اور پینٹ (رنگ و روغن) میں شامل کردہ کوئی ایسا کیمیائی عُنصر جس کی بنا پر وہ جلد خُشک ہو جاتے ہیں۔

drift, n. بہاؤ ؛ دھارا ؛ دھار ؛ جھال ؛ رو ؛ سیل ؛ تودہ ؛ ڈھیر ؛ ریگِ رواں ؛ ہوا اور پانی کی تیز رَو کے ساتھ بہ کر ڈھیریوں یا تودوں کی شکل میں جمع ہو جانے والی کوئی چیز جیسے برف یا ریت ؛ وہ مواد جِسے پانی یا ہوا کا دھارا ساتھ بہا لے جائے جیسے برف یا کُوڑا کرکٹ (گھاس پُھونس) ؛ وہ راستہ جس کے ساتھ ساتھ کوئی چیز بہا کر لے جائی جائے ؛ لب و لہجہ یا مفہوم (جیسے : the drift of the President's speech) ؛ وہ سمت جس میں کوئی چیز حرکت کرے ؛ رُجحان ؛ میلان ، (جیسے : The drift toward war was evident) ۔ (طبیعیات ، جُغرافیہ) وسیع و عریض ، پایاں عموماً سُست رفتار سمندری رَو۔ (جہاز رانی) رفتارِ رَو ؛ وہ شرح رفتار جس سے پانی کی رو بہے ؛ پانی کی رَو کے بہنے کی سمت۔ (طیرانیات) جہاز کا ہوا کی وجہ سے انحرافِ سمت۔ (مشین) فولاد کا گول مخروطی ٹکڑا جس کی مدد سے دھات میں سوراخ کشادہ کرتے ہیں یا سوراخوں کو ایک قطار میں لاتے ہیں ؛ سُنبہ ؛ کریدنی۔ (کان کَنی) رگِ معدن ؛ کان میں اُفقی راستہ۔ (عسکری) پُھلتَرُو ؛ وہ سریے نما اوزار جس کی مدد سے بندوق وغیرہ کو صاف کرتے ہیں۔ (برقیات) سرکٹ نلکی یا اسی قسم کے پرزے کی عاملانہ خاصیتوں میں وقتی انحراف۔

drift, v.i., v.t. بہنا ؛ پانی یا ہوا کے بہاؤ کے ساتھ حرکت کرنا ؛ برف یا ریت کی مانند پانی یا ہوا کے بہاؤ کے ساتھ جمع ہو جانا ؛ بہاؤ سے جمع شدہ برف یا ریت میں ڈھانپا جانا ؛ بغیر زور لگائے ہموار حرکت کرنا ؛ کمترین مزاحمت والی راہ پر حرکت کرنا۔ (مجازاً) حالات کے دھارے کے ساتھ بہنا ؛ کسی مخصوص سمت ، رہنمائی یا اختیار کے بغیر چلتے چلے جانا ؛ مُقررّہ راستے سے انحراف کرنا یا بھٹک کر چلنا ؛ راہِ مستقیم سے بے مقصد انحراف کرنا ؛ ہوا ، پانی یا کسی ایسی ہی چیز کے سیل کے ساتھ ڈھیریوں میں جمع ہو جانا ؛ رَو میں بہا لے جانا ؛ دھارے میں بہا لے جانا ؛ فولادی برمے یا سُنبے سے سُوراخ بڑا کرنا یا سُوراخ کو قطار میں لانا۔ (کان کَنی) اُفقی سمت میں کھدائی کرنا۔ (زرعی مویشی پروری) آہستہ آہستہ ہانکے لیے جانا جیسے مال مویشی کو۔

driftingly, adv. بہنے کے لحاظ سے ؛ بغیر زور لگائے حرکت کرنے کے اعتبار سے ؛ کمترین مزاحمت کی راہ پر چلنے کے طور پر ؛ حالات کے دھارے کے ساتھ بہنے کے طور پر۔

driftless, a. بے بہاؤ ؛ بے سَیل ؛ جس میں تیز بہاؤ نہ ہو۔

driftage, n. رَو ؛ بہاؤ ؛ سَیل ؛ بہنے کا عمل ؛ بہاؤ کے ساتھ حرکت کرنے والی چیز۔ (جہاز رانی) مقررہ راستے سے انحراف کی مقدار۔

drift wood, n. دریا بُرد لکڑی ؛ آب آوردہ خوینہ ؛

وہ عمارتی لکڑی جو دریا کے بہاؤ کے ساتھ آ جائے ؛ کوئی ایسی چیز جو بے مقصد چلتی چلی جائے ۔

drifty, a. پُر رَو ؛ بہاؤ سے پُر ؛ بہاؤ والا ؛ سَیل کا رُجحان لیے ہوئے ۔

drill, v.t. برمانا ؛ برمے سے سوراخ کرنا ؛ کسی چیز میں سوراخ کرنا ؛ فوجی قواعد کرنا ؛ فوجی ترتیب دینا ؛ نظم و ضبط قائم کرنا ؛ تکرار سے سِکھانا ؛ ریل گاڑیوں وغیرہ کو آگے پیچھے حرکت دینا ۔ (فعل لازم) برمے سے سوراخ ہونا ؛ فوجی قواعد کرنا ۔

drillable, a. قابلِ برماکاری ؛ قابل فوجی قواعد ۔

driller, n. برما کار ؛ فوجی قواعد کار ۔

drill, n. برما ؛ معدہ پا جو محار یا صدفے کو توڑ دے ؛ فوجی قواعدِ تربیت ؛ سخت نظم و ضبط کے تحت تربیت ۔

drill, n. ایسی مشین جس سے کھیت میں ہل چلانے اور بیج ڈالنے کا کام ایک ساتھ ہوتا ہے ؛ باہن یا ہل چلے کھیت کی لکیر یا نالی جس میں بیج ڈالا جاتا ہے ؛ ایک باہن میں پودوں کی قطار ۔ (فعل متعدی) ڈِرل مشین کی مدد سے ہل چلانا اور بیج بونا ؛ قطاروں میں بونا ۔

drilling, n. برما کاری ؛ وہ براده یا مواد جو برماکاری کے عمل کے دوران نکلے ۔

drilling, drill, n. زین ؛ مضبوط دو سُوتی کپڑا یا لِیلن کپڑا جسے استر ، جیبوں ، بالا پوش یا گرما کے لباس کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

drill master, n. اُستاد فوجی قواعد ؛ وہ شخص جو فوجیوں کو تزویر اور اسلحے کی تربیت دیتا ہے ؛ اُستادِ برما کاری ۔ (تعلیم) مددگار مُعلّم زبان جو تدریسِ زبان کے دوران کلام کے تلفظ کا مظاہرہ کرتا ہے. تا کہ طَلبہ اس کے تلفُّظ کی پیروی کریں ۔

drill press, n. برما تکلا ؛ ایسی برما مشین جس میں سوراخ کاری کے لیے ایک یا زائد برمے نصب ہوں ۔

drily, adv. دیکھیے dryly ۔

drink, v.i. پینا ؛ جذب کرنا ؛ پیاس بُجھانا ؛ چُوس لینا ؛ سرایت کر جانا ؛ اخذ کرنا ؛ پیاس بُجھانے کے لیے کسی چیز کو پینا ؛ خاص کر خمیری مشروب کی طرح کی کوئی چیز پینا خصوصاً عادتاً یا زائد از حد پینا ؛ بلا نوشی کرنا ؛ مدہوشی کی حد تک شراب پینا ؛ بطورِ دوا پینا ؛ پی کر خالی کر دینا ؛ پی ڈالنا ؛ پی کر اُڑا دینا ؛ شراب میں اُڑا دینا ۔ (فعل متعدی) پانی پینا ؛ نِگلنا ؛ جذب کرنا ؛ کسی طرح سے نوش کرنا جیسے نمی ؛ حواس سے جذب و شوق اور مُسرّت کے لیے نوش کرنا ؛ توجُّہ سے یا سرمستی کے ساتھ تکنا یا سُننا ؛ کسی ظرف کے محتویات کو پی ڈالنا یا نگلنا ۔ کسی کے اعزاز میں ، کسی کی کامیابی ، ترقّی یا ثمرۂ ریاضت کے لیے جام تجویز کرنا یا پینا ۔

to drink to, جامِ صحت پینا ؛ جامِ صحت یا جامِ زندگی نوش کرنا ؛ جامِ سلامتی پینا ۔

drink, n. مشروب ؛ شراب ؛ شربت ؛ نوشیدنی ؛ پینے کی چیز ؛ بادہ نوشی ؛ جامِ شراب ؛ ایک دورِ شراب ؛ پانی کا ذخیرہ (جیسے : He fell into the drink) ۔

drinkable, a. نوشِیدنی ؛ قابلِ نوشیدن ؛ پینے کے قابل ۔ (اسم) (جمع) مشروبات ؛ اشیائے نوشیدنی ۔

drinker, n. پینے والا ؛ نوشندہ ؛ شرابی ۔

drip, v.i. ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ گرنا ؛ رِسنا ۔ (فعلِ متعدی) ٹپکانا ؛ قطرہ قطرہ گرانا ؛ رِسانا ۔

drip, n. تقاطُر ؛ ٹپکاؤ ؛ قطرہ قطرہ گرنے کا عمل ؛ وہ شے جو ٹپک بہے ۔ (فن تعمیر) کنگنی ؛ چھجّا ؛ سائبان ۔ (طِبّ) ڈرِپ : وہ آلہ جس کے ذریعے کوئی مائع شے قطرہ قطرہ مسلسل لیکن آہستہ آہستہ وریدوں میں پہنچائی جائے ؛ وُہ مائع چیز جو اس طرح وریدوں میں ٹپکائی جائے ۔ (عوامی) غبی ، کُند ذہن ؛ بے کَشش و نالائق شخص ۔

drip-dry, v.i. نچڑ کر سُوکھنا ؛ پانی قطرہ قطرہ نکل کر سُوکھنا ؛ کسی کپڑے کا گیلے لٹکائے جانے پر پانی ٹپک کر سوکھ جانا ۔ (فعلِ متعدی) کسی گیلے کپڑے کو ایسے ٹانگنا کہ پانی ٹپک ٹپک کر سُوکھ جائے ۔ (صفت) ٹپک ٹپک کر سُوکھنے والا ؛ نُچڑا ہُوا ۔

dripping, n. (عموماً جمع) وہ چربی جو گوشت بُھوننے میں بہ کر نکل جائے ؛ کوئی بھی ایسی شے جو ٹپک کر بہے ۔ (صفت) بہت گیلا ۔

drippy, a. تقاطُر ؛ ترشح ؛ قطرہ قطرہ پڑنے والی (بارش) ؛ بوندا باندی کا ؛ ٹپکنے والا ۔

dripstone, n. (فنِ تعمیر) چھجا ؛ کارنس ؛ چھجلی جو بارش کے پانی کو عمارت کی بُنیاد سے فاصلے پر قطرہ قطرہ ٹپکاتی ہے ؛ پرنالا ۔ (ارضیات) کیلسیم کاربونیٹ : یہ رسُوبِ کلسی سقفی اور رسُوبِ کلسی فرشی میں ظاہر ہوتی ہے ۔

drive, v.t. بھگا دینا ؛ زبردستی نکالنا ؛ ہانکنا جیسے جانور کو ؛ چلانا جیسے گاڑی ؛ گاڑی میں بٹھا کر لے جانا ؛ چلائے رہنا جیسے مشینری ؛ دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ مجبور کرنا ؛ مشقّت لینا ؛ جوش سے چلانا جیسے کاروبار یا سودے کو ۔ (کان کَنی) اُفقی طور پر کھدائی کرنا ۔ (کھیل) گیند وغیرہ کو آگے لے جانا ۔ (گالف) ٹی سے گالف کی گیند کو ضرب لگانا یا دھکیلنا ۔ (بیس بال) بیس رنر کو آگے چلانا یا بیس کے ذریعے اسکور کرنا ۔ (فعل لازم) زور سے چلنا ؛ دوڑ پڑنا ؛ دوڑنا ؛ مارنا ؛ نشانہ لینا ؛ زور سے کام کرنا ؛ بطور گاڑی بان گاڑی چلانا ؛ گاڑی بان کے طور پر کام کرنا ؛ گاڑی میں سفر کرنا ؛ بہنا ؛ بہا لے جانا ۔

drive, n. گاڑی چلانے کا عمل ؛ گاڑی چلانے کا راستہ/سڑک ؛ ہانکا ؛ بہاؤ ؛ ہانکے جانے والے مویشی ؛ بہنے والے لٹّھے ؛ دھکیلنے کا عمل ؛ دھکیل ؛ دھکّا ؛ شدید فوجی پیش قدمی ؛ مُہم ؛ کاروبار یا تجارت میں جوش سے کوشش ؛ موٹر گاڑی کے چلانے والا نظام ۔ (کان کَنی) سُرنگ ؛ اُفقی کھدائی ۔ (نفسیات) تحریک ؛ محرّک ؛ رُجحان ، میلان ۔ (کھیل) ٹی سے گالف کی ضرب ؛ زور سے ضرب زدہ گیند کی اُڑان ۔

drive-in, n., a. ایسا سینما تھیٹر یا بینک یا دُکان جس میں گاہک گاڑی میں بیٹھے بیٹھے مقصد حاصل کر سکیں ۔

drivel, v.i., v.t. رال ٹپکانا ؛ بچّوں یا فاترُ العقل لوگوں کی طرح بے معنی گُفتگو کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بچّوں یا فاتر العقل لوگوں کی طرح کلام کرنا ؛ مہمل کلام کرنا ؛ بچوں کی طرح تضیع اوقات کرنا ۔ (اسم)

رال ؛ احمقانہ یا طفلانہ گفتگو ؛ مہمل باتیں ؛ بکواس ۔

driveler, (Brit.) driveller, n. رال ٹپکانے یا مہمل باتیں کرنے والا ؛ طفلانہ یا احمقانہ حرکتیں اور گفتگو کرنے والا ۔

driver, n. موٹر ران ؛ گاڑی بان ؛ کوچوان ؛ ڈرائیور ؛ چلانے والا ؛ گاڑی چلانے والا ؛ گاڑی چلانے والا پرزہ ؛ ہانکنے والا ۔ (مشین) وہ پرزہ جو قُوّت یا حرکت منتقل کرتا ہے ۔ (گالف) لکڑی کے سر اور لمبے دستے والا ڈنڈا جس کے ذریعے ٹی سے لمبی ضربیں لگاتے ہیں ۔ (برطانوی) ریل گاڑی کا ڈرائیور ۔

driverless, a. بغیر موٹر ران ؛ بے گاڑی بان ؛ بغیر کوچوان ؛ بغیر ڈرائیور ۔

driver's license, n. اجازۂ موٹر رانی ؛ اجازۂ گاڑی بانی ؛ ڈرائیور لائسنس ؛ کسی شخص کو عام گزرگاہوں پر موٹر گاڑی چلانے کا قانونی اجازت نامہ ۔

driver's seat, n. نشستِ موٹر ران ؛ نشستِ گاڑی بان ؛ نشستِ کوچوان ؛ ڈرائیور کی نشست ۔ (بول چال) کسی مُنظّم گروہ ، ہیئت حاکمہ یا تنازعے میں حیثیتِ اختیارات یا حیثیتِ مجاز ۔

drive shaft, n. لاٹھ ؛ چلاؤ دُھرا ؛ مشین کی وہ لاٹھ جو اسے میکانکی طاقت بہم پنچاتی ہے ۔

driveway, n. پیش راستہ ؛ سڑک یا راستہ خصوصاً نجی مکان میں راستہ جس پر چلا کر گاڑی کو عام سڑک سے مکان کے احاطے ، صحن ، گیراج ، ڈیوڑھی یا پیش گاہ میں لے جایا جاتا ہے ۔

driving, a. چلاؤ ؛ بڑی قُوّت کا حامل ؛ طاقت کا ابلاغ کرتے ہوئے/کرنے والا ۔

drizzle, v.i. بُونداباندی ہونا ؛ ترشُح ہونا ؛ پُھوار پڑنا ؛ قطرہ قطرہ بارش ہونا ۔ (فعل متعدی) بونداباندی کرنا ؛ پُھوار کرنا ؛ ترشُح کرنا ؛ قطرہ قطرہ پانی برسانا ۔ (اسم) بوندا باندی ؛ ترشُح ؛ پُھوار ۔

drizzly, a. بونداباندی کا (موسم) ؛ ترشُح کا (سماں) ؛ پھوار کی حالت کا ۔

drougue, n. بالٹی یا کرمچی تھیلے سے بنایا ہوا سمندری لنگر ؛ نلی کی طرح کی ترکیب جسے جہاز دوران پرواز میں ایندھن بھرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ اُستوانے کی شکل کی اختراع جو ہوائی جہازوں کے پیچھے بندھی ہوتی ہے جس کی مدد سے اُن کی رفتار میں کمی کی جاتی ہے ، اسے خلائی بند گاڑی کی رفتار کم کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

droit, n. حق ؛ قانُونی حق ؛ نذرانہ ؛ دعویٰ ؛ بالائی یافت ؛ محاصل ۔

droitural, a. (قانون) حقِ جائیداد بمقابلہ حقِ ملکیت یا حقِّ قبضہ ۔

droll, a. مسخرا ؛ مضحک ؛ مضحکہ خیز ؛ ایسا عجیب و غریب شخص جسے دیکھ کر ہنسی آئے ؛ دلچسپ ۔ (اسم) بھانڈ ؛ مسخرا ؛ وہ شخص جس کا پیشہ عجیب و غریب کرتبوں اور حرکتوں کے ذریعے لوگوں کو ہنسانا ہو ؛ کوئی ایسی چیز جس کی نمایش لوگوں کو ہنسانے اور خُوش کرنے کے لیے کی جائے ۔

drollery, n. مسخرا پن ؛ ٹھٹھول ؛ لوگوں کو ہنسانے کا پیشہ ؛ ہنسی مذاق ؛ مزاح ؛ مضحکہ خیزی ۔

dromedary, n. ناقہ ؛ سانڈنی ؛ سُعودی عرب اور شمالی افریقہ میں پائی جانے والی اونٹ کی نسل جس کا ایک کوہان ہوتا ہے ۔

drone n. مکھّا ؛ شہد کی نر مکّھی ؛ مگس نر ؛ نر نحل ؛ یہ نہ تو شہد جمع کرتا ہے اور نہ اس کے جسم میں ڈنک ہوتا ہے ؛ بیکار ؛ نِکھٹّو ؛ مفت خورا ؛ بھنبھناہٹ ؛ آلۂ بھنبھناہٹ ؛ یکساں اور اچاٹ کُن لہجے میں لمبی تقریر کرنے والا ؛ بے رہبر جہاز یا کشتی ۔

drone, v.i., v.t. بھنبھنانا ؛ یکساں اُچاٹ کُن لہجے میں بولنا ؛ خراٹے لینا ؛ نِکھٹّو پن سے رہنا ؛ سُستی اور کاہلی میں گزارنا ۔

droner, n. بھنبھنانے والا ۔

droningly, adv. بھنبھناتے ہوئے ؛ بھنبھنانے کے انداز میں ۔

drool, v.i., v.t. رال ٹپکنا ؛ رال ٹپکانا ؛ منھ میں پانی آنا ؛ احمقانہ بے معنی کلام کرنا ۔ (اسم) پوچ ، بے معنی گفتگو ۔

droop, v.i., v.t. سر نِگوں ہونا ؛ گِرنا ؛ جُھکنا ؛ مرتبے سے نیچے آنا ؛ کمزوری یا تھکان سے جُھک جانا ؛ غم واندوہ سے بے جان ہو کر جُھکنا ؛ ناتواں ہونا ؛ کمزور ہونا ؛ ضعیف ہونا ؛ پژمُردہ ہونا ؛ افسُردہ ہونا ؛ مضمحل ہونا ؛ سرنِگوں کرنا ؛ گرانا ؛ جُھکانا ؛ افسُردہ کرنا ؛ مضمحل کرنا ۔ (اسم) جُھکاؤ ؛ گراوٹ ؛ پژمردگی ؛ افسردگی ؛ اضمحلال ۔

droopingly, adv. سرنِگوں انداز سے ؛ گراوٹ سے ؛ جھکاؤ کے ساتھ ؛ غم واندوہ کے ساتھ ؛ پژمردگی کے ساتھ ؛ افسُردگی کے ساتھ ؛ اضمحلال کے ساتھ ۔

droopy, a. سرنِگوں ؛ گرا ہُوا ؛ جُھکا ہوا ؛ مرتبے سے نیچے آیا ہُوا ؛ پژمُردہ ؛ افسُردہ ؛ مضمحل ۔

drop, n. قطرہ ؛ بُوند ؛ شمّہ ؛ چھینٹ ؛ ذرّہ بھر ۔ (عموماً جمع) مائع دوائی جسے قطروں کی مقدار سے دیا جاتا ہے ؛ بُوند کی شکل کی کوئی چیز جیسے بُندا یا آویزہ ؛ گرنے کا عمل ؛ سُقُوط ؛ وہ گہرائی جہاں تک کوئی چیز گرے ؛ ڈھلوان ؛ جانوروں کے نوزائدہ بچّے جیسے بلونگڑے ؛ ایسی چیز جو گرے جیسے گرنے والا پردہ ؛ پھانسی تختہ ؛ بھاری گراؤ ہتھوڑا ؛ گراؤ داب ؛ لیٹر بکس کی ریخ یا درز ۔ (بیس بال) چھلّے جال سے اچانک نکل کر گرنے والی گیند ۔ (عسکری) جہاز سے گرائی جانے والی کمک (اشیا اور انسان) ۔

to get, or have, the drop on one, (محاورہ) دُوسرے شخص کے فائر کرنے سے پہلے فائر کرنے کا موقع لینا ۔

drop, v.i. عمودی گرنا ؛ بُوند بُوند گرنا ؛ قطرہ قطرہ ٹپکنا ؛ چُونا ؛ ٹپکنا ؛ رِسنا ؛ زخمی ہو کر مردہ حالت میں یا بیہوش ہو کر گرنا ؛ دُبک جانا یا پاؤں پر گرنا جیسے کُتّا شکار کو دیکھ کر کرتا ہے ؛ چھوڑ دینا یا ترک کرنا جیسے مقابلہ ؛ اختتام پذیر ہونا ؛ غائب ہونا ؛ حالت کا خراب ہونا یا درجہ کم ہونا ؛ آہستہ آہستہ نیچے آنا جیسے لہروں یا ہلکی ہوا کے ساتھ ؛ اتفاقیہ یا غیر متوقّع طور پر آنا یا داخل ہونا یا نمودار ہونا ، عموماً in یا into کے لاحقے کے ساتھ ۔ (فعل متعدی) قطرہ قطرہ ٹپکانا ؛ بُوند بُوند گرانا ؛ عموداً گرانا ؛ ٹپکانا ؛ کشید کرنا ؛ بہانا جیسے آنسو ؛ زمین پر آ رہنے دینا ؛ جانور کا بچے جننا ؛ اِتفاقیہ یا غیر متوقّع طور پر جُملہ بولنا یا اظہار کرنا جیسے اشارہ ؛ اتفاقیہ یا یونہی رُقعہ بھیجنا ۔ (عوامی) ضائع کرنا یا دے دینا جیسے رقم ؛ ضرب لگا کر زمین پر گرانا ؛ جہاز ، گاڑی وغیرہ سے نکال کر زمین پر ڈالنا ؛ تلفُّظ یا تحریر میں کوئی حرف یا جُملہ حذف کر دینا یا چھوڑ دینا ؛ نگاہیں وغیرہ جھکانا یا گرانا ؛ دھیما یا مدھّم کرنا جیسے آواز ؛ تعلّق نہ رکھنا یا تعلّق توڑ لینا ؛ بس کرنا ؛ موقُوف کرنا ؛ ترک کرنا جیسے خیال ؛ چھوڑنا ؛ کم کرنا جیسے

قدروقیمت یا مالیت ؛ انسانوں یا رسد وغیرہ کو پیراشوٹ کے ذریعے یا جہاز سے گرانا ؛ فُٹ بال وغیرہ کو ٹپا مار کر پاؤں سے ضرب لگانا ؛ فٹ بال کو ٹپا مار کر ضرب لگانا اور اس طرح گول کرنا ۔

drop ceiling, n. مصنوعی چھت یا چادر چھت ؛ اصل چھت کے نیچے دوسری مصنوعی چھت جو جدید دور میں عموماً تپش ، روشنی ، سمعیات یا عمومی آرایش کو بہتر کرنے کے لیے تعمیر کی جاتی ہے ۔

drop curtain, n. گراؤ پردہ ؛ اختتامی پردہ ؛ سینما کا پردہ جسے کھیل کے وقفے کے دوران عامۃُ النّاس کی نظروں سے اسٹیج کو چُھپانے کے لیے گرا دیا جاتا ہے ۔

drop-forge, v.t. گراؤ ڈھلائی کرنا ؛ دھات کے گرم ٹُکڑے کو ، پَتروں کے درمیان رکھ کر ، ہتھوڑے وغیرہ کی ضرب سے ڈھالنا ۔

drop forging, n. گراؤ ڈھلائی ؛ گرتے ہوئے وزن سے ڈھلائی ؛ اس طرح ڈھلی ہوئی کوئی چیز ۔

drop goal, n. (برطانوی) رگبی میں ٹپّا مار کر پاؤں کی ضرب سے کیا گیا گول ۔

drop hammer, drop press, n. گراؤ ہتھوڑا ؛ منبت کاری یا ڈھلائی کے لیے مشین جو ایسے وزن پر مشتمل ہوتی ہے جو عمودی اُٹھتا ہے اور اَہرن پر رکھّی ہوئی دھات پر اچانک گرایا جاتا ہے ؛ گراؤ داب ۔

drop kick, n. (فُٹ بال) ٹپا ضرب ؛ پاؤں کی وہ ضرب جو فُٹ بال کو اُس وقت لگائی جاتی ہے جب فُٹ بال زمین پر گر کر ٹپا کھاتی ہے ، اس ضرب سے فُٹ بال کو مدّمقابل فریق کے گول کے اندر پہنچایا جا سکتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) ٹپا ضرب لگانا ؛ زمین پر گر کر ٹپا کھاتی ہوئی فٹ بال کو پاؤں سے ضرب لگانا تا کہ یہ مدِ مقابل کے گول میں پہنچ جائے ؛ اس قسم کی پاؤں کی کامیاب ضرب سے تین پوائنٹ حاصل کرنا ؛ زمین پرٹپا دے کرفُٹ بال کو پاؤں سے ضرب لگانا ۔

drop-kicker, n. ٹپا ضرب کار ؛ فُٹ بال کو ٹپّا دے کر پاؤں سے ضرب لگانے والا ۔

drop leaf, n. گراؤ تختہ ؛ دو توسیعات میں سے کوئی ایک جو ایسی میز کو بڑا کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو میز کی بالائی سطح سے یا پہلوؤں سے اس طرح قبضوں سے جڑی ہوئی ہوتی ہے کہ جب اس کی ضرورت نہ ہو تو اسے گرا کر لٹکا دیا جائے ۔

droplight, n. معلّق روشنی ؛ معلّق چراغ ؛ ایسی معلّق برقی روشنی جسے اس کی ڈوری کے ذریعے بُلند یا پست کیا جا سکے ۔

drop off, v.i. سو جانا ؛ مر جانا ؛ سطح کا بہت ڈھلوان ہونا ؛ کم ہونا یا گرنا ؛ تنزُّل ہونا ۔ (فعل متعدی) تقسیم کرنا ؛ حوالے کرنا جیسے بُقچہ حوالے کرنا ؛ جمع کروانا ۔ (اسم) فوری تنزُّل ؛ کمی یا انحطاط ۔

dropout, n. تارِک ؛ تارکِ تعلیم ، وہ شخص جو ترک کر دے جیسے رکنیت کو ۔ وہ شخص جو تدریس کا نصاب ختم ہونے سے پیشتر تعلیم ترک کر دے یا خارج ہو جائے ؛ وہ شخص جو اپنی تعلیم کی تکمیل سے پیشتر اپنی تعلیم کو خیر باد کہہ دے جیسے مدرسے سے یا کالج سے ۔

droppage, n. ٹپکا ؛ پھل کی فصل کا وہ حصّہ جو فصل پکنے اور توڑنے کے لیے تیّار ہونے سے پہلے زمین پر گر جائے ۔

dropper, n. مِقطار ؛ ڈراپر ؛ قطرہ ریز ؛ وہ شخص یا وہ چیز جو کسی مائع کو قطرہ قطرہ گرائے ؛ شیشے یا کسی اور اسی قسم کے مواد سے بنی ہوئی نلی جس کے ایک سرے پر ربڑ کا پلپلا بصلہ چڑھا ہوتا ہے اور دوسرے سرے پر تنگ سوراخ ہوتا ہے جس کے ذریعے کوئی مائع چیز اس میں کِھنچتی ہے اور قطرہ قطرہ خارج کی جاتی ہے ۔

drop press, n. وزنی ہتھوڑا ؛ وزن دار گرنے والا ہتھوڑا ؛ مُکّہ دار داب ؛ گراؤ داب ۔

drop shipment, n. ایسے سامانِ تجارت کی باربرداری جسے تیارکُنندہ یا فراہم کُنندہ براہ راست پرچون فروشوں کے ہاں پہنچاتا ہے لیکن اس کا بِل تھوک فروش یا تقسیم کار کو بھیجتا ہے ۔

drop sonde, n. (موسمیات) ایسا شعاعی مسبار یا ریڈیائی بوابیما جس پر پیراشوٹ نصب ہو تاکہ اسے جہاز سے گرا کر فضائی حالات کی پیمایش کی جا سکے ۔

dropsy, n. (طِب) اِستسقا ؛ جلندھر ؛ استسقائے زِقّی ؛ حد سے زیادہ پھولا ہُوا ۔

dropsical, a. استسقائی ؛ جلندھر والا ؛ استسقا کا یا اس سے متعلّق ۔

dropsied, a. استسقا زدہ ؛ مریضِ استسقا یا جلندھر ۔

dropsically, adv. استسقا یا جلندھر کے لحاظ سے ۔

dropsicalness, n. استقا زدگی ؛ مرضِ جلندھر ۔

drosky, droshky, n. دُرُشکا ؛ ایک قسم کی ہلکی چار پہیہ گاڑی جو زیادہ تر رُوس میں استعمال ہوتی ہے جس میں لمبا بینچ جڑا ہُوا ہوتا ہے ، اس پر مسافر ایک طرف ٹانگیں کر کے یا دونوں طرف ٹانگیں کر کے بیٹھتے ہیں ؛ جرمنی میں کرائے کی گاڑی ۔

drosophila, n. میوہ مکھیّاں جنھیں جینیاتی تجربات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

dross, n. فُضلہ ؛ مَیل ؛ دھات کا مَیل ؛ کیری ؛ گُل ؛ خارجی مادہ ؛ کُوڑا کرکٹ ۔

drossy, a. فُضلہ کی مانند ؛ کوڑا کرکٹ کی طرح ؛ میل جیسا ؛ بے کار ۔

drougrt, drouth, n. قحط ؛ خُشکی ؛ خُشک سالی ؛ پیاس ۔

droughty, a. قحط زدہ ؛ خُشک ؛ خشک سالیانہ ؛ تشنہ ؛ پیاسا/پیاسی ۔

drove, n. متحرّک گلہ یا ریوڑ ؛ گلہ یا ریوڑ جیسے بھیڑوں یا گائے بھینسوں کا جنھیں اکٹھا ہانک کر لے جایا جا رہا ہو ؛ متحرک انسانوں کا انبوہ ؛ جُھنڈ ؛ پتھر کاٹنے والی چھینی ۔

drover, n. راعی ؛ جانوروں کے گلے کو ہانکنے والا ؛جانوروں کے ریوڑ کو نخاس میں لے جانے والا ؛ مویشیوں کا بیوپاری ؛ گوجر ؛بکروال وغیرہ ۔

drown, v.t. ڈبونا ؛ غرق کرنا ؛ غرقاب کرنا ؛ غوطہ دینا ؛ پانی وغیرہ میں شرابور کرنا ؛ کناروں سے بہ نکلنا ؛ غالب آنا ؛ تہ آب کر دینا ؛ ڈبو کر جان سے مار دینا ؛ مغلوب کر دینا ۔ (فعل لازم) ڈوب جانا ؛ غرق ہو جانا ؛ پانی میں ڈُوب کر مر جانا ۔

drowse, v.i. اُونگھنا ؛ غنودگی میں ہونا ؛ نیند سے مغلُوب ہونا ؛ نیم خوابیدہ ہونا ؛ شل ہونا ؛ سُست ہونا ۔ (فعل متعدی) اُونگھانا ؛ اُونگھ طاری کرنا ؛ غنُودگی طاری کرنا ؛ نیند سے مغلوب کرنا ؛ غنُودگی میں وقت گزارنا (جیسے : to drowse away the afternoon) ۔ (اسم) اونگھ ؛ غنُودگی ؛ نُعاس ؛ نیم خوابیدگی ۔

drowsy, a. غُنُودہ ؛ اُونگھتے ہوئے ؛ نیم خوابیدہ ؛ ناعس ؛ کاہل ؛ سُست ؛ نیند کے غلبے میں ؛ شل ۔

drowsily, adv. اُونگھ سے ؛ غُنُودگی سے ؛ کاہلی کے ساتھ ؛ سُستی سے ؛ نیند کے غلبے کے ساتھ ۔

drub, v.t. ڈنڈے سے پیٹنا ؛ زدوکوب کرنا ؛ مارنا ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھونکنا ؛ کُوٹنا ؛ ذلّت آمیز شکست دینا ۔ (اسم) مار ؛ زدوکوب ؛ مرمّت ۔

drubber, n. ڈنڈوں سے پیٹنے والا ؛ زدوکوب کرنے والا ؛ مارنے والا ؛ شکست دینے والا ۔

drubbing, n. مار ؛ زدوکوب ؛ مرمّت ؛ شِکست ۔

drudge, v.i. مشقت کرنا ؛ محنت کرنا ؛ غُلاموں کی طرح کام کرنا ؛ بے زبان جانوروں کی طرح محنت و مشقّت کرنا ؛ مرتبے سے گِرا ہُوا کام کرنا ؛ تھکان کے باوجود محنت کرنا ؛ ناگوار کام کرنا ۔ (اسم) محنت و مشقت کرنے والا ؛ غُلاموں کی طرح کام کرنے والا ؛ بے زبان جانوروں کی طرح محنت و مشقّت کرنے والا ؛ تھکان کے باوجود کام کرنے والا ؛ مرتبے سے کمتر کام کرنے والا ؛ مشقتی ۔

drudgery, n. بیگار ؛ مشقّت ؛ حد سے زیادہ محنت و مشقّت ؛ غُلاموں کی طرح محنت ؛ بے زبان جانوروں کی طرح کام ؛ مرتبے سے گھٹیا کام ؛ تھکان کے باوجود کام ۔

drudgingly, adv. بیگاری میں ؛ محنت و مشقت کے انداز سے ؛ غُلامانہ انداز سے(محنت و مشقت)۔

drug, n. دوا ؛ مُفرد دوا ؛ جڑی بُوٹی ؛ نباتی دوا ؛ جُزوِ دوا ؛ کیمیا ؛ دوا سازی ؛ رنگ سازی وغیرہ میں استعمال ہونے والا جُزو ؛ داخلی یا خارجی استعمال کے لیے ادویاتی عُنصر دوا ؛ ایسا ادویاتی عُنصر جس کے استعمال سے اس کی عادت پڑ جاتی ہے ؛ نشہ آور دوا ؛ وہ جنس جو بازار میں بکثرت موجود ہو یا جس کی رسد اس کی طلب کی نسبت زیادہ ہو ۔ (فعل متعدی) خوراک یا مشروب میں کوئی دوا خصوصاً نشہ آور یا زہریلے عنصر کی آمیزش کرنا ؛ زہریلی یا نشہ آور دوا دے کر بے ہوش کرنا ؛ دوائی دینا ؛ کسی کو کوئی ناگوار چیز دینا ؛ کوئی چیز حد سے زیادہ کِھلا پلا دینا ۔

drugget, n. اُونی یا سُوتی کپڑا جسے فرش پر بچھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

druggist, n. عطّار ؛ پنساری ؛ دوافروش ؛ دوا ساز ۔

drug store, n. دواخانہ ؛ دُکّان ادویہ ؛ ذخیرۂ ادویات ؛ دوائیوں کی دُکّان ۔

druid, n. (اکثر بڑے D سے) قدیم گال ؛ برطانیہ یا فرانس کے کیلٹ باشندوں کے مذہب کے پادریوں یا پروہتوں کی تنظیم ؛ اُس کا پجاری یا کاہن؛ وینس کی قومی انجمن کا عُہدیدار ؛ ڈرُوئڈ ۔

druidess, n. پُجارن ؛ خاتون پادری ؛ برطانیہ یا فرانس کے کیلٹ باشندوں کی مذہبی زنانہ پروہت ۔

druidic, druidical, a. ڈرُوئڈ سے متعلّق ۔

druidism, n. مذہب ڈرُوئڈ ؛ مذہب ڈرُوئڈ کے رسوم و رواج ۔

drum, n. ڈھول ؛ دُہل ؛ طبل ؛ بیلن ؛ ڈھولن ؛ نقارہ ؛ ڈھولک ؛ وسطی کان میں ڈھول جیسا حصّہ ؛ طبلِ گوش ؛ ایک قسم کی مچھلی جو ڈھول جیسی آواز پیدا کرتی ہے ؛ چرخی ؛ ڈھولنا ؛ بڑا پیپا جس میں تیل یا کولتار ڈالتے ہیں ؛ ڈرم ۔

drum, v.i. ڈھول /نقارہ پیٹنا/بجانا ؛ کسی چیز کو تال سے بجانا ؛ ڈھول کی سی آواز نکالنا ؛ گُمک پیدا کرنا ؛(up کے ساتھ) دلچسپی پیدا کرنا ؛ گاہکی پیدا کرنا یا تجارت کو فروغ دینا ۔ (فعل متعدی) ڈھول بجا کر بُلانا ؛ ایک تال سے ڈھول بجانا ؛ ڈھول بجانے کا مظاہرہ کرنا ؛ تجارت یا گاہکی کو فروغ دینا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ (out کے ساتھ) ذلیل و خوار کر کے نکال دینا ؛ مسلسل تکرار کے ساتھ دھکیلنا یا مجبور کرنا ۔

drum fish, n. ڈھول مچھلی ؛ ڈھول کی طرح آواز پیدا کرنے والی امریکا میں پائی جانے والی مچھلی ؛ شُمالی امریکی ساحل بحر اوقیانوس میں پائی جانے والی ڈھول مچھلی جو خصوصاً افزائش نسل کے زمانے میں ڈھول کی سی آواز نکالتی ہے ۔

drumlin, drum, n. (ارضیات) ٹیلہ ؛ تل ؛ طل ؛ ایسی لمبی اور تنگ پہاڑی جو ہوا یا دریا کے ساتھ آئی ہوئی مٹّی کے جمع ہونے سے بنتی ہے ۔

drum major, n. ڈرم میجر؛ طبل نواز فوجی دستے کا افسرِ اعلیٰ/اعلیٰ عہدیدار۔

drum majorette, n. خاتون ڈرم میجر ؛ خاتون طبل نواز ؛ فوجی دستے کی افسر اعلیٰ یا اعلیٰ عہدیدار۔

drummer, n. ڈھولچی ؛ دُہلچی ؛ طبل نواز ؛ نقّارچی ؛ تجارتی مسافر ؛ سفری تجارتی گُماشتہ ۔

drumstick, n. چوب نقّارہ ؛ چوب دُہل ؛ ڈھول کی چھڑی ؛ پکے ہوئے مرغ یا آبی پرندے کی ٹانگ کا نچلا جوڑ۔

drunk, a. مخمور ؛ سرمست ؛ پیے ہوئے ؛ بدمست ؛ متوالا ؛ سرشار ؛ شرابی ۔ (اسم) دورِ شراب ؛ دورِ جام ؛ بدمستی یا مدہوشی کا دَورہ ؛ شرابی شخص ؛ مدہوش سخص ۔

drunkard, n. شرابی ؛ شراب خور ؛ شراب نوش ۔

drunken, a. بدمست ؛ مخمور ؛ سرشار ؛ شراب پیے ہوئے ۔

drunkenly, adv. بدمستی سے ؛ مخموری کے ساتھ ؛ سرشاری کے انداز سے ؛ شرابی کے انداز سے ۔

drunkenness, n. بدمستی ؛ مخموری ؛ سرشاری ؛ شراب خوری ۔

drunkometer, n. خمار پیما ؛ سانس کے امتحان سے خُون میں الکُحل کے اجزا کی مقدار کو ناپنے کا آلہ ۔

drupaceous, a. (نباتیات) ؛ نوائی؛ گٹھلی دار۔

drupe, n. نوائیہ ؛ گٹھلی دار پھل جیسے آڑو ؛ شابدانہ یا آلوچہ جس کے اُوپر بیرونی جھلّی یا جِلد ہوتی ہے ، اس کے نیچے گُودہ دار یا رس دار تہ اور نیچے گُٹھلی ہوتی ہے جس میں عموماً ایک بیج ہوتا ہے ۔

drupelet, drupel, n. نواچہ ؛ چھوٹی نوائیہ ؛ چھوٹا گٹھلی دار پھل جیسے عُوسج یا تُوتِ سیاہ ۔

druse, n. چھوٹے ،باہر کو نکلے ہوئے بلّوروں والی پہاڑی کی تہ ؛ ایسا غار جس کے جوف میں بلّوروں کی تہ جمی ہو ۔

dry, a. خُشک ؛ سُوکھا ؛ بے نم ؛ غیر مرطوب ؛ یابس ؛ بے آب ؛ پانی سے باہر؛ بے دودھ ؛ بے شیر ؛ درشت ؛ تفتہ ؛ رُوکھا ؛ کج خُلق ؛ ناشایستہ ؛ پھیکا ؛ بے مزہ ؛ بے لُطف ؛ بے وفا ؛ بے کیف ؛ بے فیض ؛ کنجوس ؛ خسیس ؛ مُمسک ؛ بے باراں ؛ غیر دلچسپ ؛ غیر جذباتی ؛ بے مُروّت ؛ سرد مہر ؛ تارکِ شراب ؛ مُرجھایا ہُوا ؛ پیاسا ؛ تشنہ ؛ مُنجمد ؛ ٹھوس ؛ صحیح صحیح (حقائق) ؛ بے لوث ؛ بے غرض ؛

اندھا کنواں ۔

dryly, adv. خُشکی سے ؛ رُوکھے پن سے ؛ غیر دلچسپ طریقے سے ؛ بے مروّتی کے ساتھ ۔

dryness, n. خُشکی ؛ سُوکھا پن ؛ رُوکھا پن ؛ یبوست ؛ غیر دلچسپی ؛ غیر جذباتیت ۔

dry, v.t. سُکھانا ؛ خُشک کرنا ۔ (فعل لازم) سُوکھنا ؛ خشک ہونا ۔

dry up, بالکل خشک ہو جانا/کر دینا ؛ پیداوار کے ناقابل ہو جانا ؛ ختم ہو جانا ؛ نہ رہنا ۔ (عوامی) چُپ ہو جانا ؛ کام بند کر دینا ؛ ذریعہ مسدُود ہو جانا ۔

dry, n. (بول چال) تارکِ شراب ؛ کوئی خشک مقام خصوصاً خشک زمین ۔

dryad, n. (اکثر بڑے D سے) (اساطیری) جنگل پری ؛ بَن دیوی ؛ درخت کی دیوی ۔

dry battery, n. (برق) خُشک خانہ ؛ خُشک بیٹری ؛ خشک سیلّ یا کیمیا برقی بیٹری جو کئی خُشک سیلوں پر مشتمل ہو ۔

dry cell, n. (برق) خُشک خانہ ؛ خُشک سیل ؛ کیمیا برقی سیلّ جس میں مائعاتی عناصر جاذب مواد کے ذریعے کم و بیش خُشک کر دیے گئے ہوں ۔

dry-clean, v.t. خشک شوئی کرنا ؛ پانی کے علاوہ کسی دُوسرے محلول جیسے کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ سے دھونا ۔

dry cleaner, n. خُشک شُو ؛ بغیر پانی کے دھونے والا ؛ کیمیائی عُنصر جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہوں ؛ وہ شخص جو اس طریقے سے کپڑے دھوئے یا جس کا ذریعہ معاش اس طریقے سے کپڑے دھونا ہو ۔

dry cleaning, n. خشک شوئی ۔

dry dock, n. خُشک گودی ؛ طاس نُما عمارت جس میں سے جہاز کے داخلہ کے بعد پانی خُشک کیا جا سکے ؛ یہ طریقہ صفائی ، تعمیر یا مرمّت کے دوران استعمال کیا جاتا ہے ۔

dryer, n. دیکھیے : drier

dry farming, n. خُشک کاشت ؛ خُشک کھیتی باڑی ؛ بارانی کھیتی باڑی ؛ بارانی زراعت ؛ کھیتی باڑی کا وہ طریقہ جو اُن علاقوں میں اختیار کیا جاتا ہے جہاں بارش نہ ہوتی ہو یا کم ہوتی ہو ۔اس میں ایسے ہل چلاتے ہیں کہ نمی بُخارات کے ذریعے ضائع نہیں ہوتی ۔

dry farmer, n. بارانی کاشت کار ؛ خُشک کاشت کار ؛ وہ کاشت کار جو اس طریقے سے ہل چلاتا ہے کہ زمین زیادہ سے زیادہ پانی جذب کر سکے اور پانی عمل تبخیر سے کم سے کم ضائع ہو ۔

dry-farm, v.i., v.t. خُشک کاشت ہونا/کرنا ۔

dry fly, n. مصنوعی مکّھی جو مچھلیاں پکڑنے کے لیے چارے کے طور پر استعمال کرنے کی غرض سے پانی پر تیرنے کے لیے ڈالی جاتی ہے ۔

dry goods, n., pl. پارچہ جات اور متعلقہ مالِ تجارت بمقابلہ سامان پنسار ، مال آہن اور دیگر سامان ؛ خشک مال جیسے غلّہ ۔

dry hole, n. (ارضیات) سوکھا کُنواں ؛ خُشک کُنواں ؛ تیل یا گیس کی تلاش کے لیے کھودا ہُوا ایسا کُنواں جس میں سے تیل یا گیس یا تو بالکل نہ نکلے اور اگر نکلے تو اتنی کم کہ اس کا نکالنا منافع بخش نہ ہو ۔

Dry ice, n. خُشک برف ؛ ٹھوس کاربن ڈائی آکسائیڈ جو عموماً بلاکوں کی شکل میں ہوتی ہے جسے تبرید (ٹھنڈا کرنے یا برف بنانے) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، یہ مائع بنے بغیر دوبارہ گیس کی شکل میں منتقل ہو جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

drying, a. خشکندہ ؛ ہوا میں رکھنے پر فوراً سخت اور خُشک ہونے والا ۔

drying oil, n. خُشکندہ روغن ؛ روغنی نباتاتی مائع جیسے السی ، (چینی درخت) ٹنگ یا سویابین کا تیل یا قُدرتی تیل اور مصنوعی بیروزے کا آمیزہ جس کی اگر باریک تہ پھیری جائے اور اسے ہوا میں رکھ دیا جائے تو وہ خُشک ہو کر سخت ملائم جھلّی کی شکل اختیار کر لیتا ہے ، اسے رنگ و روغن میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

dry kiln, n. خشک بھٹّہ ؛ خشک بھٹّی ؛ تپاں کمرہ یا گرم تنور جسے شہتیروں کے خشکاؤ یا رُتیاؤ (Seasoning) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

dry measure, n. خُشک پیمانہ یا ناپ ؛ خشک باٹ؛وہ پیمانہ جو غلہ وغیرہ کی پیمائش کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ امریکا میں ۲ پنٹ = ایک کوارٹ ، ۸ کوارٹ = ایک پیک ، ۴ پیک = ایک بُشل جس میں ۲۱۵۰٫۴۲ مکعب انچ ہوتے ہیں ۔ برطانیہ میں ۲ پنٹ = ایک کوارٹ ، ۴ کوارٹ = ایک گیلن ، ۲ گیلن = ایک پیک ، ۴ پیک = ایک بشل جس میں ۲۲۱۹٫۳۶ مکعب انچ ہوتے ہیں ، ۸ بُشل = ایک کوارٹر ۔

dryopithecine, n. ڈریو پتھے سن ؛ قدیم دنیا کے بُوزنوں کے ذیلی خاندان کا رُکن جسے انسان یا آدم نُما بُوزنوں کا جدِّ اعلیٰ سمجھا جاتا ہے ۔ (صفت) آدم نما بوزنوں سے متعلق ۔

dry plate, (عکاسی) لوحِ خشک ؛ کیمرے میں شیشے کی لوح جس پر حسّاس نُقرئی بیلائیڈ کی تہ چڑھی ہوتی ہے جس کو اگر کسی مُنوّر شے کے سامنے کیا اور بعد ازاں کیمیکل سے دھویا جائے تو اس پر اُس کی عکسی تصویر نمایاں ہو جاتی ہے ۔

dry point, n. (کندہ کاری) وہ تکنیک جس میں تیز نوکدار سُوئی سے تانبے پر باریک خُطوطِ کَندہ کیے جا سکتے ہیں ؛ اس عمل سے تیّار شدہ نقش یا تصویر ۔

dry rot, n. خُشک بوسیدگی ؛ مختلف قسم کی ،فُطر کے عمل کے تحت گُھن کھائی ہوئی عمارتی لکڑی کی بوسیدگی ، جس کی وجہ سے وہ خستہ ہو جاتی ہے اور ٹُوٹ کر سفوف بن جاتی ہے ؛ فُطر کی وجہ سے سبزیوں یا پودوں میں پیدا ہونے والی بیماریاں ؛ کوئی بھی پنہاں یا غیر متوقّع اندرونی بوسیدگی ۔

dry-rot, v.t., v.i. خُشک بوسیدہ ہونا ؛ عمارتی لکڑی کو اندرونی طور پر بوسیدہ کر دینا/ہو جانا ۔

dry run, n. آزمایشی مشق ؛ اصل اسلحے کے استعمال کے بغیر فوجی مشق ؛ کوئی بھی آزمایشی مشق ۔

drysalter, n. (برطانوی) پنساری ؛ مختلف نشہ آور ادویات ، رنگوں اور گوندوں اور اُن کی مصنوعات کا بیوپاری ۔ (بول چال) نمکین اور خشک گوشت ، اچاروں ، چٹنیوں اور دیگر خوراکوں کا بیوپاری ۔

dry saltery, n. (برطانوی) پنساری کی دُکان ؛ پنسارہٹ ۔

dry-shod, a. خشک پا ؛ خشک پاپوش والا ۔

dry wash, n. صاف ، خُشک ، بے اِستری شُدہ

ڈھلے کپڑے ۔

duad, n. جوڑا ؛ جوڑی ؛ جُفت ؛ دُکڑا ۔

dual, a. دُہرا ؛ دوہری ؛ دُگنا ؛ دوکا ؛ دُونا ۔ (گرامر) تثنیہ ؛ مثنّیٰ ۔ (اسم) (گرامر) کسی زبان میں تثنیہ کی شکل یا عدد ۔

duality, n. دُوئی ؛ اثنیت ؛ دُوئیت ؛ ثنویت ۔

dually, adv. دوئی سے ؛ دُہرے طور پر ۔

dual carriageway, n. (برطانوی) دُہری شاہراہ ؛ دو راستوں والی بڑی سڑک ، ان راستوں کے درمیان باڑ یا منڈیر ہوتی ہے ، ہر راستے پر آمدورفت مختلف سمتوں میں ہوتی ہے ؛ دورویہ سڑک ۔

dualism, n. ثنویت ؛ دوئی ۔ (فلسفہ) وہ نظامِ فکر جس کی رُو سے کائنات کی توجیہہ دو اساسی اصولوں یا حقیقتوں سے کی جا سکتی ہے جیسے ذہن اور مادّہ ، یا وجود اور عدمِ وجود ۔ (الٰہیات) یہ نظریہ کہ کائنات میں دو واضح ازلی اصول موجود ہیں یعنی خیروشر ؛ یہ عقیدہ کہ انسان میں دو متغائر عناصر موجود ہیں جیسے جسم و روح ؛ اہرمن و یزداں کا عقیدہ ۔

dualist, n. ثنوی ؛ ثنویت کے عقیدے کا حامِل ؛ مُعتقدِ دو خدا ۔

dualistic, a. ثنویاتی ؛ دو الٰہی ۔

dualistically, adv. ثنوی لحاظ سے ؛ ثنویت کے طور پر ۔

dualize, v.t. دُہرا کرنا ؛ دو حِصّوں میں تقسیم کرنا ؛ تثنیہ کرنا ؛ دوئی پیدا کرنا ۔

dual-purpose, a. دو مقصدی ؛ دہرے مقاصد کا ؛ دو وجوہات کی بنا پر پرورش شُدہ ۔

dub, v.t., v.i. نوابی کا خطاب عطا کرنے کی رسم کے دوران تلوار سے کندھوں کو آہستہ آہستہ چھونا ؛ نواب بنانا ؛ کوئی خطاب یا وقار عطا کرنا ؛ بیانیہ عُرفیت سے موسوم کرنا ؛ لقب دینا ۔ (برطانوی) کسی مرغ یا پرندے کو پکانا ؛ کاٹ کر یا رگڑ کر ہموار کرنا جیسے لکڑی یا چمڑے کو ۔ (گالف کی ضرب) بھونڈے طریقے سے لگانا ؛ بھدے طریقے سے پیوند لگانا ؛ کوئی کام بھونڈے طریقے سے کرنا ؛ چبھونا ؛ گھونپنا ؛ گُھسانا ؛ ٹھیلنا ۔

dub, n. (عوامی) بھدّا ؛ بھونڈا ؛ پھوہڑ ۔

dub, v.t. صوت باز نگاری کرنا ؛ فلم وغیرہ پر نئی آوازوں کو چڑھانا ، (in کے ساتھ مستعمل) فلم ، ریڈیو یا ٹی وی کے ٹیپ پر موسیقی ، مکالمات یا دُوسری آوازیں چڑھانا ؛ کسی ریکارڈ شُدہ مواد کو دُوسرے ریکارڈ یا ٹیپ پر منتقل کرنا یا چڑھانا ۔ (اسم) بازنگار صوت ؛ کوئی بھی آواز جو ریکارڈ یا ٹیپ کی آواز میں شامل کر دی جاتی ہے ۔

dubber, n. صوت بازنگار ؛ ٹیپ پر دوسری آواز شامل کرنے والا ۔

dub, n. (اسکاٹ لینڈ) ڈبڑا ؛ ڈبر ؛ پانی بھرا پایاب گڑھا ۔

dubbin, dubbing, n. چمڑے پر چربی ملنے کا عمل ؛ چمڑے کو کمانے یا ہموار کرنے کے لیے کیمیائی ترکیب ؛ وہ چربی جس سے چمڑے کو چمکاتے ہیں ۔

dubbing, dubbin, n. نوابی کا خطاب عطا کرنے کا عمل ؛ مچھلی پکڑنے میں مصنوعی چارہ (مکھّی) لگانے کا عمل ؛ صوت باز نگاری : تصویر کے ہم آہنگ آواز چڑھانے کا عمل ۔

dubiety, dubiosity, n. اشتباہ ؛ شک ؛ شُبہ ؛ دُبدھا ۔

dubious, a. مشکوک ؛ مُشتبہ ؛ مبہم ؛ دُھندلا ؛ ناقابلِ وثوق ؛ ناقابلِ یقین ؛ غیر معتبر ؛ مُتذَبذب ۔

dubiously, adv. مشکوک طریقے سے ؛ مشتبہ انداز سے ؛ مُبہم طور پر ۔

dubiousness, n. شک ؛ اشتباہ ؛ شُبہ ۔

dubitable, a. مشکوک ؛ مشتبہ ؛ متذبذب ؛ مبہم ؛ دھندلا ۔

dubitably, adv. مشکُوک طور پر ؛ مشتبہ لحاظ سے ؛ تذبذُب کے انداز سے ۔

dubitation, n. شک کا عمل ؛ اشتباہ ؛ ابہام ؛ تذبذب ۔

ducal, a. ڈیوک سے متعلّق ؛ ڈیوک کا ۔

ducally, adv. ڈیوک کے انداز سے ۔ (نقابت) ڈیوک کے تاج کے ساتھ ۔

ducat, n. قدیم زمانے میں کئی یورپی ممالک میں رائج طلائی سکّہ ڈیوکٹ جس کی مالیت تقریباً ۹ شلنگ ہوتی تھی ۔ (عوامی) تھیئٹر یا کھیلوں میں داخلے کا ٹکٹ ۔

duce, n. سردار ؛ رہنما خصوصاً آمر ۔

il Duce, n. اِل ڈیوشے : ۱۹۲۲ء - ۱۹۴۳ء کے دوران اطالیہ کے وزیراعظم اور اطالوی فاشسِٹ رہنما بینتو مسولینی کا لقب ۔

duchess, n. ڈیوک کی بیوی یا بیوہ ؛ جاگیردار عورت ۔

duchy, dukedom, n. ڈیوک یا ڈچس کے زیرِ تسلُّط علاقہ ؛ ڈچی ؛ ریاست ؛ جاگیر ۔

duck, n. مُرغابی ؛ بط ؛ بطخ ؛ مادّہ بطخ ؛ بطخ کا گوشت جو کھایا جاتا ہے ۔ (عوامی) کوئی شخص ۔ (برطانوی بول چال) پیارا ؛ پیاری (پیار کا انداز تخاطُب) ۔

duck, v.t., v.i. غوطہ لگا کر چُھپنا ؛ غوطہ لگانا ؛ غوط لگانا ؛ تھوڑی دیر کے لیے پانی میں ڈُبکی لگانا ؛ جُھکنا ؛ مُکّے سے بچنے کے لیے جُھکنا یا سر ہلانا ؛ ذمّہ داری سے بچنا ؛ غیر پسندیدہ کام سے بچنا ۔ (اسم) غوطہ ؛ غوط ۔

ducker, n. غوطہ خور پرند ؛ بطخیں پالنے والا ۔

duck, n. موٹا ، گھنا بُنا ہوا کپڑا جو کرمچ سے مُشابہ ہوتا ہے ۔ (جمع) اس کپڑے کی بنی ہوئی پتلُون ۔

duck, n. (عسکری) ڈک ؛ بط گاڑی ؛ ایسا ٹرک جسے خشکی اور تری دونوں جگہ چلایا جا سکے ۔

duck bill, duck-billed platypus, n. بط بِلاؤ ؛ بط منِقار ؛ آسٹریلیا اور تسمانیہ میں پایا جانے والا ایک آبی پرندہ جس کے پنجے جِھلّی دار اور چونچ بطخ کی مانند ہوتے ہیں ۔

duck board, n. بط تختہ ؛ وہ تختہ جو گیلی یا دلدلی زمین پر رکھّا جائے تاکہ اس کے اُوپر سے گزرا جا سکے ۔

duck call, n. بط بُلاوا ؛ مُرغابی کی مصنوعی آواز جو مُرغابیوں کو شکار کرنے/پکڑنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

ducking stool, n. وہ اسٹول یا کُرسی جس پر قدیم زمانے میں مجرموں کو باندھ کر پانی میں پھینکا جاتا تھا ۔

duckling, n. چوزۂ بطخ ؛ بط بچّہ ؛ مرغابی کا چُوزہ ۔

duck pins, n. باؤلنگ کا ایک کھیل جس میں گیند اور پِنیں باضابطہ کھیل کی دس پنوں سے موٹی اور چھوٹی ہوتی ہیں ۔

ducks and drakes,
duck and drake, n. وہ کھیل جس میں کھڑے پانی کی سطح پر ٹھیکرے یا چپٹے پتھر پھسلانے کے انداز میں پھینکتے ہیں ۔

play ducks and drakes with, make ducks and drakes of, (محاورہ) بے دردی سے استعمال کرنا ؛ لاپروائی سے اور احمقانہ طریقے سے خرچ کرنا ؛ گُلچھرے اُڑانا ۔

duck soup, n. (عوامی) بائیں ہاتھ کا کھیل ؛ آسان کام ۔

duckweed, n. خَزَہ ؛ سبزاب ، چھوٹے آبی پودے جو کھڑے پانی کی سطح پر تیرتے ہیں ؛ سبز رنگ کی آبی کائی ۔

ducky, a. (عوامی) عزیز ؛ محبوب ؛ پیارا ؛ لاڈلا ؛ پسندیدہ ؛ مرغُوب ؛ دل پسند ؛ خوشگوار ۔ (اسم) (برطانوی ، عوامی) محبوب ؛ معشوق ؛ لاڈلا ؛ دلرُبا ۔

duct, n. نالی ، نلی ؛ نل ؛ راستہ جس کے ذریعے کوئی مائع بہے ۔ (تشریح الاعضا) وہ قناۃ، رگ یا نالی جس کے ذریعے جسم کی مائع رطوبات خصوصاً غدودی رطوبتیں ایک جگہ سے دُوسری جگہ منتقل ہوتی ہیں ۔ (برق) نالی دار راستہ یا نالی جس کے اندر سے ٹیلی فون ، تار برقی یا برقی قُوّت کے تار گزارے جاتے ہیں ۔ (نباتیات) قنات ؛ پودوں کے لمبوترے خلیات کے سلسلے سے پیدا ہونے والی لمبوتری نالی یا خلا جن کے سرے آپس میں گُھل مل گئے ہوں ۔ (فعل متعدی) نالی کے ذریعے منتقل کرنا ۔

ductless, a. بے نالی ؛ بلا قناۃ ؛ بے قناۃ ۔

ductile, a. تار پذیر ؛ ورق پذیر ؛ ملائم ؛ مُتمَدّد ؛ جسے ہتھوڑے کی ضربوں سے کُوٹ کر لمبا کیا جا سکے یا جس کے تار کھینچے جا سکیں جیسے کوئی دھات ؛ جس کے کُوٹ کر ورق بنائے جا سکیں جیسے سونا یا چاندی ۔ (مجازاً) جسے کسی راستے پر لگایا جا سکے یا کھینچا جا سکے ؛ پانی یا مائع یا ملائم تار ؛ لچکدار ؛ تربیت پذیر ؛ سلیم الطبع ؛ لچکیلا ۔

ductilely, adv. تار پذیری سے ؛ ورق پذیرانہ ؛ ملائمت کے ساتھ ؛ لچک کے ساتھ ۔

ductility, n. ملائمت ؛ تارپذیری ؛ تمدُّد ؛ لچک ؛ تشکیل پذیری ؛ تربیت پذیری ۔

ductule, n. قُنیت ؛ چھوٹی قنات/قناۃ ؛ چھوٹی نلی ۔

dud, n. (عسکری ، عوامی) بے کار بم ؛ ناکارہ گولہ ؛ بم یا گولہ جو پھٹ نہ سکا ہو ۔ (عوامی) بے کار شخص ؛ بیکار تجویز یا چیز ۔ (صفت) بے عمل ؛ ناقابلِ عمل ؛ بے کار ۔

dude, n. بے حد نفاست پسند شخص ۔ (بول چال) شہر میں پلا بڑھا شخص خصوصاً مشرقی امریکا کا شخص جو زرعی فارم پر تعطیلات گزارنے کے لیے جائے ؛ شہری بابُو ۔

dudeen, n. (آئرستانی) مٹّی کا تمباکو پینے کا چھوٹا پائپ ۔

dude ranch, n. سیّاحوں کو ٹھہرانے اور ان کی تفریح کے لیے وقف زرعی فارم ۔

dudgeon, n. غُصّہ ؛ خفگی ؛ ناراضگی ؛ غضب ؛ غیظ ؛ کینہ ؛ بُغض ؛ نزاع ؛ جھگڑا ؛ رنجش ؛ رُوٹھنا ؛ برہمی ۔

duds, n. (بول چال) کپڑے لتّے ؛ لباس ۔

due, a. واجب ؛ حق ؛ واجب الوصول ؛ واجب الادا ؛ قابلِ ادائیگی ؛ دین ؛ دینے کے قابل ؛ دینے کے لیے واجب ؛ مُقرّر ، قرضہ جو واپس کرنا ہو ؛ لائق ؛ شایاں ؛ مناسب ؛ بجا ؛ بمطابق استحقاق ؛ کماحَقّہ ؛ کافی ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح ؛ متوقّع ۔ (اسم) واجب الادا ؛ واجب الوصول ۔ (جمع) واجبات ؛ حقوق ؛ مُقرّرہ واجب الادا رقم ۔ (متعلق فعل) براہِ راست ؛ بلاواسطہ طور پر ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ براہِ راست (جیسے : due east) ۔

due bill, n. قرضے کی مختصر تحریری رسید جو حسبِ فرمایش واجب الادا نہ ہو اور محض تظہیر (یا تصدیقِ ظہری) پر قابل انتقال نہ ہو ۔

due date, n. مُقرّرہ تاریخ ؛ تاریخ ادائیگی ۔

due to, prep. بوجہ ؛ بنا پر ؛ بربنا ۔

duel, n. مبارزت ؛ یکیکی ؛ دنگل ؛ کُشتی ؛ مُقابلہ ؛ لڑائی ؛ ڈوئیل ؛ دو اشخاص کے درمیان کسی جھگڑے کو نپٹانے کے لیے پہلے سے طے کردہ وقت پر اور پہلے سے متفقّہ اصولوں کے مطابق مسلّح لڑائی ؛ دو افراد یا فریقوں کے درمیان مسلح لڑائی ۔ (فعل لازم) لڑنا ؛ بھڑنا ؛ یکیکی لڑنا ؛ ڈوئیل لڑنا ؛ مبارزت آرا ہونا ۔

duelist, Brit. duellist, duler,Brit. dueller, n. مبارز ؛ یکیکی لڑنے والا ؛ ڈوئیل کرنے والا ۔

duello, n. مبارزت آرائی ؛ یکیکی کا عمل ؛ ڈوئیل کرنے کا عمل ؛ یکیکی کے قواعد و ضوابط ۔

duenna, n. ہسپانوی اور پرتگیزی خاندانوں میں لڑکیوں کی نگران عورت ؛ محافظِ اُستانی ؛ اتالیق عورت ۔

due process of law, due process, n. انفرادی حُقُوق کے تحفُّظ کے لیے قواعد و ضوابط کی عمل داری ؛ مقرّرہ قانونی کارروائی ؛ حسبِ قانون ۔

duet, n. دوگانا ؛ دونفری راگ ؛ دو ساز نغمہ ؛ دو آواز گیت ؛ دو سازی/دوآوازی گانا ؛ مکالمہ ؛ سوال و جواب ۔

duff, n. ملِیدہ ؛ حلوہ ؛ آٹے کا اُبلا ہُوا یا دم پُخت حلوہ جس میں عموماً کِشمِش ، منقّی اور مصالحے ہوں ؛ نبات جو گل سڑ کر جنگل کے فرش کو ڈھانپ لے ۔

duff, v.t. (عوامی) کسی پُرانی چیز کو اس انداز میں بدل کر پیش کرنا کہ یہ نئی معلوم ہو ؛ تلبیس کرنا ؛ چیزوں کی شکل بدل کر دھوکا دینا ۔(برطانوی) گالف میں چھڑی کے گُھمانے میں اُس کی حرکت کا غلط اندازہ کرنا جس کے باعث چھڑی گیند کے پیچھے زمین کو چُھو لیتی ہے ۔

duffel, duffle, n. ڈَفل ؛ موٹے اُونی کپڑے کی ایک قسم جس پر گھنا نرم رُواں ہوتا ہے ؛ خیمہ کاری کے لیے رسدوسامان ۔

duffel bag, n. ڈفل تھیلا ؛ بڑا کرمچی تھیلا جو بھرے جانے پر استوانہ نما شکل اختیار کر لیتا ہے ، اسے دورے کے دوران خیمہ کار ، شکاری اور فوجی اپنا ذاتی سامان لے جانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

duffel coat, duffle coat, n. ڈفل کوٹ ؛ موٹے کپڑے کا ٹوپ دار گھٹنوں تک لمبا کوٹ ۔

duffer, n. احمق ؛ بے وقوف ؛ ابلہ شخص ؛ کسی کھیل میں اناڑی شخص ؛ کُند ذہن ؛ بے عزم بُوڑھا شخص ؛ کوئی بیکار اور گھٹیا چیز ؛ سستی مگر بھڑکیلی اشیا کا بیوپاری ۔

dug, n. گات ؛ تھن ؛ پستانِ حیوانات ؛ بُھٹنی ؛ سَرپستان ۔

dugong, n. ڈُوگانگ ؛ بحری گائے ؛ بقرۃُ البحر ؛ زالحہ ؛ بحربند کا ممیل حیوان جس کی اگلی ٹانگیں پھیلی ہوئی اور گول چھوٹی دُم ہوتی ہے ۔

dugout, n. لکڑی کے بڑے لٹھے کو کھوکھلا کر کے تیّار کردہ چھوٹی کَشتی یا ڈونگی ؛ فوجوں کے لیے خندقوں میں زیر زمین پناہ گاہیں ؛ بیس بال کے میدان کے قریب کھلاڑیوں کے لیے سائبان ـ

duiker, duikerbok, n. چھوٹے افریقی غزال ہرن جو جھاڑیوں کے اوپر سے چھلانگیں نہیں لگاتے بلکه ان کے اندر گُھس کر گزرتے ہیں ـ

duke, n. ڈیوک ؛ شہزادے کے بعد سب سے بڑا عہدیدار رئیس؛ ڈچی کا حاکم ـ (عوامی) (جمع) مُٹھیاں یا ہاتھ ـ

dukedom, n. ڈیوک کا عہده ؛ ڈیوک کی حدود ریاست ؛ ڈیوک کی ریاست یا جاگیر ـ

dulcet, a. سُریلا ؛ نہایت شیریں ؛ خوش آہنگ ؛ رسیلا ؛ ذہن اور جذبات کے لیے پسندیده ؛ دل پسند ـ (اسم) ایک ساز جو ڈلسیانا جیسے سُر پیدا کرتا ہے مگر اس سے ایک سُرتی زیاده ـ

dulcetly, adv. سُریلے پن سے ؛ رسیلے پن سے ـ

dulcetness, n. سُریلا پن ؛ خوش آہنگی ؛ رسیلا پن ـ

dulciana, n. دھاتی نلیوں والا موسیقی کا ساز جس سے مہین تیز چبھتی ہوئی آواز نکلتی ہے ـ

dulcify, v.t. شیرینی پیدا کرنا ؛ پسندیده بنانا ؛ ملائمت پیدا کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ دِل خُوش کرنا ـ

dulcification, n. شیرینی پیدا کرنے کا عمل ؛ پسندیده بنانے کا عمل ؛ ملائمت پیدا کرنے کا عمل ؛ دھیما کرنے کا عمل ـ

dulcimeter, n. سنتور ؛ بربط ؛ ڈلسیمیٹر ؛ پیانو کی قسم کا باجا جس کے تاروں پر دونوں ہاتھوں میں پکڑے مِضرابوں سے ضرب لگاتے ہیں ـ

dulcinea, n. محبوبه ؛ معشوقه ؛ قتالۂ عالم ؛ اندھی محبت کی مرکز محبوبه ـ

dull, a. کُند ذہن ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ احمق ؛ بے رُوح ؛ دیر حِس ؛ بے حس ؛ وه جو تیز نه ہو ؛ اُچاٹ کُن ؛ بیزار کُن ؛ غیر دِلچسپ ؛ کُھنڈا ؛ بے چمک ؛ سُست ؛ پھیکا ؛ ہلکا ؛ ماند ؛ غیر روشن ؛ کم روشن ـ (فعل متعدی و لازم) کُند کرنا/ ہونا ؛ ماند کرنا/ہونا ؛ ہلکا کرنا/ہونا ؛ مدّھم کرنا/ہونا ؛ بے حِس کرنا/ ہونا ؛ پست کرنا/ہونا ـ

dullish, a. کُند ذہن سا ؛ غبی سا ؛ احمق سا ؛ بے حِس سا ؛ سُست سا ؛ غیر دلچسپ سا ؛ پھیکا سا ـ

dullness, dulness, n. کُند ذہنی ؛ غبی پن ؛ مدھّم پن ؛ سُستی ؛ بے کیفی ؛ بیزاری ؛ اُچاٹ پن ؛ بے حِسی ـ

dully, adv. کُند ذہنی سے ؛ غبی پن سے ؛ مدھّم پن کے ساتھ ؛ سُستی کے ساتھ ؛ بے کیفی سے ؛ بیزاری کے ساتھ ؛ اُچاٹ پن سے ؛ بے حِسی کے ساتھ ـ

dullard, n. انتہائی کُند ذہن ؛ بہت ہی غبی ؛ ٹُھس ـ

dulse, n. سُرخی مائل بھورے رنگ کی خُوردنی بحری گھاس یا کائی ـ

duly, adv. باقاعده طور پر ؛ ٹھیک طریقے سے ؛ مناسب طور پر ؛ باضابطه طریقے سے ؛ کماحقه ؛ کافی طور پر ـ

duma, n. ڈیوما ؛ رُوس میں نمائنده مجلس ـ (بڑے D کے ساتھ) ۱۹۰۵ء میں قائم شُده رُوسی پارلیمان جسے زار نکولس دوم نے قائم کیا تھا اور جو بولشویک انقلاب(۱۹۱۷ء)میں ختم کر دی گئی ـ

dumb, a. گُونگا ؛ گنگ ؛ اَبکم ؛ بے زبان ؛ بولنے سے قاصِر ؛ قُوّتِ گویائی سے محروم ـ (بول چال) خاموش ؛ کم سُخن ؛ کم گو ؛ گُم صُم ـ (جہازرانی) حرکت کے ذرائع سے محروم ؛ غیر مسمُوع ؛ بے آواز ـ (فعل متعدی) خاموش کرنا ؛ بے آواز بنانا ـ

dumbly, adv. خاموشی کے ساتھ ؛ بے زبانی سے ـ

dumbness, n. گونگا پن ؛ بے زبانی ؛ خاموشی ـ

dumbbell, n. (عموماً جمع) ڈمبل ؛ لوہے یا لکڑی کا چھوٹا مُگدر جس کے دونوں سروں پر دو گولے اور بیچ میں پکڑنے کے لیے دسته ہوتا ہے ـ (عوامی) احمق آدمی ـ

dumb show, n. بے آواز تمثیل ؛ بے کلام تماشا ؛ گونگا کھیل ـ بے الفاظ اشارے ؛ خاموش کھیل ؛ بے صوت تماشا ـ

dumb-show, a. خاموش تماشا کرنے والا ؛ بے آواز تمثیل کاری سے متعلق ـ

dumbstruck, a. گُم صُم ؛ ششدر ؛ تحیّر یا گھبراہٹ کی بنا پر وقتی طور سے قوتِ گویائی سے محروم ؛ بدحواس ـ

dumbwaiter, n. بے آواز ویٹر ؛ ایک چھوٹی لفٹ جس میں ایک چوکھٹے میں طاقچے بنے ہوتے ہیں جس کے ذریعے اشیا اور کُوڑا کرکٹ ایک منزل سے دوسری منزل پر پہنچاتے ہیں ؛ نقل پذیر ٹیکن (اسٹینڈ) ـ

dum dum, n. نرم نوک گولی جو نشانے پر لگتے ہی پھیل جاتی ہے ـ

dumfound, dumbfound, dumfounder, dumbfounder, v.t. گُم صُم کر دینا ؛ تحیُر سے صامت کر دینا ؛خاموش کرنا ؛ہوش و حواس غائب کر دینا ـ

dummy, n. ڈمی ؛ انسانی مصنوعی ڈھانچا ؛ مٹّی کی مُورت ؛ کٹھ پُتلی ؛ مٹّی کا مادھو ؛ جعلی یا جُھوٹ مُوٹ چیز ؛ ایسا اخبار جس کی محض چند نقول چھاپی جائیں تاکه اس کا اجازت نامه منسوخ نه ہو ؛ فرضی ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی دانت ؛ نشانے کی مشق کے لیے انسانی شکل ـ (عوامی) تاش کے کھیل برج میں فرضی کھلاڑی جس کی بازی ساقط ہو جاتی ہے ؛ وه کھلاڑی جس کی بازی ساقط ہو جاتی ہے ؛ وه مصنوعی انسانی ڈھانچا جس کو لباس پہنایا جاتا ہے ؛ ڈراوا ؛ وه شخص جو خفیه طور پر دُوسرے شخص کے لیے کام کرتا ہو ؛ طابع کے لیے تیّار کرده مواد ؛ وه شخص جو بولنے سے قاصر ہو ـ (صفت) فریب نظر ؛ مصنوعی ؛ جُھوٹا ؛ کھوٹا ـ (فعل متعدی) (اکثر up کے لاحقے کے ساتھ)مواد طباعت کے لیے تیّار کرنا ـ

dump, v.t. پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ جُھکا کر خالی کرنا ؛ اچانک اور غیر ذمّہ دارانه طریقے سے نجات حاصل کرنا ـ (تجارت) کم قیمت پر زیاده مال منڈی میں پھینکنا ؛ خصوصاً دوسرے ملک میں اپنے ملک کی نسبت کم قیمت پر بلکه لاگتِ پیداوار سے بھی کم قیمت پر بیچنا ـ (فعل لازم) اچانک گرنا ؛ کُوڑا پھینکنا ـ (اسم) ڈھیر ؛ انبار جیسے کُوڑے کرکٹ کا ؛ وه جگه جہاں کُوڑا پھینکا جاتا ہو ؛ فوجی سازوسامان اور گوله بارود کا ذخیره جیسے محاذِ جنگ کے نزدیک تاکه بوقت ضرورت تقسیم کیا جاسکے ؛ ذخیره کاری ـ (عوامی) ٹوٹی پھوٹی جگه ـ

dumper, n. بَھد یا گد سے گرانے والا ؛ پھینکنے والا ؛

انبار لگانے والا ؛ ذخیرہ کار ۔

dumpling, n. اُبلے یا بھاپ میں پکے سخت آٹے کے حلوے کا گول تُودہ جو عموماً دم پُخت گوشت کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا حلوہ جس میں سیب یا کسی دوسرے پھل پر آٹے کی تہ چڑھی ہوتی ہے اور جسے اُبالا یا پکایا جاتا ہے ۔ (بول چال) چھوٹا اور موٹا یا گُٹھے جسم کا آدمی یا جانور ۔

dumps, n., pl. (بول چال) گھمبیر اُداس ذہنی حالت ؛ گھمبیر اُداسی ؛ اُداسی کی کیفیت ؛ ملال ۔

dumpish, a. گھمبیر اُداسی لیے ہوئے ۔

dumpishly, adv. گھمبیر اُداسی کے انداز سے ۔

dumpishness, n. گھمبیر اُداسی ۔

dump truck, n. کُوڑا ٹرک ؛ اَنبار ٹرک ؛ لدّو ٹرک ؛ ایسا ٹرک جس کا قالب خصوصی طرز کا ہوتا ہے جس کو پیچھے کی طرف اُلٹا کر لادا ہوا مواد ڈھیر کیا جاتا ہے ۔

dumpy, a. چھوٹا اور موٹا ؛ گٹھا ہُوا ؛ اسکاٹ لینڈ میں پائی جانے والی چھوٹی ٹانگوں والی مُرغی ۔

dumpily, adv. چھوٹا اور موٹا ہونے کے لحاظ سے ۔

dumpiness, n. چھوٹا اور موٹا ہونے کی صفت ؛ گُٹھے جسم کا ہونے کی صفت ۔

dumpy level, n. ڈمپی لیول ؛ اَسپرٹ بھرا دُور بین دار لیول ؛ ایک اسپرٹ بھرا دُور بین دار آلہ جسے اُفقی سمت میں گُھما کر سطح نمائی کی جاتی ہے ۔

dun, v.t. بار بار تقاضائے ادائی کرنا ؛ قرض کی ادائی کا بار بار تقاضا کرنا ؛ قرض خواہی کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ دِق کرنا ۔ (اسم) بار بار تقاضائے ادائیگی ؛ بار بار تقاضائے قرض کرنے والا ؛ قرض خواہ ۔

dun, a., n. شب رنگ ؛ پھیکا بُھورا (رنگ) ؛ خاکستری بھورا (رنگ) ؛ مدھّم سیاہ (رنگ) ؛ مدھّم خاکستری بُھورا رنگ ؛ خاکستری بھورے رنگ کا گھوڑا جس کی سیاہ دُم اور ایال ہو ؛ اشہب ؛ سمند ؛ مصنوعی مکھّی جو مچھلی پکڑنے کے لیے طعمہ کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

dunness, n. شب رنگی ؛ پھیکا بُھورا ہونا/ہونے کی صفت ۔

Duncan Phyfe, a. ۱۷۶۸ء — ۱۸۵۴ء کے دوران امریکی الماری ساز ڈنکن فائف کے تتبعّ میں تیّار کردہ فرنیچر ۔

dunce, n. کودن ؛ بُدھو ؛ بالکل ہی عقل سے عاری ؛ انتہائی کند ذہن ؛ مکمّل طور پر غبی ؛ ایسا احمق شخص جو کُچھ بھی نہ سیکھ سکے یا جسے سدھایا نہ جا سکے ؛ خُوش ۔

dunderhead, dunderpate, n. انتہائی کُند ذہن شخص ؛ غبی آدمی ۔

dundrheaded, a. کُوڑھ مغز ؛ کاٹھ کا اُلّو ؛ انتہائی کُند ذہن ؛ غبی ۔

dunderaries, n., pl. ڈاڑھی کے بغیر لمبی قلمیں ؛ لمبے گُل مُچھے ۔

dune, n. ریت کا ٹیلا ؛ بالُو ٹیلا ؛ ریگستان یا ساحلِ سمندر پر ریت کا ٹیلا ؛ تُودۂ ریت ۔

dung, n. گوبر ؛ کھاد ؛ پانس ؛ لِید ؛ مینگنیاں ؛ جھاڑا ۔ (فعل متعدی) گوبر کی کھاد ڈالنا ؛ زمین/کھیتوں میں کھاد ڈالنا ۔

dungy, a. گوبریلا ؛ گوبر والا ؛ گوبر بھرا ۔

dungaree, n. ڈانگری ؛ موٹا پایدار عموماً نیلا سُوتی کپڑا جس سے کام کرنے کے لیے کپڑے تیار کیے جاتے ہیں ، خصوصاً قمیص اور پتلون کو یکجا کر کے سِلا ہُوا کپڑا جسے ڈانگری کہتے ہیں ۔ (اسم) نیلی جینز ؛ اس کپڑے سے بنا لباس ۔

dung beetle, n. گوبریلا ؛ گوبر میں پلنے والا سخت جسم والا کیڑا ۔

dungeon, n. قلعے کا تہ خانہ ؛ قلعے کے تہ خانے میں بنا ہُوا عقوبت خانہ ؛ تنگ و تاریک کوٹھڑی ؛ زمین دوز قیدخانہ ۔

dung hill, n. گھورا ؛ مَزبَلَہ ؛ مَزابِل ؛ گوبر کا ڈھیر ؛ گندی جگہ یا گندی صورت حال ۔

dunite, n. زبرجدی گروہ کی آتشیں چٹان جس کی ساخت سنگِ خارا کی سی ہوتی ہے اور جو زیادہ تر زبرجد پر مُشتمل ہوتی ہے اس کا رنگ زرد سے گہرے سبز تک ہوتا ہے اور یہ شمالی کیرولینا جارجیا اور نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ہے ۔

dunk, v.t. بھگو کر کھانا ؛ کھانے سے پہلے تر کرنا ؛ پانی یا کسی مائع میں ڈبونا ۔ (فعل لازم) کسی شخص ، شے یا اپنے آپ کو پانی یا کسی دوسری مائع میں ڈبونا ۔

dunker, n. بھگونے والا ؛ تر کرنے والا ؛ پانی یا کسی مائع میں ڈبونے والا ۔

Dunker, Dunkard, Tunker, n. اُس عیسائی فرقے کا رُکن جس کی بنا جرمنی میں رکھّی گئی تھی اور جسے ریاستہائے مُتّحدہ امریکا میں تسلیم کیا جاتا ہے ، یہ بپتسمہ دینے کے لیے تین دفعہ پانی میں ڈبوتے ہیں ۔

dunlin, n. سُرخ پُشت ٹٹیری ؛ یلوہ ؛ زمرّالرمل جو نصف کرۂ شمالی میں عام پائی جاتی ہے ۔

dunnage, n. پوشال ؛ جہاز ، ریلوے ڈبّے یا ٹرک کے پیٹے میں سامان کو حفاظت سے جکڑنے کے لیے عارضی بندھن یا سہارے ؛ جہازرانی کے ظرف میں استعمال ہونے والی گدّے دار تہ ؛ سامان ؛ زیر انداز چٹائی وغیرہ جو سامان کو رگڑ یا نمی سے بچانے کے لیے اس کے نیچے رکھ دیتے ہیں ۔ (فعل متعدی) لکڑی کے ٹکڑوں کی مدد سے محفوظ کرنا یا جکڑنا ؛ بندھن لگانا ؛ پوشال لگانا ۔

duo, n. جوڑا ۔ (موسیقی) دوگانا ۔

duodecillion, n. وہ ذاتی عدد جس میں امریکی اور فرانسیسی نظام ہائے گنتی میں ایک کے دائیں ۳۹ صفر اور برطانوی اور جرمن نظام میں ایک کے دائیں ۷۲ صفر لگائے جائیں ۔

duodecimal, duodenary, a. اثنا عشریہ ؛ اثنا عشری ؛ بارہ کے حساب سے ؛ بارہ کا ؛ بارھویں حصے کا ۔ (اسم) بارھواں حصّہ ؛ بارہ برابر حصّوں میں سے ایک ؛ نظامِ نمبر نگاری میں کوئی ایسا عدد جس کی اساس بارہ پر ہو ۔

duodecimo, twelvemo, n., a. بارہ تہی ؛ بارہ ورقی ؛ ایسی کتاب جس میں ایک تختۂ کاغذ کو تہ کر کے ۱۲ اوراق یا ۲۴ صفحات میں تقسیم کیا جائے ؛ اس طرح تہ کردہ تختوں پر مُشتمل کتاب کی تقطیع/ناپ جسے عموماً ۱۲ مو (12 mo) سے ظاہر کیا جاتا ہے ۔

duodenary, a. دوازدہی ؛ اثنا عشری ؛ بارہ بارہ کے حساب سے ؛ بارہ سے متعلّق ۔

duodenum, n. اثنا عشری عفج ؛ اثنا عشری آنت ؛

پیٹ کے بالکل نیچے کی چھوٹی آنت کا ایک حصّہ جس کی لمبائی تقریبا بارہ اُنگل ہوتی ہے ۔

duodenal, a. اثنا عشری عفج/آنت سے متعلّق ۔

duologue, n. دو افراد کا مکالمہ ؛ دو اداکاروں کا مُکالمہ ؛ ایسی تمثیل جس میں صرف دو اداکار ہوں ۔

·duopoly, n. دو جارہ ؛ دو اشخاص کی اجارہ داری ؛ بازار کاری میں ایسی صورت حال جس میں دو فراہم کنندگان منڈی پر چھا جائیں ۔

duopsony, n. دو خریداری ؛ بازار کاری میں وہ صورت حال جب صرف دو ہی خریدار ہوں ۔

dup, v.t. (قدیم) چٹخنی کھولنا ؛ کھولنا ۔

dupe, n. بھولا ؛ سادہ لوح ؛ اُلّو ؛ وہ شخص جسے آسانی سے بیوقوف بنایا جاسکے یا دھوکا دیا جاسکے ۔ (فعل متعدی) اُلّو بنانا ؛ بیوقوف بنانا ؛ دھوکا دینا ۔

dupable, a. آسانی سے دھوکا کھانے کے قابل ؛ سادہ لوح ؛ بھولا ؛ اُلّو ۔

dupability, n. سادہ لوحی ؛ بھولاپن ؛ بیوقوفی ؛ فریب خوردگی ۔

duper, n. دغا باز ؛ دھوکے باز ؛ فریبی ؛ فریب کار ۔

dupery, n. فن فریب کاری ؛ فریب دہی ؛ دغا بازی ؛ دھوکے بازی ؛ فریب خوردگی ۔

dupe, a., n., v.t. (عوامی) مثنیٰ ؛ دوہرا پرت ؛ نقل کیا ہوا ؛ مثنی بنانا ۔

duple, a. دُہرا ؛ دُگنا ؛ دو ایکی نسبت والا ۔ (موسیقی) دو ضربا جیسے دُہری تال ۔

duplex, a. توامی ؛ دو جُزی ؛ دو رُخی ؛ دو عُنصری ؛ دُہرا ؛ دُگنا ؛ ایک جیسے دو عناصر والا ۔ (مشین) دو ایسے اجزا پر مشتمل جو ایک ہی وقت یا ایک ہی طرح کام کریں ؛ دُور مواصلاتی نظام سے متعلق جس میں ایک ہی سلک (چینل) پر مخالف سمتوں میں مواصلات جاری ہو سکیں ۔ (اسم) دوہرا مکان ، دو منزلہ مکان ؛کوئی بھی ایسی چیز جو دہری یا دُگنی ہو؛ نیز duplex apartment ۔

duplexity, n. دُہریت ؛ دوجزیت ؛ دو عُنصریت ۔

duplicate, v.t. کسی چیز کی مثنی بنانا ؛ نقل بنانا ؛ دُہرا کرنا ؛ دو چند کرنا ؛ دُونا کرنا ؛ دو سے ضرب دینا ؛ ایک ہی طرح کی دوسری چیز بنانا ؛ نقل بمطابق اصل بنانا ۔ (صفت) دُہرا ؛ ایک ہی طرح کے دو اجزا پر مشتمل ؛ مشابہ ۔

duplicate bridge, n. تاش کے کھیل میں ایک طرح کی برج کی بازی جس میں کھلاڑیوں کی مختلف جوڑیوں کو ایک طرح کے پتوں کی ڈھیریاں تقسیم کی جاتی ہیں تاکہ ان کے اسکور کا موازنہ کیا جا سکے ۔

duplicate, n.a. مثنی ؛ نقل عین ؛ ہُو بہُو نقل ؛ نسخۂ ثانی ؛ دو نسخی ؛ مشابہ ؛ دُہرا ؛ دو فردی نوع ؛ خط یا دستاویز کی نقل بمطابق اصل ؛ مترادف ۔

in duplicate, ایک ہی طرح کی دو نُقول پر مشتمل ؛ مثنیٰ نُقول پر مشتمل ؛ مع مثنّیٰ ۔

duplication, n. نقل گیری ؛ مثنیٰ سازی ؛ تضعیف ؛ اِضعاف ؛ دو چند بنانے کا عمل ۔

duplicative, a. نقل گیرانہ ؛ مثنیٰ سازی کے مُطابق ؛ تضعیفی ۔

duplicator, n. نقّال ؛ نقل گیر ؛ مثنیٰ ساز ؛ وہ مشین جو نقل بمطابق اصل تیّار کرے ؛ نقل گیر مشین ؛ ناقلہ مشین ۔

duplicity, n. دو رُخاپن ؛ دُہراپن ؛ منافقت ؛ دورنگی ؛ دوغلاپن ؛ دو رُونی ؛ دغا بازی ؛ فریب ؛ دُونا پن ؛ تضعیف ۔ (قانون) ایک دلیل سے دو مختلف معاملات میں وکالت کرنا ۔

durable, a. دیرپا ؛پائیدار؛ اُستوار ؛ مضبُوط ؛ مستحکم ۔

durability, durableness, n. دیرپائی ؛پائیداری؛ اُستواری ؛ مضبوطی ؛ اِستحکام ۔

durably, adv. دیرپائی سے ؛پائیداری کے ساتھ ؛ اُستواری سے ؛ مضبُوطی سے ؛ اِستحکام کے ساتھ ۔

durable goods, hard goods, n. پائدار مال ؛ اشیائے پائیدار مثلاً مشینری ، کاریں اور آلات ۔

Duralumin, n. ایلومینیم بھرت ؛ سخت ایلومینیم ؛ ایلومینیم ، تانبے ، مینگانیز ، میگنیشیم اور لوہے اور سلیکون کی تھوڑی سی مقدار پر مشتمل مضبوط اور ہلکا بھرت جو زیادہ تر ہوائی جہازوں کی تعمیر میں استعمال ہوتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

dura matter, n. (تشریح الاعضا) اُمّ جافیّہ ؛ دماغ کی مضبوط بیرونی جھلّی ۔

duramen, n. پختہ چوب ؛ میان چوب ؛ قلبُ الشّجر ؛ بیرون روئندہ پودے کی مرکزی لکڑی ۔

durance, n. حبس ؛ قید ؛ گرفتاری ۔

duration, n. مُدّت ؛ عرصہ ؛ زمانہ ؛ دوران ؛ میعاد ؛ امتداد ؛ پائداری ؛ اُستواری ؛ مضبوطی ؛ دورانیہ ۔

durbar, n. دربار ؛ شاہی مجلس ۔

duress, n. اکراہ ؛ جبر؛ قید ؛ حبس ؛ زبردستی ۔ (قانون)ایسی قید یا جبری شرط جو کسی معاہدے یا قانونی فعل کو کالعدم/باطل کر دے ۔

Durham, n. ڈرہم ؛ انگلستان کے ضلع ڈرہم میں پائی جانے والی چھوٹے سینگوں والی گائے کی نسل ۔

durian, n. دھورئین ؛ شرق الہند کے ایک درخت کا خوردنی پھل جس کا قشر سخت اور خاردار ، گودا ذائقے دار اور بُو سخت ناگوار ہوتی ہے ۔

during, prep. دوران میں ؛ اثنا میں ؛ درمیان ۔

durmast, n. یورپی شاہ بلوط جس کی لکڑی بھاری ، لچکدار اور تعمیر فرنیچر اور عمارات میں استعمال ہوتی ہے ۔

duro, n. ڈیورو ؛ ہسپانیہ اور ہسپانوی امریکا کے کُچھ ممالک کا نقرئی پیسویا ڈالر ۔

duroc, n. (اکثر بڑے D سے) سخت جان سُرخ رنگ کے امریکی سُوروں کی ایک قسم ۔

durometer, n. سختی پیما ؛ سختی ناپنے کا ایک آلہ جو چھوٹے برمے پر مشتمل اور دباؤ کے تحت کام کرتا ہے ۔

durra, Indian millet, Guinea corn, n. باجرا ۔

durum wheat, n. گندم کی وہ قسم جس سے

سوّیاں بنانے کے لیے آٹا تیّار کرتے ہیں ۔

dusk, a. تارِیکی ؛ اندھیرا ؛ نیم تارِیکی ؛ دُھندلکا ؛ جھٹ پٹا ؛ شام کا وقت جب نیم روشنی ہو ۔ (اسم) شفق کا وہ مرحلہ جب دُھندلکا چھا جائے ؛ نیم تاریکی ؛ سایہ ؛ ظُلمت ؛ تیرگی ۔ (فعل لازم) دُھندلا ہونا ؛ نِیم تاریک ہونا ؛ تارِیک معلوم ہونا ۔ (فعل متعدی) نِیم تاریک کرنا ؛ دُھندلا کرنا ۔

dusky, a. تیرہ ؛ دُھندلا ؛ نِیم تاریک ؛ شفق آلود ؛ سیاہی مائل ؛ سیاہ رنگ؛ خصوصاً جلد کا سیاہی مائل رنگ ؛ کم روشن ۔

duskily, adv. دُھندلے پن سے ؛ نیم تاریکی کے ساتھ ۔

duskiness, n. دُھندلاہٹ ؛ دُھندلاپن؛ نیم تارِیکی ؛ تاریکی ۔

dust, n. گرد ؛ غُبار ؛ دُھول ؛ مٹّی ؛ سفُوف ؛ بُرادہ ؛ بگولا ؛ زرِ گُل ؛ خاکستر ۔ (مجازاً) افراتفری ؛ ہنگامہ ؛ سطحِ زمین ؛ زمین خصوصاً قبرستان ؛ انسانی جسم کی خاک ؛ ذِلّت ؛ ذلالت ۔ (برطانوی) گھر کا کوڑا کرکٹ ؛ خاک طِلا ؛ زر ریشہ ؛ زیرہ ۔

dustless, a. بے خاک ؛ بے گرد ؛ بلا غُبار ؛ بے دُھول ۔

dustlike, a. گردنُما ؛ غبار نُما ؛ خاک کی قسم کا ؛ خاکی ؛ خاکستری ۔

dust, v.t., v.i. سفُوف یا خاک چھڑکنا ؛ گرد آلود کرنا ؛ گردجھاڑنا ؛ غُبار دُور کرنا ؛ جھاڑپُونچھ کرنا ۔

dust bin, n. کوڑے دان ۔

dust bowl, n. گردباد کا علاقہ ؛ جنوبی مرکزی ریاستہائے مُتحدہ امریکا کا وہ علاقہ جہاں عموماً گردوغبار کے بگولے اُٹھتے تھے ۔

dust bowler, n. گردوباد اُٹھانے والا ۔

dust cover, n. گردپوش ۔

dust devil, dust whirl, n. بگُولا ؛ چھوٹا گردباد ؛ چکراتی آندھی جس میں ریت اور گرد ہوتی ہے اور جو عموماً گرم خُشک علاقوں میں آتی ہے ۔

duster, n. جھاڑن ؛ صافی ؛ گردگِیر ؛ جھاڑنے والا ؛ صاف کرنے والا ؛ لمبا اور ہلکا بالا پوش جو لباس کو گردوغبار سے محفوظ رکھنے کے لیے پہنا جاتا ہے ؛ عورت کا کم وزن ،کوتاہ بالا پوش ؛ آزمایشی کنواں جو پانی کی سطح تک نہ پہنچ سکے ؛ تیل یا گیس کے لیے غیر پیداواری کنواں (ان معنی میں dry hole بھی مستعمل ہے) ۔

dusting, n. گردوغبار جھاڑنے کا عمل ؛ سفوف چھڑکنے کا عمل ۔ (عوامی) مارپیٹ ؛ مارپیٹ سے ہزیمت/شکست ۔

dust jacket, book jacket, n. گردپوش ؛ جلد پوش جسے اُتارا جا سکے جس کا مقصد جلد اور کتاب کو گردوغبار سے محفوظ رکھنا ہوتا ہے ۔

dustman, n. (برطانوی) صفائی والا ؛ صفائی کرنے والا ؛ جھاڑ پُونچھ کرنے والا ملازم ۔

dustpan, n. کُوڑے دان ۔

dust storm, n. طوفانِ گردوباد ؛ طوفانِ ریگ و باد ؛ آندھی ؛ تیز ہوا کا وہ طوفان جو زرعی اور زرخیز علاقوں میں آتا ہے جس میں گرد ہوا کے ساتھ اُڑتی ہے جبکہ ریگستانی علاقوں میں ریت اُڑتی ہے ۔

dusty, a. گردآلود ؛ غبارآلود ؛ مانندِ گرد/غبار؛ سفوف جیسا ؛ خُشک ؛ مٹّی بھرا ۔

dustily, adv. گردِآلود طریقے سے ؛ غُبار آلود انداز سے ۔

dustiness, n. گرد آلودگی ؛ غُبارآلودگی ۔

Dutch, n. ولندیزی ؛ ہالینڈی ؛ ڈچ ؛ نیدر لینڈی ؛ اصلاً جرمانی نسل کے لوگ ؛ ولندیزی زبان ۔ (ریاستہائے متحدہ امریکا) (جمع) پینسلِوانیا ولندیزی ۔ (صفت) ولندیزی لوگوں یا ولندیزی زبان سے متعلّق ۔ (امریکی) پنسلوانائی ولندیزیوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (عوامی) نامہربانی ؛ بے مہری ۔

dutch, adv. (اکثر بڑے D سے) ہر اُس شخص کے لیے استعمال ہوتا ہے جو اپنے اخراجات خود برداشت کرے ۔

Dutch clover, n. شبدرِ سفید ؛ شبدرِ سگ ؛ قیمتی چراگاہی پودا ۔

Dutch courage, n. دکھاوے کی بہادُری ؛ منشیات کے زیرِ اثر پیدا کردہ عارضی بہادُری ۔

Dutch door, n. ایسا دروازہ جو اُفقی طور پر دو حصّوں میں منقسم ہو جس کی بِنا پر یہ مُمکِن ہوتا ہے کہ اپنی مرضی سے نچلا یا اوپر کا حصّہ کھول لیں اور دوسرا بند رکھیں ؛ دو دھڑا دروازہ ۔

Dutch elm disease, n. (نباتی امراضیات) شجریق/دردار درخت کی فُطری بیماری جو چھال بھونرے کے ذریعے مُنتقل ہوتی ہے جس کی بنا پر درخت کے پتّے جھڑ جاتے ہیں ،یہ مرجھا جاتا ہے اور بالآخر مر جاتا ہے ۔

Dutchman, n. ولندیزی ، ہالینڈی ؛ نیدر لینڈی ؛ ڈچ ۔ (فن تعمیر) ساختی نقص کو چھپانے یا دُور کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا فانہ یا کوئی دوسری تدبیر ۔(تھیئٹر) کرمچ کی تنگ پٹّی جو دو الگ الگ تختوں یا چادروں پر بنے ہوئے دو منظروں کو جوڑنے اور اُن کے درمیان پیدا ہونے والی درز یا جِھری کو بھرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

Dutchman's-breeches, n. بہار میں پُھول دینے والی ایک جنگلی بُوٹی جس کے شگُوفے چِکنے ، ہلکے بادامی رنگ والے اور دُہرے گانٹھ دار ہوتے ہیں ۔

Dutch oven, n. سختی سے بند ہونے والے ڈھکنے دار ، ڈھلے لوہے کا برتن ؛ بھاری کیتلی ؛ ایسا دھاتی برتن جو سامنے سے کُھلتا ہے اور کُھلی آگ کے قریب یا انگیٹھی کے اُوپر رکھ کر بُھوننے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ تنُور ؛ تپاں تنُور ؛ تپاں بھٹّی ؛ اینٹوں سے بنی بھٹّی جس میں پکانے کے لیے دیواروں کو پہلے سے تپا لیا جاتا ہے ۔

Dutch treat, n. ایسا کھانا یا تواضع جس میں ہر شخص اپنے اخراجات برداشت کرتا ہے ۔

Dutch uncle, n. (بول چال) وہ شخص جو دُوسروں پر بدتمیزی اور سختی سے تنقید کرتا ہو ۔

Dutch wife, n. گاؤ تکیہ ؛ بحری جہازوں میں مہیّا کیا گیا لمبوترا تکیہ ۔

duteous, a. فرض شناس ؛ فرماں بردار ؛ اِطاعت شِعار ۔

duteously, adv. فرض شناسی سے ؛ فرماں برداری کے ساتھ ۔

duteousness, n. فرض شناسی ؛ فرمانبرداری ۔

dutiable, a. قابلِ محصُول ؛ چنگی عائد کیے جانے کے قابل ۔

dutiful, a. فرض شناس ؛ قانون ، انصاف اور موزونیت کی رُو سے عائد فرائض کی ادائیگی کرنے والا ؛ فرماں بردار ؛ مطیع ؛ تابِع دار ؛ خدمت گُزار ؛ اطاعت شِعار ؛ سعادت مند ؛ والدین اور بڑوں کاادب و احترام کرنے والا ۔

dutifully, adv. فرض شناسی سے ؛ فرمانبرداری سے ؛ اطاعت شِعاری سے ؛ سعادت مَندانہ ۔

dutifulness, n. فرض شناسی ؛ فرمانبرداری ؛ اطاعت شِعاری ؛ سَعادت مَندی ۔

duty, n. فرض ؛ فرضِ منصبی ؛ فرضِ اخلاقی ؛ فرماں برداری ؛ اِطاعت ؛ سعادت مندی ؛ محصُول ؛ چنگی ؛خصوصی درآمدی محصول یا چنگی ؛ مشین یا انجن کی کارکردگی ۔

duumvir, n. (رومن تاریخ) دو نفری حکومت کا ایک فرد ؛ دو رُکنی مجلس کا ایک رُکن ؛ حاملِ اختیارات دو اشخاص میں سے ایک ؛ ایک ہی سرکاری عُہدے پر فائز دو افسران یا مجسٹریٹوں میں سے ایک ۔

duumvirate, n. دو رُکنی عُہدہ ؛ دو نفری حکومت ؛ ایک ہی عہدے پر دو اشخاص کا اِتّحاد جیسا کہ قدیم رُوما میں ہوتا تھا ۔

duvetyn, duvetine, duvetyne, n. ڈیوٹِن ؛ گھنی باریک مخملیں روئیں والا ؛ ایک نرم ، لچکدار اُونی ، سُوتی ، ریشمی یا مصنوعی دھاگے کا کپڑا ۔

dwarf, n. بونا ؛ ٹِھگنا ؛ ناٹا ؛ پست قَد ؛ کوتاہ قَد ؛ چھوٹے قد کا انسان ، جانور یا پودا ؛ کوتاہ قد کی ایک دیومالائی بدصُورت مخلوق جس کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ اس میں جادُوئی قُوّتیں ہیں ۔ (صفت) کوتاہ قد کا ؛ ٹھگنا ؛ پِدّی ؛ بالشتیا ۔

dwarf, v.t. کوتاہ قد کرنا ؛ پست قد کرنا ؛ فطری قد کا ہونے میں رُکاوٹ ڈالنا ؛ کسی مناسب ذہنی یا اخلاقی نشوونُما میں رُکاوٹ ڈالنا ؛ مقابلے میں چھوٹابنانا ۔ (فعل لازم) کوتاہ/پَست قد ہونا ۔

dwarfish, a. قدرے پست قد کا ؛ قَدرے کوتاہ قد کا ؛ کوتاہ قامت ۔

dwarfishly, adv. پست قَدی سے ؛ کوتاہ قَدی سے ۔

dwarfishness, n. ٹِھگنا پن ؛ بَونا پن ؛ کوتاہ قَامتی ؛ پَست قَدی ؛ کوتاہ قَدی ۔

dwell, v.i. رہنا ؛ رہایش پذیر ہونا ؛ رہایش اختیار کرنا ؛ مستقل سکُونت پذیر ہونا ؛ کچھ وقت کے لیے جاری رہنا ؛ کسی خیال یا فعل میں مگن رہنا ؛ گفتگو میں کسی نُقطے پر زور دینا ؛ مفصّل بحث کرنا ۔

dwelling, n. رہایش ؛ سکُونت ؛ گھر ؛ مکان ؛ گھروندا ؛ مسکن ؛ بُودوباش ۔

dwindle, v.i. گھٹنا ؛ کم ہو جانا ؛ بتدریج گھٹنا ؛ سُکڑنا ؛ سمٹنا ؛ گُھلنا ۔ (فعل متعدی) بتدریج گھٹانا ؛ کم کرنا ۔

dyad, n. جوڑا ؛ دوکا گروہ ۔ (کیمیا) دو گرفتہ (عُنصر) ۔ (حیاتیات) جسمیۂ ثانی ؛ ثنائیہ ۔ (عکاّسی) اتہامی اَلوان ۔

dyadic, a. جوڑے سے متعلّق ؛ دو کے گروہ سے متعلّق ؛ دو گرفتی ۔

dyarchy, n. دیکھیے : diarchy ۔

dybbuk, dibbuk, n. بھُوت ؛ رُوح ؛ مُردہ شخص کی رُوح جو قُرُونِ وسطیٰ کے یہودی عقیدے کے مطابق زندہ شخص میں داخل ہو جاتی ہے اور اُس وقت تک اُس کے افعال کو قابُو میں رکھتی ہے جب تک اسے جھاڑ پُھونک سے نکال نہ دیا جائے ؛ حلولِ روح ۔

dye, n. صِبغہ ؛ رنگ ؛ خضاب ۔

dye, v.t. رنگ دینا ؛ رنگنا ؛ رنگ چڑھانا ؛ خضاب لگانا ۔ (فعل لازم) رنگا جانا ؛ رنگ چڑھنا ؛ خضاب لگنا ۔

dyer, n. رنگ ساز ؛ رنگریز ؛ صبّاغ ؛ رنگ آمیز ۔

dyable, a. رنگ گیر ؛ صبغہ پذیر ؛ قابلِ خضاب ؛ رنگے جانے کے قابل ۔

dyed-in-the-wool, a. (عوامی) پکّا ؛ توثیق شُدہ ؛ مکمّل ؛ بلا شک جیسے پکاّ دقیانوسی ۔

dyer's weed, n. اِسپَرک ؛ زریر ؛ ان متعدّد پودوں میں سے کوئی جن سے صِبغہ/رنگ بنتے ہیں ۔

dyestuff, n. رنگ و روغن ؛ صِبغات ؛ وہ مواد جس سے اشیا کو رنگا جاتا ہے ۔

dyeweed, dyer's-broom, n. ایک باقلائی/لوبیائی جھاڑی جو قدیم زمانے سے چلی آ رہی ہے ، اس میں زرد پُھول لگتے ہیں ، جن سے زرد صِبغہ/رنگ حاصل ہوتا ہے ؛ہارسنگھار ۔

dyewood, n. کوئی لکڑی جس سے صِبغہ/رنگ حاصل ہوتا ہو ۔

dying, a. مرتا ہُوا ؛ حالتِ نزع میں ؛ قریبُ المرگ ؛ موت سے پہلے کے جیسے موت سے پہلے کے الفاظ ؛ موت سے متعلّق ؛ قریب الاختتام ؛ مدھّم ہوتے ہوئے ۔ (اسم) وفات ؛ موت ؛ فعل مَوت ۔

dyke, n., v.t. دیکھیے : dike ۔

dynameter, n. (بصریات) تکبیری طاقت پَیما ؛ دُوربین کی کلاں نُمائی/تکبیری طاقت ناپنے کا آلہ ۔

dynamic, a. حَرکیاتی ؛ حَرکی ؛ متحرّک ؛ محرّک ؛ متعلّق بہ حرکیات ۔ (طب) فعلیاتی ؛ غیر نامیاتی ۔ (اسم) حرکیات ؛ قوتِ متحرّکہ/محرّکہ ۔

dynamical, a. متحرّک ؛ حرکیاتی ؛ حَرکی ؛ رُوحانی ۔

dynamically, adv. حرکیاتی لحاظ سے ؛ حَرکی طور پر ۔

dynamics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (طبیعیات) حرکیات ؛ عِلمُ الحرکت ۔

dynamism, n. نظریۂ قوائیت ؛ نظریۂ قُوّتیت ؛ ایسا فلسفیانہ نظریہ جس میں مظاہرِ فطرت کی تشریح کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ کسی قُوّت کے زیر اثر وجود میں آئے ہیں ، اس نظریے کی رُو سے مادّہ اور رُوح ہر دو فطری قُوّت کی حرکت سے پیدا ہوئے ہیں ۔

dynamite, n. ڈائنامیٹ ؛ جاذب مادے میں نائٹرو گلیسَرین پر مُشتمل ایک انفجاری (بھک سے پھٹنے والا) مادّہ ۔ (فعل متعدی) ڈائنامیٹ سے اُڑا دینا ۔

dynamitic, a. ڈائنامیٹی ۔

dynamiter, n. ڈائنامیٹی شخص ؛ وہ شخص جو ڈائنامیٹ سے تباہی پھیلائے خصوصاً انقلاب لانے کے لیے ۔